کنزُ المرکّبات
استاذ الحکما حکیم محمد عبداللہ

کتاب کا نام	کنز المرکبات
مصنف	استاذ الحکماء حکیم محمد عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ
ناشر	عروہ وحید سلیمانی
مطبع	آر۔آر۔ پرنٹرز۔ لاہور
۳۶واں ایڈیشن	اپریل ۲۰۱۴ء
تعداد	۱۱۰۰
قیمت	۴۵۰/- روپے

شائع کردہ

فہرست مضامین

اکسیر

ت

ج

جوارش

ح

حبوب

ر

روغن

سرمہ جات

سفوف

شربت

طلاء

ع

عرق

ک

کشتہ جات

چٹکلے

OOO

مصنفؒ کے آخری لمحات

۲ دسمبر ۱۹۷۴ء کی بات ہے میں ۱۲ بجے دوپہر کے قریب لاہور سے جہانیاں پہنچا تو والد محترم مولانا حکیم محمد عبداللہ صاحب بڑے خوش وخرم نظر آئے۔ سقوط مشرقی پاکستان کے بعد میں نے پہلی دفعہ انہیں اتنا فرحاں وشاداں پایا تھا۔ کئی دفعہ اس بات کا اظہار کیا کہ آج میں بے حد خوش ہوں۔

عصر کی نماز باجماعت ادا کی اور ایک طویل عرصہ کے بعد تمام رکعتیں کھڑے ہو کر ادا کیں۔ اس سے پہلے گھٹنوں میں تکلیف کی وجہ سے صرف پہلی رکعت ہی کھڑے ہو کر پڑھتے تھے۔ نماز کے بعد چند عزیزوں کو جو فریضہ حج کے لیے ۳، ۴ روز بعد جانے والے تھے الوداعی نصیحتیں کیں اور پھر مطب میں تشریف لے گئے۔ بے شمار مریض آپ کے منتظر تھے۔ ان کی نبض دیکھی، نسخے تجویز کیے اور مجھے فرمانے لگے کہ کنزالمرکبات کا کتابت شدہ مسودہ لے آؤ تا کہ پروف ریڈنگ کرلوں۔ میں لوازمہ لے کر آیا تو چند غلطیوں کی نشاندہی کی۔ یہ آخری کتاب تھی جو انہوں نے خدا کے حضور جانے سے صرف پون گھنٹہ پہلے ملاحظہ کی ''پاکستان و ہندوستان کی جڑی بوٹیاں'' کے بارے ایک سوال کے جواب میں فرمایا کہ میرے ذہن میں اس کتاب کی بیس جلدوں کا ذخیرہ موجود ہے مگر افسوس کہ بے پناہ مصروفیات کی بناء پر میں انہیں مرتب نہیں کر سکا۔

یہ باتیں ہو رہی تھیں کہ بہاول نگر اور ملتان سے آپ کے چند دوست تشریف لے آئے۔ انہیں اپنی ایک تازہ نظم سنائی ہو۔ جو اسی روز صبح ۵ بجے لکھی تھی اس کا آخری شعر یہ تھا:

میں حاضر ہوں میرے مالکؐ میں حاضر ہوں میرے خالق
کہ جب بھی میرے لینے کو تیرا پیارا پیام آیا

اس کے بعد میرے چھوٹے بھائی حکیم احمد سعید سلیمانی کی فرمائش پر اپنی ایک نعت سنانا شروع کی۔

جب اس بند پر پہنچے:

تم ہو ہمارے ' ہم ہیں تمہارے
جس کے تم ہوئے وارے نیارے
کہہ دو زبان سے ہم تم' تم ہم
صلی اللہ علیہ وسلم

تو پھر ایک لمحہ کے لیے خاموش ہوئے۔ پھر بڑے سکون کے ساتھ انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھا اور ہمیں چھوڑ کر ہمیشہ ہمیشہ کے لیے اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔

یکم اور دو دسمبر کی درمیانی رات کو آپ نے اللہ تعالیٰ سے یہ دعا فرمائی تھی:

میرا اس طرح سے حساب ہو
میرے لب پہ نعت جناب ہو
میرے سیدھے ہاتھ کتاب ہو
نہ عذاب ہو نہ عتاب ہو

اور اللہ تعالیٰ نے آپ کی خواہش پوری کر دی کیونکہ رسول اکرم ﷺ کا فرمان ہے کہ آدمی جس حالت میں فوت ہوگا قیامت کو اسی حالت میں اٹھایا جائے گا۔

آپ سے گزارش ہے کہ والد محترمؒ کی بلندی درجات کے لئے دعا فرمائیے۔ ہاتھ اٹھائیے دعا کے لیے۔

سوگوار
عبدالوحید سلیمانی
۲۵ مارچ ۱۹۷۵ء

اھداء

وہ نازک مزاج اور امیر طبع افراد جو محض اس وجہ سے انگریزی ادویات (جن میں ام الخبائث روح کے قائم مقام ہے) استعمال کرنے پر مجبور ہیں۔ کہ طب یونانی کے جوشاندوں' خیساندوں کے قدح ان کی طبع نزاکت پسند پر گراں گزرتے ہیں۔ اور ہفتوں تک منضج کے جھمیلوں میں پھنسنے اور املتاس ایسی کالی کلوٹی شے کے مسہل کی روح فرسا رنگت اور ناخوشگوار بو اور ذائقے کو دیکھنے سونگھنے اور چکھنے سے معذور ہیں ایسے حضرات کی خدمت میں اپنی اس کتاب کو ہدیہ کرتا ہوں۔ امید ہے کہ وہ اس کی اکثر ادویات کو مغربی مرکبات سے تاثیر میں بہتر' شکل وصورت میں نفیس' ذائقہ میں خوش کیف اور قدر خوراک میں قلیل پائیں گے۔

خادم خلق اللہ

حکیم محمد عبداللہ

دیباچہ

میرے طبی بھائیوں سے مخفی نہیں کہ قرابادین اور مرکب نسخہ جات کی کتب کیوں
مرض تحریر میں لائی اور طبع کرائی جاتی ہیں۔ اس کی ضرورت کو بیان کرنے کے لیے خامہ
رسائی کرنا تحصیل حاصل کے ہم معنی معلوم ہوتا ہے۔ چنانچہ قرابادین اعظم واکمل، قرابادین
قادری۔ قرابادین نجم الغنی، قرابادین شفائی، قرابادین ذکائی، قرابادین احسانی۔ وغیرہ وغیرہ
کی تالیف کا سلسلہ طویل بذات خود اس کی ضرورت واہمیت کی صاف اور کھلی ہوئی دلیل
ہے۔

گو مذکورہ بالا کتابوں کے مصنفین (رحمہم اللہ اجمعین) کی ان تھک محنتوں اور فیاضیوں
نے ایک حد تک اس ضرورت کو پورا کر دیا تھا۔ مگر انہیں کیا معلوم تھا کہ زمانہ عنقریب ایک ایسا
رنگ بدلنے والا ہے جس میں غرباء وعوام کی نزاکت پسند ولطافت خواہ طبائع از منہ قدیمہ
کے امراء وخواص سے بھی بازی لے جائیں گی۔ جوشاندہ سے ان کو نفرت، خیساندہ سے ان کو
کراہت، کڑوی دوا کا استعمال ان کے لئے "عذاب" ادویات کا گھوٹنا اور چھاننا ان کی طبع
نازک پر بار گراں حتیٰ کہ چوب صندل ایسی خوشبودار ونرم ونازک شے کو گھس کر لیپ کرنا بھی
باعث درد سر ہے

ہم نے یہ مانا کہ صندل درد سر کا ہے علاج
اس کا گھسنا اور لگانا درد سر یہ بھی تو ہے

تو ایسے نرم ونازک طبائع حضرات کے لیے ضرورت تھی کہ ایسی قرابادین پیش کی
جائے جس میں تمام نسخہ جات زمانہ حال کی طبیعتوں کے موافق ہوں۔
چنانچہ اس خیال نے ہمیں اس کتاب کی نگارش پر آمادہ کیا اور اللہ کے فضل وکرم اور

اس کی اعانت ودستگیری سے یہ کتاب پایۂ تکمیل تک پہنچی۔

انتہادرجہ کی ناشکری ہوگی اگر میں اس موقع پر اپنے عزیز پنڈت کرشن کنوردت شرما اورعزیزم حکیم ملک عبدالقیوم صاحب زبدۃ الحکماء کا ذکر نہ کروں جن کی کدوکاوش اور عرق ریزیاں کتاب کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کا موجب ثابت ہوئیں۔ ورنہ (ان ایام میں جن میں میری ہمت' قوائے دماغی اور ذہنی بوجہ کثرت محنت دماغی بہت کمزور ہوگئے تھے اور مجھے کچھ عرصہ تک بالکل آرام کرنے کی ضرورت تھی) مجھ سے یہ کام جلد از جلد سرانجام نہ پاتا۔

حاصل کلام جن خصوصی امور کر ذہن میں رکھ کر میں نے کتاب کو لکھا اور لکھوایا ہے اس کو واضح کرنے کے لیے مندرجہ ذیل خصوصیات کا مطالعہ فرما کر غور فرمائیں کہ ایسی خصوصیات کی حامل کتاب کی طباعت کتنی ضرورت تھی۔

کنزالمرکبات المعروف قرابادین سلیمانی کی خصوصیات

- بڑی قرابادینوں کے ہزار ہانسخہ جات کو دیکھ کر طبیب پریشان ہو جاتا ہے کہ ان میں سے کس نسخے کو معمول مطب بنانے کے لیے منتخب کرے۔ مگر اس کتاب میں طویل وعریض نسخہ جات سے پرہیز کر کے صرف چند عمدہ عمدہ نسخہ جات لکھے گئے ہیں جو کہ پڑھتے ہی ذہن نشین ہو جاتے ہیں۔
- نسخہ جات کے وزن بجائے درہم دینار اور ٹانک وسرسا ہی وغیرہ کے تولوں ماشوں میں لکھے گئے ہیں تاکہ سمجھنے میں کسی قسم کی دقت نہ ہو۔
- اکثر وہی نسخہ جات لکھے گئے ہیں جو کہ پاکستان وبھارت کے بڑے بڑے اور مایہ ناز دواخانوں میں تیار ہو کر لاکھوں مریضوں پر استعمال کرائے جاتے ہیں جن کے غیر مفید اور غلط ہونے کا خیال ہی نہیں کیا جاتا۔
- کوشش کی گئی ہے کہ حتی الوسع کوئی دوا بدذائقہ اور بدبودار درج نہ ہوئے پائے۔
- ہر ایک دوا کی قدر خوراک نہایت قلیل ہے۔ جس کو استعمال کرنے میں ہر امیر سے امیر طبع مریض کو رتی بھر تکلیف نہ ہو۔
- تقریباً ہر ایک نسخہ آسانی سے تیار ہو جانے والا ہے۔ ایسے طویل العمل نسخہ جات کو

ترک کیا گیا ہے۔ جن کی تیاری میں مہینے یا ہفتے صرف ہوتے ہوں۔

- جن مرکبات کے اجزا مشکل سے بہم پہنچتے ہوں ایسے نسخہ جات کو بھی ترک کر دیا گیا ہے۔
- اسیریں، جوارش، حبوب، سفوف، شربت وغیرہ کو علیحدہ علیحدہ بیانات میں تقسیم کر دیا گیا ہے تا کہ تلاش نسخہ میں ذرا بھی تکلیف تا خیر نہ ہو۔
- ہر اہم بیان سے پیشتر ایسی ایسی ہدایات سپرد قلم کی گئی ہیں جن کے مطالعے سے ہر عام انسان ایک ماہر دواساز کی طرح ادویات کو تیار کرنے لگتا ہے۔
- انحصار عبارت کی دل نشینی ونسخہ جات کی بہتری کے لحاظ سے تمام قرابادینوں میں ایک ممتاز حیثیت کی سرمایہ دار کتاب ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کتاب سے لوگوں کو فائدہ حاصل کرنے کی توفیق اور مجھے اس نیک کام کا بدلہ دے۔ آمین۔

خادم خلق اللہ

حکیم محمد عبداللہ
جہانیاں......ضلع ملتان

کنز المرکبات کے بعض مشکل الفاظ کا حل

لغاتچہ

استخوان کاسہ سر انسان: انسان کے سر کی کھوپڑی کی ہڈی، جو کہ بالعموم مسان سے دستیاب ہو جاتی ہے۔ مرگی کے لیے بطور نسوار بھی دیا جاتا ہے اور کھلائی بھی جاتی ہے۔ مگر مذہب اسلام نے اس کا کھانا حرام قرار دیا ہے۔

ابریشم مقرض: ابریشم کترا ہوا اس کو مقرض کرنے کا سہل طریقہ یہ ہے کہ پہلے مٹی وغیرہ سے صاف کر کے قینچی سے باریک باریک کتر لیں اور ایک کونے میں جو مردہ کیڑا پڑا ہوتا ہے اس کو نکال کر پھینک دیں۔

اقلیمائے فضی: روپا مکھی

اقلیمائے ذھبی: سونا مکھی

بادیان: سونف۔

بادیان رومی: انیسوں

بسباسہ: جاوتری۔

برگ تنبول: پان کا پتا۔

بسد: مرجان یا مونگے کی جڑ۔

بنسلوچن: طباشیر۔

بیش: تیلیا۔ بچھناک۔

پلاس: ڈھاک۔

تخم طبہ: میتھی کے بیج۔

تخم ترب: مولی کے بیج۔

تخم جوز مائل: دھتورہ کے بیج۔ یہ دو قسم کے ہوتے ہیں۔ سفید و سیاہ۔ سیاہ بہت تیز ہوتے ہیں۔

تربد مجوف: مقشر نسوت۔ اس کو مجوف و مقشر کرنے کی ترکیب یہ ہے کہ اوپر سے چھیل کر اور اس کے جوف میں اگر لکڑی سی موجود ہو تو اسے نکال ڈالیں۔

تریھلہ: ہلیلہ، بلیلہ، آملہ تینوں پھل۔ جدوار، نربسی۔ جوز، اخروٹ۔ جوز بوا۔ جائفل۔ جوکوب۔ ادھ کٹا (ادھا کوٹنا)۔

حب الملوک: جمال گوٹہ۔ اس کو مدبر کرنے کی ترکیب دوائے سیاہ جلاب کے بیان میں لکھی گئی ہے۔ وہاں ملاحظہ فرمائیں۔

حب السلاطین: حب الملوک۔

حجر الیھود: سنگ یہود۔ پتھر بیر۔

حب الاٰس: تخم مورد۔

حب القلقل: جنگلی انار دانہ۔

حلتیت: ہینگ۔

هارپشت: جنگلی چوہا۔ پنجابی جھا یا جھاچوہا۔
هاکسی: خوب کلاں۔
هیئت الحدید: منڈور یا منور ایک وزنی
ٹکڑا جو کہ پرانے کھنڈرات سے دستیاب
ہوتے ہیں۔ اس کا کشتہ فولاد کے ہم فوائد
ہوتا ہے منڈور جس قدر پرانا ہوگا۔ اتنا ہی
مؤثر ثابت ہوگا۔
هازیر: کنٹھ مالا۔ جنجیر اں۔
خواب آور: نیندلانے والی۔
هسته جامن: جامن کی گٹھلی
هسته تمرهندی مقشر: املی کی چھلی
ہوئی گٹھلی۔
رازیانه: سونف۔
رب السوس: ست ملٹھی۔ مگر عام
دکانداروں سے جو سیاہ رنگ کی قلمیں اس
نام سے ملتی ہیں، وہ املتاس سے تیار کی جاتی
ہیں اور نام دیا جاتا ہے ملٹھی کا۔
روغن سرشف: سرسوں کا تیل۔
زرد چوب: ہلدی۔
زرنباد: کپور کچری۔
زروارد: گلاب کے پھول کا زیرہ۔
زرنیخ: ہڑتال۔
زقوم: تھوہر۔
زنجبیل: سونٹھ۔
زنجفر: شنگرف
سام ابرص: چھپکلی۔ پنجابی کرلی۔
سپستان: لسوڑیاں۔
سیماب: پارہ۔
صبر سقوطری: ایلوا۔
صمغ عربی: گوند کیکر۔
طباشیر کبود: بنسلوچن میں سے بعض
دانے نیلے رنگ کے ہوتے ہیں۔ اس سے
وہی مراد ہیں۔
عنکبوت: مکڑی۔
فرنجمشک: تلسی کے بیج۔
فلفل سیاه: مرچ سیاہ۔
فلفل گرد: مرچ سیاہ۔
فلفل دراز: مگھاں۔
قاتله کبار: بڑی الائچی۔
قاقلین: چھوٹی بڑی الائچیاں جہاں ہر دو
مراد ہوں۔
کنار دشتی: نگی بیروزن ۲ تا ۳ رتی مراد
ہوتا ہے۔
مشک خالص: کستوری۔
مقل ازرق: گوگل نیلے رنگ کا۔
مغیل: کیکر۔
مسهل: جلاب۔
نقره: چاندی۔

❀❀❀

باب: الف

(۱) اکسیری جوہر

یہ دوا ہر قسم کے دردِ سر کو آناً فاناً بند کرتی ہے۔ علاوہ ازیں دردِ داڑھ، دردِ کان، نزلہ زکام، مرگی، دردِ شقیقہ کے لیے داخلی اکسیر سے کم نہیں۔ آزمائیں اور نیاز مند کو دعائے خیر سے یاد فرمائیں۔ آزمودہ اور قابلِ بھروسہ نسخہ ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: نوشادر ۳ تولہ۔ استخوان کاسہ سرانسان ۲ تولہ۔ مرچ سیاہ پونے دو تولہ۔ دانہ الائچی خورد ڈیڑھ تولہ۔ سب کو آبِ گل کنیر سفید ایک تولہ میں خوب کھرل کر کے خشک کر لیں اور ٹکیہ بنا کر پیالوں میں جوہر حاصل کریں۔ سرد ہونے پر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: دو چاول کی مقدار میں نسوار لیں۔ دردِ داڑھ اور کان کے لیے مخالف جانب کے نتھنے میں نسوار لیں۔

(۲) اکسیر دماغ

اجزائے نسخہ: شاخ مرجان عمدہ ۱ تولہ۔ یاقوت عمدہ ۳ ماشہ۔ ورق چاندی ۳ ماشہ۔ زمرد سبز ۳ ماشہ۔ عنبر اشہب ۱ ماشہ۔ ورق طلاء ۱ ماشہ۔ عرق کیوڑہ حسب ضرورت۔

ترکیب تیاری: تمام ادویات کو پختہ نہ گھسنے والے کھرل میں ڈال کر پیسیں اور پھر اس میں عرق کیوڑہ تھوڑا تھوڑا ملاتے اور کھرل کرتے جائیں۔ یہاں تک کہ تمام اجزا نہایت ہی باریک اور ملائم ہو جائیں تقریباً چار پہر کے متواتر کھرل سے تمام اجزاء ملائم ہو جاتے ہیں اب مٹی کے کورے کوزے میں بند اور گل حکمت کر کے دس سیر اپلوں میں آگ دیں۔ اور

سرد ہونے پر احتیاط سے اکسیر مذکور کو نکال لیں اور پھر روح کیوڑہ میں کھرل اور خشک کر کے کسی عمدہ شیشی میں ڈال کر محفوظ کر لیں۔

ترکیب استعمال : دو چاول سے چار چاول ہمراہ خمیرہ گاؤ زبان یا محض مکھن یا بالائی میں کھلائیں۔ ان شاء اللہ پندرہ دن میں کافی فائدہ نظر آنے لگے گا۔ پورا فائدہ حاصل کرنے کے لیے ایک مہینہ تک استعمال کریں۔

(۳) اکسیر نزلہ

یہ دوا نہ صرف نزلہ بلکہ آتشک کو دور کرنے میں بھی بفضلہ اکسیر ہے۔ ایک بار تیار کریں اور پھر مدت تک استعمال کرا کے لوگوں کو فیض پہنچائیں۔ لوگ قلیل مقدار اور زود اثری کو دیکھ حیران رہ جائیں گے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : دار چکنا کی ایک ڈلی جو کہ اڑھائی تولہ سے کم اور ساڑھے تین تولہ سے زیادہ نہ ہوئے کر اس کو ایک عدد مین پھل میں ڈال کر گائے کے ایک سیر دودھ میں پکائیں۔ جب دودھ گاڑھا ہو جائے تو دوسرے مین پھل میں رکھ کر بدستور سابق پکائیں۔ اور اسی طرح تیسرے میں پکائیں۔ بعد ازاں تین بار پوست ترپھلہ کے جوشاندہ میں اسی طرح پکائیں۔ اور پھر دار چکنا کو کھرل میں ڈال کر پیسیں اور اس میں کتھ سفید ساڑھے ۴ ماشہ۔ لونگ ۴ ماشہ۔ قلفل گرد ساڑھے ۴ ماشہ۔ باریک شدہ بلکہ مثل غبار ساختہ ملا کر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال : صرف ایک چاول سے دو چاول تک مکھن یا بالائی یا منقی میں رکھ کر دیں۔

فوائد : چند خوراکوں میں نزلہ و زکام بیخ و بن سے اڑ جائے گا۔ آتشک کے گلے سڑے مریض کو فائدہ ہوگا۔ (شاہی بیاض قلمی)

(۴) اکسیر نسیان

جس سے بفضلہ نسیان جڑ سے دور ہو کر قوت حافظہ بے حد بڑھ جاتی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : برہمی خشک۔ سنکھا ہولی خشک۔ ہر ایک چالیس چالیس تولہ

لے کرات کو چار سیر پانی میں تر کریں۔ صبح جوش دیں۔ جب ایک سیر پانی باقی رہ جائے تو خوب مل کر کپڑے میں چھان کر کڑھائی یا دیگچی قلعی شدہ میں ڈال کر سفوف ہلدی ایک چھٹانک اور گائے کا خالص گھی ایک سیر ملا کر جوش دیں۔ جب پانی جل کر صرف گھی باقی رہ جائے تو احتیاط سے گھی کو نتار لیں۔

ترکیب استعمال: ایک تولہ ہمراہ صبح آدھ سیر یا ڈیڑھ پاؤ شیر گاؤ میں ملا کر نوش فرمائیں ترشی اور بادی اشیاء سے پرہیز۔

فوائد: یہ دوا نسیان کو دور کرنے کے لیے بفضلہ اکسیر و لاجواب ہے۔ دماغ کو قوت بخشنے اور قوت حافظہ کو ترقی دینے میں یکتائی کے ہم معنی ہے۔ علاوہ ازیں مرگی اور مالیخولیا کے لیے بھی نہایت ہی مفید ہے۔ چونکہ بنانے میں بھی بالکل آسان ہے۔ لہٰذا ہر ایک شخص بنا کر فائدہ حاصل کر سکتا ہے۔

(۵) اکسیر نزلہ و زکام

نزلہ و زکام کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے والا عجیب و غریب نسخہ

اجزا و ترکیب تیاری: زرنیخ طبقی ایک تولہ۔ مرچ سیاہ سوا دو تولہ۔ زرنیخ کو کھرل میں۔ ڈال کر باریک پیسیں اور ایک ماشہ مرچ سیاہ ملا کر آدھ گھنٹہ کھرل کریں۔ پھر ۲ ماشہ مرچ ملا کر دو گھنٹہ کھرل کریں۔ بعد ازاں آٹھ ماشہ مرچ سیاہ ملا کر چار گھنٹہ کھرل کریں۔ بس اکسیر لاجواب تیار ہے۔ شیشی میں ڈال کر حفاظت سے رکھیں۔

ترکیب استعمال: ایک رتی یومیہ بتاشہ یا کھانڈ میں ملا کر کھلائیں۔ چند روز کے استعمال سے بفضلہ قطعی طور پر نزلہ و زکام سے رستگاری حاصل ہوگی۔

علاوہ ازیں کھانسی، دمہ، ذات الجنب کے لیے بھی بہترین دوا ہے۔

(۶) اکسیر چشم

اس اکسیر سے ہر قسم کا پھولا بفضلہ چند یوم میں دفع ہو جاتا ہے

اجزا و ترکیب تیاری: نوشادر سفید ایک سیر لے کر کوٹ کریں اور برگ سرس کے پانی سے سات مرتبہ تر و خشک کریں، پھر اس کا جوہر اڑالیں۔ یہ جوہر کانسی کے کٹورہ میں

نست کی موصلی سے اس قدر رگڑیں کہ سیاہ رنگ ہو جائے۔
ترکیب استعمال: سرمہ کی طرح آنکھ میں لگائیں۔

(۷) اکسیر رمد

آشوب چشم سے تڑپتے مریض کو جب کرا دینا اس اکسیر کا ادنیٰ کرشمہ ھے- علاوہ ازیں پھولہ کا بھی تریاقہ کا مل ھے

ترکیب استعمال: توتیائے سبز ایک تولہ بریاں کر کے کھرل میں ڈالیں اور آب سرس ۶ تولہ آب لیموں کاغذی ۷ عدد ڈال کر ایک گھنٹہ کھرل کر کے شیشی میں رکھ دیں اور سلائی بھر کر آنکھ میں لگائیں بفضلہ ایک دو مرتبہ سے زیادہ استعمال کی ضروریات نہیں ہوتی۔

(۸) اکسیر پھولا

اس دوا کے استعمال سے پرانے سے پرانا پھولا چند دنوں میں دور ھو جاتا ھے- علاوہ ازیں ضعف بصارت کے لیے بھی لاثانی چیز ھے

اجزا و ترکیب تیاری: نمک سنگ۔ نمک شور۔ سہاگہ۔ پھٹکڑی۔ سمندر جھاگ۔ شورہ قلمی۔ ہر ایک دو تولہ آٹھ ماشہ۔ سب ادویہ کو ایک گھنٹہ لعاب گھیکوار سے کھرل کر کے نوشادر ایک تولہ پر لیپ کریں اور خشک کر لیں۔ بجی ڈھائی سیر پیس کر نوشادر کا فرش ولحاف کر کے کڑھائی میں رکھیں نیچے آگ جلائیں۔ اگر کسی وجہ سے دھواں نکلے تو بجی کے سفوف سے بند کر دیں۔ دو پہر کے بعد سرد کر دیں۔ نوشادر مصری کی ڈلی کی طرح سفید ہوگا۔ پیس کر رکھ دیں۔ بیاض چشم پر چاول کے برابر ڈال کر او پر گندم کی روٹی باندھیں۔ آنکھ کو شب بھر میں چند مرتبہ ہلائیں۔ صبح کھولیں۔ چند روز میں بفضلہ آرام ہوگا۔
احتیاط: ان ایام میں آنکھ کو پانی نہ لگائیں۔

(۹) اکسیر کرم ناک

اس اکسیر کے تابیر سے ناک کے کیڑے خارج ھو جاتے ھیں-

اجزا و ترکیب تیاری: ایلوا زرد۔ کافور۔ کمیلہ ۲-۲ ماشہ۔ آب برگ شفتالو۔ آب برگ شریفہ سبز۔ روغن تارپین ۱-۱ تولہ۔ جملہ ادویہ کو روغن تارپین میں حل کریں۔

ترکیب استعمال : چار قطرے ناک کے اندر ٹپکائیں اور تھوڑی دیر بعد ناک نیچی کر لیں۔

فوائد : ناک کے کیڑوں کی اذیت خدا کسی کو نہ دکھائے۔ ہروقت کھجلی اور سرسراہٹ سے ناک میں دم آ جاتا ہے۔ لیکن اس اکسیر کے ڈالنے سے کیڑے ہلاک ہو کر فی الفور خارج ہو جاتے ہیں۔ اور دوبارہ پیدا ہونے کا امکان نہیں رہتا۔ نہایت اکسیر الاثر دوا ہے۔

(۱۰) اکسیر نکسیر

نکسیر کے روکنے کو یہ دوا بار ہا بار کی مجرب اور بے خطا ہے۔

اجزا و ترکیب تیاری: مازو ۱ تولہ۔ دھنیا ۱ تولہ۔ پھٹکڑی ۱ تولہ۔ گیرو ہندی ۱ تولہ۔ جملہ ادویہ کو پیس کر نسوار بنالیں۔

ترکیب استعمال : بوقت ضرورت ایک چٹکی لے کر بطور نسوار استعمال کریں۔

فوائد : نکسیر کو فی الفور بند کرتی ہے۔ لیکن بحرانی نکسیر کو ہرگز ہرگز بند نہیں کرنا چاہیے۔

(۱۱) اکسیر خنازیر

مرض خنازیر بے پیر کو بیخ وبن سے اڑا دینے والی بے مثل اکسیر۔

اجزا و ترکیب تیاری: ایک خارپشت لے کر اس کے شکم کو آلائش سے پاک وصاف کر لیں اور اس کے پیٹ میں ۳ تولہ ڈلی سم الفار رکھ کر اس کے پیٹ کو سی دیں۔ اور کوزہ گلی میں رکھ کر گل حکمت کریں۔ جب بخوبی خشک ہو جائے تو پانچ سیر اپلوں کی آگ دیں اور سرد ہونے پر نکال لیں۔

ترکیب استعمال : ہر روز بقدر دو رتی مکھن میں ملا کر کھلائیں اور اوپر سے آدھ سیر دودھ مصری ملا کر پلائیں۔

فوائد : پانی کی جگہ عرق منڈی بوٹی پلائیں۔ غذا میں روٹی کے ہمراہ شوربہ دیں اور سکہ کو مکھن میں گھس کر بطور مرہم کے لگائیں۔

(۱۲) اکسیر ذات الجنب

ذات الجنب خواہ حقیقی ہو یا غیر حقیقی ذات الریہ ہو یا برسام سانس لینے میں سخت

وقت ہو رہی ہو۔ مریض خواہ کتنا تنگ ہو اور مایوسی کی علامات ظاہر ہو چکی ہوں' خدا کے فضل و کرم سے یہ اسراری نسخہ ایک جادو کا حکم رکھتا ہے۔ اور مریض منٹوں میں سکون کا سانس لینے لگتا ہے۔

ھوالشافی: ہڑتال طبقی ۴تولہ۔ میٹھا تیلیہ ۱تولہ۔ لونگ ۱تولہ۔ جملہ اشیاء کو آب ادرک ایک پاؤ میں کھرل کریں اور خشک کر کے محفوظ رکھیں۔

فوائد: دو چاول سے چار چاول تک۔

(۱۳) اکسیر دمہ

ھوالشافی: سرخ آنکھ والی مچھلی ایک عدد۔ سم الفار ۱تولہ۔ گھی آدھ سیر

ترکیب تیاری: ایک کڑاہی لے کر اس میں گھی ڈالیں اور ساتھ مچھلی تقریباً ایک سیر وزنی بھی ڈال دیں۔ مچھلی کے منہ میں سم الفار ڈال کر منہ اور جبڑے کو بند کر دیں۔ پھر مچھلی کو گھی میں ڈال دیں۔ جس وقت مچھلی گل جائے۔ اس مچھلی کو نکال لیں اور سم الفار کو پیس لیں۔

خوراک: دانہ خشخاش کے برابر حلوے میں لپیٹ کر کھلائیں۔

(۱۴) اکسیر قلب

ضعف دل و دماغ کے لیے بہترین نسخوں میں سے ھے۔ اس کی عمدگی اس کے اجزا سے ظاھر ھے

ھوالشافی: کشتہ عقیق۔ کشتہ مرجان۔ کشتہ سنگ یشب۔ ایک ایک تولہ۔ ورق نقرہ ۶ ماشہ۔ ورق طلاء ۱۵ عدد۔ روح کیوڑہ۔ روح گلاب۔ روح بید مشک۔ روح گاؤزبان ۲-۲ تولہ۔ جملہ ادویہ کو ملا کر خوب کھرل کریں۔

افعال ونافع: خفقان' غشی ضعف وغیرہ تمام قلبی امراض کے لیے تیر بہدف ہے۔ ضعف باہ کو بھی اکسیر ہے۔

(۱۵) اکسیر جگر

یہ نسخہ خرابی جگر سے پیدا ہونے والی جملہ بیماریوں کے لیے تیر بہدف ہے۔ مثلاً ضعف جگر' عظم جگر' ورم جگر۔ اور وہ بخار جو جگر کی خرابی کی وجہ سے پیدا ہوئے ہوں۔ ان کے

لیے اکسیر اعظم ہے۔ لائق طبیب اسے مناسب موقعہ اور مناسب بدرقہ کے ساتھ اور امراض پر بھی چلا سکتے ہیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : کشتہ فولاد ۶ ماشہ۔ طباشیر ا تولہ۔ الائچی خورد۔ ایک تولہ افسنتین ۶ ماشہ۔ جوہر نوشادر ۶ ماشہ۔ مصری کالبی ڈھائی تولہ سفوف بنالیں۔

ترکیب استعمال : ایک ماشہ مناسب بدرقہ کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

فوائد : امراض جگر کے لیے اکسیر ہے۔

(۱۶)

جگر کے فعل کو درست کر کے خون کو کافی مقدار میں پیدا کرتی ہے۔ جس سے چہرہ کا رنگ سرخ عنابی ہو جاتا ہے۔

ھوالشافی: لوہے چون۔ آملہ۔ بلیلہ۔ بلیلہ ہر ایک آدھ سیر۔ ہر سہ اشیاء کو باریک کر کے لوہے چون میں شامل کر دیں۔ اور ایک مٹی کے برتن میں ۵ سیر دہی ڈال کر رکھ دیں ایک ہفتہ کے بعد لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر لوہے کے دستے سے کھرل کریں اور جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالیں۔

ترکیب تیاری: جگر کے جملہ امراض مثلاً چہرے کا رنگ کا پھیکا رہنا۔ نیالے دست آنا۔ ابتدائے سوٗ القینہ اور ضعف جگر وغیرہ کو دور کر کے طبیعت میں چستی اور چہرے پر بشاشت پیدا کرتی ہے اور گرم امراض مثلاً دل کی دھڑکن کے لیے واقعی مانند اکسیر ہے۔

خوراک: ایک گولی بوقت صبح ہمراہ لسی یا دہی کے دیں۔

فوائد : صرف نان گندم اور دہی دیں۔

(۱۷)

یہ نسخہ حکیم مہتاب الدین صاحب مرحوم وزیر آبادی کا ہے جو اپنے وقت میں استاد کامل مانے جاتے تھے۔ کئی مہاراجگان و رؤساء کے آپ طبیب تھے۔ ان کا یہ خاص نسخہ راز ہے۔ جس کے حصول کی داستان بھی بدیہ ناظرین ہے۔ جس کو صاحب نسخہ حکیم عبدالرحیم صاحب جمیل کے لفظوں میں لکھا جاتا ہے۔

حکایت

میرے عم محترم مولانا محی الدین صاحب نظام آبادی ایک نہایت ہی مایوس مریض کے علاج سے تنگ آ کر مشورہ لینے کے لیے حکیم صاحب موصوف کے پاس تشریف لے گئے۔ مریض کا رنگ زرد پیٹ پھولا ہوا۔ متورم چہرہ غرضیکہ مجسم مرض بنا ہوا اور بظاہر کوئی امید زیست باقی نہ تھی۔ حکیم صاحب نے ایک سیاہ سی چیز لے کر کوکن بیر کے برابر گولیاں بنادیں اور فرمایا کہ اس کو چاکرسی کے ساتھ کھلانا شروع کر دو۔ آج دوا شروع ہوئی تو کل مریض کی حالت ہی تبدیل ہوگئی۔ غرضیکہ دس یوم میں مریض بھلا چنگا ہوگیا۔ بعدہ حصول نسخہ کے لیے جدو جہد شروع کی۔ بھلا ایسا مجرب نسخہ اور پھر پرانے زمانے کے طبیب کب بتلائیں۔ مگر وہ بھی صاحب غرض تھے۔ کب پیچھا چھوڑیں دوستی تھی تو حد سے زیادہ مگر اخفا تھا تو وہ اس سے بھی زیادہ۔ آخر آپ نے ان کے ایک نوکر کو جو دوائیں بنایا کرتا تھا پوچھنا شروع کیا۔ اس نے پانچ روپے طلب کیے جو خوشی سے ادا کر دیے گئے۔ دوسرے دن حکیم صاحب کے روبرو نسخہ پیش ہوا تو حکیم صاحب نے قسم اٹھا کر اس کی تصدیق فرمائی۔ حضرت موصوف نے اس کو بنایا اور آج اس بات کو تیس سال گزر چکے ہیں برابر بنا کر ہزارہا مریضوں کو استعمال کرا چکے ہیں۔ بے حد نافع ہے۔ خلق خدا کی بھلائی کے لیے نسخہ حاضر ہے۔

ھوالشافی: ہلیلہ۔ بلیلہ۔ آملہ ۵۔ ۵۔ تولہ۔ فلفل دراز ا تولہ۔ مجیٹھ ۵ تولہ۔ لوہے چون عمدہ ۵ تولہ۔ کوزہ مصری۔ ا تولہ۔ دہی ایک سیر۔

ترکیب تیاری: تمام اشیاء کو دہی میں ڈال کر کھرل کرنا شروع کر دیں۔ دوبارہ ایک سیر دہی ڈال دیں اور کھرل کریں۔ حتیٰ کہ انگلی کے ساتھ رڑ کانے پر کچھ نہ رڑکے۔ بس تیار ہے۔

فوائد: ضعف جگر۔ بھس۔ کمی خون۔ عظم طحال، ورم جگر امراض کے لیے ایک تحفہ ہے۔

خوراک: ایک گولی صبح ہمراہ دہی کی لسی کے دینا شروع کریں۔

(۱۸) اکسیر یرقان

یہ یرقان کا خاتمہ کر کے جسم کو سرخ کر دینے والی سینکڑوں دفعہ کی مجرب دوائی ۔

اجزا و ترکیب تیاری: خبث الحدید مصفٰی۔ پوست بلیلہ زرد۔ پوست بلیلہ۔ آملہ ہر ایک ایک پاؤ۔ مرچ سیاہ۔ فلفل دراز۔ سونٹھ ہر ایک چار تولہ۔ پہلی چاروں ادویہ کو خوب کوٹ لیں۔ پھر کسی چینی یا مٹی کے برتن میں ڈالیں اور پھر ان کے اوپر گائے کا دہی اس قدر ڈالیں کہ تمام ادویہ کے اوپر چار چار انگل چڑھ جائے۔ پھر کسی باریک رومال سے برتن کو ڈھک دیں اور دن میں دو بار کسی صاف لکڑی سے ہلاتے رہیں۔ سردیوں میں ایک ہفتہ اور گرمیوں میں چار روز چھوڑیں۔ اگر دہی پہلے خشک ہو جائے تو قدرے اور ڈال لیں اور مدت معینہ کے بعد اس دوا کو کسی بڑے کاغذ وغیرہ پر پھیلا کر سایہ میں خشک کر لیں اور پھر باریک کوٹ کر ترکہ یعنی مرچ سیاہ۔ فلفل دراز اور سونٹھ کا سفوف ملا دیں۔ بس سفوف اکسیر یرقان اور اکسیر جگر تیار ہے۔

ترکیب استعمال: تین ماشہ صبح دہی کے پیالہ سے۔ جو صاحب دہی نہ حاصل کر سکتے ہوں تو صرف چھاچھ سے لے لیا کریں۔ سات آٹھ روز کافی ہے۔

فوائد: یہ سفوف جگر کے علاوہ قلب کو بھی از حد مفید ہے خصوصاً یرقان ہاتھ پاؤں کا ورم۔ چلتے پھرتے دم پھول جانا۔ سوء القینہ وغیرہ کے لیے تو بار ہا کا آزمودہ ہے۔ یرقان اسود اصفر کے لیے بے خطا چیز ہے۔ چنانچہ بے شمار مریضوں پر یہ تجربہ کر کے تیر بے خطا کے مصداق پایا ہے۔ (کنز المجربات جلد اول)

(۱۹) اکسیر معدہ

معدہ کی اصلاح کرنے میں اکسیری صفات سے متصف دوائی۔

اجزاء و ترکیب ساخت: لوبان کوڑیہ۔ ایک سیر۔ لونگ جوز بوا۔ دار چینی ہر ایک ۸ تولہ۔ سم الفار ۲ تولہ۔ سب ملا کر بطریق معروف جوہر اڑا لیں۔

ترکیب استعمال: دو سے چار چاول منقیٰ میں رکھ کر کھلائیں۔ اوپر سے چار پانچ دانہ منقیٰ اور بھی کھلادیں۔

فوائد: معدہ کی اصلاح کرتی ہے اور تمام خرابیوں کو دور کر کے غذا کو جزو بدن بنانے میں امتیازی خصوصیت رکھتی ہے۔

(۲۰)

یہ اکسیر سینکڑوں دفعہ کی آزمودہ اور بے خطا ہے۔ پیٹ درد۔ سول۔ غرض پیٹ کی تمام امراض کے لیے مجرب المجرب ہے۔ کم خرچ اور ہر جگہ کامیاب ثابت ہوتی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: نوشادر ۵ تولہ۔ مرچ سیاہ ۵ تولہ۔ تخم دھتورہ ۲ تولہ۔ کشتہ فولاد ۲ تولہ۔ ہر بچی ۴ تولہ۔ سب کو سفوف بنالیں۔

ترکیب استعمال: ۴ رتی ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔

فوائد: متلی نفخ شکم بدہضمی کمی اشتہاء درد شکم اور قے کے لیے بے حد نافع ہے۔

(۲۱) اکسیر پیچش

ہر قسم کی پیچش کے لیے اکسیر اعظم ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: افیون ا تولہ۔ پھٹکڑی ڈیڑھ تولہ ملا کر سفوف بنالیں اور دو سکورہ گلی (مٹی کے پیالے) میں گل حکمت کر کے ۵ سیر اپلوں کی آگ دیں' کشتہ ہوگا۔

ترکیب استعمال: ایک رتی ہمراہ شربت صندل و شربت دینار۔

فوائد: پیچش کے لیے اکسیری دوا ہے۔ کم خرچ بالانشین کے مصداق ہے۔ بنا کر فائدہ اٹھائیں۔

نوٹ: حاملہ کی پیچش کو بھی مفید ہے۔

(۲۲) اکسیر سنگ گردہ ومثانہ

جس کے چند خوراکوں کے استعمال سے پتھری ٹوٹ کر خارج ہوتی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: جنگلی کبوتر کی بیٹ جس قدر مل سکے لے کر خاکستر بنالیں اور اس کی خاکستر کو کسی چینی کے برتن میں رکھ کر آٹھ گنا پانی میں حل کر دیں۔ اور تین دن تک

بھگوئے رکھیں۔ مگر روزانہ دن میں تین مرتبہ مولی سے ہلادیا کریں۔ تین روز کے بعد صاف پانی کو آہستہ آہستہ نتھارلیں اور قلعی دار برتن میں ڈال کر پکائیں۔ تمام پانی کے جل جانے پر سفید سی چیز باقی رہ جائے گی۔ یہی اکسیر ہے جو کہ پتھری کو توڑنے کے لیے بے حد مفید اور اکسیری دوا ہے۔ اس کے برابر اگر کشتہ حجر الیہود جو کہ مولی سے تیار کیا گیا ہو ملالیا جائے تو اور بھی بہتر ہے۔

ترکیب استعمال: اس اکسیر میں سے بقدر ۲رتی لے کر مولی کے ۵ تولہ پانی سے کھلایا کریں۔

فوائد: محض ایک ہفتہ کے استعمال سے بیّن فائدہ معلوم ہوگا۔

(۲۳) اکسیر ذیابیطس

جو ذیابیطس شکری کے لیے عمدہ اور زود اثر ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: پوست درخت جامن سبز ۱۲ تولہ کوٹ کر نغدہ بنائیں۔ ایک تولہ نقرہ خالص گل حکمت کر کے دس سیر اپلوں کی آگ دیں۔ یہ عمل سات مرتبہ کریں۔ نقرہ کشتہ ہوگا۔

کشتہ مذکور، تخم جامن۔ بیج بھنڈی ہر ایک ایک تولہ۔ افیون ۳ ماشہ ملا کر گولیاں بقدر مونگ بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی صبح وشام ہمراہ آب تازہ

فوائد: ذیابیطس کے لیے نہایت اعلیٰ مرکب ہے۔

(۲۴) اکسیر جریان

یہ اکسیر آب بست کو طبعی قوام پر لا کر جریان کو دفعہ کرتی ہے۔

ھوالشافی: مرچ سفید دکنی ا تولہ۔ میٹھا تیلیا مدبر ۹ ماشہ۔ سیماب ا تولہ۔ قلعی ۹ ماشہ۔ فلفل دراز ۳ ماشہ۔ قلعی کو پگھلا کر سیماب کے ساتھ ملائیں۔ اور باقی تمام دواؤں کو باریک پیس کران کے ساتھ ملائیں۔ اوراچھی طرح کھرل کریں۔

ترکیب استعمال: دو چاول، معجون آرد خرما، (سات) ماشہ یا مکھن دو تولہ میں لپیٹ

کر استعمال کریں۔معجون آردخرما کا نسخہ معجونوں کے بیان میں ہے۔وہاں ملاحظہ فرمائیں۔

فوائد : جریان اور ضعف معدہ کو درست کر کے رنگ کو نکھارتی ہے۔اسی طرح عورتوں کے سیلان الرحم کو بھی از حد مفید ہے۔اور حیض کا باقاعدہ کرنا بھی اس کا ایک کرشمہ ہے۔ خصوصیت سے ضعف معدہ کو زائل کر کے جریان کو بالخاصہ روکتی ہے۔

(۲۵) اکسیر نقرئی

هوالشافی: ورق نقرہ ۶ ماشہ۔کہربا شمعی ۴ ماشہ۔مروارید ناسفتہ ۴ ماشہ۔شاخ مرجان ۴ ماشہ۔بسد احمر ۴ ماشہ۔طباشیر کبود ۳ ماشہ۔دانہ الائچی خورد ۳ ماشہ۔روح کیوڑہ ۳ تولہ۔روح بید مشک ۳ تولہ۔روح گلاب ۳ تولہ۔ان سب کو کسی کھرل میں ڈال کر کھرل کریں۔جب خشک ہو کر مثل سرمہ کے ہو جائے سنبھال کر رکھیں۔

ترکیب استعمال : ایک رتی مکھن میں کھلایا کریں۔نسخہ نمبر ۵ کے ساتھ استعمال ہو تو نور علیٰ نور ثابت ہوگا۔

فوائد : دل اور دماغ اور جگر کو طاقت بخشتی ہے۔جن کی آنکھیں اندر دھنسی ہوں۔سر میں دھک دھک ہوتا رہتا ہو اور سر درد کے مریضوں کے لیے مفید ہے۔

(از جناب قاضی میراں بخش صاحب)

نوٹ : غریب لوگ یا متوسط الحال مروارید ناسفتہ کی بجائے صدف مروارید کا چمکیلا چھلکا ایک ماشہ ملا سکتے ہیں۔فوائد میں بفضلہٖ کوئی کمی نہ ہوگی۔

(۲۶) اکسیر طلائی

مشک خالص۔عنبر اشہب۔مروارید ناسفتہ۔ورق طلا۔ورق نقرہ۔زہر مہرہ اصلی زعفران کشمیری۔یاقوتی رمانی۔ہر ایک ۳ ماشہ۔جوہر لوبان خانہ ساز یا سٹر کنین سلفیٹ ۱ ماشہ سب کو کھرل میں ڈال کر روح کیوڑہ تھوڑا تھوڑا ڈال کر ۵ تولہ تک جذب کر کے دوائی کو خشک مثل سرمہ کے کریں اور محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال : صبح کے وقت ایک رتی دوائی تازہ مکھن ۵ تولہ کے ساتھ کھائیں۔

فوائد : جملہ اعضائے رئیسہ کی تقویت اور زیادتی عمر کے لیے عجیب شے ہے۔مردہ

اعصاب میں از سرِ نو روح پیدا کرتی ہے۔ (حکیم میراں بخش صاحب تحصیلدار)

(۲۷) اکسیر جوہر

ھوالشافی: زہر مہرہ خطائی۔ لعل بدخشی۔ یاقوت سرخ۔ عقیق سرخ و سفید۔ عقیق زرد۔ سبز یشب۔ یاقوت سفید۔ یاقوت کبود۔ زمرد سبز۔ فیروز نیشا پوری۔ مرجان قرمزی۔ مروارید ناسفتہ۔ کہربا شمعی ۹'۹ ماشہ۔ عرق یا روح کیوڑہ میں مثل سرمہ کے باریک پیسیں۔ اس کے بعد اس میں عنبر اشہب ۵ ماشہ۔ مشک خالص ۲ ماشہ۔ ورق طلا کلاں ۵۰ عدد۔ ورق نقرہ کلاں ۵۰ عدد ملا کر سحق (کھرل) کرکے خوب خلط ملط کریں اور محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: دو چاول سے چار چاول تک مکھن یا بالائی میں رکھ کر دیں۔

فوائد: مقوی اعضائے رئیسہ۔ افزائش روح و حرارت غریزی۔ خفقان و جملہ امراض قلب اور ہر قسم کی کمزوری کے لیے اکسیر ہے۔ تمام مقوی اکسیروں کی سرتاج ہے۔

(۲۸) اکسیر کیمیائے عشرت

امساک کا نسخہ

ھوالشافی: ورق طلا ۴ رتی۔ ورق نقرہ ۷ رتی۔ دارچینی ۱ ماشہ۔ زعفران ایرانی ۲ ماشہ۔ لونگ ۴ رتی۔ کاپھل ۲ رتی صدف۔ مرواریدی (یا مروارید ناسفتہ) چار رتی۔ نک چھکنی ۳ رتی۔ سب کو خوب باریک پیس کر الائچی دانہ خورد ۴ رتی ملا کر خوب ملالیں اور محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: ۱/۴ حصہ سے سالم تمام حسب طاقت و برداشت کھائیں۔

عصر کے وقت کھیر بھوک رکھ کر کھائیں اور دودھ کے ساتھ شام کے بعد دوائیں مذکور حسب ضرورت کھالیں۔ اور عشاء کے وقت کار خاص میں مشغول ہوں۔ عین مشغولیت میں جب سینہ میں سوزش ہو۔ تو ایک پیالہ دودھ پئیں۔ اسی طرح دودھ پیتے رہیں۔ اور مزے اڑاتے ہیں۔ تمام دوائی سے ۱۴ سیر دودھ ہضم کیا جا سکتا ہے۔ قوت کے لیے ۱/۲ رتی تک ہمراہ دودھ کھایا کریں۔ (قاضی میراں بخش صاحب)

(۲۹) اکسیر اعظم

جو اعضائے رئیسہ کے لیے اعلیٰ درجہ کی مقوی اور مفید ہے۔ اعضائے تناسل کا محرک

اور قوت باہ وامساک حرارت غریزی کے لیے مجملہ اسرار خفیہ صدریہ سے ہے جو فائدہ میں اعلیٰ وارفع اتم واکمل ہے اور انتہائی نسخہ ہے۔ جو استعمال کرے گا اس کو اس کی قدر وقیمت معلوم ہوگی۔

اجزاء و ترکیب ساخت : سم الفار ا تولہ۔ زعفران خالص ڈیڑھ تولہ۔ ہر دو کو ایک پاؤ عرق گلاب میں یہاں تک کھرل کریں کہ بالکل خشک ہو جائے۔ بعدہ ایک سیر شیر گاؤ میں ملا کر قلعی دار۔ برتن میں ڈال کر چولھے پر چڑھا کر فتیلہ کی نرم آنچ سے صبح سے شام تک جوش دیں۔ رات کو حسب دستور دہی جمائیں اور صبح کو بدستور معروف دہی بلو کر مکھن نکالیں اور مشک خالص ۲ حصہ۔ عنبر اشہب ۲ حصہ اسی روغن کے ساتھ کھرل کریں۔ ایک ہفتہ تک بعدہ بقدر دانہ ماش گولی بنائیں۔

ترکیب استعمال : صبح کے وقت ایک سیر شیر گاؤ میں چار جلیبی ڈال کر پکائیں اور ایک گولی کھا کر جلیبی نوش کریں اور اوپر سے دودھ استعمال کریں۔ غذا گوشت گھی میں بھنا ہوا اور نان گندم۔ اس کے علاوہ کل اشیاء سے ایک ہفتہ تک پرہیز لازم ہے۔

فوائد : ہر قسم کی سستی کمزوری کے لیے تریاق اور اکسیر اعظم کا حکم رکھتا ہے۔ (حکیم عالم زیب)

(۳۰) اکسیر مقوی باہ

یہ نسخہ ایک خاندانی راز ہے۔ مناسب بدرقہ کے ساتھ دینے سے تیس سال قوت باہ قائم رہتی ہے۔ چہرہ کا رنگ نکھر کر گلاب کی پنکھڑیوں کی طرح سرخ وسفید نظر آتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : شنگرف۔ ہڑتال ورقیہ۔ سیماب مصفّیٰ۔ سم الفار۔ ہر ایک ا تولہ تمام اشیاء کو باریک کر کے یک ذات کریں یہاں تک کہ پارہ غائب ہو جائے۔ بعدہٗ مولی۔ کے پانی مصفّیٰ میں بارہ پہر کھرل کریں۔ پھر بینگن کے پانی میں بارہ پہر کھرل کریں۔ بعدہٗ۔ لیموں پھر سرکہ انگوری اور شیر مدار میں بارہ پہر بدستور کھرل کریں۔ پھر قرص بنائیں۔ جب خشک ہو جائے تو ایک بڑی مولی لے کر سوراخ کریں کہ نصف تک پہنچ جائے۔ نکلا ہوا برادہ ڈال کر مولی کو خوب گل حکمت کر کے خشک کریں اور کڑاہی آہنی ریگ سے پر کر کے درمیان میں مولی رکھ کر اس کے نیچے ۱۲ پہر آگ جلا دیں۔ آگ تیز ہوتی

چاہیے۔ پھر آگ بند کر کے بادہ پہر سرد ہونے دیں جب اچھی طرح سرد ہو جائے تو نکال لیں۔

ترکیب استعمال: نیم برنج ہمراہ بالائی یا مکھن

فوائد: بے حد مقوی باہ ہے۔ استعمال کرانے کے بعد اس کی حقیقت ظاہر ہوگی۔

(حکیم قادر بخش)

(۳۱)

یہ کشتہ قوت باہ کے لیے بفضلہ ایک نایاب تحفہ ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: سم الفار زرد۔ شنگرف رومی۔ سیماب مصفیٰ۔ ہڑتال ورقیہ ہر ایک ایک تولہ۔ سب ادویہ کو دو گھنٹہ تک کھرل کریں۔ باریک ہونے پر عرق حرمل تھوڑا تھوڑا ڈال کر سحق کریں۔ حتیٰ کہ سوا سیر پانی خرچ ہو۔ قرص بنا کر سایہ میں خشک کر لیں۔ پھر کوزہ گلی میں رکھ کر اس کے منہ پر کٹورہ مسی (تانبے کا کٹورہ) بغیر قلعی وصل کر کے اچھی طرح گل حکمت کریں۔ خشک ہونے پر اسے آٹھ سیر پاچک دستی کی آگ پر گڑھے میں رکھیں۔ جب سرد ہو اندرون کٹورہ مسی سے جوہر برنگ طاؤسی سرخی مائل اتار لیں۔ اور ان جوہروں کا نصف حصہ برادہ نقرہ باریک ملا کر شیر مدار سے چار پہر سحق کریں۔ پھر حرمل کے پانی سے چار پہر سحق کر کے موٹا قرص بنالیں اور بیس تولہ حرمل کے نغدہ میں رکھ کر تین مرتبہ گل حکمت کریں۔ خشک ہونے پر ۵ سیر اپلوں میں آگ دیں۔ جب سرد ہو نکالیں برنگ سفید کشتہ ہو گا۔ قدرے سحق کر کے رکھ چھوڑیں۔

ترکیب استعمال: ایک رتی مکھن میں کھلا دیں۔ سات روز کے استعمال سے اس قدر قوت ہوگی کہ حیرت آ جائے گی۔ اور کسی دوا کی ضرورت نہ رہے گی۔

(۳۲) اکسیر قوت

اگر اکسیر سے بڑھ کر کسی چیز کو رتبہ دیا جائے تو یہ نسخہ ہے۔ جس میں قادر مطلق نے وہ گن رکھ دیئے ہیں کہ عقل حیران رہ جاتی ہے۔ اس میں بے حد نعوذ کی قوت موجود ہے۔ آزمانا شرط ہے۔ پھر آپ کو معلوم ہوگا کہ اکسیر کسے کہتے ہیں۔

ترکیب تیاری: دارچکنا ایک تولہ لے کر ایک بیضہ مرغ میں سوراخ کر کے سفیدی نکال دیں۔ اس میں دارچکنا داخل کر دیں اور دوسرے انڈے کی زردی بھی اس میں داخل کر دیں۔ اور دوسرا خالی انڈا اس پر دے کر ماش کے آٹے میں لپیٹ دیں۔ پھر اس غلولہ کو روغن زرد (گھی) میں بریاں کریں تاکہ غلولہ سرخ ہو جائے۔ دارچکنا نکال کر دوسرے دو انڈوں کی زردی میں بدستور مدبر کریں۔ اسی طرح سو مرتبہ تشویہ دیں پھر پیس کر رکھ چھوڑیں۔

ترکیب استعمال: ایک چاول ہمراہ مکھن۔

فوائد: کھا کر دیکھیں۔ اس سے زیادہ اس کے فوائد نہیں لکھے جا سکتے۔

(۳۳) اکسیر قوت باہ

یہ نسخہ قوت باہ کے لیے حیرت انگیز لاثانی تنکہ ھے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: شاہ دیمک خشک کردہ دو عدد۔ سم الفار۔ ۶ ماشہ ملا کر جوہر اڑا لیں۔

فوائد: قوت باہ کے مایوس سے مایوس مریضوں کو یہ لاثانی اور جادو اثر تنکہ اپنی سحر کاریوں سے پہلے ہی روز گرویدہ کر لیتا ہے۔ اس کی تعریف میں اس سے زیادہ لکھنا خلاف تہذیب ہے کہ یہی وہ اکسیر ہے جسے سنیاسی لوگ اپنے دلوں میں رکھتے ہیں۔ علاوہ ازیں استسقاء کے لیے بھی نہایت عمدہ دوا ہے۔ خوراک ایک تنکہ مکھن یا بالائی میں۔

(۳۴) اکسیر مقوی اعصاب

یہ جادو اثر اکسیر اعصابی بیماریوں کو دفع کر کے اعصاب میں قوت اور قوت باہ میں بے حد حیران کن تغیر پیدا کرتی ہے۔ مقوی مثانہ اور دافع درد کمر ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: کھلے پانی میں بھگو چھوڑیں۔ جب نرم ہوں ان کا پوست اور اندرونی پتہ صاف کریں۔ پھر آب ادرک میں ایک ہفتہ بھگو چھوڑیں۔ تیسرے دن پانی بدلیں۔ پھر کپڑے سے صاف کر کے دو گھنٹہ دھوپ میں رکھیں۔ پھر ایک چینی کے پیالہ میں رکھ کر روغن پستہ اس قدر ڈالیں کہ کھلے ڈوب جائیں۔ تین روز دھوپ میں رکھیں۔ جب

روغن کم ہوتو اور ڈالیں۔اس کے بعد نکال کر خشک کرلیں اور پیس کر رکھ لیں۔

ترکیب استعمال : چار چاول سے ایک رتی تک منقیٰ میں رکھ کر صبح کھلائیں اور اوپر سے ایک پاؤ دودھ پلائیں۔ایک ہفتہ کافی ہے۔

(۳۵) اکسیر آتشک نمبرا

یہ اکسیر اعلیٰ درجہ کی مقوی باہ اور دافع زہر آتشک ہے۔اگر اکیس روز با پرہیز استعمال کریں تو چہرے کو سرخ کر دیتی ہے اور جسم میں خون صالح پیدا کرتی ہے۔یہ بار ہا کا مجرب اور بے خطا نسخہ ہے۔آزمائیں اور دعائے خیر سے یاد فرمائیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : سنکھا ہولی بوٹی جس کو علاقہ ڈیرہ غازی خاں میں کلانچ کہتے ہیں اس کا دو سیر نغدہ بنا کر سم الفار ایک تولہ کی ڈلی رکھ کر گل حکمت کر کے پندرہ سیر اپلوں کی آگ دیں۔بعد سرد ہونے کے نکال لیں۔شگفتہ ہوگا۔باریک پیس کر حفاظت سے رکھیں۔

ترکیب استعمال : نصف چاول سے ایک چاول تک ہمراہ مکھن صبح کے وقت کھلائیں۔

(حکیم بابو چمن لال صاحب)

(۳۶)

یہ کہنہ آتشک و سوزاک کے لیے اکسیر ہے۔نیز یہ دوا خونِ بواسیر کو بھی بند کرتی ہے

اجزاء و ترکیب ساخت : توتیا سبز سالم ڈلی ۶ ماشہ۔کافور دیسی ۲ تولہ چورہ کر کے توتیا کے نیچے اوپر بوتہ گلی میں گل حکمت کر کے دو سیر اپلوں کی آگ دیں اور پیس کر رکھ چھوڑیں۔

ترکیب استعمال : دو چاول سے چار چاول تک۔

(۳۷)

جو کہنہ سے کہنہ آتشک اور مریضان دق و ضعف باہ کے لیے بے خطا ہے

اجزاء و ترکیب ساخت : رسکپور ۲ تولہ۔برادہ سیم ۲ تولہ۔دونوں کو ملا کر تین دن تک خشک ہی کھرل کریں۔بعد ازاں دو پیالوں میں بند کر کے بیر کی لکڑی سے بدستور جوہر

ا ا ئیں اور جو ہر اور تہ نشین کو ملا کر ایک دن پھر کھرل کریں۔ اور بدستور جو ہر اڑا ئیں اور شیشی میں حفاظت سے رکھیں۔

ترکیب استعمال : ۴ چاول دو امکھن یا بالائی میں رکھ کر کھلائیں۔

فوائد : ایک ہفتہ کے استعمال سے بفضلہ مرض آتشک جڑ سے اکھڑ جاتا ہے مریضان دق کے لیے بھی مفید ہے اور نامرد وست مریضوں کی خفیہ طاقت کو بیدار کرنے میں بے مثل اکسیر ہے۔ (شاہی بیاض قلمی)

(۳۸)

یہ نسخہ حکیم محمد بیگ صاحب کو ایک سنیاسی سے حاصل ہوا تھا۔ آپ کا ذریعہ معاش بھی نسخہ تھی

اجزاء و ترکیب ساخت : سم الفار سفید۔ دار چکنا۔ رسکپور۔ شنگرف۔ سیماب ہر ایک ایک تولہ۔ جمال گوٹہ مغز پتہ دور کردہ ۴ تولہ۔ عقرقرحا ۲ تولہ۔ مصطگی رومی۔ مال کنگنی ۳ تولہ۔ لیموں تازہ ۷۰ عدد۔ پہلے سم الفار۔ دار چکنا۔ رسکپور۔ شنگرف کو پختہ کھرل میں ڈال کر کھرل کریں۔ پھر پارہ ڈالیں۔ بعدۂ جمال گوٹہ کا ایک ایک دانہ ڈالتے اور کھرل کرتے جائیں۔ یہاں تک کہ سب ختم ہو جائے پھر دوسری چیزوں کو چھان کر کے ملائیں اور ایک ایک لیموں کا پانی ملاتے اور کھرل کرتے جائیں یہاں تک کہ سب کھرل ہو جائیں۔ اب گولیاں سیاہ مرچ کے برابر بنالیں۔

ترکیب استعمال : ایک ایک گولی صبح و شام مکھن گاؤ کے ہمراہ استعمال کرائیں۔ خوراک کھیر۔ گندم کی روٹی۔ شوربہ مرغ آٹھ دن کافی ہے۔ نہ صرف آتشک بلکہ جذام تک کو مفید ہے۔

(۳۹)

جو شخص آتشک کے سبب لاغر اور نامرد ہو گیا ہو اس کے لیے یہ اکسیری دوا بلا پرہیز بلا تکلیف بے حد نفع پہنچاتی ہے۔ تمام شکایات دور ہو کر مرجھائے ہوئے اور غمزدہ چہرے پر خوشی اور خون کی لہریں دوڑنے لگتی ہیں۔ ایک ہفتہ میں بفضلہ شفاء ہوگی۔

اجزاء و ترکیب ساخت : رسکپور۔ دار چکنا۔ سم الفار۔ مردار سنگ۔ برادہ چاندی ا تولہ۔ جملہ ادویات کو ایک بوتل آب فشردہ کٹائی خورد میں سحق کر کے جوہر اڑائیں۔ اسی طرح تین بار سحق کریں اور جوہر اڑائیں۔

ترکیب استعمال : ایک چاول بتاشہ میں رکھ کر کھلائیں۔

(۴۰)

ہر قسم کی آتشک کہنہ و نو کے لیے تیر بہدف

اجزاء و ترکیب ساخت : رسکپور۔ دار چکنا۔ سنکھیا زرد۔ گندھک آملہ سار۔ نیلہ تھوتھا۔ ا تولہ۔ مغز تخم ریٹھہ ۲ تولہ۔ آب پیاز ۱۰ تولہ۔ جملہ ادویات کو کھرل کر کے غلولہ بنائیں اور ایک بکرے کی نلی کا گودا نکال کر اس میں اس کو بھر دیں۔ اور اس کے نیچے ۴۸ گھنٹہ آگ جلائیں۔ ازاں بعد ایک ہانڈی ریگ بھر کر درمیان میں نلی مذکور اسی طرح رکھ کر ۴۸ گھنٹہ آگ جلائیں۔

ترکیب استعمال : ۴ چاول حلوے میں رکھ کر نہار منہ کھلائیں۔

فوائد : ہر قسم کے نئے و پرانے آتشک کے لیے اکسیری دوا ہے۔ چند یوم میں تمام زخموں کو خشک کر دیتی ہے اور پھر لطف یہ کہ نہ قے ہوتی ہے نہ دست آتے ہیں اور نہ ہی منہ آتا ہے۔ بفضلہ تعالیٰ ایک ہفتہ میں پرانی سے پرانی آتشک دفع ہو جاتی ہے۔ اور بالکل کوئی تکلیف نہیں ہوتی۔

(۴۱)

بلا منہ آئے پرانی سے پرانی آتشک کو جڑ سے اکھاڑ دیتی ہے۔ اکثر اس کی ایک ہی خوراک سے آرام ہو جاتا ہے۔ شاید ہی دوسری خوراک تک نوبت آئے۔ سنیاسیانہ تیر بہدف اکسیر ہے۔ جس کی تعریف استعمال کے بعد خود بخود ہی زبان سے نکل جاتی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : دار چکنا مدبر در مولی۔ ۶ ماشہ (جس کی ترکیب اخیر کتاب میں لکھی گئی ہے) حب سلاطین (جمال گوٹہ) ۱۸ دانہ ہر دو کو ایک کورے پیالے میں رگڑ لیں۔ جب خشک ہو جائے تو شیشی میں حفاظت سے رکھیں۔

ترکیب استعمال : ایک رتی حلوے میں ڈال کر دیں۔ اس کے استعمال سے بکثرت قے و دست آ کر مادہ خارج ہو جاتا ہے۔

(۴۲)

یہ نسخہ عرصہ دراز سے ایک خاندان میں پوشیدہ چلا آتا تھا۔ اور وہ اسے کسی طرح بھی بتانا گوارہ نہیں کرتے تھے۔ لیکن اب جب کہ اطباء یونانی نے امساک کے تالوں کو توڑنا شروع کیا ہے۔ یہ نسخہ بھی طب یونانی کو قابل فخر بنانے کے لیے نہایت فراخ دلی سے ظاہر کر دیا گیا۔ قابل تعریف نسخہ ہے۔ نسخہ کیا ہے تریاق کامل ہے۔ آتشک قرحہ کے علاوہ سوزاک جنبل اور جذام کو بھی از حد مفید اور مجرب ہے۔ خرابی خون سے کوئی بیماری ہو سب کو دور کرتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : رسکپور مدبر۔ دار چکنا مدبر ۲-۲ تولہ۔ قلفل دراز ۶ عدد۔ رسوت مصفی۔ گوگل مصفی۔ مشک کافور۔ قلفل سفید ۲-۲ تولہ۔ سب کو مبالغہ سے کھرل کریں اور چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

فوائد : آتشک کے لیے تریاق کامل ہے اور صاحب نسخہ کا بیان ہے کہ سوفی صدی مجرب اور بے خطا ہے۔

(۴۳) اکسیر سیلان امیرانہ

یہ اکسیر جریان و سیلان دونوں امراض کے لیے تیر بہدف ہے۔ علاوہ ازیں مقوی اعضائے رئیسہ بھی ہے۔ اس کے استعمال سے عورت کا حسن و جمال تادیر باقی رہتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : ورق طلاء۔ سیماب مصفی ۶-۶ ماشہ۔ سیماب میں ایک ایک ورق ڈال کر کھرل کریں۔ تا کہ سفوف بن جائے۔ پھر آب برگ تلسی ۱۰ تولہ بذریعہ کھرل جذب کریں۔ اور ٹکیہ بنا کر ۵ سیر اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر وزن کریں۔ ایک تولہ سے جس قدر کم ہو اسی قدر سیماب مصفی اضافہ کر کے پہلے خشک کھرل کریں۔ جب سیماب کم ہو جائے آگ برگ تلسی ۱۰ تولہ سے حق کر کے بند جگہ آگ دیں۔ اور جب تک عمل پورا نہ ہو تکرار عمل کرتے رہیں۔ عموماً سات آنچ میں پورے وزن کا کشتہ ہو جاتا ہے۔ جب کشتہ کا وزن پورا اترے تو مروارید ناسفتہ ۶ ماشہ اضافہ کر کے عرق گلاب

تازہ ۱۵ اتولہ سے کھرل کر کے ۵ سیر اپلوں کی بدستور آگ دیں۔ اسی طرح سے تین آنچ پوری کریں۔

ترکیب استعمال: ایک سے ۲ برنج ہمراہ خمیرہ گاؤزبان عنبری ۳ ماشہ استعمال کریں۔

(۴۴) اکسیر حفظ حمل

مروارید ناسفتہ ۲ ماشہ۔ قلعی۔ شاخ مرجان ابرک ا۔ اتولہ۔ سیماب ۹ ماشہ پہلے قلعی اور سیماب کو گرہ بنائیں۔ باقی ادویہ کو باریک پیس کر ملائیں اور لعاب گھیکوار سے تین روز کھرل کر کے قرص بنا کر خشک کریں۔ اور تر شک بوٹی نصف سیر کے نغدہ میں گل حکمت کر کے ۱۵ سیر اپلوں کی آگ دیں۔ تمام ادویہ کشتہ ہوں گی۔

ترکیب استعمال: حاملہ کو تین ماہ تک دورتی مکھن یا بالائی میں کھلائیں بچہ مضبوط اور تندرست پیدا ہوگا۔

فوائد: جن عورتوں کو بار بار اسقاط ہو جاتا ہے۔ ان کے لیے کشتہ اکسیری حکم رکھتا ہے۔ علاوہ ازیں سیلان الرحم اور جریان کے لیے بھی مفید ہے اور دوران حمل میں کھلاتے رہنے سے بچہ مضبوط خوبصورت اور تندرست پیدا ہوتا ہے۔

(۴۵) اکسیر بچگان

یہ اکسیر بچوں کے اکثر امراض کو دفع کرنے میں اکسیر الاثر اور لاثانی ہے۔ اپنے فوائد کے لحاظ سے اعلیٰ سے اعلیٰ ادویات میں سے ہے۔ ہر قسم کے دست' قے' پیچش' اپھارہ' بدہضمی اور قبض کے لیے نافع ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: عود صلیب ۴ ماشہ۔ کہربائے شمعی ۴ ماشہ۔ گل سرخ ۲ تولہ۔ سونف ۴ تولہ۔ طباشیر ۴ ماشہ۔ زہر مہرہ خطائی ۴ ماشہ۔ الائچی خورد ایک تولہ۔ نمک سنگ ۲ تولہ۔ پودینہ خشک ۲ تولہ۔ شیرہ مویز منقیٰ ۵ تولہ میں ملا کر گولیاں بقدر دانہ ماش تیار کرلیں۔

ترکیب استعمال: حسب ضرورت وحسب موقعہ ایک گولی ماں کے دودھ میں حل کر کے دیں۔ بچوں کے اکثر امراض کے لیے مفید ہے۔

(۴۶) اکسیر بواسیر

سہ ھانی بواسیر و دیگر عوارضات کے ازالہ کے لیے لاثانی اکسیر۔

اجزاء و ترکیب ساخت : رسکپور ۲ تولہ۔ برادہ دندان فیل ۸ تولہ۔ رسکپور کو برادہ میں رکھ کر دو پیالوں کے درمیان رکھ کر گل حکمت کر کے بیری کی لکڑی کی نیچے جلا کر برابر ایک پہر جوہر اڑائیں۔ اوپر کے پیالہ سے جوہر علیحدہ کر لیں۔ اور خوب باریک کر کے مکھن ۵ تولہ میں ملا کر قدرے مسہ بواسیر پر لگائیں۔ اور جو کوڑے میں دوا رہے باریک کر لیں۔

خوراک: ایک چاول ہمراہ مکھن ایک ہفتہ تک استعمال کرائیں۔ (بیاض قلمی)

(۴۷) اکسیر قاطع بواسیر

اس نایاب اکسیر سے بفضلہ چند دنوں میں مسّے نیست و نابود ھو کر بواسیر سے کلی صحت ھو جاتی ھے

اجزاء و ترکیب ساخت : رسکپور۔ دار چکنا۔ سم الفار۔ شنگرف۔ ہڑتال ورقی سب کو باریک کر کے عرق گلاب ۴ تولہ میں کھرل کریں۔ اور دو پیالوں میں بند کر کے جوہر اڑائیں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال : مسکہ شستہ (پانی سے سو مرتبہ دھلا ہوا مکھن) ۲ تولہ میں دوا مذکور بقدر ۲ ماشہ ملا کر نگاہ رکھیں۔ قدرے مسہ پر لگائیں۔ ایک بار روزانہ۔ تین دن میں تمام مسّے گل جائیں گے۔ بعدہٗ چھال کیکر و مینگنی بز کی دھونی میں دیں اور مرہم لگائیں۔ اگر خون زیادہ آئے تو شربت انجبار پلا دیں۔

فوائد : یہ دوا مسوں کا بالکل خاتمہ کر دیتی ہے اور آئندہ پھوٹنے کا امکان بھی نہیں رہتا۔

(قلمی بیاض حکیم نوردین قادیانی)

(۴۸) اکسیر الدم

یہ اکسیر ھر قسم کے خون آنے کو بند کرتی ھے۔ علاوہ ازیں جریان سیلان الرحم اور سوزاک کے لیے بھی اکسیر الاثر ھے

اجزاء و ترکیب ساخت : سنگ جراحت، سرمہ سفید۔ ہڑتال گئودنتی ہر ایک ۲ تولہ۔

تینوں کو تین روز تک لعاب گھیکوار سے سحق کر کے ٹکیہ بنالیں۔ اور خشک کر لیں۔ اور کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے ۵ سیر اپلوں کی آگ دیں۔ پھر شیرہ بھٹل سرخ شیر والی میں ایک دن کھرل کر کے قرص بنا کر خشک کریں اور بھٹل کے ایک پاؤ نغدہ میں ۵ سیر اپلوں کی آگ دیں۔ پھر برگ بانسہ۔ بیخ انجبار۔ بارتنگ ہر ایک پانچ تولہ کے شیرہ میں دو روز کھرل کر کے بدستور آگ دیں۔

ترکیب استعمال : ایک رتی سے ۲ رتی تک ہمراہ مکھن یا بدرقہ مناسبہ

فوائد : ہر قسم کے جریان خون کو بند کرتا ہے۔ جریان اور سوزاک کے لیے بھی مفید ہے۔

(۴۹) اکسیر خارش

جو خارش کسی دوا سے نہ گئی ہو بفضلہ اس کے استعمال سے چند روز میں دور ہو جاتی ہے

اجزاء و ترکیب ساخت : آنولہ سار۔ گل مغیرہ۔ زیری سیاہ ہر ایک ایک تولہ باریک کر کے کپڑ چھان کر لیں۔

ترکیب استعمال : ۶ ماشہ صبح و شام ہمراہ دہی کھلائیں اور تمام دن دہی پلائیں۔ اور ۶ ماشہ کے قریب روغن سرشف (تیل سرسوں) میں جلا کر بدن پر مالش کریں۔

فوائد : ہر قسم کی خارش کے لیے بفضلہ تعالیٰ ایک معجزہ ہے۔

(۵۰) اکسیر ناسور

اس دوا سے ناسور اور بھگندر جیسا نامراد مرض دنوں میں کافور ہو جاتا ہے

اجزاء و ترکیب ساخت : سم الفار سفید ایک تولہ۔ مغز ہر تولہ ۴ تولہ۔ کڑچھ میں رکھ کر نیچے آگ جلائیں۔ جب جل کر راکھ ہو جائے سرد کر کے نکالیں اور خوب باریک کر کے نگاہ رکھیں۔

ترکیب استعمال : ا چاول دانہ انگور میں رکھ کر کھلائیں۔ اور مرہم ناسور زخم پر لگا دیں جس کا بیان مرہموں کے بیان میں ہوگا۔

فوائد : زخموں کے بھرنے کی بہت کم ایسی دائیں ہیں جو کہ کھلانے سے فائدہ بخشیں یہ دوا

پھٹنے کھلانے سے اندر ہی اندر زخم کے مواد کو متحرک کر کے زخم کی راہ نکال دیتی ہے اور زخم کو بھر کر تندرست کر دیتی ہے۔ بھگندر ناسور کے لیے اعلیٰ درجہ کا تریاق ہے۔

(۵۱) اکسیر جامع النفع

خنازیر' بواسیر' بھگندر کی جامع النفع اور زود اثر اکسیر ھے

اجزاء و ترکیب ساخت : لوٹا خار۔ چونا قلعی۔ ہر ایک آدھ سیر۔ پانی ۴ سیر علیحدہ علیحدہ بھگو کر تین دن رکھیں۔ تین دن کے بعد آب زلال لے کر کڑاہی میں ڈال کر قلمی شورہ تین تولہ۔ سرخ کاہی ۲ تولہ۔ نوشادر' رسکپور۔ دار چکنا۔ سم الفار۔ مردار سنگ۔ توتیا سبز۔ ہر ایک' ایک تولہ ملا کر پکائیں۔ جب پانی خشک ہو جائے گا تو ادویہ مذکورہ بالا تیل کی صورت اختیار کر لیں گے۔

تیل کی شیشی میں نگاہ رکھیں۔ قدرے روئی سے گلیٹوں پر لگائیں۔ دو تین بار لگانے سے زخم ہو جائے گا۔ اور مادہ خارج ہو جائے گا۔ بعد ازاں حسب ذیل مرہم تیار کر کے لگائیں تا کہ صحت کلی ہو۔

سام ابرص (چھپکلی) ۲ عدد۔ پانی ایک سیر میں پکائیں۔ جب پانی پاؤ بھر رہ جائے تو تیل ایک پاؤ ڈال دیں اور خوب آگ جلائیں۔ جب چھپکلیاں کوئلہ کی مانند ہو جائیں تو باہر نکال دیں۔ اور راکھ شاخ گاؤ۔ راکھ چمڑہ کہنہ ہر ایک دو تولہ ڈال کر مرہم بنائیں اور زخموں کے اوپر لگائیں۔

(۵۲)

کیمیا گروں کی جان...... کشتہ توتیائی سبز بادنی

وہ کشتہ جس کو حاصل کرنے کے لیے مہوسی صحرا نوردی و دشت پیمائی اختیار کر کے در در کی خاک چھانتے پھرتے ہیں۔ لیکن گوہر مقصود نہ پا کر سراسیمہ اور پریشان واپس لوٹتے ہیں۔ آج ان کی زندگیوں کو پر کیف (بامزہ بنانے اور ساتھ ہی ساتھ ان مایوس العلاج مریضوں کو پیغام صحت سنانے کے لیے جو عرصہ دراز سے عروس صحت سے ہم کنار نہیں ہوئے۔ یہ اکسیر فراخ دلی سے درج کر دی گئی ہے۔ مہوسی لوگ اپنے دماغ کو جنبش دے کر

طرح طرح کے تجارب کریں۔ آتشک' سوزاک اور بواسیر کے علاج مریض آب حیات سمجھ کر حرز جان بنائیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : توتیا سبز عمدہ ۲ تولہ (۶ ماشہ کی چار ڈلیاں) لے کر برگ بلبل زرد گل والی ایک پاؤ کے درمیان رکھ کر گل حکمت کر کے ۵ سیر اپلہ دشتی کی آگ دیں۔ کشتہ عمدہ باوزن ہوگا۔

ترکیب استعمال: ایک چاول سے ۲ چاول تک ہمراہ مکھن یا بالائی کھلائیں۔

یہ ترکیب حکیم سید عبداللہ شاہ صاحب نیگور علاقہ مدارس کی ہے۔ جو صاحب تجربہ کریں ہمیں بھی تحریر کریں (مجیبی فارماکوپیا)

(۵۳) اکسیر عشری

یہ نسخہ تمام امراض کے لیے تریاق کا حکم رکھتا ہے۔ بس معالج کو اس کے اجزا پر غور کر کے بدرقہ کا خیال رکھنا چاہیے۔ پھر تو بفضلہ اپنے پورے اثرات دکھاتا ہے۔ اگر اسے مناسب موقعہ مناسب بدرقہ کے ساتھ نہ دیا جائے گا تو پھر یہ ذمہ داری لکھنے والوں اور نسخہ پر نہیں بلکہ معالج پر ہے۔ اور یہ اکسیر خصوصاً بخار' نزلہ' کھانسی' ذات الجنب ہیضہ' زکام' ملیریا اور درد اعصاب' دست' قے' پیچش اور مروڑ وغیرہ امراض کے لیے تیر بہدف ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : سم الفار سفید ا ماشہ۔ بیش ا ماشہ۔ شیر مدار ۸ تولہ ۴ ماشہ۔ شوگر آف ملک ۸۳ تولہ ۴ ماشہ۔ سب کو ملا کر اس قدر زور دار ہاتھوں سے کھرل کریں کہ سرمہ سے بھی باریک ہو جائے۔ لیکن بعض لوگ شوگر آف ملک کی باریکی کی وجہ سے جلد چھوڑ دیتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ باریک ہوگیا۔ نہیں بلکہ اس غلطی کو دور کرنے کے لیے ہم وقت مقرر کیے دیتے ہیں۔ یعنی ۸ گھنٹہ خوب زور دار ہاتھوں سے کھرل کریں۔ ورنہ نفع کی بجائے نقصان کی امید رکھیں اور ہر پندرہ منٹ کے بعد چھری وغیرہ سے کھرل کو کھرچ دیا کریں۔

ترکیب استعمال: ۴ چاول ہمراہ بدرقہ مناسب استعمال کرائیں۔

(۵۴)

آتشک' بھگندر' ناسور' گھمبیر وغیرہ کے لیے ایک لاثانی اکسیر

یہ وہی اکسیر ہے جس کے متعلق رسالہ الحکیم میں ایک مرتبہ بے حد تعریف شائع تھی۔

اور لکھا تھا کہ ایک سنیاسی صاحب تقریباً ہر مرض کا علاج اسی اکسیر سے کرتے اور حیرت انگیز طور پر کامیاب ہوتے تھے۔ میں نے بھی اس اکسیر کو تیار کر کے استعمال کرایا ہے۔ بے شک خدا کی مہربانی سے اکسیر ہے۔ ایک مرتبہ یہی دوا اتفاقاً میری جیب میں تھی کہ مجھے پٹیالہ میں عالی جناب شفاء الملک حکیم دلبر حسین خاں بھٹی کے ہاں جانا پڑا۔ میری موجودگی میں آپ کے پاس ایک ناسور کا مریض آیا۔ خدا کی پناہ اتنا بڑا ناسور کہ اگر کمزور شخص اس زخم کو دیکھ لے تو بے ہوش ہو جائے میرے کہنے پر حکیم صاحب نے میرے والی اکسیر مریض کو دے دی۔ کچھ دنوں کے بعد جب کہ میں پٹیالہ گیا ہوا تھا۔ حکیم صاحب نے نہایت خوش ہو کر فرمایا کہ اکسیر بہت مفید ثابت ہوئی۔ چنانچہ مریض کو بلوا کر دکھلایا وہی ناسور جو کہ بہت سے گوشت کو کھا چکا تھا۔ وہ برائے نام تھوڑا سا باقی تھا۔ باقی سب زخم نیا گوشت پیدا ہو کر بھر چکا تھا۔ غرضیکہ یہ وہ اکسیر ہے کہ جس کے کھانے سے ہی بفضلہٖ بڑے سے بڑے زخم مندمل ہو جاتے ہیں۔ بنائیں اور فائدہ اٹھائیں اکسیر مذکور یہ ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : رسکپور ایک تولہ کو لوہے کی کڑچھی میں ڈال کر ہلکی سی انگاروں کی آگ پر رکھیں۔ اور دس تولہ گندھک باریک شدہ علیحدہ رکھ چھوڑیں۔ اور اوپر ایک چٹکی ڈالیں۔ جب گندھک پگھل کر جل جائے۔ تو دوسری چٹکی دیں۔ غرض کہ ایک چٹکی کے جل جانے پر دوسری چٹکی دیں۔ یہاں تک کہ تمام گندھک ختم ہو جائے۔ رسکپور کی ڈلی سخت ہو جائے گی۔ کھرل میں ڈال کر باریک پیس لیں۔ بس اکسیر پر تاثیر تیار ہے۔

نوٹ : دوا کی تیاری کے وقت یہ خیال رکھیں کہ گندھک کا دھواں نہ لگنے پائے ورنہ سر چکرانے اور سل وغیرہ کا اندیشہ ہے۔ دھوئیں سے بچنے کی خاطر بہترین طریقہ یہ ہے کہ ہوا کا رخ دیکھ کر بیٹھیں۔ نیز اس دوا کو زیادہ ہوا میں بھی نہ بنائیں۔ ورنہ رسکپور کا وزن کم ہو جائے گا۔ اور دوا بھی صحیح طور پر درست اور مفید ثابت نہ ہو گی۔

ترکیب استعمال: خوراک ایک رتی سے ۲ رتی مکھن میں لپیٹ کر کھلایا کریں۔

فوائد : آتشک، ناسور بھگندر، گھمبیر، چنبل اور بواسیر کے لیے بے حد مفید ہے۔

(۵۵)

اکثر بلغمی امراض میں یہ دوا تریاق مانی گئی ہے۔ ذات الجنب کے لیے یہ مسیحائی کا حکم

رکھتی ہے۔علاوہ ازیں سلسل بول۔ کثرت بول۔ ذات الصدر، ذات العرض، شوسعہ، ضیق النفس بلغمی میں خصوصیت سے مفید اور بے خطا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : بارہ سنگا کے سینگ کے ایک ایک انگل کے ٹکڑے کاٹ لیں۔ ان کو ڈنڈا تھوہر کے ایک ایک بالشت کے لمبے ٹکڑوں میں رکھ کر دھاگے سے لپیٹ کر گل حکمت کریں اور خشک ہونے پر ہوا سے بچا کر ایک گڑھے میں تیس سیر اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر باریک پیس لیں۔

ترکیب استعمال: ایک ایک رتی صبح وشام شہد خالص میں ملا کر چٹائیں۔ کثرت و سلسل بول کے لیے مکھن یا بتاشہ میں رکھ کر دیں۔

(۵۶)

یہ اکسیر بھی اعضائے رئیسہ کو قوت دے کر خون پیدا کرتی ہے۔ کھانے کو ہضم اور معدہ کو قوت پہنچانے میں لاثانی ہے۔ ضعف قلب۔ اختلاج قلب۔ کمی خون اور ہیضہ کے لیے اکسیر الاثر ہے۔ جسم کو فربہ اور چہرے کو بارونق بناتی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : نوشادر ایک پاؤ۔ فولاد۔ برادہ طلاء۔ برادہ نقرہ ہر ایک ایک تولہ۔ نوشادر کے چنے کے برابر اور فولاد کے مونگ کے برابر ٹکڑے بنالیں۔ اور سب اشیاء کو مٹی کے دو پیالوں میں گل حکمت کریں۔ اور بطریق معروف پیپل کی لکڑی کی آنچ دیں اور جو ہر اڑا کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: ایک رتی صبح اور ایک رتی شام کو مناسب بدرقہ سے استعمال کریں۔

(۵۷)

یہ اکسیر کالی کھانسی۔ ذات الجنب۔ ذات الریہ۔ نمونیا۔ سل۔ دمہ کے لیے شرطیہ دوا ہے۔ علاوہ ازیں وجع المفاصل اور قوت باہ کے لیے بھی از حد مفید و مجرب ہے۔ بدرقہ مناسبہ کے ہمراہ دینے سے تقریباً تمام امراض کے لیے نافع ہے۔ ہر مطب میں اس کا موجود ہونا ضروری ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : سم الفار ایک تولہ۔ شاخ گوزن ا تولہ۔ شیر مدار ۱۰ تولہ میں

کھرل کر کے قرص بنائیں۔ اور پچاس عدد آک کے پتوں کے درمیان دے کر گل حکمت کر کے دس سیر اپلوں کی آگ دیں۔

ترکیب استعمال: ایک رتی ہمراہ بدرقہ مناسبہ کے استعمال کرائیں۔

(۵۸)

یہ اکسیر وجع المفاصل۔ قوت باہ۔ اساک اور معدہ کی جملہ شکایات کو دور کر کے قوت باہ کا اعادہ اور چہرے کی کھوئی ہوئی سرخی کو واپس لانے اور شباب کی لطف اندوز گھڑیوں سے ہمکنار کرانے میں لاثانی اور مجرب ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: سم الفار ۶ ماشہ۔ ثمر پختہ تازہ کٹائی دو عدد اگر بہت چھوٹے ہوں تو چار عدد۔ دونوں ادویہ کو دو روز آب لیموں میں کھرل کر کے خشک کریں۔

ترکیب استعمال: بقدر ۲ چاول ہمراہ گھی ایک چھٹانک کے استعمال کریں۔

(۵۹) اکسیر صداع

ھتھیلی پر سرسوں جمانے والا دنیا بھر میں مانا ھوا اور درد سر کیلئے اعلیٰ تریاق

اجزاء و ترکیب ساخت: کیفین سائٹراس۔ فیلسٹین۔ سفوف دھنیا ۳ تولہ۔ چینی ۳ تولہ جملہ ادویات کو ملا کر سفوف بنالیں۔

ترکیب استعمال: بوقت ضرورت ۲ ماشہ ہمراہ آب تازہ دیں۔

فوائد: ہر قسم کے دردسر کا تریاق ہے۔

باب : ت

تریاق

(۶۰) تریاقی الاسنان

سردی کی وجہ سے پیدا ہونے والے درد دانت کے لیے اکسیر الاثر دوائی

اجزاء و ترکیب ساخت : مرچ سیاہ۔ ہینگ۔ کچور۔ نمک لاہوری۔ جملہ ادویہ ہم وزن لے کر اور کوٹ چھان کر بقدر ضرورت شہد میں گوندھیں اور غلولہ بنا کر سایہ میں خشک کر کے رکھیں۔

ترکیب استعمال: ضرورت کے وقت ایک غلولہ درد والے دانت یا داڑھ کے نیچے دبائیں اور لعاب گراتے رہیں۔

فوائد : سردی کے موسم میں یا سرد چیزوں کے استعمال سے اکثر دانتوں میں درد ہونے لگتا ہے۔ اس درد کو دور کرنے کے لیے یہ تریاق واقعی ایک نادر چیز ہے۔ چند ہی روز میں درد کی شکایت بیخ و بن سے اکھڑ جاتی ہے۔ ویسے درد میں تسکین تو پہلی مرتبہ کے استعمال سے ہو جاتی ہے۔ دانتوں کو پانی لگتا ہو۔ تب بھی اس تریاق کا استعمال بے حد مفید ثابت ہوا ہے۔

(۶۱)

جو اپنے خداداد فوائد میں پہلے نسخے سے بڑھ چڑھ کر ہے

اجزاء و ترکیب ساخت : جند بیدستر۔ ہینگ۔ مرچ سیاہ۔ زراوند۔ مدحرج۔ سونٹھ۔ سرمہ سائیدہ۔ افیون۔ اجوائن۔ جملہ ادویہ ہموزن کوٹ چھان کر شہد میں گوندھ کر غلولہ بنا کر رکھیں۔

ترکیب استعمال: جب دانتوں میں درد کی شکایت ہو۔ تو ایک غلولہ لے کر دانتوں تلے

دبائیں۔ منہ میں ضرورت سے زائد لعاب پیدا ہو۔ تو اسے تھوڑے تھوڑے وقفہ سے تھوکتے جائیں۔

فوائد : اس تریاق کے استعمال سے دانتوں کا درد منٹوں میں دور ہو جاتا ہے۔ روتا آئے اور ہنستا جائے کی ضرب المثل کی تصدیق کر دکھانے والا نسخہ ہے۔

سردی کی وجہ سے پیدا ہونے والا درد خواہ کتنا ہی شدید کیوں نہ ہو۔ اس غلولہ کے داڑھ تلے دباتے ہی دور ہو جاتا ہے۔ دانتوں کے پانی لگنے کی شکایت بھی اس کے استعمال سے دور ہو جاتی ہے۔ بنا کر آزما دیکھیں۔ لاجواب چیز ہے۔ ہر وقت مطب میں تیار رکھیں۔

(۶۲) تریاق نزلہ

نزلہ عارضی ودوامی کا قلع قمع کرنے والی دوا

اجزاء و ترکیب ساخت : اسطوخودوس ۵ تولہ۔ گل گاؤزبان۔ تخم مورد۔ دھنیا خشک ہر ایک دس تولہ۔ چینی تین سیر ۱۰ چھٹانک۔ سب دواؤں کو رات کے وقت گرم پانی میں بھگو کر صبح کو جوش دے کر مل کر چھان لیں۔ اس دوا میں چینی کا قوام بنائیں اور گل سرخ۔ دھنیا خشک۔ ست ملٹھی۔ نشاستہ۔ گوند کیکر۔ کتیرا۔ مرکی۔ ہر ایک ۵ تولہ خوب باریک سفوف کر کے قوام میں ملا لیں۔

ترکیب استعمال: صبح اور شام نو ماشہ سے لے کر ایک تولہ کی مقدار میں یہ تریاق۔ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ کے ہمراہ استعمال کریں اور خداتعالیٰ کی قدرت کا کرشمہ دیکھیں۔

فوائد : نزلہ عارضی ہو یا دائمی یا ہر وقت ناک تر رہتی ہو۔ ذرا سی سردی لگنے پر چھینکیں آ کر رطوبت بہنے لگتی ہو۔ دونوں صورتوں میں اس تریاق کا استعمال کرنا بے حد مفید ثابت ہوا ہے۔ عارضی نزلہ اس کے چند روزہ استعمال سے دور ہو جاتا ہے۔ معمولی فائدہ پہلی ہی خوراک میں نظر آ جاتا ہے۔ اور چند خوراکوں کے بعد مرض کا زور دب جاتا ہے لیکن دائمی کی صورت میں اسے ایک مدت تک استعمال میں رکھنا چاہیے۔ جب فائدہ کی امید ہو سکتی ہے۔ در چار دن استعمال کر کے چھوڑ دینا اور پھر فائدہ نہ ہونے پر دوا کو الزام دینا قرین انصاف نہ

ہوگا۔ دماغ کو کمزور کردینے والی علتوں اور عادتوں سے پرہیز کیجئے۔ اور اس دوا کا استعمال ایک مدت تک جاری رکھیے پھر دیکھئے کہ دائمی نزلہ وزکام دور ہوتا ہے یا نہیں۔ اس تریاق کا استعمال نزلہ وزکام کے علاوہ کھانسی کے لیے بہت مفید ثابت ہوا ہے۔ بنا کر آزما دیکھیں۔ پھر آپ اس کے خواص وفوائد کی تعریف کیے بغیر نہ رہیں گے۔ یہ ہر مطب میں تیار رکھنے کے لائق شے ہے۔

(۶۳)

نزلہ وزکام کے لیے یہ نسخہ عجیب وغریب ہے

اجزاء و ترکیب ساخت : بادام شیریں ۷ ماشہ۔ زعفران ۷ ماشہ۔ افیون ۷ ماشہ۔ مصری کوزہ ۷ ماشہ۔ شنگرف ساڑھے ۵ ماشہ۔ دارچینی ۷ ماشہ۔ ست ملٹھی ۷ ماشہ۔ جملہ ادویات کوکوٹ کر گولیاں بقدر سیاہ مرچ کے بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی ہمراہ پانی کے دیں۔

فوائد : نزلہ وزکام وکھانسی کا حکمی علاج ہے۔ مجرب المجرب ہے۔

(۶۴) تریاق اربعہ

جو دل ودماغ کو تقویت دینے اور اکثر حشرات الارض کے زہروں کو دفع کرنے کے لیے ایک مسلم الفائدہ نسخہ ہے

اجزاء و ترکیب ساخت : حب الغار۔ پکھان بید۔ روی۔ مرکی۔ زراوند طویل۔ جملہ ادویہ کوکوٹ چھان کر روغن گاؤ سے چرب کریں۔ اور سہ چند شہد ملا کر معجون بنا رکھیں۔

ترکیب استعمال: بوقت ضرورت ایک سے ۲ ماشہ تک کی مقدار میں یہ تریاق نیم گرم پانی کے ہمراہ استعمال کریں اور اس کے حیرت انگیز فوائد دیکھیں۔

افعال و منافع : سانپ، مکڑی اور دیگر تمام زہریلے حشرات الارض کے زہروں کے دفعیہ کے لیے یہ صحیح معنوں میں تریاق ہے۔ مرگی۔ فالج اور تمام سر دامراض کو دور کرنے کے لیے اسے نہایت کامیاب پایا گیا ہے۔ غلیظ ریاح کو تحلیل کرنے کے لیے بہت مفید ومجرب چیز ہے۔ جگر اور تلی کی بڑی حد تک اصلاح کرتا ہے۔ ان کے سددوں کو کھولتا اور فضلات کو

بذریعہ ادرار دفع کرتا ہے۔ مردہ بچہ کو باہر نکالتا ہے۔ اور بچہ کی پیدائش کے وقت ولادت میں آسانی پیدا کرتا ہے۔ قلیل الاجزا اور کثیر المنفعت چیز ہے۔ بنا کر آزمائش کریں۔

(۶۵) تریاق جگر

جو کہ ضعف جگر' بھس' استسقاء' سوء القنیہ' ورم جگر وغیرہ کے لیے لاثانی اور تیر بہدف ہے

اجزا و ترکیب تیاری: سنکھ عمدہ کے ٹکڑوں کو کوئلوں کی تیز آگ میں خوب لال سرخ کر کے گھیکوار کے پانی میں بجھائیں۔ اسی طرح چند مرتبہ کرنے سے سنکھ کا ٹکڑا خستہ ہو کر پسنے کے قابل ہو جائے گا۔ اس وقت اس کو کھرل میں ڈال کر خوب کھرل کریں اور حسب ضرورت گھیکوار بوٹی کا پانی ڈالتے جائیں۔ دو روز کے متواتر کھرل کرنے کے بعد تقریباً چھ چھ ماشہ کی ٹکیاں بنا کر سایہ میں خشک کر لیں اور پھر مٹی کے کوزہ میں ڈال کر اس کے منہ پر ڈھکن دے کر گل حکمت کریں اور خشک ہونے پر دس سیر اپلوں میں آگ دیں اور سرد ہونے پر نکالیں۔

پھر کھرل میں ڈال کر ایک دو روز آب گھیکوار میں کھرل کریں اور بدستور آگ دیں۔ اسی طرح سات آگ دینے سے نہایت اعلیٰ وعمدہ کشتہ سنکھ یا تریاق جگر تیار ہوتا ہے۔ پیس کر شیشی میں حفاظت سے رکھیں۔

ترکیب استعمال: دو رتی سے چار رتی تک ہمراہ عرق سونف یا عرق مکو وعرق کاسنی ملے ہوئے ۵ تولہ کے ساتھ دیں۔ دن میں دو یا تین خوراک روزانہ دینی چاہیے۔

فوائد: چند روز کے استعمال سے جگر کی تمام بیماریاں دور ہو جائیں گی۔ بھوک خوب لگے گی۔ قبض بھی دور ہو جائے گی۔ مار گزیدہ کے لیے بھی اکسیر ہے۔ بخار کے لیے بھی بفضلہ تریاق ہے۔

(۶۶) تریاق ثمانیہ

جو کہ ریاح کو تحلیل کرنے اور فالج' لقوہ' رعشہ کے لیے اکسیر ہے

اجزا و ترکیب تیاری: مرکی۔ حب الغار۔ پکھان بید۔ قسط تلخ۔ ہر ایک سوا دو تولہ۔

مرچ سیاہ، تج ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ زعفران۔ دار چینی ہر ایک ۹ ماشہ سب دواؤں کو کوٹ چھان کر سہ چند شہد میں معجون بنا رکھیں۔

ترکیب تیاری: بوقت ضرورت یہ نادر دوا ۵ ماشہ کی مقدار میں عرق سونف یا آب تازہ کے ہمراہ استعمال کریں اور پھر اس کے حیرت انگیز فوائد دیکھیں۔

فوائد: فالج، لقوہ، رعشہ اور مرگی ایسے بلغمی اور بارد امراض دماغیہ میں اس کا استعمال کرایا جاتا ہے۔ اور اکثر نہایت کامیاب ثابت ہوتا ہے۔

یہ تریاق اکثر زہروں کا بھی دافع ہے۔ ریاح کو تحلیل کرنے کے لیے بھی فائدہ مند چیز ہے۔ بنا کر آزمائش کریں۔

(۶۷) تریاق الرحم

جو عورتوں کی امراض سیلان الرحم کے لیے ایک مفید دمجرب دوا ہے

اجزا و ترکیب تیاری: گل سپاری۔ گل پستہ۔ گوند ڈھاک۔ ہر ایک چار تولہ۔ اندر جو شیریں۔ اسگندھ ناگوری ہر ایک دو تولہ۔ کشتہ قلعی۔ کشتہ مرجان ہر ایک تین ماشہ۔ کشتہ عقیق ڈیڑھ ماشہ۔ مصری آٹھ تولہ۔ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

ترکیب استعمال: دو ماشہ سے چار ماشہ۔ تک کی مقدار میں صبح اور شام ہمراہ آب تازہ یا ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم استعمال کرائیں۔

فوائد: سیلان الرحم کی شکایت جو عورت کے حسن و جمال اور صحت و شباب کو اندر ہی اندر گھن کی طرح کھا جاتی ہے۔ اس تریاق کے استعمال سے دور ہو جاتی ہے۔ سیلان الرحم کی وجہ سے پیدا ہونے والی چہرے کی بے رونقی، رنگت کی زردی اور جسم کی لاغری کو بھی اس دوا کے استعمال سے بے حد فائدہ پہنچتا ہے۔ پوشیدہ اندام کو تنگ اور خشک کرنے کے لیے بھی اس کا استعمال مفید ثابت ہوا ہے۔ چودہ پندرہ خوراک کھا لینے سے قابل محسوس تنگی اور خشکی پیدا ہو جاتی ہے۔

(۶۸) تریاق اطفال

شیر خوار بچوں کی متعدد بیماریوں کے لیے بے مثل ولاجواب نسخہ

اجزا و ترکیب تیاری: بستانی پودینہ ۸ ماشہ۔ تربد سفید مجرف دمقشر ۸ ماشہ۔ پوست

اہلیلہ زرد ۶ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ ایک ماشہ۔ سب ادویات کو باریک پیس کر سفوف بنائیں۔

ترکیب استعمال: ایک سال سے کم عمر کے بچے کو ڈیڑھ رتی اور بڑے کو ۲ رتی سے ۳ رتی تک پانی میں حل کر کے پلائیں۔

فوائد: بدہضمی، ہرے پیلے دست تے، قبض اور سوکھا پن کے لیے یہ سفوف تریاق ہے۔

(۶۹) تریاق وبائی

جو وبائی امراض کے زمانہ میں حفظ ماتقدم کے لیے عمدہ شے ہے

اجزا و ترکیب تیاری: ایلوا زرد ۲ تولہ۔ مرکی۔ زعفران اصلی ہر ایک ایک تولہ ان دواؤں کو عرق گلاب ۱۰ تولہ میں خوب کھرل کریں۔ بعد ازاں گولیاں بقدر نخود بنائیں۔ اور گولیوں پر ورق نقرہ چڑھائیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی سے ۲ گولی تک صبح کو یا رات کو عرق گلاب ۵ تولہ یا عرق سونف ۱۲ تولہ کے ہمراہ استعمال کریں۔

فوائد: وبائی امراض کے زمانہ میں حفظ ماتقدم کے طور پر اس تریاق کا استعمال کیا جائے تو مرض کے حملے سے اکثر حفاظت رہتی ہے۔ چیچک' طاعون' ہیضہ اور سب وبائی بیماریوں کے زمانے میں حفظ ماتقدم کے طور پر اس کے استعمال کی سفارش کی جاتی ہے۔ اطبائے متقدمین اس کی تعریف میں رطب اللسان ہیں۔ جالینوس نے اسے بہت وسیع پیمانے پر تجربہ کر کے مفید پایا ہے۔ قابل قدر شے ہے۔ وبائی امراض کے زمانے میں اپنے مطب میں تیار رکھیں۔

(۷۰) تریاق بخار

یہ نریاق ہر قسم کے بخار خصوصاً ملیریا کے لیے نہایت اکسیر ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: طباشیر۔ الائچی سبز۔ ست گلو۔ زہر مہرہ خطائی ایک ایک تولہ۔ کافور ۳ تولہ۔ کونین ۳ ماشہ۔ سب کو باریک کر کے لعاب اسپغول سے گولیاں بقدر نخود بنائیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی صبح و شام ہمراہ بدرقہ مناسبہ دیں۔

فوائد : ہر قسم کے بخاری بلغمی صفراوی نوبت وملیریا کے لیے ازحد مفید ومجرب ہے۔
(۷۱) تریاق مارگزیدہ
گو خداوند تعالیٰ نے دنیا میں مختلف قسم کے جواہرات بکھیرے ہیں۔ جو ایک سے ایک بڑھ چڑھ کر ہیں۔ لیکن یہ نسخہ اپنے اندر ایک خاص جوہر رکھتا ہے۔ اگر مارگزیدہ کا کوئی کامل اور مکمل علاج ہے تو یہی ہے۔ مریض بے ہوش پڑا ہو۔ چہرے پر مردنی چھائی ہو۔ ایسی حالت میں یہ دوا تریاق کا حکم رکھتی ہے۔
اجزاء و ترکیب ساخت : پوست ریٹھا ایک تولہ۔ نیلا تھوتھا ایک تولہ۔ خالص ریشم کا کپڑا۔ ۱۰ تولہ۔ گھونگچی سفید ۲۰ عدد۔ جملہ ادویہ کو ریشم کے کپڑے میں رکھ کر جلتے ہوئے کوئلوں پر رکھ دیں۔ جل جانے پر راکھ کے ہموزن ریوند عصارہ داخل کردیں۔ تیار ہے۔
ترکیب استعمال : جس قدر جلد ہو سکے اس دوا کو بقدر تین ماشہ دودھ کے ہمراہ دے دیں۔ بفضلہ تعالیٰ آخری حالتوں میں مریض کو زندگی بخشتا ہے۔
(۷۲) تریاق سگ گزیدہ
جو کہ ہر قسم کے زہری جانوروں اور دیوانے کتے کے کاٹے کا اکسیری تریاق ہے۔
اجزاء و ترکیب ساخت : چونا صدف ۲ سیر۔ نوشادر۔ دیسی ۵ تولہ۔
ایک ہنڈیا میں نوشادر کے نیچے اوپر دے کر ۲۰ سیر بیری کی آگ دیں۔ آگ سرد ہونے پر نوشادر مذکور نکال کر شبنم میں چینی کی پیالی میں ڈال کر رکھیں۔ اس کا تیل ہو جائے گا۔
ترکیب استعمال : زخم کو اندر سے بھنچے لگا کر اوپر لگادیں۔ سخت زہریلے سانپ کے کاٹے پر پندرہ منٹ کے بعد لگائیں۔ زہر اترتا ہوا معلوم ہوگا۔ اور مریض اچھا ہو جائے گا۔ معمولی زہردار جانوروں کے لیے یونہی روئی سے لگادیں۔
فوائد : معمولی زہردار جانوروں کے ڈسے پر لگانے سے بفضلہ ۵ منٹ میں آرام ہو جاتا ہے۔ البتہ سانپ وغیرہ کے کاٹے پر لگانے سے ایک گھنٹہ صرف ہو جاتا ہے۔ ایک نہایت اسراری اور مخفی راز ہے بفضلہ کبھی خطا نہیں گیا۔ تجربہ شرط ہے۔

بلذاری ادویات سے تیار ہونے والا بے نظیر و لاثانی تریاق

(۷۳) تریاق مارگزیدہ

از حکیم محبوب عالم صاحب تحصیلدار کشمیر

یہ دوا فوراً بر وقت تیار ہونے والی اور ہر جگہ ملنے والی سہل الحصول اور مجرب ہے اس قسم کی دوسری دواؤں میں یہ دقت ہوتی ہے کہ نہ تو بروقت تیار ہوسکتی ہیں۔ اور نہ ہی ان کے اجزا بروقت مہیا ہوسکتے ہیں اور مریض کے ہلاک ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے اور اس مصرعے کا مصداق ہوجاتا ہے ع

تا تریاق از عراق آوردہ شود
مارگزیدہ مردہ شود

اس لیے یہ نسخہ عمدہ اور ہر جگہ ملنے والا ہے۔ بروقت استعمال کرکے فائدہ اٹھائیں۔

اجزا و ترکیب: ریوند عصارہ قسم اول۔ ریوند چینی۔ خاکستر پارچہ ریشمی کو عمدہ باریک کرکے علیحدہ علیحدہ کرکے کپڑ چھان کرکے رکھ دیں۔

ترکیب استعمال: ایک ماشہ ہمراہ آب استعمال کرائیں اور مقام نیش پر بھی دوا ڈال دیں۔ قے اور دست آکر زہر خارج ہوجائے گا۔ اگر مریض کو میٹھی ڈکار آئیں تو یہ سمجھیں کہ ابھی زہر اچھی طرح خارج نہیں ہوا۔ جب کڑوی ڈکاریں آنے لگیں تو کچھ ضرورت نہیں۔ بفضلہ یہ دوا جس کے پاس موجود ہوگی اس کے پاس سانپ نہیں آئے گا۔

باب : ج

جوارشات

جوارش

وجہ تسمیہ:

جوارش ایک عربی لفظ ہے۔ جو فارسی کے لفظ گوارش سے معرب کیا گیا ہے۔ گوارش حاصل مصدر ہے گواریدن کا۔ اور گواریدن کے معنی ہیں کسی چیز کا معدہ میں جا کر ہضم ہونا' اس لیے وہ مرکبات جو ضعف ہضم کو دور کرنے اور معدے کو تقویت دینے کی غرض سے تالیف کیے گئے ہیں گوارش کے نام سے پکارے جانے لگے۔ رفتہ رفتہ لفظ گوارش کو معرب کر کے جوارش کہا جانے لگا۔ حتیٰ کہ جوارش کا لفظ اس قدر عام ہو گیا کہ اس کا اصل نام گوارش لوگوں کے ذہن سے بھی اتر گیا۔

منفعت خاص

جیسا کہ متذکرہ بالا سطور میں عرض کیا جا چکا ہے کہ جوارش خاص طور پر ضعف ہضم کو دور کر کے معدے کو تقویت دینے کی غرض سے ہی تالیف کی گئی ہے۔ اگر چہ بعض جوارشات دیگر کئی امراض کے لیے بھی مخصوص ہیں۔ لیکن ان سب کی تالیف میں تقویت معدہ کا خاص طور پر خیال رکھا گیا ہے۔ مثال کے طور پر جوارش زرعونی عنبری بہ نسخہ کلاں۔ اگر چہ ضعف گردہ و مثانہ وضعف پشت کے لیے مخصوص ہے۔ اور جگر و دماغ کو بھی تقویت بخشتی ہے مگر اس کی تالیف میں تقویت معدہ کے خیال کو نظر انداز نہیں کیا گیا۔ چنانچہ اس جوارش کے استعمال سے معدہ کی اصلاح بھی خاص طور پر ہوتی ہے۔ ریاح کو دور کرنے کے لیے بھی جوارش

بہت مفید و مجرب چیز ہے۔ وغیرہ

ترکیب تیاری: جوارش کی ترکیب ہو بہو معجون کی ترکیب تیاری کے مطابق ہے۔ معجون کی ترکیب تیاری معاجین کے باب میں لکھی جائے گی اعادہ اور طوالت کے خوف سے یہاں درج کرنے سے احتراز کیا جاتا ہے۔

معجون اور جوارش میں فرق

ممکن ہے کہ بعض قارئین یہ معلوم کرنا چاہیں کہ جب جوارش اور معجون کی ترکیب تیاری ایک ہی ہے تو جوارش کو معجون اور معجون کو جوارش بھی کہا جا سکتا ہوگا۔ اور ان دونوں چیزوں میں کوئی فرق بھی ہونا چاہیے۔ لہٰذا ایسے قارئین کو اس نکتہ سے آگاہ کرنا ضروری سمجھا جاتا ہے کہ جوارش اور معجون کی ترکیب تیاری اور ظاہراً شکل وصورت میں اگرچہ کوئی نمایاں فرق نہیں ہوتا۔ مگر خواص وفوائد اور ذائقہ کے اعتبار سے ان میں بہت فرق ہوتا ہے۔ جوارش چونکہ معدہ کے لیے مخصوص ہے۔ اس لیے اس میں خواہ دیگر سینکڑوں خواص ہوں۔ مگر اس کا مقوی معدہ ہونا ایک ضروری چیز ہے۔ لیکن معجون کے لیے اس چیز کی تخصیص نہیں ہے کہ وہ لازمی طور پر مقوی معدہ ہو چنانچہ بہت سی معجونیں ایسی بھی ہیں جو دیگر فوائد کی سرمایہ دار اگرچہ ہیں مگر معدے کو خراب کرنے میں بھی اپنا ثانی نہیں رکھتیں۔ ذائقہ کے اعتبار سے بھی جوارش معجون بالکل مختلف چیز ہے۔ معجون کے لیے ضروری نہیں کہ وہ خوش ذائقہ بھی ہو۔ چنانچہ بہت سی معجونوں کا ذائقہ حد درجہ تلخ اور ناگوار ہوتا ہے۔ مگر جوارش میں یہ ایک امتیازی خصوصیت ہے کہ یہ ہمیشہ خوشگوار ہوتی ہے۔ جو جوارش خوش ذائقہ نہ ہو وہ دراصل جوارش ہی نہیں۔

نکتہ خاص

چونکہ جوارش معدے کے لیے مخصوص ہے۔ اور معدے کے لیے وہی چیز زیادہ مفید ہو سکتی ہے جو زیادہ دیر معدے میں قیام کر سکے۔ اس لیے جوارش کے لیے یہ قانون بنا دیا گیا ہے کہ معاجین کے اجزا کی طرح انہیں بہت باریک کپڑے سے چھان نہ کیا جائے بلکہ صرف موٹی چھلنی میں سے چھان لینے پر اکتفا کیا جائے۔ تاکہ یہ موٹے اور دردرے اجزاء

زیادہ دیر معدے میں قیام کر کے اسے اپنے مخصوص فوائد سے فیض یاب کر سکیں۔

جوارش کے متعلق نہایت ضروری نکات بیان کر چکنے کے بعد اب ہم ذیل میں چند ایک مشہور و معروف جوارشات کے نسخہ جات درج کرتے ہیں۔

اور چونکہ ہم خوراکی نسخہ جات کے انہی نسخہ جات کو درج کتاب کریں گے جس کی قدر خوراک کم اور ذائقہ خوش گوار ہو۔ اس لیے ہم جوارشات کے نسخے دل کھول کر پیش کرتے ہیں بدیں وجہ کہ اس میں ہر دو وصف بدرجہ کمال پائے جاتے ہیں۔ امید ہے کہ قارئین فائدہ اٹھا کر دعائے خیر سے یاد فرمائیں گے۔

(۷۴) جوارش آملہ

جو ضعف ہضم کو دور کر کے معدہ کو تقویت بخشنے کے علاوہ قلب کی بڑھی ہوئی حرارت کو کم کر کے اختلاج کو بھی معتدبہ نفع پہنچاتی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: آملہ آٹھ تولہ۔ شکر سفید ایک سیر۔ آملہ کو دودھ میں ایک دن اور ایک رات تر رکھیں۔ بعد ازاں پانی سے دھو کر دوسرے پانی میں جوش دے کر ٹل کر کپڑے سے چھان کر اسی پانی میں شکر شامل کر کے قوام بنا کر رکھ لیں۔ بس جوارش آملہ تیار ہے۔

ترکیب استعمال: ۷ ماشہ کی مقدار میں جوارش آملہ صبح و شام دونوں وقت یا صرف صبح کے وقت عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ یا صرف تازہ پانی کے ساتھ استعمال کی جائے۔

افعال و منافع

معدہ کو تقویت دینے کے لیے نہایت لطیف اور خوش مزہ دوا ہے۔ ضعف ہضم کو دور کرتی اور معدہ کی اصلاح کرتی ہے۔ اس کے استعمال سے ضعف قلب کو بھی معتدبہ نفع پہنچتا ہے۔ معدہ سے فاسد بخارات اٹھنے بند کر دیتی ہے۔ دل کی زائد حرارت کو کم کر کے اختلاج کو فائدہ بخشتی ہے۔ صفراوی دست جو عام طور پر سخت گرمیوں میں لاحق ہوا کرتے ہیں۔ اس کے استعمال سے بند ہو جاتے ہیں۔ ضعف دماغ کو بھی اس کے استعمال سے فائدہ پہنچتا ہے ضعف دماغ کے لیے عرق گاؤ زبان کے ہمراہ استعمال کریں غرضیکہ نہایت مفید و مجرب

شے ہے۔

(۷۵) جوارش آملہ عنبری بہ نسخہ کلاں

جو بدن کی زائد حرارت کو کم کرتی اور دل ودماغ اور معدہ و جگر کو خصوصیت سے تقویت بخشتی ہے

اجزاء و ترکیب ساخت : آملہ مدبر ۷ تولہ۔ زرشک بدانہ ۲ تولہ۔ ہر دو ادویہ کو عرق گلاب۔ عرق گاؤزبان۔ عرق بید مشک۔ عرق بادرنجبویہ۔ آب انار شیریں۔ آب انار ترش۔ ہر ایک دو دو تولہ میں رات کے وقت بھگو کر برتن کے منہ کو بند کر کے رکھ دیں۔ تاکہ خوشبو ضائع نہ ہو پائے اور بوقت صبح مل کر چھان لیں۔ بعدہٗ سیر بھر مصری ملا کر ہلکی ہلکی آگ پر قوام کر لیں۔ اور پھر مندرجہ ذیل ادویہ ورق نقرہ۔ ورق طلاء۔ عنبر اشہب ہر ایک تین ماشہ۔ مروارید یا یاقوت رمانی۔ کہربا شمعی۔ دارچینی۔ مصطگی۔ ہر ایک چھ چھ ماشہ۔ پوست ترنج چھ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد۔ طباشیر۔ ابریشم مقرض۔ صندل سفید۔ گل گاؤزبان۔ کشنیز خشک مقشر ہر ایک ایک تولہ شامل کریں۔

نوٹ : ورقیات قوام میں ملائیں۔ عنبر ادویہ یاقوت و مروارید کو عرق گلاب میں جدا جدا کھرل کر کے شامل کریں۔ اور باقی ادویات کوٹ چھان کر ملائیں بس جوارش تیار ہے۔

ترکیب استعمال: ۷ ماشہ کی مقدار میں جوارش آملہ عنبری بہ نسخہ کلاں صبح وشام دونوں وقت یا صرف صبح کو عرق گاؤزبان اعلیٰ بارہ تولہ کے ہمراہ استعمال کریں۔ اور اس کے کرشمہ کار فوائد دیکھیں۔

افعال وخواص

بدن کی بڑھی ہوئی حرارت کو تسکین دینے اور دل ودماغ اور معدہ وجگر کو تقویت بخشنے میں یہ جوارش ایک لطیف امیرانہ دوا ہے۔ اس کے استعمال سے اس قدر حیرت انگیز فوائد ظہور میں آتے ہیں کہ لامحالہ طب یونانی کے ہمہ گیر کمالات کا اعتراف کرنا پڑتا ہے۔ معدہ کا ضعف اس کے چند روزہ استعمال سے دور ہو جاتا ہے۔ بھوک بڑھ جاتی ہے۔ اور غذا کی طرف رغبت پیدا ہو جاتی ہے۔ کثرت مباشرت ودیگر غلط کاریوں کی وجہ سے اگر دل ودماغ

ضعیف ہو گئے ہوں تو نہایت نفیس اور امیر طبع لوگوں میں اس جوارش کے استعمال سے نہایت قابل قدر فوائد ظہور میں آتے ہیں۔ جگر کی زائد حرارت اس کے استعمال سے کم ہو جاتی ہے۔ اور اپنے فرائض منصبی بوجہ احسن بجالانے لگتا ہے۔ معدہ سے فاسد بخارات اٹھ کر دل و دماغ پر حملہ آور ہوتے ہوں۔ تو اس جوارش کے استعمال سے بے حد فائدہ ہوتا ہے۔ صفرادی دستوں میں بھی یہ جوارش بہت مفید و مجرب شے ثابت ہوئی ہے۔ موسم گرما میں صفرا کے بڑھ جانے سے بعض دفعہ نہایت شدت سے اسہال شروع ہو جاتے ہیں۔ پیاس خوب لگتی ہے۔ اور طبیعت نڈھال ہو جاتی ہے۔ ایسی حالت میں یہ جوارش ایک اکسیر بےنظیر کا اثر دکھاتی ہے۔

(۷۶) جوارش آملہ عنبری

جس کے استعمال سے جمیع اعضاء بدن کو طاقت حاصل ہوتی ہے اور دل و دماغ اور معدہ و جگر کے ضعف کو دور کرنے کے لیے عجیب چیز ہے

ھوالشافی: آملہ خشک ۵ تولہ۔ گائے کا دودھ پاؤ بھر۔ کشنیز خشک۔ تخم خرفہ سیاہ۔ ہر ایک نو ماشہ۔ طباشیر ۷ ماشہ۔ صندل سفید۔ ساق۔ زرشک۔ گل سرخ۔ بادرنجبویہ۔ پوست بیرون پستہ ہر ایک ۴ ماشہ۔ مروارید ۳ ماشہ۔ عنبر اشہب ڈیڑھ ماشہ۔ ورق طلاء ڈیڑھ ماشہ۔ ورق نقرہ ڈیڑھ ماشہ۔ قند سفید۔ رب بہی شیریں ہر ایک پاؤ بھر۔

ترکیب تیاری: آملہ کو دودھ میں ۲۴ گھنٹے بھگونے کے بعد پانی سے دھو کر پیس لیں۔ پھر قند سفید اور رب بہی میں شامل کر کے قوام کریں۔ پھر اس میں آملہ پسا ہوا ملائیں۔ اور کسی قدر پکا کر دوسری دوائیں کوٹ چھان کر شامل کر دیں۔ مگر موتی و عنبر عرق کیوڑہ میں الگ کھرل کریں اور آگ سے نیچے اتارنے کے بعد اسے شامل کر دیں۔ اور اس کے بعد چاندی اور سونے کے ورق ملائیں۔

ترکیب استعمال: ۵ ماشہ کی مقدار میں یہ جوارش آملہ عنبری خاص صبح و شام دونوں وقت یا صرف صبح کو عرق گاؤزبان اعلیٰ ۲ تولہ کے ہمراہ استعمال کریں اور طب یونانی کے کمالات دیکھیں۔

العال و منافع

دل کو تفریح بخشنے اور دماغ کو قوی کرنے کے لیے یہ جوارش آملہ عنبری بہ نسخہ خاص نہایت اعلیٰ مفرحات کا مقابلہ کرتی ہے۔ معدہ کی خرابی کی وجہ سے اگر دل و دماغ ضعیف ہو گئے ہوں تو اس جوارش کا استعمال اکسیر سے بڑھ کر فوائد دکھاتا ہے۔ خرابی معدہ سے فاسد بخارات اٹھ کر دل و دماغ پر حملہ آور ہو کر ان کو ضعیف کرتے ہوں تو اس کے استعمال سے یقیناً نفع ہوتا ہے۔ شہوانی غلط کاریوں کی وجہ سے دل و دماغ معدہ و جگر وغیرہ اعضائے رئیسہ و شریفہ کمزور ہو گئے ہوں تو اس جوارش کا استعمال بہت حد تک گئی ہوئی طاقت کا بدل پیدا کر کے بگڑتی ہوئی زندگی کو سنوار دینے کا باعث بن جاتا ہے۔ ضعف ہضم کی وجہ سے اگر دست آتے ہوں اور ان دستوں کی وجہ سے بہت کمزور ہو چکی ہو۔ تو اس کے استعمال سے دست بھی بند ہو جاتے ہیں۔ اور کمزوری بھی دور ہو جاتی ہے۔ صفراوی دستوں کو بھی اس کے استعمال سے بے حد نفع ہوتا ہے۔ دل و جگر کی بڑھی ہوئی حرارت کو بھی اس کے استعمال سے بے حد نفع ہوتا ہے دل و جگر کی بڑھی ہوئی حرارکت کو تسکین دینے کے لیے نہایت مجرب چیز ہے۔ ایک بار ضرور آزمائیں۔ اور احقر کے حق میں دعائے خیر کریں۔

(۷۷) جوارش انارین

جو پیٹ کی گرمی اور سوزش کو دور کرنے اور معدہ اور جگر کو خصوصیت سے فائدہ بخشنے کے لیے ایک بے عدیل چیز ہے

اجزاء و ترکیب ساخت : آب انار شیریں۔ آب انار ترش۔ قند سفید ہر ایک تین پاؤ۔ آب پودینہ تازہ سبز۔ نصف پاؤ۔ پوست بیرون پستہ۔ پوست ترنج۔ مصطگی رومی۔ سنبل الطیب۔ الائچی کلاں۔ الائچی خورد۔ طباشیر سفید۔ زرورد۔ کشیز خشک۔ ہر ایک دو دو ماشہ۔ عود خام۔ وج ترکی ایک دو رتی۔ تینوں پانیوں کو ملا کر قند ڈال کر قوام بنائیں اور سب دواؤں کو کوٹ چھان کر ملائیں۔

ترکیب استعمال: ۷ ماشہ کی مقدار میں جوارش انارین صبح و شام دونوں وقت سادہ پانی یا عرق گاجر ۵ تولہ کے ہمراہ استعمال کریں۔

افعال ومنافع

معدہ اور جگر کے ضعف کو دور کر کے ان کو تقویت بخشنے کے لیے یہ جوارش ایک خاص چیز ہے۔ اس کے استعمال سے معدہ کی اصلاح ہوتی ہے۔ اور غذا کی طرف رغبت بڑھتی ہے۔ جگر کی زائد حرارت اس کے استعمال سے زائل ہو جاتی ہے۔ اور اس کے فرائض منصبی میں پابندی اور اعتدال پیدا ہو جاتا ہے۔ جس سے صاف وصالح خون پیدا ہو کر صحت اچھی بنتی ہے۔ پیٹ کی سوزش اور گرمی بھی اس جوارش سے چند ہی روز میں دور ہو جاتی ہے۔

(۷۸) جوارش انارین خاص

جو اپنی حیرت انگیز افعال و خواص کے اعتبار سے جوارش انارین سادہ سے کہیں افضل واعلیٰ ھے

اجزاء و ترکیب ساخت: آب انار شیریں۔ آب انار ترش ہر ایک ایک سیر۔ آب پودینہ، عرق گلاب ہر ایک آٹھ تولہ۔ بالچھڑ۔ مصطگی رومی۔ دانہ الائچی کلاں۔ پوست ترنج، پوست بیرون پستہ ہر ایک سات ماشہ۔ دانہ الائچی خورد ساڑھے ۳ ماشہ۔ قند سفید ایک سیر۔ عرق گلاب پودینہ اور انار کے دونوں پانی میں قند شامل کر کے قوام بنائیں۔ پھر دوسری دوائیں کوٹ چھان کر شامل کریں۔

ترکیب استعمال: ۷ ماشہ کی مقدار میں یہ جوارش صبح وشام دونوں وقت عرق گاجر ۵ تولہ کے ہمراہ استعمال کیا جائے۔ دو چار ہفتوں کے استعمال سے اس قدر فائدہ ہو گا کہ طب یونانی کے حیرت انگیز کمالات کا اعتراف کرنا پڑے گا۔

افعال ونافع

یہ جوارش چونکہ ایک خاص نسخہ سے تیار ہوتی ہے۔ اور اس کے اجزا نہایت اعلیٰ ہیں۔ اس لیے جوارش انارین سادہ کے مقابلہ میں اس کے خواص وافعال میں بھی نہایت قوت اور تیزی ہے۔ یہ ایک نہایت ہی زود اثر اور بے خطا چیز ہے۔ معدہ وجگر کی تمام کمزوریوں کو چند ہی یوم میں دور کر کے ضعف ہضم اور کمی خون کی جملہ شکایت کو رفع کر دینا اس کا ایک ادنیٰ کرشمہ ہے۔ جو صاحب موقع ومحل کو دیکھ کر ٹھیک جگہ پر اس کا استعمال کرائیں گے وہ اس میں

ادھر سے بڑھ کر فوائد دیکھیں گے۔

(۷۹) جوارش بسباسہ

جو معدہ کی سردی کو دور کرنے ریاح کو خارج کرنے اور بواسیر کو دور کرنے کے لیے ایک مفید و مجرب چیز ہے

اجزاء و ترکیب ساخت : بسباسہ (جاوتری) تج۔الائچی خورد۔زنجبیل (سونٹھ) پیپل دارچینی۔اسارون ہر ایک ایک تولہ۔لونگ ڈیڑھ تولہ۔مرچ سیاہ ۲ تولہ۔الائچی کلاں ۵ تولہ۔قند سفید ا پاؤ۔شہد خالص ا پاؤ۔دواؤں کو کوٹ چھان کر مصری اور شہد کو باہم ملا کر قوم بنا کر دواؤں کو شامل کر لیں۔

ترکیب استعمال : ۷ ماشہ کی مقدار میں جوارش صبح و شام دونوں وقت عرق سونف ۱۲ تولہ کے ہمراہ استعمال کی جائے۔دونوں وقت پندرہ بیس منٹ کھانا کھانے کے بعد بھی استعمال فرما سکتے ہیں۔

العال و منافع

معدہ کی برودت کو ضائع کر کے ضعف ہضم کو دور کرنے اور اشتہائے صادق پیدا کرنے کے لیے یہ جوارش بسباسہ ایک قابل اطمینان شے ہے۔اس کے استعمال سے ریاح خارج ہوتے ہیں۔پیٹ بڑھنے سے رک جاتا ہے۔ریاحی دردوں کو دور کرنے کے لیے اس کے اثرات بہت حد تک یقینی ہیں۔بادی بواسیر کو اس کے استعمال سے بہت نفع پہنچتا ہے۔

(۸۰) جوارش تمر ہندی

جو معدہ و جگر کو تقویت بخشتی دل کو فرحت دیتی اشتہائے صادق پیدا کرتی اور صفراوی دستوں کو بند کرتی ہے

اجزاء و ترکیب ساخت : تمر ہندی (املی) چھلکوں اور دانوں سے صاف کی ہوئی مویز منقی۔انار شیریں ہر ایک آدھ سیر۔تمر ہندی اور مویز منقی کو جدا جدا اس قدر کوٹیں کہ مثل مرہم کے ہو جائیں۔انار کے دانہ کو دبیز کپڑے میں دبا کر نچوڑ لیں اور اسی پانی میں قند سفید

مصطگی ایک پاؤ شامل کر کے قوام بنا کر تمر ہندی مویز منقی کو شامل کر کے خوب ملائیں اور اسی اثنا میں آب لیموں کاغذی یا تیز سرکہ خالص اور آب انگور اور نہ ملنے کی صورت میں آب انار ترش قدرے قدرے چھڑکتے رہیں۔ جب قوام درست ہو جائے اور آب مذکور جذب ہو جائیں۔ اس وقت برگ ریحان ۶ ماشہ۔ برگ پودینہ ایک تولہ۔ مرچ سیاہ۔ سونٹھ۔ تج۔ لونگ۔ جائفل۔ عود خام۔ الائچی خورد۔ الائچی کلاں۔ ہر ایک ۵۔۵ ماشہ۔ کوٹ چھان کر قوام میں شامل کر دیں۔ بعد ازاں ایک ماشہ مشک عرق گلاب میں حل کر کے ملائیں۔ مگر یاد رہے کہ اس دوا کو دھات کے برتن میں بند نہ کریں۔ مجبوراً قلعی شدہ برتن میں بنالیں۔

ترکیب استعمال: ۹ ماشہ کی مقدار میں یہ جوارش تمر ہندی صبح و شام سادہ پانی کے ہمراہ استعمال کی جائے۔

افعال و منافع

ضعف ہضم کو دور کر کے اشتہائے صادق لاتی ہے۔ جگر کو تقویت بخشی ہے۔ اپنے فرائض منصبی کو بوجہ احسن بجالانے کے قابل بنا دیتی ہے۔ اس کے استعمال سے قلب کو بھی قابل محسوس فرحت حاصل ہوتی ہے۔ گرمی کی وجہ سے جب دست آتے ہوں طبیعت نڈھال ہو شدت کی پیاس لگتی ہو۔ قے اور ابکائیاں آتی ہوں۔ تو اس کے استعمال سے معتد بہ۔ فائدہ ہوتا ہے۔ ہیضہ کے دنوں میں اس کا استعمال کرتے رہنا حفظ ماتقدم کے لیے بہترین تدابیر میں سے ہے۔ گرمی کے دنوں میں استعمال کرنے سے گرمی کے دست گرمی کی وجہ سے پیدا ہونے والا ضعف ہضم بدن میں حرارت کا بڑھنا غرض گرمی کے اکثر نقصانات سے محفوظ رکھتی ہے۔

(۸۱) جوارش زرشک

کافی بھوک لگاتی اور غذا کو ہضم کرنے میں خاص چیز شمار کی جاتی ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: زرشک ۱۴ ماشہ۔ گل سرخ سات ماشہ۔ باچھڑ۔ پودینہ۔ اگر پوست ترنج۔ لونگ۔ مصطگی۔ دانہ الائچی خورد۔ الائچی کلاں۔ صندل جو کہ گلاب میں گھسا کیا ہو تیزپات ہر ایک ساڑھے ۳ ماشہ۔ مصری پاؤ بھر۔ شربت انار شیریں چار تولہ۔

بدستور جوارش تیار کریں۔

ترکیب استعمال: ۶ ماشہ بوقت صبح

فوائد: ایسے شخص کے لیے جس کو غذا سے نفرت ہوگئی ہو۔ یا بھوک تو لگتی ہو۔ مگر کھانا ہضم نہ ہوتا ہو۔ جوارش زرشک مفید چیز ہے۔

(۸۲) جوارش فواکہ

جو کہ بڑھی ھوئی گرمی کو روکنے اور قے کو بند کرنے میں بے مثل دوا ھے

اجزاء و ترکیب ساخت: آب انار شیریں۔ آب انار ترش۔ آب سیب۔ آب بہی۔ آب امرود۔ آب انگور خام۔ آب زرشک۔ آب سماق۔ آب لیموں کاغذی۔ ہر ایک پاؤ بھر لے کر ہلکی آگ پر پکائیں۔ جب تین حصہ پانی جل کر چوتھائی پانی باقی رہے تو نیچے اتار لیں اور سیر بھر مصری ملا کر قوام بنائیں۔ اور چمچہ سے چلاتے رہیں۔ جب معلوم دے کہ سرد ہونے کے بعد جم جائے گا۔ تو اتار لیں۔ اور کسی ہموار سطح کے برتن میں ڈال کر جم جانے پر ٹکیہ کاٹ لیں۔

خوراک: ۶ ماشہ سے ایک تولہ منہ میں رکھ کر چوستے اور رس نگلتے جائیں۔

فوائد: ضعف معدہ کو دور کر کے اسے قوت دیتی ہے۔ دل کی دھڑکن۔ دل کی کمزوری اور ضعف جگر کو دور کر کے چہرے کی رنگ کو نکھارتی ہے۔ بار بار پیاس لگنے۔ اور بڑھی ہوئی گرمی کو دور کرنے میں لاثانی چیز ہے۔ اور پھر لطف یہ ہے کہ بے حد خوش ذائقہ مٹھائی ہے۔ جس کو بچے بھی بآسانی برضا و رغبت کھا لیتے ہیں۔

(۸۳) جوارش بلادر

جو کہ مقوی حافظہ و فہم و مشتہی دستوں کو بند کرنے والی دوا ھے۔
بواسیر کے لیے خصوصاً مفید ھے

اجزاء و ترکیب ساخت: بورا ساڑھے چالیس تولہ۔ عسل بلادر۔ مغز اخروٹ۔ تل مقشر ہر ایک دس تولہ ۲ ماشہ۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ پوست بلیلہ۔ آملہ (گٹھلی دور کردہ) سونٹھ۔ پیپل اترج۔ تیز پات۔ چیتہ۔ ہر ایک چودہ ماشہ۔ مرچ سیاہ۔ مرزنجوش۔ جاوتری۔ ہر

ایک سات ماشہ۔ کوٹ چھان کر پہلے بھلاوہ کے شہد میں گوندھیں۔ اور روغن اخروٹ میں چرب کریں۔ بقدر ضرورت شہد میں ملا کر رکھیں۔

ترکیب استعمال: ۷ ماشہ گائے کی تازہ چھاچھ کے ساتھ

غذا: اس جوارش کے استعمال کے دوران میں دودھ چاول کھانا چاہیے۔ گوشت ہرگز نہ کھائیں۔ کیونکہ بلادر کے ہمراہ گوشت کا استعمال جائز نہیں۔

فوائد: اگر بدہضمی کی وجہ سے دست آ رہے ہوں۔ جن کی رنگت سفید ہوتی ہے ایسے دستوں کو بند کرنے کے لیے یہ جوارش خصوصاً مفید ہے۔ علاوہ ازیں بواسیر کے لیے بھی تریاق کا حکم رکھتی ہے۔ نزلہ کی وجہ سے قبل از وقت بال سفید ہو جانے کو مفید ہے۔ اس کی مداومت سے سفید شدہ بال بھی از سر نو سیاہ ہو جاتے ہیں۔ نحیف دلاغر بدن استعمال کرنے کے بعد موٹے تازے ہو جاتے ہیں۔

غرضیکہ امراض معدہ کے لیے اکسیر شے ہے۔

(۸۴) جوارش زنجبیل

معدے کی رطوبات فاسدہ کو جلانے دستوں کو روکنے اور اکثر امراض بلغمی دور کرنے کے لیے نہایت عمدہ فوائد کی سرمایہ دار ہے۔

اجزا و ترکیب تیاری: زنجبیل ۶ تولہ۔ گوند کیکر۔ دانہ الائچی خورد ہر ایک تین ماشہ۔ جاوتری ۱۲ تولہ۔ مصری ۳۳ تولہ سب دواؤں کو کوٹ چھان کر مصری کا قوام بنا کر ملا لیں۔

ترکیب استعمال: ۷ ماشہ کی مقدار میں یہ جوارش صبح کے وقت یا کھانا کھانے کے بعد عرق سونف ۱۲ تولہ۔ یا عرق گلاب ۳ تولہ کے ہمراہ استعمال کریں۔ سردی کے موسم میں مقدار خوراک ایک تولہ تک بھی ہو سکتی ہے۔

افعال و منافع: یہ مختصر سی جوارش نہایت اعلیٰ فوائد کی سرمایہ دار ہے۔ اس کے استعمال سے معدہ کی فاسد رطوبات جل جاتی ہیں۔ بلغم اور ریاح دور ہو جاتی ہے۔ بھوک کھل جاتی ہے۔ ہیضہ کے اندر بھی اس کے استعمال سے نہایت عمدہ نتائج ظہور پذیر ہوتے ہیں۔ دستوں کو روکنے اور اکثر امراض بلغمیہ کو دور کرنے کے لیے مفید و مجرب چیز ہے۔

(۸۵) جوارش زنجبیل بہ نسخہ خاص

جو اپنی حیرت انگیز افعال وخواص کی وجہ سے جوارش زنجبیل سادہ سے بہت اعلیٰ وافضل چیز ھے

اجزا و ترکیب تیاری: جائفل۔لونگ۔دارچینی ہرایک ایک تولہ۔گوندکیکر الائچی خورد ہر ایک ۱۲ تولہ۔سونٹھ ۵ تولہ۔نشاستہ ۱۱ تولہ۔قند سفید ۳۳ تولہ۔زعفران ساڑھے ۳ ماشہ۔قند سفید کا قوام بنا کر ادویہ کوٹ چھان کر ملائیں۔

ترکیب استعمال: یہ جوارش زنجبیل بہ نسخہ خاص ۷ ماشہ کی مقدار میں استعمال کی جاتی ہے۔بہتر یں بدرقہ جات عرق سونف ۷ تولہ یا عرق گلاب تین تولہ۔ان میں سے کسی ایک کے ساتھ یا تنہا استعمال کیجئے۔

خواص ومنافع: اس جوارش زنجبیل بہ نسخہ خاص کے خواص وافعال وہی ہیں۔جو جوارش زنجبیل سادہ کے ہیں۔لیکن یہ اپنے خواص وافعال میں اس سے زیادہ مقوی اور زود اثر ہے۔اس لیے جب جوارش زنجبیل سادہ سے مریض کو اطمینان بخش فائدہ نہ ہو تو اس وقت اس کے لیے یہ جوارش تجویز کی جاتی ہے۔مفید و مجرب چیز ہے۔قارئین بنا کر استعمال کریں گے تو اس کے فوائد از خود معلوم ہو جائیں گے۔

(۸۶) جوارش شونیز

جو کہ نسیان کے ازالہ کی لیے لاجواب سہل جٹکلہ ھے

اجزا و ترکیب تیاری: کلونجی۔پوست بلیلہ کابلی ہر ایک ایک تولہ ساڑھے پانچ ماشہ۔سونٹھ۔اجوائن ہر ایک ۳ تولہ۔شہد سفید تمام ادویات سے ۲ چند۔تمام ادویات کو باریک پیس کر شہد خالص کا قوام بنائیں اور شامل کریں۔

ترکیب استعمال: ۴ ماشہ سے ۵ ماشہ تک۔

فوائد: نسیان کے ازالہ کے لیے مختصر مگر نہایت موثر نسخہ ہے۔اس سے قوت حافظہ میں بفضلہ بیش بہا اضافہ ہو جاتا ہے۔

(۸۷) جوارش زیرہ

جو بار بار تھوک آنے یا منہ میں رال بہنے کو مفید ہے

اجزا و ترکیب تیاری: بورہ ارمنی ساڑھے چار ماشہ۔ مرچ سیاہ ساڑھے تیرہ ماشہ۔ سونٹھ ڈیڑھ تولہ۔ زیرہ سفید مدبر پونے چار تولہ۔

سب ادویات کو کوٹ چھان کر ساڑھے سینتیس تولہ گڑ کے قوام میں ملا کر جوارش تیار کریں۔

خوراک: ۷ ماشہ یومیہ۔

فوائد: منہ سے رال بہنے اور بلغم کی زیادتی کو مفید ہے۔

(۸۸) جوارش طباشیر

جس کے استعمال سے تبخیر معدہ سے ہونے والی خرابیوں۔ مثلاً دوران سر۔ دردسر۔ ضعف معدہ اور ضعف معدہ سے ہونے والی خرابیاں متلی' قے' دست وغیرہ کی شکایت دور ہو جاتی ہے۔

اجزا و ترکیب تیاری: گل سرخ۔ صندل سفید۔ آملہ' کشنیز خشک ہر ایک تین تولہ۔ حب الآس۔ پوست ترنج۔ ساق مصطگی ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ کافور خالص ساڑھے چار ماشہ۔ آب بہی شیریں سہ چند ادویات قند سفید ایک پاؤ۔ عرق گلاب دس تولہ۔ قند سفید کا قوام عرق گلاب اور آب بہی شیریں ایک پاؤ میں ملا کر دواؤں کو کوٹ چھان کر ملا لیں تیار ہے۔

افعال و نافع

اس جوارش کے استعمال سے معدے کی اصلاح ہوتی ہے۔ ضعف ہضم کی شکایت دور ہو کر معدہ چند روز میں طاقتور ہو جاتا ہے۔ فساد معدہ سے جو فاسد بخارات اٹھ کر دماغ پر حملہ کرتے ہیں۔ یہ جوارش ان بخارات کا قلع قمع کر دیتی ہے۔ اور دماغ کو ان کے ناپاک اثرات سے بچالیتی ہے۔ اس کے استعمال سے دوران سر کو معتدبہ فائدہ ہوتا ہے۔ اس لیے اس شکایت کے لیے کثرت سے اس جوارش کا استعمال کیا جاتا ہے۔ صفرا کے بڑھنے سے پیدا ہونے والی متلی۔ قے اور دستوں کے لیے اس جوارش کے استعمال سے خاص فائدہ ہوتا ہے۔ بہت مجرب اور بھروسہ کی چیز ہے۔

(۸۹) جوارش زعفران

جو کہ طبیعت میں نشاط و مسرت پیدا کر کے باہ اور امساک میں بیش بہا اضافہ کرنے کا موجب بنتی ھے

اجزاء و ترکیب ساخت : مغز بادام ۱۴ ماشہ۔ زعفران۔ اگر۔ لونگ۔ جاوتری اور عاقرقرحا۔ خولنجاں۔ دارچینی۔ سونٹھ۔ دانہ الائچی۔ مصطگی۔ ہر ایک پونے دو تولہ۔ شکر سفید سوا دس تولہ کا قوام بنا کر دواؤں کو کوٹ چھان کر کھانڈ کے قوام میں ملائیں۔

ترکیب استعمال: ۳ ماشہ سے ۶ ماشہ تک کھا کر اوپر سے گائے کا دودھ پئیں۔

(۹۰) جوارش

جو کہ معدہ کی ریاح کو توڑتی اور بواسیر کا بفضلہ ازالہ کرتی ھے

ھوالشافی: مشک خالص سوا دو ماشہ۔ الائچی خورد۔ الائچی کلاں۔ سونٹھ۔ پیپل ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ۔ قند سفید ساڑھے سترہ تولہ۔ کوٹ چھان کر شہد میں ملائیں تیار ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : ۳ ماشہ سے ۶ ماشہ تک استعمال کرایا کریں۔

فوائد : خفقان کے لیے ایک عمدہ دوا ہے۔ بواسیر کے لیے بھی عمدہ دوا ہے۔ منہ کی بدبو کو دور کر کے خوشبودار بناتی ہے۔

(۹۱) جوارش

برودت معدہ۔ بدھضمی' خفقان کی لیے ایک بیش بہا دوا ھے

اجزاء و ترکیب ساخت : سونٹھ۔ پیپل ہر ایک ۲ تولہ گیارہ ماشہ۔ جائفل ۱ تولہ ساڑھے ۵ ماشہ۔ الائچی خورد۔ الائچی کلاں۔ جاوتری۔ دارچینی۔ ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ چھڑیلہ۔ مصطگی۔ عنبر خرفہ۔ لونگ۔ زعفران۔ ہر ایک ۷ ماشہ۔ مشک ساڑھے تین ماشہ۔ کوٹ چھان کر شہد دو چند میں ملائیں۔

خوراک: ۴ ماشہ

فوائد : ضعف معدہ۔ خفقان درد رحم۔ ضعف پیران کو مفید ہے۔

(۹۳) جوارش جالینوس

جسے ضعف معدہ کی شکایت دور کرنے کے لیے اطبائے نامدار بکثرت استعمال کرتے ہیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : سنبل الطیب۔ الائچی خورد۔ تج۔ دار چینی۔ خولنجاں ۔ لونگ۔ سعد کوفی۔ (ناگرموتھ) زنجبیل (سونٹھ) فلفل سیاہ۔ فلفل دراز۔ قسط شیریں۔ عود بلسان اسارون۔ تخم مورد۔ چرائتہ شیریں۔ زعفران خالص۔ ہر ایک دو دو تولہ۔ مصطگی ۵ تولہ۔ مصری پاؤ بھر۔ شہد خالص آدھ سیر۔ ادویات کو کوٹ چھان کر اور مصری و شہد کا قوام بنا کر ادویات ملا کر رکھیں۔

ترکیب استعمال: ۷ ماشہ سے ۹ ماشہ تک کی مقدار میں یہ جوارش صبح کو یا کھانا کھانے کے بعد دونوں وقت تنہا یا عرق سونف بارہ تولہ کے ہمراہ استعمال کرائی جاتی ہے کبھی اس سے زیادہ قوی بنانے کے لیے اس کے ساتھ کشتہ فولاد ۲ چاول میں بھی ملا لیا جاتا ہے۔ دہلی کے مشہور و معروف طبیب اکثر کشتہ فولاد کی شمولیت سے اس جوارش کا استعمال کراتے ہیں اور اس طرح استعمال کرنے سے یہ جوارش نہایت اعلیٰ فوائد کی سرمایہ دار ثابت ہوتی ہے۔

افعال و منافع

یہ دوا اپنے حیرت انگیز خواص و افعال کی وجہ سے بکثرت استعمال کرائی جاتی ہے۔ اسی وجہ سے مشہور و معروف چیز ہے۔ یوں تو اس کے استعمال سے بیسیوں فوائد ظہور پذیر ہوتے ہیں۔ مگر بہت نمایاں فوائد حسب ذیل ہیں۔ بنائیں اور فائدہ اٹھائیں۔

① ضعف ہضم کو دور کر کے معدہ کو تقویت دینا اس کا ایک ادنیٰ کرشمہ ہے۔ اس معاملہ میں یہ جوارش اس قدر زود اثر اور اعلیٰ شے ہے کہ دہلی کا بڑے سے بڑا طبیب بھی جس کسی کے منہ سے ضعف معدہ کی شکایت کا لفظ سنتا ہے تو اگر مریض کے دیگر حالات اس کی اجازت دیتے ہوں۔ تو اس کے منہ سے بے اختیار جوارش جالینوس سات ماشہ ہمراہ کشتہ فولاد ۲ چاول کے لفظ نکلتے ہیں۔

۳ اس کی مداومت سے تمام اعضاء میں ایک خاص طاقت اور چستی آ جاتی ہے اور کاہلی اور سستی نزدیک بھی نہیں پھٹک سکتی۔

۴ معدے سے فاسد بخارات اٹھنے کی وجہ سے اگر دردسر کی شکایت لاحق ہو تو اس جوارش کے استعمال سے اس قسم کی دردسر کو چند ہی یوم میں فائدہ کلی ہو جاتا ہے۔

۵ خرابی معدہ کی وجہ سے سانس سے تعفن آتا ہو۔ تو اس کے استعمال سے بدبو زائل ہو کر منہ خوشبودار ہو جاتا ہے۔

۶ پیشاب کی زیادتی جس کی شکایت رات کو یا سرد موسم میں بڑھ جاتی ہو۔ اس جوارش کے استعمال سے دور ہو جاتی ہے۔ مثانہ کی سردی کے علاوہ ضعف مثانہ کے اس کے استعمال سے معتد بہ فائدہ ہوتا ہے۔

۷ یہ جوارش ریاح کو خارج کرنے کے لیے بہت مفید و مجرب شے ہے۔

۸ بلغمی کھانسی میں اس جوارش کے استعمال سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔

۹ بادی بواسیر کے مریض کے لیے اس جوارش کی مداومت کرنا مرض کو قریب قریب نابود کر دیتا ہے۔

۱۰ اس جوارش کے استعمال سے درد کمر کو بہت کچھ فائدہ ہوتا ہے۔ مگر اس مطلب کے لیے اس کا استعمال متواتر کئی ہفتہ تک جاری رکھنا چاہیے۔

۱۱ پتھری خواہ گردہ میں ہو یا مثانہ میں۔ اس جوارش کا استعمال اس کے لیے بہت مفید بڑی پتھری ہو تو اس کے استعمال سے اکثر تحلیل ہو جاتی ہے لیکن زیادہ بڑی پتھری ہو تو اس کا استعمال کچھ نہیں کر سکتا۔ اس صورت میں اپریشن کے سوا چارہ نہیں یا کوئی بہت قوی سنگ توڑ دوا استعمال کرنی چاہیے۔

۱۲ سر، داڑھی مونچھ کے بال اگر قبل از وقت سفید ہونے لگے ہوں تو اس جوارش کے استعمال سے اکثر سفید ہونے سے رک جاتے ہیں۔ اس صورت میں دودھ دہی کھٹی لسی اور دیگر تمام بلغمی چیزوں سے پرہیز کرنا چاہیے۔ روغن زرد (گھی) کے استعمال کی اجازت ہے۔

۱۳ اس جوارش کے استعمال سے باہ کو تقویت اور تحریک حاصل ہوتی ہے۔ اس ضعف

باہ کیلئے جوضعف معدہ یابواسیر کی وجہ سے پیدا ہو۔ یہ جوارش خاص طور پر مفید ہے۔

(۹۳) جوارش زرعونی سادہ

جو گردہ، جگر اور دماغ کو تقویت بخشتی اور مادہ منویہ کی تولید کے عمل میں تیزی پیدا کرتی ھے

اجزاء، و ترکیب ساخت : تخم گاجر۔ تخم کرفس۔ تخم اسپست۔ نانخواہ (اجوائن) سونف تخم خربوزہ۔ مغز تخم خیارین۔ پوست بیخ کرفس۔ لونگ۔ سیاہ مرچ۔ ہر ایک ایک تولہ دس ماشہ۔ عاقر قرحا۔ دارچینی۔ زعفران۔ مصطگی۔ عود خام۔ بسباسہ۔ ہر ایک سات ماشہ۔ شہد خالص سہ گنا وزن ادویہ۔ دواؤں کو کوٹ چھان کر شہد کا قوم بنا کر دواؤں کو اس کے اندر شامل کریں۔

ترکیب استعمال: ۹ ماشہ کی مقدار میں یہ جوارش زرعونی سادہ صبح کو عرق سونف ۱۲ تولہ یا عرق گاجر ۵ تولہ۔ یا عرق اناناس ۵ تولہ کے ہمراہ استعمال کریں۔ اور اس کے حیرت انگیز افعال وخواص کو دیکھ کر طب یونانی کے حیرت انگیز کمالات کی داد دیں۔

افعال ونافع : شہوانی غلط کاریوں یا دیگر وجوہات سے گردہ، جگر اور دماغ ضعیف ہو گئے ہوں تو جوارش زرعونی کے عرصہ کے استعمال سے ان میں از سر نو ایام شباب کی سی صحت و قوت پیدا ہو جاتی ہے۔ جوارش زرعونی کے استعمال سے مادہ تولید کی پیدائش کے عمل میں تیزی پیدا ہو جاتی ہے۔ اس لیے قلت منی کی شکایت والے مریضوں کو اس کا استعمال بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔ ضعف ہضم کو دور کرنے کے لیے بھی یہ جوارش خاص فوائد رکھتی ہے۔ اس کے استعمال سے مثانہ کا ضعف اور سردی دور ہو کر پیشاب کی زیادتی کی شکایت دفع ہو جاتی ہے۔ بدن کو گرم اور چست رکھنا بھی اس جوارش کا ایک خاصہ ہے۔

(۹۴) جوارش شاہی بہ نسخہ خاص

جو اپنے حیرت انگیز مقوی دماغ و مفرح قلب فوائد کے اعتبار سے جوارش شاھی سادہ سے بہتر وبرتر چیز ھے

اجزاء، و ترکیب ساخت : مربہ ہلیلہ ۵ عدد۔ مربہ آملہ ۳ عدد۔ کشنیز ایک تولہ۔ الائچی

طورد ۳ ماشہ۔ عرق بید مشک حسب ضرورت۔ قند سیاہ ۲ چند۔ ادویہ ومربہ جات کو پانی میں ایک دن رات تر رکھیں۔ ازاں بعد ان کو دھو کر اور بقیہ دواؤں کو کوٹ چھان کر سب کو عرق بید مشک میں پیس ڈالیں۔ اور مصری ملا کر قوام بنالیں۔

ترکیب استعمال: یہ جوارش شاہی بہ نسخہ خاص ۵ ماشہ کی مقدار میں صبح وشام دونوں وقت یا صرف صبح کو عرق گاؤزبان سات تولہ عرق گاجر ۵ تولہ کے ہمراہ استعمال کی جاتی ہے۔

افعال و منافع اس جوارش شاہی بہ نسخہ خاص کے افعال ومنافع بھی وہی ہیں۔ جو جوارش شاہی سادہ کے۔ فرق صرف اس قدر ہے کہ یہ اپنے افعال وخواص میں اس سے زیادہ قوی اور زوداثر ہے۔ جوارش شاہی سادہ کے استعمال سے جب وہ فوائد ظہور میں نہ آئیں۔ جن کی اس جوارش کے استعمال سے توقع کی جاتی ہو۔ تو جوارش شاہی بہ نسخہ خواص کا استعمال کرایا جاتا ہے۔

فوائد: اختلاج معدہ و مانع تبخیر۔ مقوی دل ودماغ' خفقان اور سوداوی امراض کے لیے اکسیر ہے۔

(۹۵) جوارش شہنشاہی عنبری

جو دل ودماغ کو تقویت دینے اور خفقان وحشت کو زائل کرنے کے لیے ایک بہت ہی مفید ومجرب دوا ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: عنبر اشہب ساڑھے چار ماشہ۔ روغن بلسان سات ماشہ انیسوں۔ ناگ کیسر۔ تخم کرفس۔ جند بیدستر۔ افیون۔ بزرالبنج (اجوائن خراسانی) برگ بادر نجبویہ۔ تخم مرزنجوش۔ زعفران اصلی' ہر ایک ساڑھے دس ماشہ۔ لونگ۔ کباب چینی۔ الائچی خورد الائچی کلاں' ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ۔ عنبر کو روغن بلسان میں آگ پر گلائیں اور افیون کو عرق گلاب میں حل کر لیں۔ پھر شہد خالص کف گرفتہ دواؤں کے وزن سے سہ چند کا قوام بنا کر دواؤں کو کوٹ چھان کر قوام میں ملائیں۔ اور دوبارہ بعد کام میں لائیں۔

ترکیب استعمال: اس جوارش شہنشاہی عنبری کی مقدار خوراک ۵ ماشہ سے لے کر ۷ ماشہ تک ہے۔ صبح وشام دونوں وقت یا صرف ایک وقت صبح کو استعمال کریں۔ بہترین

بدرقہ عرق عنبر ۵ تولہ یا عرق گاجر ۵ تولہ یا عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ کے ساتھ استعمال فرمائیں۔

افعال وخواص: یہ جوارش دل ودماغ کو تقویت دینے اور ضعف قلب ودماغ سے پیدا ہونے والے امراض۔ مثلاً خفقان ووحشت کو دور کرنے کے لیے ایک مخصوص چیز ہے۔ جسم کی بڑھی ہوئی حرارت کو کم کرنے اور درد معدہ کو تسکین دینے میں بھی اس کے فوائد مسلم الثبوت ہیں۔ اس کے استعمال سے معدہ سے اٹھنے والے فاسد بخارات بھی دور ہو جاتے ہیں۔ اگر خرابی معدہ کی وجہ سے معدہ سے بخارات اٹھ کر دل ودماغ پر حملہ آور ہو کر ان کو ضعیف وکمزور کرتے ہوں۔ تو اس جوارش کے استعمال سے نہایت تسلی بخش فائدہ ہوتا ہے۔ کیوں کہ اس مطلب کے لیے یہ مفید ومجرب چیز ہے۔

(۹۶) جوارش شہنشاہی عنبری بہ نسخہ خاص

دل ودماغ کو تقویت دینے اور خفقان ووحشت کو زائل کرنے کے لیے یہ جوارش شہنشاہی عنبری عام سے بہت ممتاز ہے

اجزاء، و ترکیب ساخت: زرشک ۹ تولہ۔ مربہ املہ۔ مربہ ہلیلہ۔ عرق گلاب۔ عرق بیدمشک۔ ہر ایک دو دو تولہ۔ شربت انار ترش۔ شربت انار شیریں۔ ہر ایک ساڑھے ۹ تولہ۔ سکنجبین ۱۱ تولہ شربت نارنج۔ شربت لیموں۔ شربت آلو بالو۔ ہر ایک ۷ اتولہ۔ عنبر اشہب ۹ ماشہ۔ ابریشم مقرض ورق طلاء۔ ورق نقرہ۔ مروارید ہر ایک ۱۳ ماشہ۔ گل گاؤزبان۔ گل سرخ ہر ایک ایک تولہ دس ماشہ قند سفید ساڑھے ۹ تولہ۔ زرشک اور دونوں مربوں کو عرق گلاب میں گلاب میں پیس کر علیحدہ رکھیں اور گل گاؤزبان گل سرخ ابریشم کو علیحدہ باریک کوٹ چھان رکھیں۔ مروارید کو عرق کیوڑہ میں حل کریں۔ شربتوں اور قند سیاہ کو عرق بیدمشک سے قوام بنا کر مذکورہ دوا ملالیں۔ ورق نقرہ۔ ورق طلاء ایک ایک کر کے اضافہ کریں۔ اور عنبر اشہب کو عرق۔ بیدمشک میں حل کر کے ملا رکھیں۔

ترکیب استعمال: اس جوارش شہنشاہی عنبری بہ نسخہ کلاں کی مقدار خوراک ۵ ماشہ ہے۔ صبح وشام دونوں وقت یا صرف صبح کو عرق عنبر ۵ تولہ یا عرق گاجر ۵ تولہ یا عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔

افعال وخواص: دل ودماغ کی کمزوریوں کو دور کر کے ان کو اس قدر تقویت دیتی ہے۔ کہ وہ اپنے فرائض منصبی بوجہ احسن بجالانے کے قابل ہو جاتے ہیں۔ شہوانی غلط کاریوں یا دیگر وجوہات سے جب اعضائے رئیسہ ضعیف ہو گئے ہوں۔ اور بدن کمزور ہو گیا ہو۔ تو اس جوارش شہنشاہی کا استعمال اعضائے رئیسہ اور بدن میں از سرنو حیات تازہ کے آثار پیدا کر دیتا ہے۔ خفقان ودحشت اور وہم وسواس اس جوارش کے استعمال سے کافور ہو جاتے ہیں۔ تبخیر معدہ سے پیدا ہونے والی تمام خرابیوں کو دور کرنے کے لیے جوارش ایک نہایت ہی مفید اور مجرب چیز ہے۔

(۹۷) جواہر مہرہ

جس کی ایک خوراک سے جاں بلب اور لب گور پہنچا ہوا مریض بھی ایک بار تو اٹھ بیٹھتا ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: زہرمہرہ خطائی پونے ۲ تولہ۔ مروارید۔ بسد۔ کہربا۔ لاجورد مغسول۔ یاقوت سرخ۔ یاقوت کبود۔ یاقوت زرد۔ یشب سبز۔ زمرد اخضر۔ عقیق سرخ۔ ورق نقرہ۔ مصطگی۔ رومی۔ ہر ایک سات سات ماشہ۔ ورق طلاء۔ جدوار خطائی۔ ناجیل دریائی۔ مومیائی مشک خالص۔ ہر ایک ساڑھے تین تین ماشہ۔ تمام ادویات کو پختہ کھرل میں ڈال کر ایک ہفتہ تک متواتر روح کیوڑہ اور پھر ایک ہفتہ روح گلاب میں کھرل کریں۔ تاکہ غبار کی طرح باریک ہو جائیں۔ پس طب یونانی کی مایہ ناز دوا تیار ہے۔

ترکیب استعمال: ۲ چاول سے چار چاول۔ خمیرہ گاؤزبان یا خمیرہ مروارید میں رکھ کر کھلائیں۔ اور اوپر سے مناسب شربت یا گائے کا دودھ پلائیں۔

افعال ومنافع: دل کی کمزوری کو رفع کرنے کے لے انتہائی اور آخری چیز ہے اس کی محض ایک ہی خوراک سے مریض قلب کو نفع معلوم ہونے لگتا ہے۔ سست دنا کارہ وگرے ہوئے دل کا مریض اس کا استعمال کرنے کے بعد ہشاش اور بشاش وچست وچوبند ہو جاتے ہے۔

خفقان، ہول دلی۔ غشی وغیرہ کی پہلی اور آخری اکسیر ہے۔ صاحب تجربہ استعمال کے بعد خود

قائل ہو جائیں گے۔ خاموش و جاں بلب و قریب الرگ لوگ اس کی ایک خوراک سے ایک بار تو تندرست معلوم دینے لگتے ہیں۔ البتہ موت کا کوئی علاج نہیں۔

(۹۸) جوہر صحت

برص' جذام' آتشک' ناسور' بھگندر۔ گھمبیر وغیرہ کی اکسیری دوا ہے

ھوالشافی: رسکپور۔ ۴ تولہ۔ دار چکنا ۳ تولہ۔ شنگرف ۲ تولہ۔ سم الفار سفید ا تولہ ہڑتال ورقیہ قسم اعلیٰ ۶ ماشہ۔ سیماب مصفیٰ ۶ ماشہ۔ طوطیا سبز۔ زنگار۔ مردار سنگ۔ سونا مکھی نوشادر ہر ایک ۶ ماشہ۔ ان تمام ادویات کو ایک پہر اندرائین کے پانی میں کھرل کر کے خشک کریں۔ اور پھر دو کورے پیالوں میں بند کر کے ان کے لب مٹی سے اچھی طرح بند کر دیں۔ اور مٹی کے خشک ہو جانے کے بعد اس کو چولہے پر رکھیں۔ اور نیچے ایک پہر تک نرم آگ جلائیں۔ مگر کھدر کے کپڑے کی چار تہہ پانی سے تر کر کے اوپر والے پیالے کے اوپر رکھ دیں۔ تاکہ وہ جوہر جواڑ کر اوپر لگے گا جل کر ضائع نہ ہو جائے۔ ایک پہر آگ جلا کر موقوف کر دیں۔ اور پھر سرد ہونے پر بااحتیاط اتار لیں اور شیشی میں رکھیں۔

ترکیب استعمال: یہ جوہر بقدر ایک چاول باریک کاغذ میں پڑیہ باندھ کر مکھن یا بالائی میں لپیٹ کر یا کیپسول میں بند کر کے نگلوا دیں۔

فوائد: بڑے سے بڑے اور پرانے سے پرانے زخم' ناسور' گھمبیر وغیرہ برص' جذام' آتشک' خنازیر وجع المفاصل کے لیے ایسے وقت میں اکسیر کا حکم رکھنے والا جوہر ہے۔ جب کسی دوا سے فائدہ معلوم نہ ہوتا ہو۔ اس سے بفضلہ تین ہی روز میں فائدہ معلوم ہونے لگتا ہے۔ اس دوا کو زیادہ سے زیادہ سات دن دینا چاہئے۔

(۹۹) جوہر نقرہ

غالباً آپ نے جوہر نقرہ کا نسخہ آج تک نہیں سنا ہو گا۔ یہ ایک نہایت ہی بیش قیمت چیز ہے۔ جس میں چاندی کو اس حد تک لطیف بنایا جاتا ہے کہ وہ جوہر بن کر اڑ جاتی ہے۔ یہ وہ نسخہ ہے جس کو عالی جناب مسیح الملک حکیم اجمل خان صاحب مرحوم کی خاص الخاص قلمی بیاض میں سے کسی وسیلہ سے ہمارے محترم دوست نے نقل کرا لیا تھا۔ نسخہ مفید ہونے کے

علاوہ ظاہری شکل وصورت میں بھی بے حد جاذب نظر و دلفریب ہے۔

ھوالشافی: ورق نقرہ ۱ تولہ۔ سیماب مصفیٰ ۱ تولہ۔ کھرل میں ڈال کر سرکہ انگوری میں اس حد تک کھرل کیا جائے کہ مسکہ ہو جائے۔ پھر تین ماشہ نوشادر۔ ملا کر کھرل کریں اور ۲ پیالوں میں بند کر کے بدستور معروف جو ہر اڑائیں۔ پھر جو ہر اور تہ نشین کو ملا کر سرکہ انگوری میں کھرل کریں اور جو ہر اڑائیں۔ علیٰ ہذا القیاس سات مرتبہ جو ہر اڑائیں۔ تا کہ سب کا سب اڑ جائے۔

ترکیب استعمال: ۲ چاول سے ۴ چاول مکھن میں کھلائیں۔

فوائد: بے حد مقوی باہ اور مقوی دل ہے۔

باب : ح

حبوب

حبوب جمع ہے حب کی۔ حب کہتے ہیں گولی کو۔ حکمائے متقدمین نے ایسے نسخہ جات کو جن کی قدر خوراک رتیوں یا ماشوں تک محدود تھی۔ اور ان کا ذائقہ ناخوشگوار تھا۔ ان کو گولیوں کی شکل میں اس واسطے تبدیل کیا تا کہ ایک تو روزانہ استعمال کرتے وقت تولنے اور اندازہ کرنے کے جھمیلے سے بچ جائیں۔ دوسرے کڑوی اور کسیلی ادویات کا استعمال آسانی سے کرسکیں۔ تیسرے دو امعدہ میں جا کر زیادہ دیر تک ٹھہر سکے۔

گولیاں بناتے وقت چند باتوں کی مدنظر رکھیں جن کا تفصیلی بیان ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔

حبوب کی تیاری کے متعلق چند ہدایات

1. ادویات کو خوب باریک پیسیں۔ تاکہ گولیاں بناتے وقت دقت نہ ہو۔ بصورت دیگر اول تو گولیاں بندھ نہیں سکیں گی۔ دوسرے بدزیب اور بھربھری ہوں گی۔
2. زمرد، عقیق، مروارید اگر گولیوں کے اندر خام حالت میں بغیر کشتہ ملانے کی ضرورت پیش آئے تو ان کو دیگر ادویات سے پیشتر پتھر نہ گھسنے والے کھرل میں ڈال کر کھرل کر لینا چاہیے۔ جب بالکل باریک ہو جائیں تو دوسری ادویات ملانی چاہئیں۔ زیادہ لطافت پیدا کرنے کے لیے عرق بید مشک یا کیوڑہ ملا کر کھرل کریں۔
3. مروارید چونکہ مدور اور سخت دانے ہوتے ہیں۔ اس لیے اس کا پیسنا بہت مشکل ہوتا ہے۔ اگر دستہ سے زور کی چوٹ لگائی جائے تو مروارید اچھل کر کھرل سے باہر نکل

جاتے ہیں۔ اور معمولی چوٹ سے ٹوٹتے نہیں۔ اس مخمصہ سے نجات حاصل کرنے کے لیے یہی طریقہ اختیار کیا جاتا ہے کہ مروارید کے ہمراہ قدرے طباشیر ملا دی جاتی ہے۔ جس سے مروارید کھرل سے باہر نکلنے سے رک جاتے ہیں۔ اور کھرل بہ آسانی سرانجام پاتا ہے۔

- اگر گولیوں میں زعفران یا مشک' گوگل' افیون' رسوت موجود ہوں تو چاہیے کہ کسی مناسب عرق (بید مشک) وغیرہ میں حل کر کے باقی ادویات کا سفوف پھر شامل کر کے گولیاں تیار کریں۔
- عنبر یا مومیائی کو گولیوں میں شامل کرنے کے لیے چاہیے۔ روغن بادام یا۔ روغن پستہ میں آگ پر حل کرلیں۔ اور پھر ادویات میں شامل کریں۔ کیونکہ تنہا پینے سے یہ ہر دو چیزیں پسنے کی بجائے کھرل سے چمٹ کررہ جاتی ہیں۔
- اسپغول یا بہدانہ یا گوند وغیرہ کو شامل اجزا کرنے کے لیے ان ادویات کا پانی میں لعاب نکال کر ادویات کا سفوف شامل کر کے گولیاں بنانی چاہئیں۔
- روغن دار میوے مثلاً بادام' پستہ' اخروٹ' مغز وغیرہ ملانے ہوں تو ان کو علیحدہ کھرل کر کے شامل کرنا چاہیے۔ دوسری ادویات کے ہمراہ ملانے سے خود باریک ہوں گے نہ دوسری ادویات کا سفوف ہونے دیں گے
- رومی مصطگی ایک ایسی دوا ہے کہ اگر اس کو زور دار ہاتھوں سے کھرل کیا جائے تو اس میں۔ رطوبت سی پیدا ہو جاتی ہے۔ لہٰذا اس کو نہایت ملائم ہاتھوں سے کھرل میں شامل کرنا چاہیے۔
- گولیاں بناتے وقت ہاتھوں کی انگلیوں کو گھی یا بادام روغن سے تر کر لینا چاہیے تا کہ گولیوں کا مرکب ہاتھوں سے نہ چمٹے۔ بلکہ آسانی سے گولیاں بنتی چلی جائیں۔
- گولیوں کے مرکب میں خواہ کیسی ہی بیش قیمت ادویات پڑی ہوں۔ مگر لوگ آج کل ظاہر بیں اور صورت پرست واقع ہوئے ہیں۔ لہٰذا گولیوں کو خوبصورت اور نظر فریب بنانے کے لیے ان پر سونے چاندی کے ورق چڑھا لینے چاہئیں۔ جس کا آسان طریقہ یہی ہے۔ کہ ورقوں کی گڈی (دفتری) لے کر ایک ورق کے اتنے

حصہ پر سے باریک کاغذ کو ہٹائیں۔ جو ایک گولی پر بخوبی چڑھ سکے۔ اب تازہ بنی ہوئی گولی کو اوپر رکھ شہادت کی انگلی سے چکر دیں۔ ورق فوراً چڑھ جائے گا۔ اسی طرح ورق پر سے باریک کاغذ تھوڑا دور کرتے اور گولیوں پر لپیٹتے جائیں۔ کسی پلیٹ پر ورق بچھا کر اور اس پر گولیاں دس بیس رکھ کر گھمانے سے بسا اوقات کامیابی نہیں ہوتی بلکہ ورق پلیٹ سے چمٹا رہ جاتا ہے۔ زیادہ کاروبار کرنا ہو تو مشین منگوالیں۔ جس سے نہایت سہولت سے ورق چڑھائے جاسکتے ہیں۔

(مؤلف)

سر کی بیماریاں

(۱۰۰) حبوب شنگرف زعفرانی

نزلہ، کھانسی، دمہ، بیچش۔ وغیرہ کو نہ طبعہ دور کرنے والی گولیاں

اجزا و ترکیب تیاری: شنگرف۔ افیون۔ زعفران۔ مصری کوزہ۔ مغز بادام مقشر۔ رب السوس (ست ملٹھی) دار چینی۔ پھٹکڑی بریاں۔ تمام ادویات برابر وزن لے کر علیحدہ علیحدہ کھرل کر کے پانی کی مدد سے چنے کے مقدار میں گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی رات کے وقت گرم پانی کے ہمراہ استعمال کرایا کریں۔ پھر تمام شب پانی نہ پینے دیں۔ اور پیچش کے لیے دہی یا چھاچھ سے استعمال کرائیں۔

فوائد: یہ گولیاں متعدد دواخانوں سے فروخت ہو رہی ہیں۔ موجد کا دعویٰ ہے کہ جس گھر میں یہ گولیاں ہوں۔ وہاں کھانسی اور نزلہ و زکام کا کیا کام۔ اس کی ایک ہی خوراک سے بفضلہٖ آرام محسوس ہوتا ہے۔ نہایت زود اثر گولیاں ہیں۔

(۱۰۱) حب مومیائی

دافع نزلہ و زکام مقوی دماغ و ممسک دوا

اجزاء و ترکیب ساخت: مرکی ۲ ماشہ۔ مصطگی۔ خولنجاں۔ بہمن۔ سرخ ہر ایک ۲ ماشہ۔ لونگ۔ دار چینی۔ لوبان۔ گوند کیکر۔ رب السوس (ست ملٹھی) اگر ہر ایک چھ چھ ماشہ۔ ابریشم

مغز فرض آٹھ ماشہ۔ مصطگی خالص ا تولہ۔ سلارس ا تولہ۔ سب کو باریک پیس کر ملائیں اور روغن بادام خالص سے چرب کر کے پوست کو کنار کے پانی سے پیس کر بقدر نخود گولیاں تیار کریں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی سے دو گولی صبح وشام ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: نزلہ وزکام دائمی کے لیے یہ گولیاں بہت مفید ہیں۔ بفضلہ دماغ کو قوت بخشتی اور قوت اسا کیہ کو زیادہ کرتی ہیں۔ اگر بعد از جماع دو گولیاں گرم دودھ سے استعمال کی جائیں تو قوت عود کر آتی ہے۔ اور کمزوری ذرہ بھر بھی نہیں رہتی...... گویا کیا ہی نہیں۔

(۱۰۲) حبوب برہمی

قوت حافظہ کو قوی' دماغ کو طاقت ور اور نزلہ وزکام کو دور کرنے والی لاثانی اکسیر

اجزاء و ترکیب ساخت: برہمی بریاں در روغن گاؤزبان تین تولہ۔ اسطوخودوس۔ دار چینی۔ کندر۔ مصطگی۔ وج ترکی۔ سلاجیت خالص۔ کشتہ مرجان ہر ایک ایک تولہ۔ دانہ الائچی کلاں۔ زنجبیل (سونٹھ) مرچ سیاہ۔ ورق نقرہ ہر ایک ۶ ماشہ۔ ورق طلاء تین ماشہ سب ادویات کو علیحدہ علیحدہ کوٹ چھان کر ملا دیں۔ بعدۂ ایک دن عرق برگ پان میں کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: مندرجہ ذیل شیرہ سے ایک گولی صبح اور ایک شام استعمال کر لیا کریں۔ دانہ الائچی ا ماشہ۔ مغز بادام شیریں ۱۱ عدد۔ مغز کدو چھ ماشہ۔ مغز خیار ۶ ماشہ۔ مصری تین تولہ۔ مرچ سیاہ ۷ دانہ۔ ان سب کو گھوٹ کر شیرہ نکالیں اور پن کر ایک گولی تازہ مکھن ۲ تولہ میں رکھ کر نگل لیں۔ اور اوپر سے شیرہ مذکور پی لیں۔ مکھن اگر دونوں وقت ہو تو اچھا ہے۔ ورنہ صبح تو ضرور ہونا چاہیے۔

فوائد: حافظہ و فہم کو خصوصیت سے طاقت دیتی ہے۔ نسیان کو نیست و نابود کر کے قوت حافظہ کو اس قدر تیز کرتی ہے کہ ایک دفعہ کی سنی یا پڑھی بات مدتوں نہیں بھولتی۔ وکیلوں۔ طالب علموں۔ اور دیگر دماغی کام کرنے والوں کے لیے اکسیری چیز ہے۔ علاوہ ازیں دائمی و موسمی نزلہ وزکام کے لیے بھی از حد مفید ہیں۔ ضرور بنا کر فائدہ اٹھائیں۔ اس کی ترکیب

استعمال اور اجزاء سے ظاہر ہے کہ یہ دوا دماغ کی کس قدر محافظ و مددگار ہوسکتی ہے۔

(۱۰۳) حبوب خوش کیف

بگڑے ہوئے نزلہ و زکام کے لیے اکسیر

یہ نسخہ میرے محترم دوست جناب حکیم محبوب عالم خاں صاحب فرسٹ کلاس مجسٹریٹ (لداخ) کا عطیہ ہے۔ جو بگڑے ہوئے نزلہ وزکام کے لیے نہایت اعلیٰ و مفید ثابت ہوتا ہے۔ زکام وکھانسی وغیرہ سے جو عوارضات پیدا ہو چکے ہوں ان تکالیف کے لیے تیر بہدف ثابت ہوتی ہیں۔

ھوالشافی: گوندکیکر۔ آرد ملٹھی۔ نشاستہ۔ مصری ہر ایک تولہ تولہ لے کر پہلے نشاستہ کو خشک ہی بریاں کریں تاکہ سرخ ہو جائے اور ملٹھی کو چھیل کر باریک پیس لیں۔ اور مصری و گوند بھی باریک پیس کر ملالیں۔ اور قطرہ قطرہ پانی ڈال کر تقریباً ماشہ ماشہ کی گولیاں بنالیں اور محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: گھنٹہ گھنٹہ کے وقفہ سے ایک ایک گولی منہ میں رکھ کر چوستے رہیں۔ انشاء اللہ کھانسی وغیرہ سے شفاء ہو جائے گی۔

(۱۰۴) حب بنفشہ

جو دماغ و سینہ کے فضلات کو خارج کر کے گرمی کے درد سر اور کھانسی وغیرہ کو دور کرنے میں بے نظیر ہیں

اجزاء و ترکیب ساخت: بنفشہ ۱۴ ماشہ۔ تربد سفید ۹ ماشہ۔ حب آلاس ساڑھے تیرہ ماشہ۔ سقمونیا ڈیڑھ ماشہ۔ سب دواؤں کو کوٹ چھان کر کاسنی کے سبز پتوں کے عرق میں ملا کر گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: جب چار گھڑی رات باقی ہو۔ اس وقت اٹھ کر یہ گولیاں سات ماشہ سے لے کر ایک تولہ کی مقدار میں پانی کے ساتھ کھا کر پھر سو جائیں۔ صبح کو اٹھ کر منضج یا مسہل استعمال کریں۔ اور تیسرے پہر مونگ اور چاول کی کھچڑی کھائیں۔

افعال ومنافع: یہ گولیاں اپنے افعال وخواص میں بہت ہی عجیب و موثر ہیں ان کے

استعمال سے سینہ اور دماغ بلغمی امراض سے صاف ہو جاتے ہیں۔ گرمی کی وجہ سے پیدا ہونے والے دردِ سر کو ان کے استعمال سے بہت جلد فائدہ ہوتا ہے۔ کھانسی دمہ اور سانس پھولنے کی شکایت میں ان کا استعمال ہمیشہ تسلی بخش نتائج کا مظہر ثابت ہوا ہے۔

(۱۰۵) حب عنبر زعفرانی

قلیل الغذا ہونے کے باوجود نزلہ و زکام کی طلسماتی گولیاں

اجزاء و ترکیب ساخت: جدوار بنفشی۔ زعفران کشمیری۔ عنبر اشہب۔ ہموزن لے کر خوب کھرل کریں۔ یہاں تک کہ تمام اجزا ایک جان ہو جائیں۔ بعد ازاں گولیاں بقدر سیاہ مرچ کے تیار کریں۔

ترکیب استعمال: دو گولی سے پانچ گولی تک ہمراہ عرق گاؤ زبان یا سادہ پانی کے بوقت شام استعمال کریں۔

فوائد: یہ گولیاں دماغ کو قوت پہنچا کر بدن کی عام قوت بھی بڑھاتی ہیں۔ نزلہ زکام کو بند کر کے اس کے باقی ماندہ عوارض جو ان کی وجہ سے پیدا ہو جاتے ہیں۔ دور کر کے بدن میں تقویت اور چہرے پر رونق لاتی ہیں۔

(۱۰۶) حب نزلہ کہنہ

اجزاء و ترکیب ساخت: پارہ۔ گندھک ہر ایک ڈیڑھ تولہ دونوں کو ملا کر اس قدر کھرل کریں کہ کجلی سی بن جائے بعد ازاں لونگ کلاہ دار ڈیڑھ تولہ۔ تخم جوز ماثل (دھتورہ) ساڑھے چار ماشہ۔ چینی ۹ تولہ۔ داخل کر کے چار پہر خوب کھرل کریں اور پانی کی مدد سے گولیاں بقدر دانہ نخود باندھ لیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی صبح اور ایک گولی شام ہمراہ پانی استعمال کریں۔

فوائد: پرانے نزلہ کے لیے تریاق کا حکم رکھتی ہے۔ نزلہ کو روک کر دماغ کو مقوی کرتی ہے۔

(۱۰۷) حبوب جوز ماثل

دائمی نزلہ و زکام کے ازالہ کے لیے عجیب و غریب گولیاں

اجزاء و ترکیب ساخت: تخم دھتورہ ایک تولہ کو چینی کی پیالی میں ڈال کر سبز پوست

خشخاش یا نہ ملنے کی صورت میں جوشاندہ پوست کے پانی میں تر کریں۔ جب خشک ہو جائے تو پھر تر کریں۔ یہاں تک کہ سات مرتبہ تر و خشک ہو جائے۔ بعدہ مغز بنولہ۔ زیرہ سفید۔ مغز کشنیز۔ ہر ایک تولہ تولہ باریک پیس کر تر پھلا کے جوشاندہ سے کھرل کر کے گولیاں بقدر نخود بنائیں۔

ترکیب استعمال: رات کو سوتے وقت ایک گولی گرم پانی کے ہمراہ کھلائیں۔
فوائد: دائمی نزلہ وزکام کے مریضوں کے لیے نافع اور مؤثر گولیاں ہیں۔ (رموز اعظم)

(۱۰۸) حبوب بلادر

تمام سرد عصبی اور دماغی امراض کے لیے تریاق

اجزاء و ترکیب ساخت: بلادر۔ مغز اخروٹ۔ کنجد مقشر (تل چھلے ہوئے) تینوں ہموزن لے کر باریک پیس لیں۔ اور پھر اس میں گوند کیکر ۶ ماشہ شامل کر کے نخودی گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی صبح و شام دیا کریں۔
فوائد: نزلہ وزکام ونسیان۔ سلسل بول وغیرہ کے ازالہ کے لیے مفید ہیں۔ کچھ عرصہ کے استعمال سے کہنہ سے کہنہ نزلہ دور ہو جاتا ہے۔ (اکسیر اعظم)

(۱۰۹) حب زعفرانی

نزلہ و زکام کے لیے مجربہ مصدقہ گولیاں

اجزاء و ترکیب ساخت: جند بیدستر۔ زعفران ایک ماشہ۔ رب السوس۔ ست ملٹھی۔ دارچینی۔ افیون ہر ایک تین ماشہ۔ صمغ عربی (گوند کیکر) کتیرا۔ نشاستہ ہر ایک ۵ ماشہ۔ سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: دو گولی رات کو سوتے وقت پانی کے ساتھ استعمال کریں۔
فوائد: نزلہ وزکام کو روکتی ہیں۔ ان کے چند دن کے استعمال سے پرانے سے پرانا مرض بھی جڑ سے اکھڑ جاتا ہے۔ (قرابادین اعظم)

(۱۱۰) حب منقی دماغ

دماغ کا تنقیہ کر کے دماغ کو پاک اور روشن بنانی ھیں

اجزاء و ترکیب ساخت : پوست بلیلہ زرد ۵ ماشہ۔ آملہ۔ افسنتین۔ غاریقون۔ ہر ایک اڑھائی تولہ۔ اسارون (تگر) انیسوں۔ تخم کرفس ہر ایک پونے ۲ ماشہ۔ تربد سفید (چھیل کر اندر سے لکڑی نکال کر) افتیمون ہر ایک ساڑھے چار ماشہ۔ ایارج فیقرا۔ سات ماشہ۔ لونگ مصری ہر ایک ساڑھے ۳ ماشہ۔

سقمونیا ۴ ماشہ پہلے مصری کو تھوڑے پانی میں حل کر کے اس میں ملائیں۔ اور دوائیں کوٹ چھان کر اس میں ملائیں اور گولیاں بقدر ایک ماشہ بنائیں۔

ترکیب استعمال: نو ماشہ ہمراہ پانی کے پھانک لیں۔

فوائد : دماغ کو فضلات سے پاک کرتی ہیں۔ علاوہ ازیں امراض چشم کے لیے بے حد مفید ہیں۔ رات کو کھا لینے سے صبح ایک پاخانہ کھل کر آ جاتا ہے۔

(۱۱۱) حب نسیان

یہ گولیاں دماغ کو تقویت دے کر نسیان کو دور کرنے میں بے مثل ھیں

اجزاء و ترکیب ساخت : عاقر قرحا۔ نمک سیاہ۔ جند بیدستر ہر ایک سات ماشہ۔ ایارج فیقرا پونے دو تولہ۔ تربد سفید چھیل کر اندرونی چھلکا نکالا ہوا ۱۴ ماشہ۔ سب کو کوٹ چھان کر پانی میں گوندھیں۔ اور گوندھنے سے پہلے پانی میں تھوڑا سا جاوشیر بھی حل کر لیں۔ بعد ازاں گولیاں بقدر دانہ نخود بنائیں۔

ترکیب استعمال: رات کو سوتے وقت دو گولیاں ہمراہ آب استعمال کریں۔

فوائد : دماغ کو فضلات ردیہ سے صاف کر کے قوت حافظہ بڑھاتی ہیں۔ نسیان بلغمی کے لیے خصوصاً مفید ہیں۔

(۱۱۲) حب تریاق نسیان

اجزاء و ترکیب ساخت : بیش عمدہ ڈیڑھ تولہ۔ ململ کے کپڑے میں باندھ کر جوش دیں۔ جب خوب گل جائے تو آگ سے اتار کر اچھی طرح دھو لیں۔ اور خشک کر کے گائے

کے دودھ میں دھو کر صاف کریں۔ اور اس کے بعد مرچ سیاہ۔ عاقر قرحا۔ سونٹھ ولونگ۔ بسباسہ جوز بوا۔ اصل السوس۔ (ملٹھی) بادیان (سونف) ہر ایک ۹ ماشہ۔ کتیرا۔ صمغ عربی (گوند کیکر) ہر ایک تین ماشہ پیس کر موٹھ کے برابر گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ عرق سونف یا آب تازہ کے استعمال کریں۔

فوائد: دماغ کی بڑھتی ہوئی رطوبت کو زائل کر کے قوت حافظہ کو بڑھاتی ہیں علاوہ ازیں نزلہ وزکام کو بیخ و بن سے اکھاڑ دیتی ہیں۔

(۱۱۳) حبوب برہمی کستوری والی

تقویت دماغ اور نزلہ روکنے والی بے مثل خوشبودار گولیاں

اجزا و ترکیب تیاری: برہمی سایہ میں خشک شدہ ۳ تولہ۔ اصل السوس مقشر (ملٹھی چھلی ہوئی) ۳ تولہ۔ دانہ الائچی خورد۔ دانہ الائچی کلاں۔ ہر ایک ایک تولہ۔ ورق نقرہ ۱۲ عدد۔ ورق طلا چھ عدد۔ زعفران ۹ ماشہ۔ مشک خالص ۱ ماشہ باریک پیس کر شہد کے ہمراہ بقدر نخود گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ دودھ تازہ استعمال کریں۔

فوائد: دماغ کو تقویت کے لیے بے مثل ہے۔ علاوہ ازیں کھانسی کو بھی از حد مفید ہے حافظہ قوی ہو کر بھولی ہوئی باتیں یاد آنے لگتی ہیں۔

(۱۱۴) حب سلاجیت

پرانے سے پرانے نزلہ وزکام وضعف دماغ کے لیے اکسیر

اجزاء و ترکیب ساخت: بیش مدبر۔ جائفل۔ ہر ایک ایک تولہ۔ جلوتری۔ سلاجیت خالص ہر ایک ۶ ماشہ۔ افیون۔ زعفران ہر ایک تین ماشہ۔ سب ادویہ کو باریک کھرل کر کے تین روز ہر تین پہر تک عرق گلاب سے خوب کھرل کریں۔ اور نصف رتی کے برابر گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی روزانہ اور زیادہ سے زیادہ ۴ گولی چوبیس گھنٹہ میں وقفہ سے

دے سکتے ہیں۔

فوائد : نزلہ وزکام کے لیے ازحد مجرب ہیں۔ نزلہ کتنا ہی پرانا ہو۔ ایک گولی کھانے سے بفضلہ تین گھنٹہ میں آرام ہوجاتا ہے۔ علاوہ ازیں امساک کے لیے بھی بغیر کسی نقصان کے مجرب اور عمدہ ہیں۔

(۱۱۵) حب کچلہ سوختہ

فالج ولقوہ۔ نزلہ وزکام وغیرہ کے لیے بیش بہا دوا

اجزاء و ترکیب ساخت : کچلہ کے دانے دس عدد لے کر پانی میں بھگوئیں۔ ہر تیسرے روز پہلا پانی نکال کر نیا تبدیل کردیا کریں۔ پندرہ دن کے بعد کچلے بالکل نرم ہو گئے ہوں گے۔ چاقو سے ان کا چھلکا اتار کران کو انگاروں میں ڈال دیں۔ یہاں تک کہ دھواں نکل کر بند ہو جائے۔ اس وقت نکال کر اس کے برابر مرچ سیاہ بار یک پسی ہوئی شامل کر کے کھرل میں ڈالیں۔ اور شہد کی آمیزش سے مرچ سیاہ کے برابر گولیاں تیار کریں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی صبح وشام ہمراہ ماءالعسل یا عرق سونف کے دیں۔

فوائد : فالج۔ لقوہ۔ نزلہ وزکام۔ کھانسی۔ وجع المفاصل درد کمر وغیرہ کو مفید ہیں اور بفضلہٖ بہت جلد اپنا اثر ظاہر کرتی ہیں۔

(۱۱۶) حب کچلہ مدبر

اجزاء و ترکیب ساخت : کچلہ مدبر (بغیر جلایا ہوا) ایک تولہ۔ مرچ سیاہ ۶ ماشہ ہر دو کو کھرل میں ڈال کر پیسیں۔ اور ادرک کا پانی ڈالتے جائیں۔ یہاں تک کہ ۵ تولہ پانی جذب ہوجائے۔ بعدہٗ گولیاں بقدر نخود بنائیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی صبح وشام ہمراہ عرق سونف یا ماءالعسل یا سادہ پانی کے دیں۔

فوائد : فالج۔ لقوہ۔ کھانسی۔ دمہ۔ وجع المفاصل وغیرہ کو مفید ہیں۔

(۱۱۷) حب فالج

فالج و لقوہ کے لیے جادو اثر گولیاں

اجزاء و ترکیب ساخت : بیش قسم اول۔ جوزبوا۔ عاقرقرحا۔ فلفل دراز۔ مرچ سیاہ۔

سونٹھ۔اجوائن دیسی۔ بسباسہ۔ ہر ایک ایک تولہ۔ قند سیاہ (گڑ) ۱۶ تولہ۔ ادویہ کو پیس کر اور قند سیاہ ملا کر کوٹیں۔ اور گولیاں بقدر نخود بنائیں۔

ترکیب استعمال: دو گولی صبح دو گولی شام ہمراہ آب ادرک یا پان میں ملا کر کھائیں۔

فوائد: فالج ولقوہ کے لیے مانند اکسیر ہیں۔ علاوہ ازیں پرسوت کے بخار کے لیے بھی بہت مفید ہیں۔ پرسوت کے بخار کے لیے ہمراہ لیموں کاغذی استعمال کرائیں۔

(۱۱۸) حب ادھرنگ

ادھرنگ کے مایوس مریضوں کے لیے لاجواب گولیاں

اجزاء و ترکیب ساخت: شنگرف ۶ ماشہ۔ افیون ۶ ماشہ۔ میٹھا تیلیا ۶ ماشہ۔ فلفل سیاہ ۶ ماشہ۔ فلفل دراز ۶ ماشہ۔ سب کو خوب باریک پیس کر ادرک کے پانی سے برابر ایک دن کھرل کریں اور گولی بقدر نخود بنائیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی ہمراہ گھی دوبار روزانہ کھلائیں۔ اور روغن جامع العقاقیر کی مالش کریں۔ جس کا بیان روغنوں کے ضمن میں ہے۔

فوائد: یہ گولیاں مایوس سے مایوس مریض کو بھی اپنے خداداد اثر کی وجہ سے نازک سے نازک وقت میں معجز نما اثر دکھاتی ہیں۔

(۱۱۹) حب منقی دماغ

مرگی اور دیگر امراض سر کے لیے تیر بہدف

اجزاء و ترکیب ساخت: افتیمون۔ اسطوخودوس۔ بسفائج۔ نمک ہندی۔ غاریقون سفید ہر ایک دو رتی۔ تربد سفید۔ پوست ہلیلہ زرد۔ شحم حنظل۔ کتیرا۔ سقمونیائے مشوی ہر ایک ۴ رتی۔ ایارج فیقرا سواد و ماشہ۔ سب کو کوٹ چھان کر پانی کے اندر گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال: مندرجہ بالا نسخہ ایک خوراک ہے۔ ہمراہ پانی پھانک لیں۔

فوائد: دماغ کو فضلات ردیہ سے پاک کرتی ہیں۔ مرگی والے لوگ بفضلہ ان گولیوں سے اکثر اچھے ہو گئے ہیں۔

(۱۲۰) حب عود صلیب برائے صرع

اجزاء و ترکیب ساخت: جدوار خطائی ۲ ماشہ۔ ہلیلہ سیاہ ایک ماشہ۔ عود صلیب

کلاں۔ایک عدد۔مویز منقیٰ ۳ تولہ۔تربد مجوف خراشیدہ ۲ ماشہ۔بادیان ۳ ماشہ۔اسطوخودوس ایک تولہ۔گلاب خالص میں چار پہر کھرل کر کے حبوب بقدر جنگلی بیر کے تیار کر لیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی صبح اور ایک شام ہمراہ آب تازہ یا عرق سونف استعمال کریں۔

فوائد: پرانی سے پرانی صرع کو چند روزہ استعمال سے کافی فائدہ دیتی ہیں اور دو تین ماہ کے متواتر استعمال سے دماغی بطون سے فاسد مواد نکال کر کرم دماغ کو ضعیف کر کے ہلاک کر دیتی ہیں۔علاوہ ازیں نزلہ زکام کھانسی کے لیے بھی ازحد مفید ہیں۔

(۱۲۱) حب صرع فقیرانہ

نسخہ: کچھوے کا خون ایک تولہ جو کا آٹا ایک تولہ۔شہد خالص ایک تولہ۔سب کو کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ عرق سونف

نوٹ: کسی منقی دماغ چیز کا استعمال کر کے بعد میں ان گولیوں کو استعمال کرائیں تاکہ یہ اپنا عمل پوری قوت سے کر سکیں۔

فوائد: تنقیہ دماغ کے بعد ان گولیوں کا استعمال کرانا ہر قسم کی صرع کو روکتا ہے۔

(۱۲۲) حبوب صداع کہنہ و درد شقیقہ

پرانے درد سر کے لیے عجیب و غریب گولیاں

اجزاء و ترکیب ساخت: سم الفار ۱ ماشہ۔کافور ۱ ماشہ۔افیون ایک ماشہ۔کونین ٦ ماشہ۔زعفران ۲ ماشہ۔آب برگ تنبول ۱ تولہ۔سب کو کھرل کر کے حبوب بہ مقدار دانہ باجرہ بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی صبح و شام ہمراہ تازہ پانی استعمال کریں۔

فوائد: پرانے سے پرانے درد سر کے لیے نہایت مفید دوا ہے۔علاوہ ازیں شقیقہ درد اور پیشانی کو بھی نافع ہے۔ایک ہفتہ میں درد وغیرہ کافور ہو جاتا ہے۔ہر موسم ہر عمر ہر مزاج میں یکساں مفید ہے۔

آنکھوں کی بیماریاں

(۱۲۳) حب ہلیلہ

جو دماغ کی زائد رطوبات کو زائل کرکے درد سر اور امراض چشم کو بہت جلد فائدہ کرتی ہیں

اجزاء و ترکیب ساخت: پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ پوست بلیلہ۔ ہلیلہ سیاہ آملہ۔ گل سرخ۔ ہر ایک تین ماشہ۔ برگ سنا کی۔ غاریقون سفید۔ تربد سفید۔ لاجورد مغسول ہر ایک سات ماشہ۔ کوٹ چھان کر تازہ پانی سے گولی بقدر دانہ مونگ تیار کریں۔

ترکیب استعمال: ایک تولہ کی مقدار میں یہ گولیاں بادام روغن سے چرب کرکے چاندی کا ورق لگا کر دو گھڑی رات رہے۔ ہمراہ عرق سونف ۱۲ تولہ استعمال کریں اور صبح مسہل پئیں۔

افعال ومنافع: دماغ کی زائد رطوبات کو زائل کرکے امراض چشم و درد سر کو دور کرنے کے لیے ان گولیوں کے استعمال سے بارہا کرشمہ کار فوائد ظہور میں آتے ہیں۔ تنقیہ دماغ کے لیے بڑے بڑے نامدار اطبا ان گولیوں کا استعمال کرتے ہیں۔ اور ان کی تعریف میں رطب اللسان ہیں۔ آپ بھی آزما کر دیکھیے۔ موقعہ ومحل دیکھ کر استعمال کرائیں۔ تو بے نظیر فوائد کی حامل پائیں گے۔ بہت مفید مجرب شے ہے۔

(۱۲۴) حبوب تریاق العین

اجزاء و ترکیب ساخت: کشتہ جست ۹ ماشہ۔ پھٹکڑی سرخ ۶ ماشہ۔ آب تازہ حسب ضرورت گولیاں بنا کر رکھ لیں۔

ترکیب استعمال: کسی چینی کے پیالہ میں دو قطرے پانی میں تھوڑی گولی حل کر کے آنکھ میں لگائیں۔

فوائد: آشوب چشم، خارش، دھند، جالا۔ غبار وغیرہ امراض چشم کواز بس مفید ہیں۔

نوٹ: اگر خدانخواستہ اس کے استعمال سے فائدہ نظر نہ آئے۔ تو مندرجہ بالا گولیوں کا خوراکی طور پر استعمال کرانا چاہیے۔ کیونکہ اس کے استعمال سے دماغ کا تنقیہ ہو جاتا ہے بعدۂ ان کا استعمال بفضلہٖ شرطیہ شفا کا موجب ثابت ہوتا ہے۔

(۱۲۵) حب رمد خاص

اجزاء و ترکیب ساخت: پھٹکڑی بریاں ساڑھے تین تولہ۔ ہلدی بریاں۔ سات ماشہ افیون ۵ ماشہ۔ تینوں چیزوں کو کاغذی لیموں کے ایک پاؤ رس میں لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر نرم آگ پر پکائیں۔ اس کے بعد حل کریں جب گولیاں باندھنے کے لیے لائق ہو جائے گولیاں باندھ لیں۔ بوقت ضرورت پانی میں گھس کر آنکھوں پر پتلا ساطلاء کریں۔ اور تھوڑا سا آنکھوں میں ڈالیں۔

فوائد: آشوب چشم کو مانند اکسیر ہے۔ آشوب چشم سے تڑپتے ہوئے مریض کو آن کی آن میں سکون بخشتی ہیں۔

(۱۲۶) حب اکسیر العین

اجزاء و ترکیب ساخت: گیرو ۲ تولہ آٹھ ماشہ۔ افیون ۱۴ ماشہ۔ سونٹھ۔ گوند کیکر ہر ایک ساڑھے تین ماشہ۔ سب کو باریک پیس کر چھان لیں۔ اگر آنکھ میں درد اور ورم ہو تو سبز دھنیے کے پانی میں گوندھ کر گولیاں بنائیں اور سایہ میں خشک کریں۔

ترکیب استعمال: سادہ پانی میں پیس کر ضماد کریں۔

فوائد: یہ مجرب الجرب گولیاں آنکھ کے تقریباً ہر مرض کے لیے اکسیر صفت ہیں۔ خصوصاً آنکھ کے مواد کو تحلیل کرنے اور درد کو تسکین دینے میں بہت ہی اثر رکھتی ہے۔

(۱۲۷) حب دافع نزول الماء

اجزاء و ترکیب ساخت: بلیلہ زرد کی گٹھلی کا مغز۔ آملہ کی گٹھلی کا مغز۔ دونوں برابر

وزن لے کر صاف پانی میں کھرل کر کے گولیاں بنائیں۔ تیس پہر تک متواتر کھرل کریں اس کے بغیر فائدہ نہیں کرتیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی صبح اور ایک رات کو سوتے وقت ہمراہ عرق سونف استعمال کریں۔

فوائد: یہ گولیاں شروع نزول ماء کو فی الفور روک کر نظر کو قائم کرتی ہیں۔ اور اگر اخیر نزول الماء میں استعمال کی جائیں۔ تو پانی کو وہیں روک لیتی ہیں۔ یعنی ابتداء نزول الماء میں پانی کو روک کر نظر کو ٹھیک کرتی ہیں۔ لیکن انتہا نزول الماء میں صرف اتنا فائدہ دیتی ہیں کہ شروع کرنے کے بعد پانی وہیں رک جاتا ہے اور نظر ویسی ہی رہتی ہے۔

(۱۲۸) حب شبکوری

اجزاء و ترکیب ساخت: جوان آدمی کے کان کا میل۔ پوست بھیڑہ۔ دونوں برابر ہم وزن پیس لیں اور عورت کے دودھ میں گوندھ کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی کو دس منٹ تک شہد میں حل کریں۔ اور دن غروب ہونے سے دو گھنٹے پیشتر آنکھ میں لگائیں۔

فوائد: ایک ہفتہ کے استعمال سے شب کوری جیسی نامراد بیماری کو دفع کر کے نظر کو طبعی حالت پر لے آتی ہیں۔ نہایت عجیب و غریب نسخہ ہے۔ شب کوری کے ستائے ہوئے مریض اسے ضرور استعمال کریں۔

نوٹ: صرف آدمی کے کان کا میل بھی شب کوری کے لیے مجرب ہے۔ دن غروب ہونے سے پندرہ منٹ پیشتر سلائی کے گرد لگا کر آنکھوں میں لگائیں۔

(۱۲۹) حب شبکوری خوردنی

اجزاء و ترکیب ساخت: نسوت سفید ساڑھے تین ماشہ۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ غاریقون نرم سفید ہر ایک پونے دو ماشہ۔ ایلوا ایک ماشہ۔ گل سرخ ۲ رتی۔ گوگل تین رتی۔ سقمونیا ڈیڑھ رتی سب کو کوٹ چھان کر پانی میں گوندھ کر گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: ۴ ماشہ ہمراہ آب تازہ

شب کوری کے لیے نہایت عجیب وغریب گولیاں ہیں۔

(۱۳۰) حب آشوب چشم

اقسام رمد میں یہ گولیاں بے حد مفید و مجرب ہیں

اجزاء و ترکیب ساخت: افیون ۲ ماشہ۔ زعفران ۱ ماشہ۔ پھٹکری ۳ ماشہ۔ رسونت ۷ ماشہ۔ سب ملا کر آب برگ نیم تین تولہ۔ آب برگ تمر ہندی (املی) تین تولہ۔ عرق لیموں کاغذی ۲ تولہ میں ڈال کر نرم آگ پر پکائیں۔ جب غلیظ ہو گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال: رمد حار کے لیے گولی شیر دختر (یعنی وہ عورت جولڑکی کو دودھ پلاتی ہو) میں حل کر کے آنکھوں پر لگائیں۔ اور رمد بارد کے واسطے پانی میں حل کر کے آنکھوں پر طلا کریں۔

فوائد: یہ گولیاں آشوب چشم کے عارضہ کے لیے مفید و مجرب ہیں۔

(۱۳۱) حبوب مسکن درد چشم

ھوالشافی: پھٹکری بریاں ۱۰ تولہ۔ افیون خالص ساڑھے تین تولہ۔ ہر دو ادویہ کو آب لیموں آدھ سیر میں ملا کر آگ پر رکھیں۔ جب قوام غلیظ ہو کر گولیاں باندھنے کے لائق ہو جائے تو بڑی بڑی گولیاں بنا کر رکھیں۔

ترکیب استعمال: بوقت ضرورت پانی میں گھس کر آنکھ کے اوپر لیپ کریں اور قدرے سلائی کے ذریعہ آنکھ کے اندر ڈالیں۔

فوائد: رمد چشم سے بلکتا اور تڑپتا ہوا مریض اس سے بفضلہ منٹوں میں چین حاصل کر لیتا ہے۔

(۱۳۲) حب سیاہ

جس کے استعمال سے آنکھوں کی سرخی اور درد وغیرہ کو بے حد فائدہ ہو کر آشوب چشم کو ایک ہی روز میں افاقہ ہو جاتا ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: رسونت زرد ساڑھے چار تولہ۔ پھٹکری بریاں سوا دو تولہ۔ افیون ایک تولہ۔ برگ نیم سبز ۵ عدد۔ زعفران ۵ رتی۔ (بعض اطباء الیوا بھی سوا ماشہ ڈالتے

ہیں) سب دواؤں کو لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر ذرا سا پانی شامل کر کے کسی موٹے سے دستے سے خوب گھوٹیں۔ جب باریک ہو کر حل ہو جائے تو آگ پر رکھیں جب گولی باندھنے کے لائق ہو جائے تو گولیاں بنا کر رکھ لیں۔

ترکیب استعمال: پانی میں گھس کر آنکھ کے پپوٹوں پر لگائیں۔صبح 'دوپہر شام اور رات کو۔گویا رات دن میں چار مرتبہ لگائیں۔جب آنکھ دکھنی آئے تو چند روز بعد اس کا استعمال کریں۔شروع مرض میں آشوب چشم کا علاج نہ کرنا چاہیے۔

افعال ومنافع: آشوب چشم کے تمام عوارض ان گولیوں کے استعمال سے ایک ہی روز میں بھاگتے ہوئے نظر آتے ہیں۔درد' چبھن' کھٹک' سرخی وغیرہ میں پہلے ہی لیپ سے کمی ہو جاتی ہے۔اور چند لیپوں کے استعمال سے تو ایسا معلوم ہونے لگتا ہے۔کہ آشوب چشم کی شکایت کبھی تھی ہی نہیں۔بڑے بڑے نامی گرامی حکیم ان گولیوں کے استعمال سے شہرت اور نیک نامی حاصل کر رہے ہیں۔آپ بھی انہیں تیار کر کے اپنے مطب میں رکھیں۔آپ کی امیدوں سے بڑھ کر مفید ثابت ہوں گی۔انشاءاللہ تعالیٰ۔

(۱۳۳) حب سرخ

سرخی چشم وغیرہ ایک روز کے عرصہ میں قطعی دور

اجزاء و ترکیب ساخت: گیرو ساڑھے چار تولہ۔افیون ایک تولہ۔زنجبیل (سونٹھ) صمغ عربی (گوند کیکر) ہر ایک ساڑھے تین ماشہ۔سب دواؤں کو کوٹ چھان کر سبز دھنیے کے پانی یا کوکنار کے پانی میں ملا کر گولیاں بنالیں۔اور سایہ میں خشک کر کے رکھیں۔

ترکیب استعمال: ذرا سے پانی گھس کر آنکھوں کے پپوٹوں کے اوپر لگائیں سردی کا وقت ہو یا سردی کا زمانہ ہو تو ذرا گرم کر لیا کریں۔

صبح 'دوپہر' شام اور رات کو سوتے وقت استعمال کرائیں۔آنکھ آنے کے دو تین روز بعد ان گولیوں کا استعمال کرنا چاہیے۔

افعال ومنافع: آشوب چشم کے لیے ایک نادرہ روزگار دوا ہے۔اگر آنکھ دکھنے کے دو تین روز بعد ان گولیوں کا استعمال کرنا شروع کیا جائے تو اکثر ایک ہی روز میں نہایت حیرت

انگیز فائدہ ہوتا ہے۔ چند روز کے استعمال سے آنکھ بالکل صاف ہو جاتی ہے۔ سرخی، درد، کھٹک کا نشان باقی نہیں رہتا۔ درد وغیرہ تو پہلی بار کے لگانے سے رفع ہو جاتا ہے۔

(۱۳۴) حبوب برائے سرخی چشم

اجزاء و ترکیب ساخت : افیون ایک تولہ۔ رسونت ۴ تولہ۔ پھٹکری ۶ ماشہ۔ مصری ڈیڑھ تولہ۔ بارش یا دریا کے پانی میں پیس کر خشک کریں۔ بعدہ کانسی کے برتن میں اچھی طرح سحق کر کے گولیاں بقدر دانہ نخود بنالیں۔

ترکیب استعمال: دو گولیاں لے کر اور پانی میں گھس کر آنکھوں پر ضماد کریں۔

فوائد : جالا' پھولا' سرخی کو دور کر کے آنکھوں کو درست کرتی ہیں۔

(۱۳۵) حب اکسیری

اجزاء و ترکیب ساخت : سنگ بصری اصلی ۴ ماشہ۔ توتیا سبز ۲ ماشہ۔ زعفران اصلی ۲ ماشہ۔ ناخن فیل عمدہ ۲ ماشہ۔ غبار کی طرح چھیں۔ بعد ازاں روہو مچھلی کا پتہ لیں۔ اور اس میں سے ۲ تولہ پانی نکالیں۔ اور اس میں یہ دونوں چیزیں خوب کھرل کریں اور گولیاں بقدر دانہ نخود بنا دیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی صدف میں گھس کر ہر روز آنکھوں میں لگائیں۔ اور ذرا لیٹ جائیں تیل' سرخ مرچ اور گرم ترش چیزوں سے پرہیز کریں۔

فوائد : نزول الماء کے لیے جو دو سال کے اندر ہو۔ ازحد مفید ہیں۔ آنکھوں میں روشنی پیدا کر کے جالا و پھولا وغیرہ کو دور کرتی ہیں۔ (مرج البحرین)

(۱۳۶) حبوب پڑبال

اجزاء و ترکیب ساخت : توتیا ۳ ماشہ۔ افیون ۷ ماشہ۔ رسوت ۱۱ ماشہ۔ مصری سفید ۲۱ ماشہ۔ شہد و سرکہ ملا کر تانبہ کے برتن میں ملا کر لکڑی سے خوب گھوٹیں۔ جب گولیاں بننے کے لائق ہو جائے تو گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی ہمراہ شیر عورت یا دہی میں گھس کی آنکھوں میں لگائیں۔

فوائد : پڑبال کے لیے ازحد مفید ہے۔ (مرج البحرین)

(۱۳۷) حب شعیرہ

گوھانجنی سے نجات دلانے والی گولیاں

اجزاء و ترکیب ساخت: رسونت ۲ تولہ۔ پوست ترپھلہ ۱۵ تولہ۔ افیون ۱ ماشہ۔ پھٹکڑی ۶ ماشہ۔ لونگ کلبدار ۵ عدد۔ شورہ قلمی ۱ تولہ۔

پہلے پوست ترپھلہ جوکوب کر کے رات کو کسی آہنی برتن میں ایک سیر پانی کے ساتھ تر کریں۔ اور صبح پکائیں جب پانی نصف رہ جائے۔ مل چھان کر اور رسونت اس میں حل کریں۔ پھر پھٹکڑی اور شورہ قلمی ملا کر پکائیں۔ بعدۂ افیون شامل کر کے نرم آنچ دیں۔ جب قوام گولیاں بننے کے لائق ہو جائے تو گولیاں بنا کر رکھ لیں۔

ترکیب استعمال: بوقت ضرورت گولی کو پانی میں گھس کر آنکھ پر لیپ کریں۔ اگر یہ دوا آنکھ میں چلی جائے تو کوئی حرج نہیں ہے۔

فوائد: مرض گوہانجنی کے لیے از حد مفید ہے۔ علاوہ ازیں آشوب چشم کے لیے بھی مفید و مجرب ہیں۔

(۱۳۸) حب گل چشم

سفیدی چشم کے لیے مجرب اور لاثانی

اجزاء و ترکیب ساخت: رسوت ۱۰ تولہ۔ پھٹکڑی خام ۵ تولہ۔ سمندر جھاگ سودو تولہ۔ نیلاتھوتھا۔ ڈیڑھ تولہ۔ افیون ۶ ماشہ۔ سب دواؤں کو رات بھر پانی میں بھگو دیں صبح کو صاف کر کے آب مقطر لے کر لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر جوش دیں۔ تاکہ گاڑھا ہو جائے۔ پس آب لیموں ۱۲ عدد کا اضافہ کر کے جوش دیں۔ تاکہ گولی بنانے کے لائق ہو جائے پھر گولیاں بنا کر رکھیں۔

ترکیب استعمال: ہاتھوں کو خوب صاف کر کے ایک گولی اٹھا کر سیپی میں رکھ کر دو قطرے پانی میں حل کر کے سلائی کے ذریعہ سے آنکھ میں لگائیں۔

فوائد: یہ گولیاں پھولا چشم کے لیے از حد مفید ہیں۔ علاوہ ازیں آشوب چشم اور جالا وغیرہ کے لیے بھی مفید و مجرب ہیں۔

سینہ وپھیپھڑہ کی بیماریاں

(۱۳۹) حب آواز کشا

یہ گولیاں آواز کشائی میں نہایت عمدہ مجرب ہونے کے علاوہ لذیذ بھی ہیں

اجزاء و ترکیب ساخت: مغز بادام۔ مغز چلغوزہ۔ ہر ایک سات ماشہ۔ انیسون سونف۔ ست ملٹھی۔ گوند کیکر۔ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ۔ مصری تین تولہ۔ حسب دستور گولیاں بنائیں۔ تیار ہیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی منہ میں رکھ کر چوستے رہیں۔

فوائد: گلے کے خراش اور غدد کو درست کر کے آواز کو صاف اور بلند بناتی ہیں۔ اگر ان گولیوں کا استعمال صحت کی حالت میں بھی کیا جائے تو آواز کو بلند اور سریلی بناتی ہیں۔

(۱۴۰) حب بحث الصوت

جو کھانسی دمہ اور بلغم کی شکایات کو دور کرتی اور آواز کو صاف کرتی ہیں

اجزاء و ترکیب ساخت: کتیرا سفید۔ نشاستہ۔ گوند کیکر۔ ست ملٹھی۔ مغز کدو شیریں۔ مغز تخم خیارین۔ مصری ہر ایک ۵ تولہ۔ ادویہ باریک کوٹ کر چھان کر پانی میں گوندھ کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال: اس گولی کا طریق استعمال بہت آسان اور سادہ ہے۔ ایک گولی منہ میں رکھ لیں۔ اور اس کا لعاب آہستہ آہستہ چوستے رہیں۔ یک دم نہ نگل جائیں۔ بس ایک ہی گولی کے استعمال سے فائدہ ہونا شروع ہو جائے گا۔ حسب ضرورت پانچ دس گولیاں دن رات میں استعمال کر سکتے ہیں۔ قطعی بے ضرر چیز ہے۔

افعال ومنافع: یہ گولیاں لیکچرز' اساتذہ' علماء' واعظوں اور مناظروں' گویوں وغیرہ کے لیے نعمت غیر مترقبہ ہیں۔ بلغم کی زیادتی اور کھانسی کی وجہ سے جب آواز خراب ہو رہی ہو تو ان گولیوں کا استعمال ہمیشہ تسلی بخش ثابت ہوتا ہے۔ ان کے استعمال سے تمام بلغم خارج ہو جاتا ہے۔ گلا صاف ہو جاتا ہے۔ چند روز متواتر استعمال کرتے رہنے سے آواز بے حد

سریلی ہو جاتی ہے۔

(۱۴۱) حب بادام (برائے کالی کھانسی)

اجزاء و ترکیب ساخت : مغز بادام ا تولہ۔ دار چینی ۳ ماشہ۔ لونگ ۳ ماشہ۔ ست ملٹھی ۶ ماشہ۔ کتیرا ۳ ماشہ۔ گوند کیکر ۳ ماشہ۔ نشاستہ ۳ ماشہ۔ بہیدانہ ۶ ماشہ۔ افیون ۶ ماشہ۔ دار فلفل ۲ ماشہ۔ زعفران ا ماشہ۔ میعہ سائلہ تولہ۔ باریک پیس کر بقدر نخود گولیاں تیار کریں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی ہمراہ شربت شفا یا عرق گاؤزبان کے استعمال کریں۔

فوائد : کالی کھانسی کی شدت کو فی الفور روکتی ہے۔ بچے تو اکثر اس نامراد مرض میں مبتلا رہتے ہیں۔ اس لیے بچوں والے گھر میں ضرور تیار رکھیں۔

(۱۴۲) حب سعال کہنہ

اجزاء و ترکیب ساخت : زفت ساڑھے تین ماشہ۔ مغز بادام شیریں مقشر۔ شکر سفید ہر ایک سات ماشہ۔ کوٹ چھان کر پانی میں پیس کر گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال: رات کو سوتے وقت ایک گولی منہ میں رکھ کر چوستے رہیں۔

فوائد : یہ گولیاں شدت کھانسی کو روک کر پھیپھڑے کو طاقت ور بناتی ہیں۔ ہر قسم کی کھانسی کے لیے عجیب الاثر گولیاں ہیں۔

(۱۴۳) حب سرفہ

گلے کی خراش نزلہ و زکام اور کھانسی چند ہی خوراکوں میں دور

اجزاء و ترکیب ساخت : گوند کیکر۔ ست ملٹھی۔ تخم خشخاش۔ نشاستہ۔ افیون۔ ہر ایک ۵ تولہ۔ سوائے افیون کے باقی ادویہ باریک پیس کر افیون کو لعاب بہیدانہ میں حل کر کے باقی ادویہ ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی منہ میں رکھ کر اس کا لعاب چوستے رہیں۔ اور ایک گولی سے رگوں تک آب تازہ کے دو گھونٹوں کی مدد سے حلق کے نیچے اتاریں۔ بس اکسیر کی طرح بہت جلدی فائدہ کرے گی۔

افعال و منافع: نزلہ و زکام اور کھانسی کو دور کرنے کے لیے یہ گولی نہایت ہی عجیب الاثر

ہے۔اس کی پہلی خوراک سے ہی گلے کی خراش میں تخفیف ہوکر مریض کو چین نصیب ہو جاتا ہے۔شدت نزلہ کی حالت میں جو خفیف حرارت سی محسوس ہوا کرتی ہے۔وہ اس کی چند ہی خوراکوں سے دور ہو جاتی ہے۔اس گولی کے استعمال سے آواز صاف ہوتی ہے۔اور دماغ کو قوت پہنچتی ہے۔

(۱۴۴) حب لعاب بہدانہ

خشک کھانسی کے لیے ایک عجیب نسخہ

اجزاء و ترکیب ساخت : مغز بہدانہ۔مغز کدو۔مغز تخم خیارین۔ ہر ایک دو ماشہ۔ زعفران ایک ماشہ۔گوند کیکر۔نشاستہ۔کتیرا۔ ہر ایک تین ماشہ۔مغز بادام شیریں مقشر۔ ست ملٹھی۔مویز منقیٰ۔تخم خشخاش سفید۔ ہر ایک ۴ ماشہ۔معری سات ماشہ۔کوٹ چھان کر لعاب بہدانہ میں گوندھیں۔اور چنے کے برابر گولیاں بنا دیں۔

ترکیب استعمال : ایک گولی منہ میں رکھ کر اس کا لعاب چوستے رہیں۔ایک دن میں کئی گولیاں استعمال کریں۔

افعال ومنافع: خشک کھانسی کے لیے یہ گولی بہت فائدہ مند ثابت ہوتی ہے اس کے استعمال سے بار بار کھانسی کا اٹھنا لیکن اس کے ساتھ بلغم کا خارج نہ ہونا وغیرہ شکایات کا چند ہی روزہ میں ازالہ ہو جاتا ہے۔سل کی کھانسی میں اس کا استعمال سودمند پایا گیا ہے۔

(۱۴۵) حب سعال عجیب

لا علاج بلغمی کھانسی کے لیے آخری دوا

اجزاء و ترکیب ساخت : افیون ساڑھے ۳ ماشہ۔گوند کیکر ۷ ماشہ۔میعہ سائلہ ایک تولہ دو ماشہ۔کندر ایک تولہ ۲ ماشہ۔ست ملٹھی ایک تولہ ۲ ماشہ۔جملہ ادویہ کو باریک کوٹ کر گولیاں بقدر موٹھ بنائیں۔

ترکیب استعمال : ایک گولی ہمراہ آب بوقت شام اور صبح کھلائیں۔بچوں کو چوتھائی گولی استعمال کرائیں۔

فوائد : شدید سے شدید کھانسی کے لیے بمنزلہ آب حیات ہیں۔نزلہ خواہ حار ہو یا بارد

دونوں قسم کے نزلہ کے لیے بھی از حد مفید ہیں۔

(۱۴۶) حب سرفہ شدید

اجزاء و ترکیب ساخت: مرچ سیاہ ۳ ماشہ۔ مکھاں ۶ ماشہ۔ انار دانہ ایک تولہ۔ قند سیاہ (گڑ) ۲ تولہ۔ جوکھار ڈیڑھ ماشہ۔ شہد خالص کے ساتھ گولیاں بقدر نخود بنائیں۔

ترکیب استعمال: ترکیب ۲ گولی صبح وشام ہمراہ آب تازہ

فوائد: پرانی سے پرانی کھانسی بفضلہ چند یوم میں دفع ہو جاتی ہے۔ کھانسی تو کیا دمہ کو بھی مسلسل استعمال سے دور کرتی ہیں۔

(۱۴۷) حب گل پستہ

سینہ سے بلغم کی اخراج اور بلغمی کھانسی کی لیے اکسیر

اجزاء و ترکیب ساخت: گل پستہ۔ پوست بلیلہ ہموزن لے کر کوٹ چھان کر ادرک کے عرق میں ملا کر دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: کھانسی کے وقت ایک گولی منہ میں رکھیں اس کا لعاب چوستے رہیں۔

افعال و منافع: اجزا کو دیکھنے سے اگر چہ یہ گولی ایک حقیری شے نظر آتی ہے مگر در حقیقت ایسا نہیں ہے موقعہ ومحل کو دیکھ کر ٹھیک جگہ اس گولی کا استعمال کرایا جائے تو اس سے بہت اعلیٰ فوائد ظاہر ہوتے ہیں۔ سینہ سے کھر کھر کی آواز آتی ہو۔ کھانسی کا بہت زور ہو۔ تو اس گولی کے استعمال سے سینہ بلغم سے خالی ہو کر بلغمی کھانسی کی شکایت دور ہو جاتی ہے۔

(۱۴۸) حب فانیذ

جب کہ اطبا بھی کھانسی کے علاج سے عاجز آچکے ہوں۔ اس وقت یہ گولیاں سیمانی اثر دکھاتی ہیں

اجزاء و ترکیب ساخت: جوکھار سوا پانچ ماشہ۔ مرچ سیاہ ساڑھے دس ماشہ۔ پیپل پونے ۲ تولہ۔ انار دانہ ساڑھے تین تولہ۔ گڑ سات تولہ۔ دواؤں کو کوٹ چھان کر گڑ میں گوندھ کر گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی رات کو منہ میں رکھ کر چوستے رہیں۔
فوائد: شدید سے شدید کھانسی جس میں کھانستے کھانستے قے بھی آجاتی ہو۔ اور حکیم بھی اس کے علاج سے عاجز آ گئے ہوں۔ بفضلہ اس کی ایک ہی خوراک اپنا معجز نما اثر دکھاتی ہے۔ علاوہ ازیں ضیق النفس کے لیے بھی ازحد مفید ہے۔ تجربہ کر کے فائدہ اٹھائیں۔

(۱۴۹) حب گل پستہ

کھانسی کے لیے انتہائی دوا

اجزاء و ترکیب ساخت: گل پستہ۔ بہیڑہ برابر وزن کوٹ چھان کر ادرک کے پانی میں گوندھ کر دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنا دیں۔
ترکیب استعمال: ایک گولی منہ میں رکھ کر چوستے رہیں۔
فوائد: کھانسی کی اکثر قسموں کا تریاق ہے۔

(۱۵۰) حب مغز بادام

سینہ کو بلغم سے صاف کرنے اور آواز کو رسیلی بنانے کے لیے ایک مجرب نسخہ

اجزاء و ترکیب ساخت: مغز بادام شیریں مقشر بریاں۔ مغز بادام تلخ مقشر بریاں۔ تخم السی۔ مصری۔ شکر سفید۔ مغز حب صنوبر کلاں مقشر۔ ہر ایک ۲ تولہ۔ افیون۔ گوند۔ آلو بخارا۔ ایرسا۔ ست ملٹھی۔ ہر ایک ایک تولہ۔
دواؤں کو کوٹ چھان کر سونف کی تازہ اور سبز پتیوں کا عرق نکال کر دوا کو ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔
نوٹ: اگر مغز حب صنوبر نہ مل سکے۔ تو مغز چلغوزہ اضافہ کریں۔
ترکیب استعمال: ایک سے تین گولی تک کی مقدار میں بوقت صبح و شام عرق گاؤزبان بارہ تولہ کے ہمراہ شربت خشخاش ۲ تولہ کے ساتھ استعمال کریں جب کھانسی اٹھے اسی وقت ایک گولی منہ میں رکھ کر اس کا لعاب چوستے رہیں۔
افعال و منافع: آواز کو صاف کرنے کے لیے سریع التاثیر ہے سینہ کے بلغم کو صاف کرتی ہے۔ پرانی کھانسی کی شکایت میں بہت مفید ہے۔ پھیپھڑے کے زخم کو بھرتی ہے۔ سل کی

کھانسی میں بھی اس کا تجربہ کیا گیا اور کامیاب پایا گیا۔ اچھی مفید چیز ہے۔ اور استدعا ہے کہ صاحبان علم و تجربہ اسے اپنے مطب میں ہروقت تیار رکھیں۔ مشہور ومعروف دواخانوں سے بکثرت فروخت ہو رہا ہے۔ ہزار ہا بندگان خدا کو فیض پہنچا رہی ہے۔ اس سے آپ اندازہ کر سکتے ہیں کہ یہ کس قدر مفید چیز ہے۔

(۱۵۱) حب نجات برائے دمہ

ایک ہفتہ میں دمہ دور

اجزاء و ترکیب ساخت: ہڑتال ورقیہ۔ تمباکو۔ سندرس۔ کندر۔ ہموزن گولی بقدر دانہ نخود کے بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی منہ میں رکھ کر آہستہ آہستہ چوستے رہیں۔ جب ایک گولی ختم ہو جائے تو دوسری گولی رکھ دیں۔ اسی طرح دن میں کم از کم چار گولی تک ضرور چوس لیا کریں۔

فوائد: سینہ سے بلغم کو متحرک کر کے بذریعہ کھانسی خارج کرتی ہیں۔ ایک ہفتہ کے استعمال سے سینہ بلغم سے بالکل پاک وصاف ہو جاتا ہے۔ اور اس نامراد بیماری کا ستایا ہوا مریض بفضلہ پہلی رات ہی آرام کی نیند سو جاتا ہے۔ بہر حال یہ گولیاں دمہ کے لیے اکسیر سے کم نہیں۔

نوٹ: ان گولیوں کے دوران استعمال میں پانی بہت کم پئیں۔ خصوصاً ٹھنڈا پانی ہرگز نہ پئیں۔ تیل۔ ترشی وغیرہ سے پرہیز کریں۔

(۱۵۲) حب اڑوسہ

ضیق النفس کی مجرب المجرب اور لاثانی دوا

اجزاء و ترکیب ساخت: برگ اڑوسہ معہ برگ وشاخ و بیخ ٹکڑے ٹکڑے کر کے دیگ آہنی میں ڈال کر پانی میں پکائیں۔ حتیٰ کہ بالکل گل جائے۔ اتار کر ہاتھ سے بخوبی مل کر کپڑے میں سے چھان لیں۔ پھر دوبارہ آگ پر رکھیں اور قوام میں لائیں۔ اور مرچ سیاہ کے برابر گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال: اگر مریض بالکل نیا ہے۔ تو ہر روز ایک گولی لیں۔ اور اگر مرض مزمن

ہوتو ہر روز ایک گولی بڑھائیں حتیٰ کہ چالیسویں دن تک چالیس گولی ہو جائیں یعنی پہلے روز ایک دوسرے روز ۲ اسی طرح چالیسویں روز چالیس۔

فوائد : ضیق النفس کے لیے عمدہ اور بے مثل نسخہ ہے۔ جو نامی اطباء کے مطبوں میں ہر وقت تیار رہتا ہے۔ آپ بھی بنا کر ضرور فائدہ اٹھائیں۔

(۱۵۳) حب اکسیر ضیق النفس

بلغمی دمہ کے لیے اکسیر

اجزاء و ترکیب ساخت : آک کے پھول۔ تخم دھتورہ سیاہ۔ ہر ایک ایک تولہ نمک لاہوری۔ مرچ سیاہ ہر ایک ۶ ماشہ۔ جملہ ادویہ کو کھرل میں ڈال کر آب ادرک سے خوب پیس لیں۔ اور گولیاں بقدر نخود بنائیں۔

ترکیب استعمال : ایک گولی صبح بوقت صبح نہار منہ کھلایا کریں۔ تیل و ترش چیزوں سے پرہیز کرائیں۔

فوائد : یہ گولیاں دمہ کے لیے اکسیر کا حکم رکھتی ہیں۔ یہ ایسے بیاض کی معجز الاثر دوا ہے جو آج سے ایک صد ساٹھ سال بیشتر کا لکھا ہوا ہے۔

علاوہ ازیں پرانے بخاروں کے لیے بھی اکسیر سے کم نہیں۔ لیکن نوعیت بخار معلوم کر کے مناسب بدرقہ کے ہمراہ استعمال کرانی چاہئیں۔

(۱۵۴) حب ضیق النفس

وہ گولیاں جو اگرچہ بہت سادہ اجزاء سے مرکب ہیں۔ لیکن دمہ اور کھانسی کے لیے بہت مفید ثابت ہوتی ہیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : دار فلفل۔ کاکڑا سنگی۔ ملٹھی۔ لونگ۔ پوست انار شیریں۔ جوکھار۔ ہر ایک ۲ ماشہ۔ سب کو کوٹ چھان کر شہد خالص میں شامل کر کے گولیاں بقدر نخود بنالیں۔

ترکیب استعمال : ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ آب تازہ استعمال کی جائے اور کرشمہ کار فوائد مشاہدہ کیے جائیں۔

افعال وخواص: کھانسی کی شکایت خواہ معمولی ہو یا شدید عموماً ان گولیوں کے استعمال سے بہت جلد اس کا ازالہ ہو جاتا ہے۔ اگرچہ دمہ میں بھی ان کا استعمال مفید ثابت ہوا ہے۔ مگر دمہ کی شکایت میں ان گولیوں سے مکمل فائدہ کی توقع نہ رکھنی چاہیے۔ صبح و شام ہمراہ آب تازہ استعمال کرنے کے علاوہ ان گولیوں کو منہ میں رکھ کر ان کا لعاب چوستے رہنے سے بھی بہت فائدہ ہوتا ہے۔ رات کو کھانسی آتی ہو تو سوتے وقت دو گولیاں منہ میں رکھ لیں پہلی ہی رات کے استعمال سے بہت کافی فائدہ محسوس ہوگا۔ اچھی اور قابل قدر چیز ہے۔ ہر ایک مطب میں تیار رہنی چاہیے۔

(۱۵۵) حبوب ذات الجنب

اجزاء و ترکیب ساخت: شاخ گوزن ۶ ماشہ۔ نمک لاہوری ۶ ماشہ۔ موم ۶ ماشہ باریک پیس کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی صبح اور ایک گولی شام ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔

فوائد: سینے کے نئے اور پرانے دردوں میں از حد مفید ہے۔ نمونیا کے لیے دو گولی دوران مرض میں پانی کو نیم گرم کر کے دینے سے تھوڑی دیر بعد بعونہ درد ساکن ہو جاتا ہے۔

(۱۵۶) حب مشکی دافع نمونیہ

اجزاء و ترکیب ساخت: مشک خالص۔ میعہ سائلہ۔ تخم خرطم۔ دارچینی۔ برگ سداب مقل۔ ازرق۔ ریوند چینی۔ ست لوبان۔ ست پودینہ۔ اجوائن دیسی۔ مصطگی رومی۔ زعفران خالص جملہ ادویہ ہم وزن کو خوب باریک کر لیں۔ اور شہد میں ملا کر سایہ میں خشک کریں اور گولیاں بقدر دانہ مونگ بنالیں۔

ترکیب استعمال: دو گولیاں ہمراہ بدرقہ مناسب استعمال کریں۔

فوائد: ذات الجنب کے لیے بمنزلہ اکسیر ہیں۔ خدا کے فضل و کرم سے جلد از جلد شفا بخشتی ہیں۔ نیز مقوی پھیپھڑہ بھی ہیں۔

(۱۵۷) حب زمرد مرواریدی (برائے سل)

اجزاء و ترکیب ساخت: مروارید ناسفتہ۔ زمرد۔ یاقوت رمانی۔ زہر مہرہ۔ کہر

یاشمی۔ لعل بذخشانی۔ یشب سفید۔ کافور قیصوری۔ ہر ایک ۳ ماشہ۔ ریشہ پوست۔ بیخ انجبار۔ صندل سفید۔ گل ارمنی۔ ہر ایک ۲ ماشہ۔ ست ملٹھی۔ گوند کیکر۔ گوند کتیرا۔ نشاستہ۔ گل نیلوفر۔ سرطان۔ محرق طباشیر سفید۔ پوست تخم خشخاش۔ گل گاؤزبان ہر ایک ساڑھے چار ماشہ۔ زعفران ۳ رتی جواہرات کو گلاب میں کھرل کریں۔ اور باقی ادویہ کھرل کر کے لعاب بہدانہ میں گولیاں بہ مقدار ۲ ماشہ کے تیار کریں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی ہمراہ عرق شیر استعمال کرائیں بفضلہٖ دو تین روز میں ہی زیادہ فرق نظر آنے لگتا ہے۔

(۱۵۸) حب سل

اجزاء و ترکیب ساخت : سنگجراحت ایک تولہ۔ شیرہ جو مقشر ۶ ماشہ۔ ست ملٹھی۔ افیون۔ مغز بادام شیریں مقشر ہر ایک ۴ ماشہ۔ گوند کیکر۔ کتیرا۔ مغز تخم کدو شیریں۔ خرقہ مقشر۔ تخم خشخاش سفید۔ گل داعستانی۔ بسد گھسا ہوا۔ ہر ایک تین ماشہ۔ مغز بہدانہ۔ مغز تخم خربزہ۔ دم الاخوین۔ گل ارمنی ہر ایک ۲ ماشہ۔ مغز تخم خیارین ۲ تولہ۔ تمام دواؤں کو جدا جدا کوٹ کر رکھیں۔ اور اس کے بعد گل بنفشہ ۴ ماشہ۔ گل نیلوفر۔ تخم خطمی۔ تخم خیارین۔ ہر ایک تین ماشہ۔ سپستان ۱۰ عدد۔ پوست خشخاش تین عدد۔ اسپغول ۲ ماشہ۔ پرسیاوشاں۔ زوفائے خشک۔ ہر ایک تین ماشہ لے کر ڈیڑھ پاؤ پانی میں جوش دیں۔ جب تیسرا حصہ باقی رہے۔ مل چھان کر شیرہ اور مصری ۹ ماشہ اضافہ کر کے پھر جوش دیں۔ یہاں تک کہ غلیظ ہو جائے اس کے بعد مذکورہ دواؤں کو ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: ان گولیوں میں سے دن رات میں دس گولیاں منہ میں رکھیں۔ یعنی تمام دن رات میں ایک ایک کر کے دس گولیاں روزانہ استعمال کریں۔

فوائد : کھانسی اور سل کے لیے نہایت عمدہ اور لاجواب گولیاں ہیں۔ بفضلہٖ بہت جلد ان سے سینہ کے زخم وغیرہ بھر جاتے ہیں۔ اور مریض تندرست ہو جاتا ہے۔ عجیب الاثر گولیاں ہیں۔

❀❀❀

دل کی بیماریاں

(۱۵۹) حب صندل مروار یدی

اجزاء، و ترکیب ساخت : مروار ید ناسفتہ۔ زہر مہرہ۔ صندل سفید۔ ہر ایک ۴ ماشہ۔ اگر۔ جدوار خطیبی ہر ایک ۵ ماشہ۔ مشک ۹ رتی۔ کافور تین رتی۔ گوندنا گوری ۲ ماشہ۔ ورق نقرہ ایک ماشہ تمام ادویات کو باریک پیس کر عرق میں گوندھ کر رتی رتی کی گولیاں بنادیں۔

ترکیب استعمال : ۲ گولی صبح ہمراہ عرق گلاب و عرق بید مشک اور ۲ گولی شام انہی عرقیات کے ساتھ دیں۔

فوائد : دل کی دھڑکن کو روکتی ہیں۔ اور گرم بخارات سے قلب کو بچاتی ہیں۔ علاوہ ازیں دوسرے اعضاء رئیسہ کے لیے بھی از حد مفید و مقوی ہیں۔ خفقان کے لیے خصوصیت سے نافع ہیں۔

(۱۶۰) حب جواہرات

اجزاء، و ترکیب ساخت : یشب سبز ایک تولہ کو آگ میں سرخ کر کے سات دفعہ عرق گلاب میں بجھا دیں۔ پھر پیس لیں۔ پوست اندرون پستہ۔ نارجیل دریائی۔ الائچی خورد۔ الائچی کلاں زہر مہرہ ہر ایک ایک تولہ۔ ورق طلاء۔ ورق نقرہ ہر ایک ۶ ماشہ۔ مروار ید ناسفتہ ۲ ماشہ۔ پیس کر گولیاں بقدر جنگلی بیر بنادیں۔

ترکیب استعمال : ایک گولی صبح اور ایک گولی شام ہمراہ عرق بید مشک یا کیوڑہ ۵ تولہ۔ گولی کو عرق میں حل کر کے پھر عرق پلادیں۔

فوائد : یہ بے نظیر گولیاں قلب کو تقویت دینے اور دل دھڑکنے میں لاثانی اور بے نظیر ہیں۔ قلب کی زائد حرارت جس کی وجہ سے دل ضعیف اور پھڑ پھڑاتا ہے۔ بفضلہٖ یقینی طور پر دفع کرتی ہیں۔ ضعف قلب کے مریضوں کو ضرور انہیں استعمال کرنا چاہیے۔

❀❀❀

جگروتلی کی بیماریاں

(۱۶۱) حب کبدنوشادری

اجزاء و ترکیب ساخت : نوشادر۔ نمک طعام۔ نمک سیاہ۔ نمک لاہوری۔ سہاگہ بریاں۔ نرکچور۔ بلیلہ سیاہ۔ پوست بلیلہ۔ بابڑنگ۔ مرچ سیاہ سونٹھ ہرایک ایک تولہ سب کو کوٹ چھان کرعرق گلاب میں شامل کر کے گولیاں بقدرنخود بنالیں۔

ترکیب استعمال: یہ گولیاں کھانا کھانے کے بعد دو سے چار تک کی تعداد میں استعمال کی جاتی ہیں۔ دوپہراور شام دونوں وقت استعمال کریں۔

افعال ومنافع: جگر ومعدہ کی کمزوریوں اور نقائص کو دور کرنے کے لیے یہ گولیاں بہت عظیم الخواص ہیں۔ بھوک کا نہ لگنا۔ معدہ وجگر کا درداور ورم وغیرہ ان کے استعمال کے چند ہی خوراکوں میں دور ہو جاتے ہیں۔ بڑے بڑے مشہور طبیب ان گولیوں کو بکثرت استعمال کرواتے اور ان کے حیرت انگیز فوائد پھر بھر دسہ رکھتے ہیں۔ آپ بھی ان گولیوں کو تیار کر کے اپنے مطب میں رکھیں۔ اور موقعہ کو دیکھ کران کا استعمال کرائیں۔ اور کرشمہ کارفوائد مشاہدہ کریں۔

(۱۶۲) حب جگر

اجزاء و ترکیب ساخت : سہاگہ۔شورہ۔ ہرایک ۲ تولہ دونوں کو باریک پیس کر رکھ لیں اوران کے درمیان حجرالیہود ایک تولہ رکھیں۔ اس میں سے نصف ایک کوزہ گلی گل حکمت شدہ میں بچھا کر اور ایک تولہ تک رکھ دیں۔ باقی نصف سفوف مذکورہ اس کے اوپر لحاف کر دیں۔ اور کوزہ کا منہ سوراخ دار سرپوش سے اچھی طرح بند کر کے ایک سیر پتھے بھڑک کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر اندر کی دوا نکال کر اس کے ہموزن کتھ گلابی ملا کر آب لیموں سے کھرل کر کے دانہ موٹھ کے برابر گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی صبح ہمراہ عرق کو تین دن تک استعمال کرائیں۔

فوائد : ضعف جگراور ہرقسم کی ریاح کو توڑتی ہے۔ قولنج ریحی اور تمام ریحی دردوں کو دور

کرتی ہے۔بارہابار کی مجرب ہے۔

(۱۶۳) حب فولاد

جو ہر قسم کی ضعف جگر میں بے عدیل ھے

اجزاء و ترکیب ساخت: کشتہ فولاد ایک تولہ۔ ہلیلہ زرد ۴ تولہ۔ مغز بادام ۵ تولہ۔ ریوند خطائی ۶ ماشہ سب ادویہ کو گھیکوار کے گودے ۲ تولہ سے کھرل کر کے گولیاں بقدر نخود بنا لیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی ہمراہ لسی یا دودھ صبح کے وقت کھلا دیں۔

فوائد: ضعف جگر۔ بھس۔ کمی خون اور ہر قسم کے امراض جگر میں بے حد مفید ہیں۔ خون صالح پیدا کر کے چہرہ کو خوش رنگ بناتی ہیں۔ خون کے سرخ دانوں کو زیادہ کرتی ہیں۔

(۱۶۴) حب مصطگی

جگر کا ورم چند دنوں میں نیست و نابود

اجزاء و ترکیب ساخت: دار چینی۔ الائچی خورد۔ ریوند۔ سونف۔ مصطگی۔ سنبل الطیب۔ جوکھار۔ ہر ایک ۷ ماشہ۔ سب دواؤں کو کوٹ کر سرکہ میں حل کر کے گولیاں بقدر دانہ ماش کے بنائیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی ہمراہ سکنجبین بزوری بوقت صبح کھلائیں۔ اگر تنقیہ کے بعد یہ گولیاں استعمال کرائی جائیں تو بہت جلدی بفضلہ فائدہ ہوجاتا ہے۔

فوائد: صلابت جگر کو رفع کرتی ہیں۔ علاوہ ازیں بھوک کو زیادہ کر کے غذا کو جزو بدن بناتی ہیں۔ عجیب زوداثر اور پرتاثیر گولیاں ہیں۔

(۱۶۵) حب افسنتین

جگر کے سدے کھول کر مواد فاسد خارج کرتی ھیں

اجزاء و ترکیب ساخت: تخم کرفس ۱۴ ماشہ۔ انیسون ۱۱ ماشہ۔ سونف۔ اجوائن۔ ملٹھی۔ افسنتین ہر ایک ۱۵ ماشہ۔ مصطگی۔ سنبل الطیب۔ دار چینی۔ ہر ایک ۷ ماشہ۔ صبر سقوطری پونے ۲ تولہ۔ جملہ ادویہ کوٹ چھان کر ہمراہ آب گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال: بلحاظ مرض ۲ سے ۴ گولی ہمراہ آب تازہ یا بدرقہ مناسب سے استعمال کریں۔

فوائد: جگر کے سدے کھولتی ہیں۔ علاوہ دافع یرقان اور سوء القینہ ہیں۔

(۱۶۶) حب سقمونیا دافع استسقاء

اجزاء و ترکیب ساخت: صبر سقوطری ۲ تولہ ۴ ماشہ۔ سورنجاں شیریں ۷ ماشہ۔ تربد سفید ۲ تولہ ۴ ماشہ۔ پوست ہلیلہ ۷ ماشہ۔ بوزیدان ۷ ماشہ۔ انیسون اڑھائی ماشہ۔ سقمونیا بریاں اڑھائی ماشہ۔ مقل ارزق ساڑھے ۳ ماشہ تمام ادویہ کو آب گندنا کے ساتھ سحق کر کے گولیاں بقدر نخود کے بنالیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت: دو گولیاں ہمراہ آب گرم مریض کو کھلائیں۔

فوائد: جگر کے مجاری سے سدوں کو کھول کر سوء القینہ اور استسقاء کو رفع کرتی ہیں کیونکہ مریض سوء القینہ اور استسقاء کا تنقیہ کرنا نہایت ضروری ہے۔ اور ان کے چند روزہ استعمال سے جگر بالکلیہ صاف ہو جاتا ہے۔

(۱۶۷) حب خبث الحدید

یرقان زدہ کے لیے آب حیات

اجزاء و ترکیب ساخت: پوست ہلیلہ کابلی ۱۰ تولہ۔ لوہ چون ۵ تولہ۔ ملٹھی مقشر ۱۵ تولہ۔ باریک پیس کر ترش دہی ۴ سیر میں ملا کر اور مٹی کی ہانڈی میں ڈال کر آٹھ یوم دھوپ میں رکھیں۔ ہر روز اس میں لکڑ پھراتے رہیں۔ نویں روز لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر لوہے کے دستے سے خوب پیسیں۔ اور دو یوم برابر کھرل کرتے رہیں۔ جب گولیاں بنانے کے قابل ہو جائے تو گولیاں بقدر جنگلی بیر بنائیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی صبح ایک گولی شام بکری کے دودھ کے ساتھ ۲۱ یوم تک کھلائیں۔

فوائد: یہ نسخہ بار ہا کا مجرب اور خاندانی ہے۔ یرقان زدہ کے لیے جب کہ تمام بدن زرد ہلدی کی رنگت کا ہو گیا ہو۔ سانس پھولتا ہو اور مریض اس موذی مرض سے علاج کرا کر تنگ

آ گیا ہو۔ اس وقت یہ گولیاں اللہ تعالیٰ کے حکم سے جادو کا اثر رکھتی ہیں عجیب چیز ہے۔ ضرور استعمال میں لائیں اور صحت یاب ہو کر باری تعالیٰ سے ہمارے لیے دست بدعا ہوں۔

(۱۶۸) حب نمک شورہ والی

تلی کے ورم اور بھوک کو دور کرنے میں لاثانی

اجزاء و ترکیب ساخت : شورہ قلمی ۵ حصہ۔ کاہی زرد ۳ حصہ۔ پھٹکری ۲ حصہ۔ نوشادر نمک سنگ۔ نمک شورکلر۔ نمک سانبھر۔ نمک سونچر۔ جوکھار۔ سہاگہ۔ کف دریا۔ ہر ایک ایک حصہ۔ ان تمام ادویہ کا نصف حصہ لے کر تیزاب کشید کریں۔ پھر مغز کرنجوہ۔ ہینگ۔ بریاں دو دو تولہ لے کر اس تیزاب میں یہاں تک کھرل کریں کہ تیزاب جذب ہو جائے۔ بعد ازاں گولیاں بقدر نخود بنائیں۔

ترکیب استعمال : ایک گولی عرق لیموں کے ساتھ اللہ کا نام لے کر کھلائیں۔

فوائد : یہ دوا مجرب اور قوی العمل ہے۔ دنوں میں اپنا فائدہ دکھا کر مریض کو کلی صحت بخشتی ہے۔ تلی خواہ کتنی ہی بڑھ گئی ہو۔ بفضلہ اس کی چند خوراکوں سے دور ہو جاتی ہے۔ خدائی انعامات سے ایک انعام ہے۔ بنا کر ضرور فائدہ اٹھائیں۔

نوٹ : تیزاب کھینچنے کی ترکیب علیحدہ باب میں لکھ دی گئی ہے۔ وہاں دیکھ لیں۔

(۱۶۹) حب طحال

اجزاء و ترکیب ساخت : ریوند خطائی۔ نوشادر۔ صبر سقوطری۔ شورہ قلمی۔ سہاگہ۔ ہر ایک ایک تولہ۔ سب ادویہ کو سرکہ عمدہ ۴ تولہ کے ہمراہ کھرل کریں۔ اور گولیاں بقدر دو رتی کے بنائیں۔

ترکیب استعمال : ایک گولی صبح ایک گولی شام اور ایک گولی دو پہر ہمراہ پانی استعمال کریں۔ اور دال ماش چاول اور چنوں سے پرہیز کریں۔ غذا میں مونگ کی دال اور گوشت بز وغیرہ کھلائیں۔

فوائد : یہ گولیاں نعمت غیر مترقبہ ہیں۔ بڑے سے بڑا طحال چند یوم کے استعمال سے بفضلہ دور ہو جاتا ہے۔

۱۷۰) حب نادر الوجود

اجزاء و ترکیب ساخت : پوست ہلیلہ زرد۔ سونٹھ۔ چیتہ۔ سہاگہ بریاں۔ شورہ قلمی بابڑنگ۔ زیرہ سیاہ۔ زیرہ سفید۔ نمک سینداہا ہموزن کوٹ چھان کر اور قند سیاہ (گڑ) سب ادویہ سے دوگنا ملا کر چنے کے برابر گولیاں باندھ لیں۔

ترکیب استعمال: ۲ گولی ہمراہ آب گرم روزانہ استعمال کریں۔

فوائد : عجیب وغریب لاثانی دوا ہے۔ جہاں بڑے سے بڑے نسخے فیل ہو چکے ہوں۔ وہاں اللہ کا نام لے کر ان گولیوں کو بھی استعمال کر کے قدرت خدا کا تماشہ دیکھیں۔

معدہ اور آنتوں کی بیماریاں

(۱۷۱) حب حلتیت

معدے کو تقویت ریاح کو خارج اور باہ کو حرکت میں لانے کے لیے

عجیب الاثر نسخہ

اجزاء و ترکیب ساخت : ہینگ ۴ تولہ۔ سونٹھ ۲ تولہ۔ نمک لاہوری۔ نمک سیاہ ہر ایک ۲ تولہ۔ لونگ۔ خولنجاں۔ مرچ سیاہ۔ فلفل دراز۔ الائچی خورد۔ کباب چینی۔ مصطگی۔ پپلا مول اجوائن دیسی۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ پوست بلیلہ۔ آملہ۔ کلونجی ہر ایک ایک تولہ۔ سب دواؤں کو کوٹ چھان کر رکھ لیں۔ اور ہینگ کو کوٹ کر گھی میں بریاں کریں۔ بعدۂ آب گھیکوار اور آب لیموں۔ آب ادرک تازہ برابر وزن لے کر ہینگ کو تر کریں۔ مگر یہ چیزیں اس قدر زیادہ ہوں کہ ہینگ سے چار انگل اوپر رہیں۔ جب پانی دواؤں کا خشک ہو جائے۔ تو پھر اسی طریقہ سے گھیکوار لیموں اور ادرک کے پانیوں میں تین مرتبہ تر کر کے خشک کر لیں۔ بعد ازاں چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال: یہ گولیاں کھانا کھانے کے بعد ا تا ۲ کی تعداد میں نیم گرم پانی کے چند گھونٹ کی مدد سے حلق سے نیچے اتار لی جاتی ہیں۔

افعال ومنافع: ان گولیوں کے استعمال سے حد درجہ ضعیف وکمزور معدہ میں بھی از سر نو

حرارت ہاضمہ مشتعل ہو جاتی ہے۔ اگر کھایا پیا کچھ ہضم نہ ہوتا ہو تو ان کی چند ہی خوراکوں سے بخوبی ہضم ہو کر جزو بدن بننے لگتا ہے۔ ریاح کو خارج کرنے میں بس یہ گولیاں اپنا نظیر نہیں رکھتیں۔ تمام ریاحی امراض میں ان کا استعمال بے حد مفید نتائج کا مظہر ثابت ہوا ہے۔ ان کے استعمال سے معدہ اور جسم کی برودت دور ہو کر حرارت غریزی برانگیخت ہوتی ہے۔ جسم کی سستی اور کاہلی رفع ہو کر چستی اور لطافت آ جاتی ہے۔ ضعف نسلی کو دور کر کے قوت مردانہ میں ایک نیا جوش وخروش پیدا کرنے کے لیے بھی ان گولیوں کے فوائد بہت معتبر ومفید تر ہیں۔ خصوصیت سے ضعف معدہ سے پیدا ہونے والے ضعف باہ کو تو ان کے استعمال سے بے حد فائدہ پہنچتا ہے۔ لاجواب چیز ہے۔ بنا کر آزمائش کیجئے۔

(۱۷۲) حب مشتہی ترش

تقویت معدہ تحلیل ریاح اور ریاحی بواسیر کو دور کرنے کے لیے بے حد مجرب

اجزاء و ترکیب ساخت: سونٹھ ایک سیر۔ نمک سیاہ۔ نمک سنگ ہر ایک ایک پاؤ لونگ۔ فلفل دراز۔ گندھک اتولہ چار ماشہ۔ الائچی خورد ۱۴ ماشہ۔ ہر ایک دوا کو جدا جدا کوٹ چھان کر آب لیموں میں تر کریں۔ بعد ازاں خشک کر دیں۔ اسی طرح سات مرتبہ تر و خشک کریں پھر گولیاں بقدر نخود بنا لیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی سے چار گولی تک ہمراہ آب تازہ دوپہر کو کھانا کھانے کے ایک گھنٹہ بعد یا رات کو سوتے وقت استعمال کریں۔ صبح اور شام دونوں وقت بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

فوائد: ضعف ہضم کی شکایت کو دور کرنے کے لیے ہم نے ان گولیوں کو بہت ہی مفید شے پایا ہے۔ ان کے استعمال سے غذا بخوبی ہضم ہونے لگتی ہے۔ ریاح کو تحلیل کرنے اور ریاحی بواسیر کو دور کرنے کے لیے یہ گولیاں خصوصیت سے مجرب ہیں۔ آپ انہیں تیار فرما کر کسی مریض پر آزمائیں گے تو ان شاء اللہ خوش ہوں گے۔

(۱۷۳) حب پپیتہ

جو معدہ کو تقویت بخشتی ضعف ہضم کو دور کرتی اور ہیضہ کے ایام

میں حفظ ماتقدم کا کام دیتی ہیں

اجزاء و ترکیب ساخت: پپیتہ انگریزی ۶ ماشہ۔ سونٹھ۔ مرچ سیاہ۔ پودینہ خشک۔ گل مدار۔ نمک لاہوری۔ نمک سیاہ ہر ایک ایک تولہ سب دواؤں کو کوٹ چھان کر عرق لیموں ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی دو پہر اور ایک رات کو کھانا کھانے کے بعد ہمراہ آب تازہ استعمال کریں اور اس کے بے نظیر فوائد کا مشاہدہ کریں۔

افعال ومنافع: ضعف ہضم کی شکایت کو دور کر کے معدہ کو تقویت بخشنے کے لیے ان گولیوں کا استعمال بے حد مفید و مجرب ہے۔ ان کے استعمال سے دودھ، گھی اور دیگر مقوی غذائیں بخوبی ہضم ہو کر جزو بدن بنتی ہیں۔ جس سے خون صالح کثیر مقدار میں پیدا ہوتا ہے۔ اور چہرے کی بے رونقی دور ہو جاتی ہے۔ تخمہ اور ہیضہ کی حالت میں بھی حسب موقعہ و محل استعمال کرانے سے یہ گولیاں نہایت حیرت انگیز کرشمے دکھاتی ہیں۔ ہیضہ کے ایام میں بطور حفظ ماتقدم ان گولیوں کا استعمال ہیضہ کے حملے سے محفوظ رکھتا ہے۔

(۱۷۴) حب تریاق معدہ

اجزاء و ترکیب ساخت: ایلوا۔ دار چینی۔ مرچ سیاہ۔ سونٹھ۔ فلفل دراز۔ پوست ہلیلہ زرد۔ سہاگہ بریاں۔ ہینگ بریاں۔ شحم حنظل۔ چونا۔ نجی۔ نوشادر۔ نمک سونچر۔ نمک کلر۔ نمک لاہوری۔ نمک سیاہ۔ ہر دو دو تولہ۔ سب کو ۲۴ گھنٹہ سرکہ میں اور پھر ۲۴ گھنٹہ گھیکوار کے پانی میں کھرل کریں اور جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔ اور سایہ میں خشک کر کے حفاظت سے رکھیں۔

ترکیب استعمال: ۲ گولی صبح وشام ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔

فوائد: پیٹ درد۔ بھوک نہ لگنا۔ بدہضمی۔ کھٹی ڈکار آنا۔ عظم الطحال۔ عظم الکبد۔ باؤ گولہ۔ بخار۔ قبض کے لیے مانند اکسیر ہیں۔

(۱۷۵) حب تنکار

معدہ کی گرانی اور کمزوری کو دور کر کے قوت ہضم کو بڑھانے اور

دائمی قبض کے لیے اکسیر ہے

اجزاء و ترکیب ساخت : سہاگہ بریاں ۲ تولہ۔ اجوائن خراسانی ڈھائی تولہ۔ مرچ سیاہ ۱۲ تولہ۔ صبر سقوطری۔ ۱۸ تولہ۔ سب دواؤں کو کوٹ چھان کر نغز گھیکوار میں شامل کر کے گولیاں بقدر نخود بنالیں۔

ترکیب استعمال: ان لاجواب گولیوں کی مقدار خوراک ایک گولی سے چار گولی تک ہے۔ رات کو سوتے وقت یا کھانا کھانے کے بعد ہر دو وقت نیم گرم پانی کی چند گھونٹوں کی مدد سے نگل لیں۔

فائدہ: معدہ کے امراض کے لیے یہ گولیاں درحقیقت اکسیر بے نظیر ہیں۔ ان کی چند ہی خوراکوں سے نہایت حیرت انگیز فائدہ محسوس ہوتا ہے۔ گاہے گاہے استعمال کرتے رہنے سے معدہ کے تمام امراض دور رہتے ہیں۔ ان کے استعمال سے معدہ کی کمزوری معدہ کی گرانی۔ پیٹ کا بڑھنا وغیرہ شکایات چند ہی یوم میں دور ہو جاتی ہیں۔ کھایا پیا ہضم کر کے غذا کو جزو بدن بناتی ہیں۔ بھوک خوب لگاتی ہیں۔ دائمی قبض کی شکایت اکثر طور پر ان کے استعمال سے دور ہو جاتی ہے۔ نہایت لاجواب چیز ہے۔ مختلف دواخانوں سے کئی مختلف ناموں سے فروخت ہو رہی ہے۔ بعض اصحاب نے اسے نہایت ہی کثیر المنفعت چیز سمجھ کر نام بدل کر رجسٹرڈ کروالیا ہے۔ اور بہت بڑے پیمانہ پر اشتہار دے رہے ہیں اس سے آپ اندازہ کر سکتے ہیں۔ کہ یہ کس قدر لاجواب تحفہ ہے۔ ایک دفعہ تیار فرمالیں گے تو امید ہے کہ راقم الحروف کے حق میں دعا خیر کریں گے۔

(۱۷۶) حب عصارہ

بخار، درد سر اور قبض وغیرہ کی شکایت میں قبض کشائی کیلئے لاجواب دوا

اجزاء و ترکیب ساخت : ایلوا۔ عصارہ ریوند۔ ہر ایک ایک تولہ۔ مصطگی رومی ۶ ماشہ۔ کوٹ چھان کر بقدر مونگ گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال: ان گولیوں کی مقدار خوراک عموماً دو سے چار گولی تک ہے لیکن سخت مزاجوں کو اس سے زیادہ بھی دی جا سکتی ہے۔ ان کے استعمال کا بہترین موقعہ سونے کا وقت

ہے۔رات کوسوتے وقت ایک خوراک استعمال کر لینے سے صبح کھل کر اجابت ہو جاتی ہے۔
گرم پانی کے ہمراہ استعمال کرائیں۔
فوائد : بواسیر خونی کے مریضوں کے لیے ان گولیاں استعمال ممنوع ہے۔
فوائد: قبض کشائی کے لیے یہ گولیاں بے نظیر فوائد کی حامل ہیں۔مواد فاسد کو خارج کر کے
معدہ وامعاء کو صاف کرتی ہیں۔دردسر اور بخار وغیرہ کی شکایت میں ان گولیوں کے استعمال
سے قبض کشائی ہوتی ہے۔اور مرض کو بھی نمایاں فائدہ پہنچتا ہے۔غرضیکہ بہت قابل قدر شے
ہے۔اس کا ہر وقت مطب میں تیار رہنا ضروری ہے۔

(۱۷۷) حب نایاب دافع قبض

اجزاء و ترکیب ساخت : مویز منقی۔کچلہ مدبر۔بادام مقشر۔تینوں ہم وزن لے کر
حب بقدر نخود بنائیں۔
ترکیب استعمال: ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ۔
فوائد : یہ گولیاں بفضلہٖ پرانی سے پرانی قبض کو بھی جڑ سے اکھاڑ دیتی ہیں۔علاوہ ازیں
عصبی دردوں کو بھی از حد مفید ہیں۔مقوی باہ بھی ہیں۔ضرور آزمائیں۔

(۱۷۸) حب کشمش

بدن سے غلیظ مادوں کو خارج کرنے کے لیے ایک آسان اور نفیس مسہل
اجزاء و ترکیب ساخت : لونگ۔سونف۔انیسون۔ہر ایک تین ماشہ۔گل بنفشہ
۲ ماشہ۔پوست ہلیلہ زرد کشمش سبز ایک تولہ۔سنا مکی۔ترنجبین خراسانی۔گلقند آفتابی ہر ایک
دو تولہ، دواؤں کو کوٹ چھان کر کشمش اور گلقند ملا کر دوبارہ کوٹیں۔اور چنے کے برابر گولیاں
بنائیں۔
ترکیب استعمال: معمولی قبض رفع کرنے کے لیے یہ گولیاں ۵ ماشہ سے ۹ ماشہ کی
مقدار میں رات کو سوتے وقت نیم گرم پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔دستوں کے لیے ایک
تولہ کی مقدار میں رات کو یہ گولیاں نگل کر اوپر سے عرق سونف ۲ تولہ۔عرق گاؤزبان ۲ تولہ۔
شربت دینار ۴ تولہ ملا کر پئیں۔

فوائد : نازک طبع سے نازک طبع لوگوں کو بھی ان گولیوں کے استعمال سے کوئی تکلیف نہیں ہوتی۔ بلکہ بغیر کسی گھبراہٹ بے چینی اور درد کے دست ہوتے ہیں۔ جن سے تمام غلیظ مواد خارج ہو کر بدن ہلکا پھلکا ہو جاتا ہے۔ ایک تولہ گولیاں نگلنے میں جو تکلیف ہوتی ہے۔ وہ اگر بطیب خاطر برداشت کر لی جائے۔ تو بعد میں ان گولوں سے کسی قسم کی تکلیف کا خطرہ نہیں ہے۔ نفیس طبع حضرات بلا اندیشہ استعمال فرمائیں۔ لا جواب شے ہے۔

(۱۷۹) حب جلاب

یہ گولیاں بغیر نقصان اور ضرر کے دست لاتی ہیں

اجزاء، و ترکیب ساخت : پارہ مصفی۔ گندھک مصفی۔ سونٹھ۔ فلفل گرد۔ فلفل دراز ہر ایک ۶ ماشہ۔ مغز حب السلوک مدبر ۴ تولہ۔ پہلے پارہ اور گندھک کو بطریق معروف کجلی بنائیں پھر باقی ادویات کو باریک پیس کر ملا دیں۔ اور برگ پان کے رس میں ۴ پہر متواتر کھرل کر کے رتی رتی کی گولیاں بنالیں۔ پان کے رس کے بجائے گائے کے دودھ میں بھی بن سکتی ہیں۔

ترکیب استعمال : عمر اور مزاج کے لحاظ سے عرق گلاب و عرق سونف یا صرف سادہ پانی سے دیں۔ جب خوب اسہال آچکیں تو دہی کو مصری سے میٹھا کر کے پلا دیں غذا میں دودھ چاول کھانے کو دیں۔

نوٹ : حب السلوک۔ پارہ۔ گندھک کو مصفی (مدبر) کرنے کی ترکیب آخر کتاب میں لکھ دی گئی ہے۔

فوائد : یہ گولیاں بچے سے لے کر بوڑھے تک کو یکساں طور پر مفید و مجرب ہیں۔ نہایت آرام سے بغیر کسی گھبراہٹ کے دست لاتی ہیں۔ آتشک کے لیے بھی بہت مفید ہیں۔

(۱۸۰) حب اکسیر شکم

ہینگ عمدہ بریاں۔ سہاگہ سفید بریاں۔ سونٹھ۔ پیپلی۔ مرچ سیاہ۔ نمک سونچر۔ ہر ایک ایک تولہ۔ سب کو الگ الگ پیس کر چھان لیں۔ پھر ملا کر کونڈے میں ڈال کر ادرک کے رس میں اس وقت تک رگڑیں کہ گولیاں بن سکیں۔ حب کنار دشتی کے برابر بنائیں۔

فوائد : درد پیٹ۔ نفخ شکم۔ بدہضمی۔ ریح۔ بھوک نہ لگنا۔ سفید رنگ کے پتلے پتلے دست آنے کو اور ساتھ ہی پیٹ کے درد۔ زیادتی پیاس یا ریحی درد سے سخت بے تابی کو فوری فائدہ دیتی ہے۔

ترکیب استعمال : درد کے ساتھ دستوں کو بند کرنے کے لیے ہر دو گھنٹہ کے بعد ایک ایک گولی اور باقی امراض کے لیے بھی بحالت شدت بشرح صدر ترکیب سے اور دیگر امراض کے لیے ایک گولی صبح دو دوپہر و شام کو ہمراہ عرق سونف یا صرف پانی سے ہی دیویں۔

(میراں بخش صاحب تحصیلدار)

(۱۸۱) حب پیچش

اجزاء و ترکیب ساخت : مازو۔ مائیں۔ ہر ایک ۹ ماشہ۔ گوند کیکر ساڑھے تین ماشہ۔ افیون ۲ ماشہ۔ سب کو کوٹ چھان کر سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال : بچہ کو نصف گولی سے لے کر ایک گولی تک اور جوانوں اور بوڑھوں کو ۲ گولی ہمراہ آب تازہ صبح اور رات کو سوتے وقت استعمال کرائیں اور قدرت خدا کے جلوے مشاہدہ کریں۔

فوائد : پیچش کے لیے ان گولیوں کا استعمال بے حد مفید ثابت ہوا ہے۔ درد، مروڑ اور خون آنا وغیرہ عوارض تو پہلی ایک دو خوراکوں ہی سے دور ہونے شروع ہو جاتے ہیں۔ اور چند خوراکوں میں مرض کو بھی پورا پورا فائدہ ہو جاتا ہے۔ لیکن اگر آنتوں میں سخت سدے پڑے ہوں۔ دست خوب کھل کر نہ آتا ہو تو ان گولیوں کے استعمال سے کچھ فائدہ نہیں ہوتا۔ یا اگر کچھ عارضی سا فائدہ ہوتا بھی ہے۔ تو پھر جلد ہی دست شروع ہو جاتے ہیں۔ اس لیے ایسی حالت میں پہلے روغن بید انجیر (ارنڈی کا تیل) پلا کر سدے خارج کرلیں۔ اس کے بعد ان گولیوں کا استعمال کرائیں۔

(۱۸۲) حبوب تریاق کافوری

یہ گولیاں اسہال پیچش مروڑ وغیرہ کو از حد مفید ہیں

اجزاء و ترکیب ساخت : افیون دیسی مصفی ا تولہ۔ کتھ سفید ا تولہ۔ چونہ پان ا تولہ۔

کافور دیسی ۶ ماشہ۔ سب کو ملا کر پانی کی مدد سے گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک سے ۲ گولی حسب مزاج مناسب بدرقہ سے دیں۔

فوائد: اسہال پیچش۔ مروڑ۔ بے چینی کو دور کرتی ہیں۔ ہر قسم کے دردوں کو نافع ہیں۔ سنگرہنی۔ زحیر مزمن کو بھی از حد مفید ہیں۔ ہیضہ و قے وغیرہ کو بھی بند کرتی ہیں۔

(۱۸۳) حبوب پیچش

اسہال پیچش کیلئے طبیب اعظم حکیم حافظ محمد اجمل خاں مرحوم کا مایہ ناز نسخہ

اجزاء و ترکیب ساخت: پوست ہلیلہ زرد ۲ تولہ۔ کافور ۲ تولہ۔ پوست آملہ ۲ تولہ۔ مازو ۲ تولہ۔ زعفران ۶ ماشہ۔ سب کو ملا کر عرق گلاب کے ہمراہ کھرل کر کے دانہ نخود کے برابر گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی ہمراہ پانی صبح و شام دیں۔

فوائد: ہر قسم کے اسہال و پیچش کے لیے اکسیر الاثر فوائد رکھتی ہیں۔ ہندوستانی دواخانہ دہلی میں بکثرت بنتی اور فروخت ہوتی ہیں۔

(۱۸۴) حبوب تریاق پیچش

ننانوے فی صدی اثر دکھانے والی برقی اثر گولیاں

اجزاء و ترکیب ساخت: کتھ سفید ا تولہ سرمہ سیاہ ا تولہ۔ افیون دیسی خالص ۳ ماشہ۔ افیون کو عرق گلاب میں تھوڑی دیر بھگو دیں سفید اور سرمہ سیاہ دونوں کو کھرل کر کے باریک پیسیں۔ پھر افیون جو عرق میں حل ہو چکی ہوگی۔ لیکن پانی یا عرق فقط اتنا ہی ڈالیں جن سے کہ گولیاں بنانے کے قابل ہو جائے اور گولیاں بقدر نخود تیار کریں اور حفاظت سے رکھیں۔

ترکیب: صبح اٹھ کر نہار منہ ایک گولی باسی پانی سے کھلائیں اور ایک دوپہر اور شام کو۔

فوائد: مرض پیچش خواہ کتنا ہی پرانا اور مریض بے چین ہو۔ بفضلہ پہلی خوراک سے اپنا معجز نما اثر دکھائیں گی اور مریض کو معلوم ہو جائے گا کہ اب میں یقیناً تندرست ہو جاؤں گا۔ بہت عمدہ اور مفید گولیاں ہیں۔

(۱۸۵) حب پیچش

اجزاء و ترکیب ساخت : رسوت۔ مرچ سیاہ۔ ہرایک ایک تولہ۔ دانہ الائچی کلاں ٦ ماشہ۔ ان اشیاء کو باریک پیس کر حب بقدر نخود بنالیں۔ خوراک دو گولیاں صبح و دوپہر اور شام ہمراہ آب دہی۔ برائے بچگان۔ جس بچہ کو خون اور آؤں کے آنے کی وجہ سے ہاتھ پاؤں پر ورم آ گیا ہو۔ اور افیون وغیرہ سے بند نہ ہوتے ہوں۔ ڈاکٹر و یونانی ادویات فیل ہو جائیں یہ دوائیں اپنا کرشمہ دکھاتی ہے۔ اگر اس سے بھی آرام نہ آئے تو بچہ لاعلاج ہے۔ سنگرہنی کے لیے بھی نہایت مفید ہے۔ ضرور آزمائیں۔

(۱۸٦) حب پچلونہ

امراض معدہ کے لیے نہایت ھی اعلیٰ پایہ کی اکسیر

اجزاء و ترکیب ساخت : نمک سانبھر۔ نمک سیاہ۔ نمک سیندھا۔ ہرایک ساڑھے تیرہ ماشہ۔ پودینہ۔ زرنباد۔ ہرایک ساڑھے بائیس ماشہ۔ پوست بلیلہ۔ آملہ۔ مرچ سیاہ۔ فلفل دراز۔ سونٹھ۔ وج ترکی۔ زیرہ سیاہ۔ زیرہ سفید۔ ہرایک تین تولہ ساڑھے چار ماشہ۔ دھنیا خشک دس تولہ۔ اجوائن دیسی۔ سونف ہرایک بیس تولہ۔ سب دواؤں کو کوٹ چھان کر لیموں کاغذی کے عرق میں خوب تر کر کے دھوپ میں رکھ کر دیں۔ جب خمیر ہو کر خشک ہو جائے تو پھر اسی طریق سے آملہ سبز کے عرق میں خشک کریں۔ اگر آملہ سبز نہ ملے تو آملہ خشک کو پانی میں بھگو دیں اور اس پانی میں دوا ملا کر دھوپ میں رکھ کر خشک کر لیں۔ بعد ازاں آب لیموں کاغذی میں ملا کر گولیاں بقدر کنار دشتی کے بنائیں۔

ترکیب استعمال: کھانا کھانے کے بعد دو گولیاں آب نیم گرم کے ہمراہ استعمال کریں اور چند ہی روز کے استعمال سے نہایت حیرت انگیز فائدے مشاہدہ کریں۔

فوائد : ضعف ہضم کو دور کر کے معدہ کو تقویت دینے میں یہ گولیاں اس قدر مفید و مجرب ہیں کہ ایک ہفتہ کے استعمال سے مایوس العلاج مریض ان کے فوائد کا اعتراف کرنے پر مجبور ہو جاتا ہے۔ ان کے استعمال سے بے رغبتی کی شکایت تو چند ہی روز میں دور ہو جاتی ہے اور ایک دو ہفتہ کے استعمال سے معدہ کی پوری اصلاح ہو کر بھوک بخوبی لگنے لگتی ہے۔

غذا کو بخوبی ہضم کر کے جزو بدن بنا دینا اس کا ایک خاص ہے۔ اور ریاح کو دور کرنے کے لیے جادو اثر ہے۔ غرضیکہ امراض معدہ کے لیے یہ گولیاں اکسیر بے نظیر ہیں۔ حسب ضرورت ان کا استعمال کیجیے اور خادم کو دعائیں دیجیے۔

(۱۸۷) حبوب کافوری

ان گولیوں کے استعمال سے ہر قسم کی قے و ابکائیاں بند ہو جاتی ہیں

اجزاء و ترکیب ساخت : افیون۔ نوشادر۔ کافور۔ ہموزن پیس کر پانی کی مدد سے گولیاں بقدر دانہ مونگ کے بنالیں۔

ترکیب استعمال : ایک گولی سرد پانی کے ساتھ مریض کو کھلائیں۔

فوائد : معدے کی غیر طبعی حرکت کو درست کرنے اور معدے کو قوی اور قے اور ابکائیوں کو کو روکتی ہیں۔ ہر مطب میں ضرور تیار رہنی چاہئیں۔

(۱۸۸) حب مسکن عطش

یہ گولیاں ہر قسم کی پیاس کو تسکین دیتی ہیں

اجزاء و ترکیب ساخت : مغز تخم خیار۔ مغز تخم بادرنگ۔ تخم خرفہ۔ کتیرا۔ ست ملٹھی۔ ساڑھے دس ماشہ۔ تخم کاہو۔ زرشک۔ ہر ایک ۷ ماشہ۔ سب کو کوٹ پیس کر لعاب اسپغول کے ساتھ گولیاں بقدر دانہ نخود بنائیں۔

ترکیب استعمال : بوقت ضرورت ایک گولی منہ میں رکھ کر چوسیں۔

فوائد : پیاس کو فوراً روکتی ہیں۔ جب کہ معدہ میں بلغم شور ہو۔ اور بار بار پیاس لگے۔ ان گولیوں کو مندرجہ بالا طریقہ سے استعمال کریں۔ بفضلہ پیاس کو فی الفور بند کریں گی۔ ہر اس پیاس کو جو حرارت کی وجہ سے پیدا ہو بند کرتی ہیں۔

(۱۸۹) حب جادو اثر

یہ گولیاں دردمعدہ اسہال۔ مروڑ خونی، ہیضہ وغیرہ کے لیے از حد مفید و مجرب ہیں۔ یہ دوا دردمعدہ اور ہیضہ کا آخری علاج ہے۔ ہیضہ والے مریض کی اگر رمق جان باقی ہو تو بفضل خدا سب عوارضات بند ہو کر مریض کو آرام ہو جاتا ہے۔ اور نیند آ کر طبیعت بحال ہو

جاتی ہے۔ اکثر اوقات ان حبوب کو تیار رکھنا چاہیے۔ از حد فائدہ مند چیز تجربہ میں آتی ہیں۔ اور بھروسہ کے قابل ہے۔ جس شخص نے یہ نسخہ بطور تحفہ دیا۔ پہلے تو اس کی قدر نہ کی۔ مگر جب ایک دو ہیضہ کے بیماروں پر آخری حالت میں اس کا تجربہ کیا گیا تو معجز نما اثر ظاہر ہوا اور جس شخص نے یہ نسخہ مرحمت فرمایا اس نے بھی کہا کہ اگر خدا تعالیٰ کا فضل شامل حال ہو تو یہ دوا آخری وقت ہیضہ والے مریض کو موت کے چنگل سے بچانے والی ہے۔ جیسی اس نے تعریف کی ایسے تجربہ میں بھی مفید ثابت ہوئی۔

اجزاء و ترکیب ساخت : تخم دھتورہ۔ سہاگہ۔ کشتہ ابرک سفید سرد (یعنی شورہ قلمی سے تیار شدہ) افیون ہر ایک ایک تولہ۔ سب ادویہ کو باریک کر کے ۵ تولہ خس کو باریک کر کے اس کے پانی میں کھرل کر کے جب کہ قابل حبوب کے ہو جائے تو بقدر دانہ مونگ گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال : دردمعدہ والے کو ہمراہ عرق سونف گرم کردہ ایک یا ۲ گولی بعد گھنٹہ اگر درد بند نہ ہو تو ایک گھنٹہ بعد پھر دے دیں۔

ہیضہ کے لیے آب ادرک یا عرق سونف۔ اگر یہ چیزیں مہیا نہ ہو سکیں تو گرم پانی کے ہمراہ دے دی جائے۔ مروڑ کے لیے ہمراہ لعاب بہدانہ۔

فوائد : ہیضہ۔ دردمعدہ۔ کثرت اسہال مروڑ پیچش کے لیے یہ گولیاں مانند تریاق ہیں۔ ہیضہ کی آخری دوا ہے۔ (عطیہ حکیم محبوب عالم صاحب لداخ)

(۱۹۰) حب ہیضہ

ہیضہ کی آخری علامات میں کام دینے والا تریاق اعظم

اجزاء و ترکیب ساخت : ہلدی ۶ ماشہ۔ پوست بیخ مدار ۶ ماشہ۔ چونا خوردنی ۶ ماشہ۔ تخم مرچ سیاہ ۶ ماشہ۔ سب کو آب پودینہ میں تین پہر کھرل کر کے حب نخودی تیار کریں۔

ترکیب استعمال : ایک گولی ہر چہار گھنٹہ کے بعد ہمراہ عرق پودینہ دیں۔

فوائد : جب مریض نڈھال ہو چکا ہو۔ اور حیات کے کوئی آثار باقی نہ ہوں زبان بند ہو چکی ہو۔ یہ دوا اس حالت میں واقعی لاثانی اور بے خطا ہے۔

(۱۹۱) حب اکسیر ہیضہ

اجزاء و ترکیب ساخت: کچلہ مدبر ایک تولہ۔ میٹھا تیلیلہ مدبر ا تولہ مرچ سیاہ ا تولہ سب کو پیس کر پانی کی مدد سے گولیاں بقدر دانہ باجرہ بنادیں۔

ترکیب استعمال: ایک دو گولی ہر دو گھنٹہ کے بعد ہمراہ پانی دیں۔

فوائد: یہ گولیاں بھی جب مریض قبر کے کنارے پہنچ چکا ہو۔ بفضلہ و بعونہٖ لاتی ہیں۔

(۱۹۲) حبوب زرد چوب

ہیضہ کی لیے مجرب المجرب و تریاقیہ تریاق

اجزاء و ترکیب ساخت: ہلدی۔ چونا۔ سرخ مرچ برابر وزن لے کر کرل میں ڈال کر خوب پیسیں۔ چونکہ مرچ کے بیج بڑی مشکل سے پسا کرتے ہیں۔ پانی آمیزش سے متواتر دو گھنٹہ تک کھرل کریں۔ اور پھر بہ مقدار دانہ مونگ گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: ہر ۱۵ منٹ کے بعد ایک گولی عرق پودینہ یا محض پانی کے ہمراہ کھلاتے رہیں۔

فوائد: یہ گولیاں ایسے نازک موقعہ پر بفضلہ تعالیٰ مسیحائی کا کام کرتی ہیں۔ جب مریض کی حالت بہت ردی اور نازک ہو چکی ہو۔ نبض کمزور اور ناخن سیاہ آنکھیں اندر دھنس گئی ہو۔ گو اجزا معمولی ہیں۔ مگر فوائد بمثل اکسیر کے ہیں۔

(۱۹۳) حب ابیض

ہیضہ کی لیے تیر بہدف

اجزاء و ترکیب ساخت: پوست بیخ مدار ۴ تولہ۔ گندھک آملہ سار ۴ تولہ۔ آب پیاز ۴ تولہ۔ آب ادرک ۴ تولہ۔ آب لیموں ۴ تولہ۔ دونوں ادویہ کو باریک کرل کریں اور ترتیب دار ہر سہ پانیوں سے کھرل کریں اور پھر گولیاں بقدر دانہ نخود بنائیں۔

ترکیب استعمال: ہیضہ کے لیے دو گولیاں ہر تین گھنٹہ کے بعد ہمراہ عرق اجوائن کے ساتھ استعمال کرائیں۔

فوائد: معدے کے فعل کو درست کرتی ہیں۔ معدے کو مواد سے پاک کرکے ہیضہ کو بند کرتی ہیں۔ نیز غذا کو بھی اچھی طرح ہضم کرتی ہیں۔ چونکہ یہ گولیاں غذا کو ہضم کرکے جزو

بدن بناتی ہیں۔اس لیے تندرستی کی حالت میں بھی استعمال کر کے فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے۔
(۱۹۴) حب اکسیر ہیضہ
اجزاء و ترکیب ساخت : آک کی نرم کونپل ایک پاؤ۔فلفل دراز ۲ چھٹانک۔سونف ایک چھٹانک۔ اوّل آک کی کونپل کو خوب باریک کر کے اور اس کے ہمراہ دیگر ادویات کا سفوف ملا کر کھرل کریں اور حبوب بقدر کنار دشتی بنائیں۔
ترکیب استعمال: ایک گولی بوقت ضرورت گرم پانی سے کھلادیں۔
(۱۹۵) حب قولنج
اجزاء و ترکیب ساخت : مصطگی رومی۔ نرکچور۔ اجوائن خراسانی۔ انیسون۔ تخم سویہ۔ تخم مولی۔ تخم پیاز۔ ہلدی۔ اجمود۔ سونٹھ۔ ایلوا۔ عصارہ ریوند۔ مرچ سیاہ۔ ہر ایک ۶ ماشہ۔ پوست بلیلہ زرد ۲ ماشہ۔ سوہاگہ بریاں۔ جوکھار۔ مغز کرنجوہ۔ مغز بیدانجیر۔ ہر ایک ایک تولہ۔ مغز جمالگوٹہ مدبر ۲ تولہ۔ باریک پیس کر آب کرفس کے ہمراہ گولیاں بقدر کنار دشتی کے بنائیں۔
ترکیب استعمال: سخت قولنج میں تین گولی ہمراہ عرق سونف دیں۔
فوائد : قولنج کو بفضلہ ایک ساعت میں کھولتی ہیں۔ اور اسی وقت ایک پاخانہ کھل کے آجاتا ہے۔
(۱۹۶) حب کرم کش
اجزاء و ترکیب ساخت : کمیلہ۔ بابزنگ۔ پودینہ خشک۔ پوست بلیلہ زرد۔ تربد سفید ہر ایک ایک تولہ۔ کوٹ چھان کر گولیاں بنائیں۔
ترکیب استعمال: تین ماشہ سے ۶ ماشہ تک ہمراہ آب مرچ سیاہ کھلادیں۔
فوائد : پیٹ کے کیڑوں کو مارتی ہیں۔
(۱۹۷) حب دیدان خالص
پیٹ کے کیڑوں کو مار کر نکال دینی ہیں
اجزاء و ترکیب ساخت : پلاس۔ پاپڑا۔ مقل ازرق۔ تربد مجوف۔ افسنتین رومی۔

مغز خستہ شفتالو۔ رسوت زرد۔ صبر سقوطری۔ مساوی الوزن۔ جملہ ادویات کو آب برگ گندنا سبز۔ آب برگ شفتالو سبز میں پیس کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال: بچوں کو نصف سے ایک گولی تک اور بڑوں کو ایک سے تین گولی تک پانی کے ساتھ کھلائیں۔

فوائد: کیڑوں کو پیٹ سے نکال کر بذریعہ پاخانہ خارج کر دیتی ہیں۔

مقعد کی بیماریاں

(۱۹۸) حب رسوت (بہ نسخہ خاص)

جس کے استعمال سے خونی بواسیر کا خون چند خوراکوں میں رک جاتا ھے

اجزاء و ترکیب ساخت: پوست ہلیلہ کابلی۔ رسوت مصفی ہر ایک ۵ تولہ۔ پوست ہلیلہ کابلی کو کوٹ چھان کر روغن گاؤ بقدر ضرورت سے چرب کر کے رسوت میں ملائیں اگر ضرورت ہو تو قدرے پانی کا اضافہ کر کے حب بقدر نخود تیار کریں۔

ترکیب استعمال: ۲ گولی سے لے کر ۴ گولی تک صبح و شام اور دوپہر کو آب تازہ کے چند گھونٹوں کے ہمراہ حلق سے نیچے اتار لیں۔ اور ایک ہی دن کے استعمال سے نہایت حیرت انگیز فوائد دیکھیں۔

فوائد: خونی بواسیر کا خون روکنے کے لیے نہایت ہی حیرت انگیز اور نادرہ روزگار دوا ہے۔ دیکھنے میں تو ایک معمولی سا نسخہ ہے۔ مگر فوائد کے اعتبار سے بہت غیر معمولی چیز ہے۔ اس کی چند ہی خوراکوں کے استعمال سے نہایت شدت اور کثرت سے بہنے والا خون بھی رک جاتا ہے۔ اور چند ہفتہ کے استعمال سے بواسیر کے دورہ کا کافی مدت کے لیے خطرہ دور ہو جاتا ہے۔ نہایت لاجواب اور لاثانی نسخہ ہے۔

(۱۹۹) حب مقل

اجزاء و ترکیب ساخت: پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ مقل یعنی گوگل ہر ایک ۱۵ تولہ۔ تربد سفید ۱۰ تولہ۔ سکنج ۵ تولہ۔ رائی ۲ تولہ۔ مقل اور سکنج کو پہلے آب گندنا میں

خوب حل کریں۔ اور سب داؤں کو خوب کوٹ کر حل کی ہوئی دوائیں ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔

نوٹ : سکنج اگر نہ ملے تو اس کی بجائے اشق شامل کریں۔ اگر گندنے کی سبز پتیاں نہ مل سکیں تو لہسن یا پیاز کی سبز پتیوں کا عرق کام میں لا سکتے ہیں۔

ترکیب استعمال : ۲ سے ۵ گولی تک رات کو سوتے وقت نیم گرم پانی کے ہمراہ استعمال کریں اور قدرت خدا کا کرشمہ ملاحظہ فرمائیں۔

فوائد : ریاحی بواسیر کو دور کرنے کے لیے ایک لاثانی دوا ہے۔ اس کی چند ہی خوراکوں کے استعمال سے قبض کی شکایت دور ہو کر بواسیری تکالیف کو بہت کچھ افاقہ ہو جاتا ہے۔ اور مداومت سے مرض کی جڑ نہ بھی کٹ سکے تو دب ضرور جاتا ہے۔

(۲۰۰) حب خبث الحدید

بادی بواسیر- بواسیری پیچش' بواسیری خون اور سوزاک وغیرہ کئی امراض کی شرطیہ دوا ہے

اجزاء و ترکیب ساخت : خبث الحدید کو آب گندنا میں سات روز تک رکھیں اور ہر روز آب گندنا تبدیل کر دیا کریں۔ بعدۂ خشک کر کے لوہے کے توے پر بریاں کریں۔ (خبث الحدید باریک کھرل کیا گیا ہو) اڑتیس تولہ۔ بالون آٹھ تولہ۔ تخم گندنا۔ تخم جرجیر۔ تخم کرفس۔ تخم گاجر۔ تخم مولی۔ تخم حلبہ۔ تخم پیاز۔ الائچی خورد ہر ایک نو تولہ۔ سب دواؤں کو کوٹ چھان کر آب گندنا میں شامل کر کے گولیاں بقدر دانہ نخود بنالیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : صبح و شام تین تین گولیاں ہمراہ آب تازہ نگل لیا کریں۔ بس اکسیر تیار ہے۔

فوائد : یہ گولیاں خصوصیت سے بادی بواسیر کے لیے بہت مفید چیز ثابت ہوئی ہیں۔ ان کے استعمال سے بادی بواسیر اور اس بواسیر سے پیدا ہونے والے عوارض چند ہی روز میں دور ہو جاتے ہیں۔

پیچش اگر بواسیر کی وجہ سے پیدا ہو تو ان گولیوں کا استعمال تیر بہدف علاج ہے۔

بواسیری خون کو روکنے کے لیے بھی یہ گولیاں نہایت اعلیٰ نتائج کی سرمایہ دار ہیں۔ چند ہی خوراکوں میں نہایت کثرت سے بہتا ہوا خون بھی رک جاتا ہے۔ گردہ کی کمزوری اور سردی کو دور کرنے کے لیے بھی ان گولیوں کا استعمال کیا جاتا ہے۔ جس سے عمدہ نتائج حاصل ہوتے ہیں۔ پرانے سوزاک کو بھی ان گولیوں کے استعمال سے بہت نفع ہوتا ہے۔

(۲۰۱) حب بواسیر

اجزاء و ترکیب ساخت : سفوف پوست ریٹھہ ا تولہ۔ جو کھار ا تولہ۔ تخم نیم ایک تولہ۔ ریوند چینی ایک تولہ۔ سب کو ملا کر مولی کے پانی ایک پاؤ میں کھرل کر کے گولیاں بقدر دانہ نخود بنا لیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی صبح وشام ہمراہ آب تازہ دودھ گھی خوب استعمال کریں۔

فوائد : بواسیر کے لیے یہ گولیاں ازحد مفید ہیں۔ بواسیر کے مریض ایک دفعہ ان گولیوں کا استعمال کر کے دیکھیں۔ ہر قسم کی بواسیر کے لیے اس سے بڑھ کر کوئی دوا نہیں۔ مسے بفضلہٖ خود بخود خشک ہو کر گر جاتے ہیں۔ کثرت سے بہتا ہوا خون منٹوں میں بند ہو جاتا ہے۔ سوزش جلن سب دور ہو کر بفضلہٖ صحت ہو جاتی ہے۔

خون اور جوڑوں کی بیماریاں

(۲۰۲) حب مصفی

خون کو صاف کرنے کے لیے نسخہ جات بالعموم کڑوے ہوتے ہیں۔ اس لیے نازک طبع حضرات مصفی خون سفوف یا جوشاندہ کو استعمال کرنے سے جھجکتے ہیں۔ اس لیے اس قباحت کو دور کرنے کے لیے ہم ایک ایسا پر منفعت نسخہ پیش کرتے ہیں۔ جس میں مصفی خون بوٹیوں کا ایکسٹریکٹ دیسی طریقہ سے نکال کر انہیں گولیوں کی شکل میں منتقل کر لیا ہے۔ جس کا استعمال کر لینا بالکل آسان ہے۔ اور لطف یہ کہ زود اثر اس قدر ہے کہ بفضلہٖ داد۔ چنبل۔ خارش آتشک حتیٰ کہ ہر بیماری کے لیے جس کا تعلق فساد خون سے ہو۔ بے حد اور جلد نفع دینے والی ہے۔ ہماری بار ہا بار کی آزمودہ ہیں۔

ھوالشافی: ایکسٹریکٹ نیم۔ ایکسٹریکٹ چرائتہ۔ ست تربھلہ۔ رسونت مصفی۔ ریوند چینی ہر ایک مساوی الوزن۔ تمام ادویات کو باہم ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔ اور خشک ہونے پر شیشی میں حفاظت سے رکھیں۔

ترکیب استعمال: ا گولی سے ۲ گولی صبح وشام پانی کے ہمراہ دیں۔

فوائد: داد' خارش' پھوڑا' پھنسی وغیرہ کو دور کرنے کے لیے بفضلہ بہترین گولیاں ہیں۔ مجرب ہیں۔

نوٹ: ست نیم وغیرہ بنانے کی ترکیب اخیر کتاب میں ملاحظہ فرمائیں۔

خوشخبری

ایک نسخہ حب مصفی خون ہم نے کنزالمجربات جلد اول میں درج کیا ہے جو کہ بفضلہ صرف پیسوں کی لاگت سے تیار ہو جاتا ہے۔ اور اس قدر زود اثر ہے کہ اس سے دس سالہ آتشک کے بگڑے ہوئے مریض بھی تندرست ہو جاتے ہیں۔ اور پھر لطف یہ کہ نہ منہ آئے نہ تے یا دست۔ بالکل بے ضرر۔ دنیائے طب میں اگر کسی نسخہ کو مصفی اعظم کہا جائے تو غالباً وہی نسخہ ہے۔

(۲۰۳) حب مصفی خون (یہ نسخہ خاص)

فاسد خون کے فساد کو دور کر کے اسے سرخ و رنگین بنانے والی دوا

اجزاء و ترکیب ساخت: رسوت مصفی۔ چاکسو۔ منڈی۔ برہمڈنڈی۔ نیل کنٹھی۔ نیلوفر۔ سرپھوکہ۔ صندل سفید۔ صندل سرخ۔ شاہترہ۔ برگ حنا۔ جوانسہ۔ برگ نیم۔ برگ بکائن۔ کشنیز خشک۔ گل کچنال۔ ہر ایک ایک تولہ جملہ ادویہ کو کوٹ چھان کر پانی میں گوندھ کر چنے برابر گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: یہ گولی تنہا یا کسی مناسب بدرقہ مثلاً شربت عناب وغیرہ کے ساتھ استعمال کرائی جاتی ہے۔ شیر خوار بچوں کو نصف سے ایک گولی تک ان کی ماں کے دودھ کے ہمراہ کھلائیں۔ بڑی عمر کے بچوں کو دو گولیاں ہمراہ شربت عناب ۲ تولہ اور جوانوں کو تین سے پانچ گولیاں ہمراہ شربت عناب ۲ تولہ استعمال کرائیں۔

فوائد : یہ گولیاں خاص طور پر بچوں کے فسادِ خون کے لیے نافع ہیں۔ ان کے استعمال سے ہر قسم کے پھوڑا پھنسی وغیرہ رفع ہو جاتے ہیں۔ جوانوں کے فسادِ خون میں بھی یہ گولیاں از حد مفید ثابت ہوئی ہیں۔ عام خون کی خرابی سے گرمیوں میں کثرت سے پھنسیوں کا نکلنا آتشک کا بقیہ اور اس سے پیدا ہونے والی شکایات میں ان گولیوں کا استعمال بہت سود مند پایا گیا ہے۔ ناظرین کو ان سے فائدہ اٹھانا چاہیے۔

(۲۰۴) حب لیموں

جس کے استعمال سے آتشک اور دیگر سوداوی امراض کا قلع قمع ہو جاتا ہے

اجزاء و ترکیب ساخت : حب الفیل۔ پوست الائچی کلاں سوختہ۔ سپاری کہنہ۔ ہر ایک ایک تولہ۔ مردار سنگ ۲ تولہ۔ سب کو سفوف کر کے ایک پہر لیموں کاغذی کے عرق میں خوب کھرل کر کے بقدر نخود گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال : ایک گولی صبح ایک شام تازہ پانی سے استعمال کریں۔ اور قدرت خدا کے کرشمے دیکھیں۔ اس دوا کے دوران استعمال میں کدو سئے دراز اور مونگ کی دال استعمال نہ کی جائے۔ اور کسی چیز کا پرہیز نہیں۔

فوائد : سوداوی مادہ کو زائل کرنے کے لیے یہ گولیاں بہت عجیب الخواص ہیں۔ ان کے استعمال سے جسم کی رگ رگ سے سوداوی مادہ نکل کر آتشک کا قلع قمع ہو جاتا ہے۔ اس درد مفاصل کو جس کی وجہ آتشک کا مادہ ہو۔ ان گولیوں کے استعمال سے بہت فائدہ ہوتا دیکھا گیا ہے۔ بعد تنقیہ استعمال کریں تو ان کے فوائد میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ اور اکثر نامدار اطبا بعد تنقیہ ہی استعمال کراتے ہیں۔

(۲۰۵) حب پان

آتشک اور خرابی خون کے لیے نہایت ہی لاجواب فوائد کی سرمایہ دار

اجزاء و ترکیب ساخت : سم الفار سفید۔ طباشیر۔ کتھ سفد۔ ہر ایک ۳ ماشہ۔ ایک روز کامل عرق پان میں کھرل کریں۔ اور گولی بقدر دانہ مونگ تیار کریں۔

ترکیب استعمال : ایک گولی مکھن ۲ تولہ میں رکھ کر بوقت صبح استعمال کریں اور گھی اور

بکری کے سر کا مغز زیادہ استعمال کریں۔

فوائد : جب آتشک کو کسی دوا سے فائدہ نہ ہوتا ہو۔ اس وقت بھی اکثر ان گولیوں کا استعمال بے حد مفید ثابت ہوتا ہے۔ چند روز کے استعمال سے سالہا سال کا آتشکی مادہ جسم سے خارج ہو جاتا ہے۔ خرابی خون سے پیدا ہونے والے دیگر امراض۔ داد۔ چنبل۔ خارش وغیرہ جب بہت پرانے ہو چکے ہوں اور کسی علاج سے دور نہ ہوتے ہوں۔ تو ان گولیوں کے استعمال سے خدا کا فضل ہو جاتا ہے۔ ان گولیوں میں ایک خاص خوبی یہ ہے کہ ان کے استعمال سے آتشک سے پیدا ہونے والی جسمانی کمزوری بھی دور ہو جاتی ہے۔ جب جسم سوکھ کر ہڈیوں کا پنجر رہ گیا ہو تو ان گولیوں کے استعمال سے ازسرنو گوشت و پوست سے بھرپور ہو کر سرسبز ہو جاتا ہے۔

آتشک کی وجہ سے پیدا ہونے والی نامردی اور ہلکا ہلکا بخار وغیرہ عوارض بھی ان گولیوں کے استعمال سے یقیناً دور ہو جاتے ہیں۔ پرانہ سال کی کمزوریوں اور ضعف عامہ کی حالتوں میں بھی ان گولیوں کا استعمال بے حد مفید ہوا ہے۔ (چاہے جسم میں آتشکی مادہ قطعی نہ ہو)

(۲۰۶) حب کتھ

آتشک کی بیخ کنی کرنے اور مادہ سوداویہ کو زائل کرنے کیلئے عجیب الاثر دوا

اجزاء، و ترکیب ساخت : کافور۔ رسکپور۔ کتھ پاپڑیہ۔ ہر ایک ایک تولہ۔ موصلی سفید ۲ تولہ۔ سب کو سفوف کر کے عرق پان ۵ تولہ میں کھرل کر کے بقدر نخود گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال : ایک گولی صبح ایک گولی شام کو استعمال کریں۔ اعدد مویز منقیٰ میں گولی کو خوب اچھی طرح لپیٹ لینا چاہیے تا کہ نگلتے وقت دانتوں کو نہ لگے۔

دانتوں کو لگنے سے اکثر دانت ہلنے لگتے ہیں۔ اس کے دوران استعمال میں ارہر کی دال بکری کے گوشت کا شوربہ چاول روٹی کے ساتھ استعمال کریں۔

فوائد : آتشک ایسے خبیث مرض کے ازالہ کے لیے حب کتھ ایک نادر دوا ہے۔ دہلی کے اکثر نامدار طبیب اپنے مریضوں کے لیے بکثرت تجویز کرتے ہیں۔ کوئی شبہ نہیں کہ بعد تحقیق

ان گولیوں کے استعمال سے مادہ سوداویہ زائل ہو جاتا ہے۔ آتشک کا مرض بیخ و بنیاد سے اکھڑ جاتا ہے۔ قابل اطمینان اور بے خطا دوا ہے بنا کر آزمائیں۔ اور خدا کی قدرت کے کرشمے ملاحظہ فرمائیں۔

(۲۰۷) حب آتشک خاص

اجزاء و ترکیب ساخت: لونگ' مرچ سیاہ۔ فلفل دراز۔ آملہ خشک۔ چھالیہ۔ نیلا تھوتھہ۔ گندھک آملہ سار۔ دانہ الائچی سفید۔ ست گلو۔ ہر ایک ۵ ماشہ۔ رسکپور ایک ماشہ۔ سب کو لیموں کے عرق میں ۱۲ گھنٹہ کھرل کر کے ۶۴ گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال: صبح کے وقت ایک گولی مکھن یا بالائی میں رکھ کر کھالیں۔

فوائد: یہ گولیاں آتشک کو جڑ سے اکھاڑ کر پھینک دیتی ہیں۔ اگر آتشک دوسرے درجہ سے تجاوز کر چکا ہو تو ڈیڑھ گولی روزانہ کھلادیں۔

(۲۰۸) حب گنٹھیا خاص الخاص

اجزاء و ترکیب ساخت: جمال گوٹہ ۵ تولہ۔ دھتورہ ایک تولہ۔ سورنجان شیریں ا تولہ۔ مصبر ایک تولہ۔ جمال گوٹہ۔ مصفٰی و مدبر کرنے کے لیے دو دن لیموں کے پانی میں کھرل کریں۔ باقی ادویات کو کوٹ چھان کر ملائیں۔ اور حب بقدر نخود بنائیں۔

ترکیب استعمال: ہمراہ آدھ سیر دودھ دو گولی صبح استعمال کریں۔

فوائد: یہ گولیاں جوڑوں کے درد' جھولا وغیرہ کے لیے از حد مفید ہیں۔ تین چار دن کے استعمال سے بفضلہ برسوں سے جڑا ہوا مریض چل کر آپ کو خوش کر دے گا۔

مثانہ کی بیماریاں

(۲۰۹) حب ذیابیطس

اجزاء و ترکیب ساخت: ترپھلہ۔ ہلدی۔ دانہ الائچی۔ ست گلو۔ ست سلاجیت۔ کشتہ قلعی۔ ہر ایک تین تولہ۔ سحق و کپڑ چھان کر کے سفوف بنائیں۔

ترپھلہ ڈھائی تولہ۔ گلو تازہ ایک پاؤ۔ پوست نیم تازہ۔ تین چھٹانک ۵ سیر پانی میں رات کو

بھگوکر جوش دیں۔ جب نصف پانی جذب ہو جائے تو چھان کر ۵ تولہ گوگل بھینسا ڈال دیں۔ اور نرم آگ پر پکائیں۔ جب کھیر کی طرح گاڑھا ہو جائے تو سفوف مندرجہ بالا نمبر ا اس میں ڈال دیں۔ اور ایک تولہ طباشیر پیس کر ڈال دیں۔ اور گولیاں بقدر نخود تیار کریں اور دو گولیاں ہمراہ شیر گاؤ تازہ استعمال کرائیں۔

فوائد : ان شاء اللہ تین روز میں شفا ہو گی۔ نہایت عمدہ و مفید چیز ہے۔ مگر مکمل فائدہ حاصل کرنے کے لیے اس کو پندرہ روز استعمال کرنا چاہیے۔

(۲۱۰) حب سوزاک (بہ نسخہ خاص)

اجزاء، و ترکیب ساخت : طباشیر دو تولہ۔ گیرو ڈیڑھ تولہ۔ قلمی شورہ ۹ ماشہ۔ کندر ۵ ماشہ۔ گل ارمنی ۷ ماشہ۔ سنگ جراحت۔ دانہ الائچی کلاں۔ کہر باشمعی۔ گوند کیکر۔ حجر الیہود۔ ہر ایک ۹ ماشہ۔ کف دریا ۵ ماشہ۔ روغن صندل ڈھائی ماشہ۔ رسوت ۲ تولہ۔ پھکڑی بریاں ۲ تولہ۔ افیون ۱۴ ماشہ۔ برگ نیم ۵ عدد۔ زعفران ۵ رتی۔ خشک ادویہ کو جدا جدا کوٹ چھان کر ان میں روغن صندل ملائیں۔ رسوت اور افیون کو پانی میں حل کر کے چھان لیں اور برگ نیم کو تھوڑے پانی میں پیس کر چھان لیں۔ پھر اسی میں زعفران حل کر کے ایک جگہ کریں اور تمام خشک ادویہ کو ملا کر گوندھیں اور چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال : ۲ گولی صبح اور دو گولی شام کو تازہ پانی یا دودھ کی لسی کے ہمراہ استعمال کرائیں۔ اور چندی روز میں اکسیر سے بڑھ کر فائدہ دیکھیں۔

فوائد : سوزاک ایسے ہٹیلے اور ضدی مرض کی یہ نادرہ روزگار دوا ہے۔ اس کے استعمال سے مریض کو پہلے ہی روز تسکین ہو جاتی ہے۔ چندہی روز کے استعمال سے درد ٹیس، جلن وغیرہ دور ہو کر پیشاب خوب کھل کر نہایت آسانی سے آنے لگتا ہے۔ پیپ کی مقدار پہلے ہی روز کم ہو جاتی ہے۔ اور چند روز میں تمام عوارضات دور ہو کر سوزاک کی جڑ کٹ جاتی ہے۔

(۲۱۱) حب سوزاک

اجزاء، و ترکیب ساخت : ست گلو۔ پھکڑی۔ ہر ایک ۲ تولہ۔ شورہ قلمی۔ دانہ الائچی خورد ہر ایک ایک تولہ۔ کتھ سفید چھ ماشہ۔ سب کو کوٹ چھان کر گڑ میں ملا کر بقدر نخود گولیاں

بنالیں۔

ترکیب استعمال: اول روز ۳ گولی صبح کے وقت تازہ پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔ پھر ہر روز ایک گولی بڑھاتے جائیں۔ حتیٰ کہ سات گولی تک پہنچ جائیں۔ اس کے بعد سات گولی استعمال کراتے رہیں۔ اس سے آگے نہ بڑھائیں۔ بس اکسیر ثابت ہوگی۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

فوائد: سوزاک نہایت ہٹیلا مرض ہے۔ بگڑ بیٹھے تو اکثر بڑی بڑی دواؤں سے بھی جانے کا نام نہیں لیتا۔ حب سوزاک کے بارے میں یہ تو نہیں کہا جا سکتا کہ اس کے استعمال سے بگڑے سے بگڑا ہوا سوزاک بھی یقیناً دور ہو جائے گا۔ تاہم یہ کہنا بہت حد تک درست ہوگا کہ یہ گولیاں اجزاء کے اعتبار سے اگرچہ ایک معمولی دوا معلوم ہوتی ہیں۔ مگر ان کے استعمال کے بعد اس قدر شاندار فوائد حاصل ہوتے ہیں کہ پھر یہ معمولی سی دوا، معمولی نہیں رہ جاتی۔ بلکہ غیر معمولی بن جاتی ہے۔ نہایت سادہ سی اور کم قیمت دوا ہے۔ اسے ضرور بنا کر آزمائیے اور سوزاک کے تڑپتے ہوئے مریضوں سے دعائیں لیجیے۔

(۲۱۲) حب سوزاک (پچکاری)

اجزاء و ترکیب ساخت: زبان سگ سوختہ۔ چرم بودار سوختہ۔ سرطان سوختہ۔ برگ زخم حیات سوختہ۔ سفیدہ کاشغری۔ گھونگی سفید۔ جالا عنکبوت۔ رسوت زرد۔ مساوی الوزن لے کر باریک کریں۔ اور آب برگ بھنگرہ سبز یا آب زخم حیات سبز میں گوندھ کر حبوب بقدر کنار دشتی تیار کریں۔

ترکیب استعمال: وقت حاجت ایک گولی دہی کے پانی میں پیس کر پچکاری کریں۔

فوائد: سوزاک کے لیے یہ پچکاری بفضلہ اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔ پرانے سے پرانے قرحہ کو دنوں میں بند کر دیتی ہے۔

(۲۱۳) حب راحت صندلی

سوزاک نایاک کو بیخ و بن سے اڑا دینے والی گولیاں

اجزاء و ترکیب ساخت: طباشیر۔ مصطگی رومی۔ الائچی خورد۔ بہروزہ خشک ہر ایک

دو تولہ۔ روغن صندل ڈیڑھ تولہ۔ سب دواؤں کو پیس کر روغن صندل ملا کر بقدر کنار صحرائی گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: روزانہ ایک گولی علی الصبح باسی پانی سے کھالیں۔ غذا میں دہی چاول۔ نان گندم گھی کے ساتھ یا دال ارہر کے ساتھ کھلائیں۔

فوائد: مثانہ کے زخم کو درست کر کے سوزاک کا قلع قمع کرنے میں بے نظیر ہیں۔

بخار

(۲۱۴) حب بخار

اجزاء و ترکیب ساخت: ہنسلوچن ۲ تولہ۔ کونین ۶ ماشہ۔ گوند کیکر ۳ ماشہ۔ ست گلو ۶ ماشہ۔ سب دواؤں کو کوٹ چھان کر پانی سے نم کر کے مٹر کے دانے کے برابر گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: موسمی بخار کے دنوں میں بطور حفظ ماتقدم ان گولیوں کا استعمال کیا جاتا ہے۔ اور اس سے نہایت اعلیٰ درجہ کے نتائج ظاہر ہوتے ہیں۔ ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ آب تازہ استعمال کرتے رہیں۔[1] دودھ کے ہمراہ بھی استعمال کرا سکتے ہیں۔ جب بخار اتر کر چڑھتا ہو تو باری کے وقت سے تین گھنٹہ پیشتر سے ایک گولی ہر ایک گھنٹہ کے بعد تازہ پانی کے گھونٹ سے استعمال کراتے رہیں تو اول تو پہلے روز ورنہ دوسرے یا تیسرے روز بخار دور ہو جاتا ہے۔

فوائد: یہ گولیاں خصوصیت سے موسمی بخاروں میں استعمال کرائی جاتی ہیں۔ ملیریا بخار کے لیے کونین اکسیر مانی جاتی ہیں۔ ان گولیوں میں بھی شامل ہے۔ مگر یہ دیسی طب کا عجوبہ ہے کہ اس کی چند ایک دواؤں کی شمولیت نے کونین کے اثرات کو تو بجائے گھٹانے کے اور بھی بڑھا دیا ہے۔ مگر کونین کے مضار کا قطعی فیصلہ کر دیا ہے۔ ان گولیوں کے استعمال سے وہ گرمی اور خشکی ہرگز ظہور میں نہیں آتی جو اکیلی کونین کے استعمال سے اکثر صورتوں میں ظاہر ہوا کرتی ہے۔ بخار کے دنوں میں حفظ ماتقدم کے طور پر ان گولیوں کا استعمال بخار کے حملہ

[1] اکثر بخار سے حفاظت رہتی ہے۔ چڑھے ہوئے بخار میں ان گولیوں کا استعمال نہیں کیا جاتا صرف اترے ہوئے بخار میں ایک گولی صبح ایک دوپہر ایک شام ہمراہ آب تازہ

سے محفوظ رکھتا ہے۔ اور چڑھ کر اترنے والے بخار کی صورت میں بخار کی باری روک دیتا ہے۔ وہ بخار جو سردی لگ کر چڑھتا ہو۔ ان گولیوں کے استعمال سے دور ہو جاتا ہے۔

(۲۱۵) حب سرخ

بخار کی صدہا مرتبہ کی بے خطا زود اثر اکسیر صفت گولیاں

اجزاء و ترکیب ساخت: شنگرف رومی اتولہ۔ کھرل میں ڈال کر پیسیں اور اس میں ایک مرچ سیاہ ڈال کر پیسیں۔ اور پھر ایک پتہ برگ تلسی کا شامل کر کے پیسیں۔ اسی طرح باری باری سے مرچ سیاہ اور تلسی کا پتہ ڈال کر کھرل کرتے رہیں۔ یہاں تک کہ تین سو مرچ سیاہ اور تین سو پتے پس جائیں۔ اور گولیاں بقدر نخود بنائیں اور خشک ہونے پر سنبھال رکھیں۔

ترکیب استعمال: ہر بخار میں بخار آنے سے ایک گھنٹہ پیشتر بیری کے دو پتوں میں لپیٹ کر کھلائیں۔

فوائد: بخار خواہ تیسرے روز یا چوتھے روز یا روزانہ کا ہو۔ بفضلہٖ امید ہے کہ جس روز کھلائی جائے گی۔ اسی روز آرام ہوگا۔ ورنہ دو تین روز اور استعمال کریں۔ بفضلہٖ شرطیہ طور پر بخار کو آرام ہو جائے گا۔ صاحب نسخہ حکیم خیر الدین ایک روپیہ گولی چارج کیا کرتے تھے۔ بفضلہٖ بخار ایک ہی گولی سے اڑ جاتا ہے۔ کونین ان گولیوں کی گرد کو بھی نہیں پہنچ سکتی۔

(۲۱۶) حب تریاق الحمیٰ

اجزاء و ترکیب ساخت: گلو سبز ایک پاؤ۔ برگ نیم ۲ تولہ۔ ثمر نیم ۲ تولہ۔ چھال نیم ۲ تولہ۔ چرائتہ ۱۰ تولہ۔ پانی ۳ سیر۔ سب کو ملا کر پانی میں جوش دیں۔ حتیٰ کہ پانی صرف ۲۵ تولہ رہ جائے۔ اس میں مغز کرنجوہ ۳ تولہ۔ کونین ۶ ماشہ ملا کر خوب کھرل کر کے گولیاں بقدر نخود بنا دیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی ہر سہ وقت۔ یعنی صبح، دوپہر شام ہمراہ بدرقہ مناسب کے استعمال کریں۔

فوائد: ہر قسم کے بخاروں کو ایک دن میں توڑتی ہیں۔ ملیریا کے لیے تریاق کہا جائے تو بجا ہے۔

(۲۱۷) حب تپ بلغمی

اجزاء و ترکیب ساخت : فلفل دراز۔ مغز کرنجوہ۔ ہرایک ایک تولہ۔ زیرہ سفید برگ کیکر ہرایک نصف تولہ۔ دواؤں کو خوب کوٹ چھان کر برگ کیکر میں سفوف مذکور شامل کر کے خوب کوٹیں۔ جب دوائیں خوب حل و باریک ہو جائیں تو ذرا سا پانی ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: صبح دوپہر اور شام کو ایک گولی تازہ پانی کے ہمراہ استعمال کرائیں۔ اسی طرح تین چار روز تک استعمال رکھیں۔ ان شاء اللہ فائدہ ہوگا۔

فوائد : بڑے بڑے مشہور اطباء کے مطبوں میں ان گولیوں کو بلغمی بخاروں کے لیے بکثرت استعمال کرایا جاتا ہے۔ اور تجربہ شاہد ہے کہ اکثر ان گولیوں کے استعمال سے بہت تسلی بخش نتائج ظاہر ہوتے ہیں۔

(۲۱۸) حب ربع

چوتھیہ بخار کے لیے اکسیر

اجزاء و ترکیب ساخت : پلاس پاپڑہ کے سرخ چھلکوں کو دور کر دیں۔ پھر مغز کرنجوہ اس کے برابر لے کر خوب باریک کوٹ کر سفوف تیاری کریں۔ اور ذرا سا پانی ملا کر گولیاں بقدر نخود بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام اور دوپہر کو آب تازہ کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

فوائد : چوتھیہ بخار کے لیے اطبائے دہلی کی مشہور و معروف دوا ہے۔ اس کے چندروز کے استعمال سے چوتھیہ بخار رک جاتا ہے۔ یہ دوا دو تین ہفتہ تک متواتر جاری رکھنی چاہیے۔ کیونکہ چوتھیہ بخار بڑا اچیلا ہوتا ہے۔ اور بہت مشکل سے جانے کا نام لیتا ہے۔

(۲۱۹) حب تریاق بخار کشتہ جات والی

یہ گولیاں ہر قسم کے بخاروں کے لیے بے خطا اور لاثانی ہیں

اجزاء و ترکیب ساخت : گلوسبز ۱۰ تولہ۔ چرائتہ۔ برگ نیم۔ مرچ سیاہ ہرایک ۵

تولہ۔ اتیس ۲ تولہ۔ سب کو جوکوب کر کے ۳ سیر پانی میں بھگو رکھیں۔ اور پھر آگ پر جوش دیں۔ جب پانی جل کر صرف پاؤ بھر باقی رہ جائے تو مل چھان کر حسب ذیل ادویات کا سفوف ڈال کر کھرل کریں۔ جب گولیاں بنانے کے لائق ہو جائے تو چنے کے برابر گولیاں بنائیں ادویات حسب ذیل ہیں۔

ھوالشافی: مغز کرنجوہ ۵ تولہ۔ کونین خالص ایک تولہ۔ ست گلو خالص ایک تولہ۔ کشتہ ابرک سفید ۲ تولہ۔ کشتہ ابرک سیاہ ۲ تولہ۔ کشتہ ہڑتال گئودنتی ۱ تولہ۔ طباشیر آسمانی ایک تولہ۔ ریوند عصارہ ایک تولہ۔ دانہ الائچی ۶ ماشہ۔

ترکیب استعمال: ایک گولی صبح ایک دوپہر اور ایک شام کو مناسب بدرقہ سے دیں۔

فوائد: یہ گولیاں ہر گھر میں تیار رہنے کے لائق ہیں۔ ہر قسم کے پہلے ہی دن آرام دیتی ہیں۔ ملیریا۔ چوتھیہ۔ تجیہ۔ غرضیکہ ہر بخار کے لیے تیر بہدف ہیں۔ یہ گولیاں سینہ کا راز ہیں۔ ہم نے ان گولیوں کو نہ معلوم آج تک لاتعداد مریضوں پر استعمال کر کے فائدہ حاصل کیا ہے۔ ہمارے مطب میں ہر وقت تیار شدہ موجود رہتی ہیں۔ باریک سے باریک بخاروں کو بفضلہ دنوں میں دور کر دینا ان کا کام ہے۔

(۲۲۰) حب کافور مروارید ی

جو شدید بخاروں اور مرکب بخاروں کے علاوہ طاعون کے لیے بہت عجیب الاثر چیز ھے

اجزاء و ترکیب ساخت: مروارید ناسفتہ ۱ تولہ۔ زہر مہرہ ۴ تولہ۔ صندل سفید ۲ تولہ۔ جدوار ۹ ماشہ۔ مشک ڈیڑھ ماشہ۔ کافور ۱ ماشہ۔ گوند کیکر ڈیڑھ ماشہ۔ ورق نقرہ ۶ رتی سب کو خوب کھرل کر کے گوند کے پانی سے بقدر نخود گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی صبح ایک شام عرق بید مشک۔ تین تولہ۔ عرق گاؤزبان ۹ تولہ کے ہمراہ استعمال کرائیں اور حیرت انگیز فوائد ملاحظہ فرمائیں۔

فوائد: شدید بخاروں اور مرکب بخاروں میں ان گولیوں کا استعمال بہت مفید پایا گیا ہے۔ اکثر اطبائے نامدار ان گولیوں کے فوائد کی تعریف میں رطب اللسان ہیں۔ طاعون میں بھی ان کا استعمال بہت عجیب الاثر فوائد کا مظہر پایا گیا ہے۔ زمانہ طاعون میں ان

گولیوں کا ہر ایک مطب میں موجود رہنا اشد ضروری ہے۔ ضرور آزمائش فرمائیں۔

(۲۲۱) حب مختصر غریبانہ

ہر قسم کے وبائی بخارات کے لیے اکسیر

اجزاء و ترکیب ساخت: شگوفہ برگ ارنڈ ۶ ماشہ۔ مرچ سیاہ ۳ ماشہ۔ نمک طعام ۶ ماشہ باریک پیس کر گولیاں نخود کی بنائیں۔

ترکیب استعمال: بخار سے دو گھنٹہ پیشتر ایک گولی کھلائیں۔

فوائد: ہر قسم کے بخاروں کے لیے عمدہ دوا ہے۔

(۲۲۲) حب جواہر

صفراوی' دموی بخاروں نیز سل ودق کے لیے بھی مانند اکسیر ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: مروارید ناسفتہ۔ زمرد۔ یاقوت سرخ۔ زہر مہرہ خطائی۔ کہربائے شمعی۔ لعل بدخشانی۔ یشب سفید۔ کافور خالص۔ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ۔ ریشہ بیخ انجبار صندل سفید۔ گل ارمنی۔ ہر ایک سوا دو ماشہ۔ ست ملٹھی۔ گوند کیکر۔ کتیرا۔ نشاستہ۔ گل نیلوفر سرطان محرق۔ طباشیر سفید۔ پوست خشخاش سفید۔ تخم خشخاش سفید۔ گل گاؤزبان۔ ہر ایک ساڑھے ۴ ماشہ۔ زعفران ۴ رتی۔ جواہرات کو عرق گلاب میں اس قدر کھرل کریں کہ سرمے کے مانند باریک ہو جائیں۔ پھر بقیہ دواؤں کو کوٹ چھان کر لعاب بہدانہ میں سب دواؤں کو ملا کر چھوٹے چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال: صبح کو ایک ماشہ سے ۳ ماشہ۔ ہمراہ عرق گاؤزبان دن میں تین دفعہ استعمال کریں۔

فوائد: صفراوی اور دموی بخاروں کے لیے مانند اکسیر ہے۔ علاوہ ازیں سل ودق کے لیے بھی از حد مفید ہے۔ اور دل و دماغ تپ دق محرقہ کے عوارض کو درست کرتی ہیں خصوصاً اعضائے رئیسہ کو بخاروں کی زد سے بچاتی ہیں۔

(۲۲۳) حب اعجاز

هوالشافي: تخم دھتورہ سیاہ ایک تولہ۔ اقاقیا ایک تولہ۔ افیون خالص ایک تولہ۔ مرچ

سیاہ ایک تولہ۔ باریک کر کے گولیاں نخود بنائیں۔

ترکیب استعمال: دو گولی صبح و شام یا دو گھنٹہ دورہ سے پیشتر پانی کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

فوائد: ہر قسم کے بخار خصوصاً ملیریا کو فوراً روکتی ہیں۔

(۲۲۴) حب صندل

دموی و صفراوی بخاروں کی زود اثر دوائی

اجزاء و ترکیب ساخت: صندل سفید۔ صندل سرخ۔ ہر ایک باون ماشہ۔ طباشیر سفید نشاستہ۔ ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ۔ اجوائن خراسانی ۵۲ ماشہ۔ کافور قیصوری۔ زعفران۔ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ۔ افیون پونے ۲ ماشہ۔ کوٹ چھان کر لعاب بہدانہ میں ملا کر گولیاں بقدر نخود بنا دیں۔

ترکیب استعمال: ۵ گولی بخار سے پیشتر مریض کو کھلا دیں۔

فوائد: بخار کی گھبراہٹ کو روک کر آنتوں کی حفاظت کرتی ہیں۔ اور دو تین دن کے استعمال سے بخار کو زائل کرتی ہیں۔

(۲۲۵) حبوب ملیریا

اجزاء و ترکیب ساخت: مغز کرنجوہ ایک تولہ۔ ست گلوہ ۵ ماشہ۔ طباشیر نقرہ ۵ ماشہ۔ زیرہ سفید ۵ ماشہ۔ برگ کیکر ۲ تولہ۔ سنکھیا سفید ایک ماشہ ۲ رتی۔ پہلے نمبر ۳ و نمبر ۶ کو خوب اچھی طرح کھرل کریں پھر سب اشیاء کو ملا کر حبوب چنے کے برابر بنا دیں۔

ترکیب استعمال: بخار سے دو گھنٹہ پیشتر ایک سے دو گولی شربت بزوری کے ساتھ کھلائیں۔

فوائد: یہ گولیاں موسمی بخاروں کے لیے کئی دفعہ تجربہ میں آ چکی ہیں۔

(۲۲۶) حب طاعون نارجیل دریائی والی

اجزاء و ترکیب ساخت: رائی زرد ۳ تولہ۔ نارجیل دریائی تولہ۔ پوست بیخ مدار ۱ تولہ۔ زہر مہرہ ۱ تولہ۔ تمام ادویات کو سرخ پیاز کے پانی سے کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں

بنائیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی ہر دو گھنٹہ کے بعد ہمراہ چار تولہ عرق گاؤزبان کے دیں۔ اور تندرست حضرات مرض سے امن میں رہنے کے لیے ایک گولی بوقت صبح ہمراہ دودھ لیا کریں۔

فوائد: مرض طاعون کے لیے بفضلہٖ دافع مرض اور تندرستوں کے لیے باعث حفظ ماتقدم ثابت ہوتی ہے۔

(۲۲۷) حبوب طاعون عنبری

اجزاء و ترکیب ساخت: درونج عقربی۔ جدوار اصلی۔ زرنباد۔ بہمن سفید۔ ہر ایک ۶ ماشہ۔ صندل سرخ۔ گل مختوم۔ گل ارمنی۔ دار چینی۔ جنطیانہ۔ زراوند مدحرج۔ طباشیر۔ حب بلسان ہر ایک ۴ ماشہ۔ زعفران۔ یشب سبز۔ زہر مہرہ۔ مروارید۔ یاقوت سبز۔ ہر ایک ۳ ماشہ۔ عنبر اشہب ایک ماشہ۔ ورق طلاء ڈیڑھ ماشہ۔ ورق نقرہ تین ماشہ۔ عرق کیوڑہ۔ عرق گلاب۔ عرق بید مشک ہر ایک ۵ تولہ۔ جواہرات کو علیحدہ عرقیات میں کھرل کریں اور عنبر کو علیحدہ عرق کیوڑہ میں حل کریں۔ بعد ازاں خشک ادویہ ملائیں۔ اور ورق طلاء ورق نقرہ اضافہ کر کے کھرل کریں اور ایک رتی کی گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال: حفظ ماتقدم کے طور پر استعمال کی جائیں تو روزانہ صبح کے وقت دو گولی آب تازہ کے ساتھ استعمال کر لینا کافی ہو سکتا ہے۔ لیکن مریض کو تین تین گھنٹہ کے بعد دو گولی عرق گلاب ۵ تولہ استعمال کرائیں۔

فوائد: حب طاعون عنبری مرض طاعون کی دنیا بھر کی گنی چنی اور مجرب المجرب دواؤں میں سے ہے۔ بسا اوقات اس کے استعمال سے موت کے منہ میں پہنچا ہوا مرض بھی شفا حاصل کر لیتا ہے۔ اپنے بے نظیر خواص و فوائد کے اعتبار سے حب طاعون عنبری اس قابل ہے کہ ہر سمجھ دار طبیب اس سے فائدہ اٹھائے۔ اور طاعون کے زمانہ میں اس کی ایک بڑی تعداد اپنے مطب میں ہر وقت تیار رکھے۔ نہ جانے کس وقت ضرورت پڑ جائے۔

(۲۲۸) حب طاعون طلائی

اجزاء و ترکیب ساخت: پوست بیخ آک۔ رائی۔ ناریل دریائی۔ فادزہر حیوانی۔

زہر مہرہ خطائی۔ ہر ایک ۴ ماشہ۔ صندل سفید ۶ ماشہ۔ صندل سرخ ۸ ماشہ۔ ورق طلاء ۳ ماشہ۔ پیپتہ۔ افیون۔ ہر ایک ایک ماشہ سب کو ملا کر مثل غبار پیس کر عرق پیاز میں حل کر کے مونگ کے برابر گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال: تین چار روز تک ایک ایک گولی ہمراہ آب سیب کھلائیں۔

فوائد: طاعون کے دنوں میں بطور حفظ ماتقدم ان گولیوں کا استعمال بے حد مفید ہے اور تجربہ شدہ ہے ہر ایک طبیب کو اپنے مطب میں تیار رکھنا چاہیے۔

(۲۲۹) حب طاعون جواہر والی

اجزاء و ترکیب ساخت: ورق نقرہ۔ مروارید۔ ورق طلاء۔ ہر ایک تین ماشہ۔ عقیق سرخ۔ مرجان۔ زہر مہرہ۔ ہر ایک ایک تولہ۔ یاقوت۔ کافور۔ درونج عقربی۔ جدوار خطائی۔ ہر ایک ۶ ماشہ۔ سب کو عرق گلاب میں خوب کھرل کر کے ایک ایک رتی کے برابر گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی سے دو گولی تک عرق کیوڑہ۔ یا عرق گلاب کے ساتھ دو دو تین تین گھنٹہ کے بعد استعمال کرائیں اور خدا کے فضل کے کرشمے دیکھیں۔

فوائد: طاعون نہایت خوفناک و بھیانک مرض ہے۔ جس کی آمد سے جان کے لالے پڑ جاتے ہیں۔ دنیا میں بہت کم دوائیں ایسی ہیں۔ جو اس مرض کا شافی علاج کبھی جا سکیں مغربی طب اپنی ہنگامہ خیز تحقیقات کے باوجود ابھی تک اس مرض کی کنہ حقیقت کو بھی نہیں سمجھ سکی اس کا شافی علاج تو کیا بتا سکے گی۔ لیکن یونانی طب میں حب طاعون جواہر والی اور حب طاعون عنبری ایسے مرکبات موجود ہیں۔ جنہیں اگرچہ سو فی صدی کامیاب نہیں کہا جا سکتا۔ مگر اس حقیقت سے بھی انکار نہیں کیا جا سکتا کہ طاعون کی ادویہ میں یہ دوائیں ایک ممتاز و معزز درجہ رکھتی ہیں۔

مردوں کی خاص بیماریاں

(۲۳۰) حب جریان

جس کے استعمال سے کثرت احتلام' رقت' سرعت اور جریان وغیرہ کی شکایتیں اور

ان شکایتوں سے پیدا ہو جانے والے عوارض بھی رفع ہو جاتے ہیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : جائفل۔ جاوتری۔ افیون۔ مازو۔ اسگندھ۔ مصطگی۔ زعفران۔ ناگ کیسر۔ موچرس۔ تج قلمی۔ گل سپاری۔ چھالیہ۔ دانہ الائچی خورد۔ طباشیر۔ اجوائن خراسانی ہر ایک ایک ماشہ سب کو باریک سفوف کر کے اسپغول کے لعاب میں نم کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: بوقت صبح حاجات ضروریہ سے فارغ ہو چکنے کے بعد ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ آدھ سیر استعمال کریں۔ اگر وقتی طور پر امساک کی حاجت کے لیے استعمال کرنا چاہیں۔ تو ایک گولی وقت خاص سے دو گھنٹہ پیشتر ڈیڑھ پاؤ شیر گاؤ نیم گرم کے ہمراہ استعمال کریں۔ اس کے بعد وقت خاص تک اور کوئی چیز نہ کھائیں۔ فارغ ہونے کے بعد نیم گرم دودھ پئیں۔ دودھ میں حسب ضرورت شہد ضرور ملالیا جائے شہد نہ ملے تو مصری ہی سہی۔

فوائد : ان گولیوں کے استعمال سے سرعت انزال کی شکایت کو خصوصیت سے، بہت زیادہ فائدہ ہوتا ہے۔ دخول سے پیشتر ہی چند حرکات کے بعد اگر انزال ہو جاتا ہے تو ان گولیوں کی پہلی ہی خوراک سے یہ شکایت رفع ہو کر تسلی بخش امساک ہو جاتا ہے۔ اور جس کو سرعت وغیرہ کی وجہ سے جماع میں کبھی لذت نہ آتی ہو۔ ان کو اس قدر لذت آتی ہے کہ وہ ان گولیوں کی تعریفیں کرتے نہیں تھکتے۔ ایک دو مہینہ تک لگا تار یہ گولیاں استعمال کرتے رہیں تو سرعت ورقت کی شکایت کا پورے طور پر قلع قمع ہو کر طبعی امساک پیدا ہو جاتا ہے۔ ان گولیوں کے استعمال سے جریان اور احتلام کی شکایت کو بھی بہت تسلی بخش فائدہ ہوتا ہے۔ کئی اصحاب نے تو ان کی حد سے زیادہ تعریف کی۔ آپ بھی بنا کر آزمائیں لاجواب چیز ہے۔

جریان واحتلام وغیرہ شکایت کی وجہ سے پیدا ہونے والے عوارض مثلاً اعضائے رئیسہ کی کمزوری اور چہرے کی بے رونقی بھی ان گولیوں کے استعمال سے دور ہو جاتے ہیں۔

(۲۳۱) حب جریان غریبانہ

اجزا و ترکیب تیاری: تخم دھتورہ ۵ تولہ۔ مرچ سیاہ ۲۰ تولہ۔ دونوں کو علیحدہ علیحدہ باریک کر کے شیر برگد کی مدد سے حبوب نخودی بنائیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی صبح ہمراہ عرق سونف کے دیں۔

فوائد: جریان واحتلام کے لیے عمدہ دواؤں میں سے ہے جو کم خطا پاتی ہیں۔معدہ کی رطوبات فاسدہ کو زائل کر کے ہضم پورا کرتی ہیں۔ جب ہضم وغیرہ اچھا ہوتا ہے تو اللہ کے فضل سے جریان بھی بند ہو جاتا ہے۔

(۲۳۲) حب جریان امیرانہ

اجزاء و ترکیب ساخت: ورق نقرہ کلاں ایک سو بیس عدد یا کشتہ چاندی ایک تولہ۔ ورق طلاء۔ ۵۰ عدد یا کشتہ طلاء ۵ رتی۔کشتہ فولاد ۶ ماشہ۔کشتہ خبث الحدید ۶ ماشہ۔کشتہ صدف مروارید ی ۶ ماشہ۔ کشتہ مرجان ۶ ماشہ۔کشتہ عقیق ۳ ماشہ۔ تال مکھانہ ا تولہ تمام کو ملا کر عرق کیوڑہ ۱۰ تولہ۔ عرق بید مشک ۱۰ تولہ میں باری باری سے کھرل کریں۔ اور گولیاں بقدر نخود بنائیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی ہمراہ مربہ آملہ یا مکھن میں لپیٹ کر کھلایا کریں۔ نیز دوران استعمال میں گرم اور ترش چیزوں سے پرہیز کریں۔

فوائد: بفضلہٖ کثرت سے گرتی ہوئی دھات کو اپنے خداداد اثر کی وجہ سے بہت جلدی بند کر دیتی ہے۔

نیز مقوی جسم اور اعضائے رئیسہ بھی ہیں۔ (کنز المجربات جلد دوم)

(۲۳۳) حب جالینوس

جن کے استعمال سے بجن کی غلط کلریوں اور ایام شباب کی بے راہ رویوں سے پیدا کردہ ہر قسم کے نقائص شہوانی دور ہو جاتے ہیں

اجزاء و ترکیب ساخت: شقاقل مصری۔ تخم پیاز سفید۔ خرما۔ چڑوں کا مغز۔ تخم گندنا۔ ثعلب مصری۔ تخم جرجیر۔ ریگ ماہی۔ سب دواؤں کو تولہ تولہ کے وزن سے لے کر کوٹ چھان کر ۳ ماشہ مشک ملا کر اڑھائی تولہ شہد اور قدرے جرجیر کے پانی میں گولیاں بقدر نخود بنائیں۔

ترکیب استعمال: صبح کو یا رات کو سوتے وقت دو سے لے کر چار گولی تک عرق ماء اللحم

۵ تولہ یا آب انگور شریں ۵ تولہ کے ساتھ استعمال کریں ایک چھٹانک چنے رات کے وقت پاؤ بھر پانی میں بھگو دیں۔ صبح ان چنوں کے پانی کے ساتھ استعمال کرائیں۔ تو بھی بہت مفید نتائج ظاہر ہوں گے۔ اور سیر دودھ میں دو انڈوں کی زردی اور حسب ضرورت شہد ملا کر اس کے ساتھ یہ گولیاں استعمال کریں تو بہت جلدی حیرت انگیز فوائد حاصل ہو سکتے ہیں۔ ہم عام طور پر اس طریقہ سے ان گولیوں کا استعمال کرایا کرتے ہیں۔

فوائد: ضعف مردانہ کو دور کر کے جسم کی مردہ اور افسردہ رگوں میں ایک حیات تازہ کی روح پھونکنے کے لیے یہ گولیاں نہایت ہی عمدہ فوئد کی حامل ہیں۔ ان کے استعمال سے مادہ منویہ کثرت سے پیدا ہوتا ہے۔ اور باہ کو بے پناہ تقویت حاصل ہوتی ہے۔ ان کے اجزا میں ایک خاص خوبی یہ بھی ہے کہ ان کا آلات تناسل پر براہ راست اثر بھی ہوتا ہے۔ اس لیے یہ گولیاں حیرت انگیز طور پر مقوی ہونے کے علاوہ حیرت انگیز طور پر محرک بھی ہیں۔ کتنے ہی خلوت کی عشرتوں سے مایوس نوجوان ان گولیوں کے استعمال سے عروس عشرت و کامرانی سے ہم کنار ہو گئے ہیں۔ کتنے ہی از کار رفتہ بوڑھوں نے ان کے استعمال سے قوت شباب حاصل کی ہے۔ کچھ روز تک ان کا استعمال کرنا شرط ہے۔ پھر ان کے استعمال سے ہر قسم کا ضعف مردانہ دور ہو جاتا ہے۔

(۲۳۴) حبوب مقوی

یہ ولولہ انگیز گولیاں مقوی باہ و مثانہ ہونے میں اپنی نظیر نہیں رکھتیں

اجزاء و ترکیب ساخت: ایک عدد ناریل لے کر اس میں سوراخ کر کے افیون ۶ ماشہ۔ دارچینی۔ لونگ۔ جوزبوا۔ جاوتری۔ ہر ایک ایک تولہ۔ خرما ۲ تولہ باریک پیس کر بھر دیں۔ اور ناریل کا منہ بند کر کے آٹے سے ملفوف کر کے گائے کے گھی میں اس قدر بریاں کریں کہ آٹا سرخ ہو جائے۔ بعدہ اتار کر ناریل معہ آٹا کے کوٹ کر گولیاں بقدر کنار دشتی کے بنالیں اور روغن کو شیشی میں محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: روزانہ ایک گولی گائے کے دودھ کے ساتھ کھائیں اور روغن بطور طلاء استعمال کریں۔

فوائد : تقویت باہ کے لیے بے نظیر ہے۔ اس کے استعمال کے بعد ہی فوائد کا اندازہ ہو سکتا ہے۔ یہ نسخہ تعریف سے مستغنی ہے۔

(۲۳۵) حب عنبر مومیائی

جو دل و دماغ وغیرہ کو تقویت دے کر غلط کاریوں سے پیدا کردہ کمزوریوں کا ازالہ کرنے اور باہ میں ہیجان پیدا کرنے کے لیے ایک بے نظیر چیز ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : مومیائی خالص۔ مصطگی رومی ہر ایک ۴ رتی۔ عنبر اشہب ۱ ماشہ۔ ان تینوں چیزوں کو ایک چینی کی لمبی پیالی میں رکھ کر اور روغن پستہ ۳ ماشہ پیالی میں ڈال دیں۔ اور اس پیالی کو ایک تانبہ کے برتن میں رکھیں اور برتن میں عرق گلاب۔ عرق بہار نارنج اس قدر ڈالیں کہ پیالی مذکور کے بالائی کنارے سے نیچے رہے تاکہ پیالی کے اندر نہ جائے۔ پھر ایک دیگچی میں پانی بھر لیں اور تین پایہ کے سہارے پر پانی کے اوپر پیالی رکھیں۔ پھر دیگچی کے منہ کو سرپوش سے بند کریں اور آٹا وغیرہ لگا کر مستحکم کر دیں۔ پھر اس دیگچی کے نیچے آگ جلا دیں تاکہ مومیائی وغیرہ پگھل جائے پھر فاذ زہر حیوانی۔ مشک خالص۔ ہر ایک ۱ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ۔ طباشیر سفید۔ لونگ۔ جاوتری۔ جائفل۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ دارچینی۔ شقاقل مصری۔ سونٹھ۔ درونج عقربی۔ عود ہندی۔ عود صلیب۔ ثعلب مصری۔ جدوار خطائی۔ ہر ایک نصف ماشہ کوٹ چھان کر پیالی کی دوا میں ملا کر چنے برابر گولیاں بنالیں۔ اور سونے کے ورق چڑھا کر رکھیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : قوت باہ کی یہ لاثانی گولیاں صبح اور شام دونوں وقت ہمراہ نیم گرم شیر گاؤ (مصری آمیز) استعمال کریں اور اس کے حیرت انگیز فوائد ملاحظہ کریں۔ دل و دماغ زیادہ کمزور ہو گئے ہوں تو عرق گاؤزبان ۷ تولہ۔ عرق بید مشک ۳ تولہ۔ عرق کیوڑہ ۳ تولہ کو آپس میں ملا کر دو تولہ مصری سے میٹھا کر کے اس کے ساتھ گولی استعمال کریں۔

فوائد : کثرت مباشرت کی وجہ سے جب اعضائے رئیسہ بے حد کمزور ہو گئے ہوں تو ان گولیوں کا استعمال نہایت حیرت انگیز کرشمے دکھاتا ہے۔ ان کے استعمال سے زائل شدہ طاقت از سر نو حاصل ہو کر قوت جماعی میں تسلی بخش اضافہ ہو جاتا ہے۔ دل و دماغ کی

کمزوریوں سے پیدا ہونے والے ضعف باہ کی یہ ایک نہایت لاثانی دوا ہے جس کے اثرات کی سینکڑوں بار کے تجربات سے تصدیق ہو چکی ہے۔ جلق کے عادی کی شکایات کو دور کرنے اور اس کے دل ودماغ کو صحت بخشنے کے لیے بھی یہ گولیاں اپنا ثانی نہیں رکھتیں۔ اگر مباشرت میں لذت نہ ہوتی ہو۔ توان گولیوں کے استعمال سے خلوت کی ساعتیں عیش ونشاط کا گہوارہ بن جاتی ہیں۔ مباشرت کے بعد نیم گرم دودھ کے ہمراہ ایک گولی استعمال کر لی جائے تو گئی ہوئی طاقت کا بدل پیدا ہو کر طبیعت فوراً چست ہو جاتی ہے یہ لاثانی گولی اس لائق ہے کہ ہر مطلب کے اندر موجود رہے۔

(۲۳۶) حب کیمیائے عشرت

جو باہ کو قوت دینے سرعت انزال کو دور کرنے اور اعضائے تناسل میں تحریک پیدا کرنے کے لیے ایک مشہور چیز ہے

ھوالشافی: ورق طلاء۔ ورق نقرہ۔ مشک۔ عنبر اشہب۔ ہر ایک ایک ماشہ۔ زرشک منقی ایک تولہ۔ جدوار خطائی پونے دو تولہ۔ جاوتری ۲ تولہ۔ تیز پات سوا تولہ۔ کبابہ اسارون۔ حب صنوبر۔ مرکی۔ جائفل ہر ایک ۲ تولہ۔ پیپل ۳ تولہ۔ بالچھڑ۔ دورنج عقربی۔ اگر۔ لونگ۔ الائچی کلاں۔ ہر ایک ۳ تولہ ۴ ماشہ۔ دارچینی۔ کپور کچری۔ ناگرموتھ۔ میعہ سائلہ۔ ہر ایک ۲ تولہ۔ سونٹھ۔ مصطگی۔ مرچ سیاہ۔ تخم کرفس۔ ہر ایک ۵ تولہ۔ زعفران۔ افیون۔ ہر ایک ایک تولہ۔ کشتہ مرجان کشتہ یشب۔ کشتہ عقیق۔ کہربائے شمعی ہر ایک ۶ ماشہ۔ کشتہ قلعی ۳ ماشہ۔

ترکیب تیاری: مشک۔ عنبر۔ زعفران میعہ سائلہ۔ ورق طلاء وغیرہ اور کشتوں کو عرق گلاب میں کھرل کریں۔ اور بقیہ اجزاء کو کوٹ چھان کر ملائیں۔ پھر روغن بلسان ۳ ماشہ کھرل کر کر کے ملائیں۔ اخیر میں روح گلاب اور گوند کیکر بقدر ضرورت ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: یہ عجیب التاثیر گولیاں ایک سے دو تک کی تعداد میں صبح وشام ہمراہ نیم گرم شیر گاؤ۔ یا عرق عنبر۔ یا عرق ماءاللحم استعمال کی جائیں۔ اور حیرت انگیز کرشمات

ملاحظہ کیے جائیں۔

فوائد: اعضائے رئیسہ و شریفہ کی کمزوریوں کو دور کر کے انہیں از سر نو حیات تازہ بخشنے کے لیے یہ گولیاں اس قدر مفید و مجرب ہیں کہ ان کے فوائد پر بڑے بڑے نامدار اطباء بھروسہ کرتے ہیں اور اپنے مریضوں کو ان کے استعمال کی سفارش کرتے ہیں۔ کثرت مباشرت یا دیگر غلط کاریوں سے اگر شہوانی اعضاء میں اضمحلال پیدا ہو گیا ہو۔ تو ان گولیوں کا ایک عرصہ استعمال اس اضمحلال کو دور کر کے ان میں بیداری اور ہوشیاری پیدا کر دیتا ہے۔ خلوت کے وقت اگر دخول سے پیشتر یا چند ہی حرکات کے بعد انزال ہو جاتا ہو تو ان گولیوں کے استعمال سے ایک ہفتہ کے اندر اندر یہ شکایت دور ہو جاتی ہے۔ بلکہ بسا اوقات پہلی ہی خوراک کے دو گھنٹہ بعد اگر مباشرت کی جائے۔ تو ان گولیوں کا عجیب و غریب فائدہ ظہور میں آ جاتا ہے۔ غرضیکہ اپنے خواص و فوائد کے اعتبار سے ایک بے نظیر چیز ہے۔ جس کی قدر کرنی چاہیے۔

(۲۳۷) حب مقوی

قوت باہ اور امساک کے لیے ایک نادر نسخہ

اجزاء و ترکیب ساخت: جائفل۔ جاوتری۔ افیون۔ مازو۔ مصطگی۔ زعفران۔ ناگ کیسر۔ موچرس۔ گوگل۔ چھالیہ۔ دانہ الائچی خورد۔ بنسلوچن۔ اجوائن خراسانی ہر ایک برابر وزن کوٹ چھان کر بقدر نخود گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال: بے لاجواب حب مقوی باہ دو سے تین تک کی تعداد میں وقت خالص سے دو گھنٹہ پیشتر ہمراہ نیم گرم شیر گاؤ استعمال کریں اور پھر وقت خاص تک اور کوئی چیز استعمال نہ کریں۔ بعد فراغت دودھ وغیرہ پئیں۔ جس رات یہ گولیاں استعمال کریں۔ اس کی شام کو کھانے میں نمک، اچار، دہی بھلے پکوڑی وغیرہ سے پرہیز کریں۔ یہ طریقہ تو ہوا وقتی طور پر فائدہ حاصل کرنے کا۔ مستقل فائدہ کے لیے ان کے استعمال کا طریقہ یہ ہے کہ بلغمی اور مرطوب مزاج کے لوگ یا جنہیں سرعت انزال کی شکایت لاحق ہو۔ ان گولیوں کو ایک سے دو گولی تک کی مقدار میں صبح و شام ہمراہ دودھ نیم گرم استعمال کریں اور پندرہ بیس روز

سے پہلے جماع نہ کریں۔

فوائد: بلغمی اور مرطوب مزاجوں میں ان گولیوں کے استعمال سے باہ کو قابل محسوس تحریک و تقویت حاصل ہوتی ہے۔ سرعت انزال کے شاکیوں میں ان کی پہلی ہی خوراک سے گو ہر مقصود سے ہمکنار ہونے کی طاقت پیدا ہو جاتی ہے۔ وقتی طور پر استعمال کرنے سے اصل سے دوگناہ سے لے کر چار گنا تک امساک ہوتا ہے۔ لیکن اس قسم کی لذت کے حریص نہ ہونا چاہیے۔ ورنہ بعد میں اس کا نتیجہ اچھا نہیں ہوتا۔ جنہوں نے اپنے آپ کو اپنے ہاتھوں تباہ و برباد کیا ہوا نہیں ان گولیوں کا مدت تک استعمال نہ کرنا چاہیے۔ کیونکہ اعضائے رئیسہ و شریفہ کو تقویت دینے کے لیے ان گولیوں سے بھی طاقتور چیزیں موجود ہیں۔ ان کا استعمال کیوں نہ کیا جائے۔

(۲۳۸) حب حُب

اعلیٰ درجہ کی ملذذ ممسک و مقوی گولیاں

اجزاء و ترکیب ساخت: بچھناگ تیلیا ایک تولہ۔ عرق ادرک ۲ سیر۔ جند بیدستر ۲ ماشہ۔ کائپھل ۲ تولہ۔ تمام ادویہ کو تھوڑا تھوڑا آب ادرک ڈال کر کھرل کریں۔ پھر گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال: وقت ضرورت ایک گولی لعاب دہن میں حل کر کے عضو پر طلاء کریں۔ جب سوزش معلوم ہو تو گرم پانی سے دھو کر مشغول ہوں۔ اور ہر بار جماع کے لیے بعد عضو مخصوص کو دھولیں۔ ایک رات میں پانچ دفعہ...... کی طاقت رکھتا ہے۔ خواہ کتنا کمزور کیوں نہ ہو۔

فوائد: اعلیٰ درجہ کی ممسک، مقوی اور ملذذ ہونے کے علاوہ بالکل بے ضرر ہیں۔
(مجبی فارماکوپیا)

(۲۳۹) حب منعش

جو شہوت کو برانگیختہ کرنے اور عضو میں سختی لانے کے لیے ایک بے نظیر نسخہ ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: ریگ ماہی۔ شنگرف۔ مازو۔ لونگ۔ ہر ایک ۴ ماشہ

زعفران۔ مشک۔ افیون۔ ہرایک ایک ماشہ۔ کچلہ۔ ورق طلاء۔ ہرایک ۳ ماشہ۔ کالی مرچ دارچینی۔ ورق نقرہ۔ ہرایک سات ماشہ۔ کوٹ چھان کر گولیاں بقدر نخود بنائیں۔

ترکیب استعمال: ضعف باہ کی شکایت کے ازالہ کے لیے ایک گولی صبح ایک شاہ ہمراہ نیم گرم شیر گاؤ کچھ عرصہ تک استعمال کریں۔ اور امساک کا فائدہ حاصل کرنے کے لیے وقت خاص سے دو گھنٹہ پیشتر ایک سے دو گولی کھا کر اوپر نیم گرم شیر گاؤ پئیں اور پھر وقت خاص تک اور کوئی چیز نہ کھائیں۔ جس رات کو گولی استعمال کرنی مقصود ہو۔ اس کی شام کو کھانے میں نمک۔ اچار۔ سرکہ۔ دہی بھلے وپکوڑیاں وغیرہ چیزیں استعمال نہ کرائیں۔

فوائد: شہوت جماع کو برانگیختہ کرنے کے لیے یہ گولیاں بہت عظیم الخواص ہیں۔ ان کے استعمال سے تمام شہوانی نظام کو تقویت اور تحریک ہوتی ہے جس سے جماع کے لیے طبیعت بے قرار ہو جاتی ہے۔ عضو کی طرف دوران خون بہت تیز ہو جاتا ہے۔ جس سے عضو میں غضب کی تیزی تندی اور سختی آنے لگتی ہے۔ سرعت انزال کی شکایت کا ان گولیوں کے استعمال سے قلع قمع ہو جاتا ہے۔ اور اس قدر امساک ہوتا ہے کہ بسا اوقات طرفین کی طبیعتیں عیش مناتے مناتے اکتا جاتی ہیں۔ بلغمی اور مرطوب مزاجوں میں ان گولیوں کا استعمال خصوصیت سے مفید ثابت ہوا ہے۔

(۲۴۰) حب واجدی

طاقت رفتہ کو از سر نو واپس لانے والی طلسماتی گولیاں

اجزاء و ترکیب ساخت: شنگرف رومی اتولہ۔ سم الفار سفید اتولہ۔ آب برگ کریلا تازہ ایک پاؤ۔ آب نورستہ کونپل ارنڈ ایک پاؤ۔ سلاجیت ۶ ماشہ۔ ست لوبان ۶ ماشہ۔ اکسیر نقرئی (نسخہ ۲۵) ۶ ماشہ اکسیر۔ طلائی نسخہ نمبر ۲۶ دو ماشہ۔ زعفران کشمیری ۳ ماشہ۔ جلوتری ۳ ماشہ افیون خالص ۳ ماشہ۔ اول شنگرف وسم الفار کو کھرل میں ڈال کر آب برگ کریلا تھوڑا تھوڑا ڈال کر کھرل کر کے خشک کریں۔ بعد ازاں آب کونپل ارنڈ۔ بموجب کریلا خشک کر کے دیں ما بعد دیگر ادویات ملا کر بمقدار نخود گولی بنائیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی ہمراہ دودھ ایک سیر بوقت خواب کھلا دیں۔ اگر چوتھائی

گولی اور آدھ سیر دودھ سے شروع کر کے بتدریج ۷ گولی تک بڑھائیں۔ اور دودھ بھی بڑھائیں ان شاء اللہ ۷ گولیوں سے ۲۱ سیر دودھ ہضم ہوگا۔

فوائد : نامرد کو کامل مرد بناتی ہیں۔ سستی' جریان' سرعت انزال کو جڑ سے کھو دیتی ہیں۔ بخار' نزلہ' زکام' کھانسی و نمونیہ کے لیے بھی اعلیٰ چیز ہے۔ چار حرم کو ایک شب میں خوش رکھنے کا اس میں خاص گر ہے۔

(۲۴۱) حب احمر

وہ نادرہ روزگار مقوی باہ گولی جس کی تعریف میں ایک طبی جلسہ کے اندر حکیم حافظ محمد اجمل خاں صاحب نے فرمایا تھا کہ اس گولی کے استعمال سے بیس گنا قوت بڑھ جاتی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : سم الفار۔ ہڑتال طبقی۔ شنگرف۔ ہر ایک ایک تولہ لے کر آب لیموں کاغذی۔ آب ادرک تازہ ہر ایک ۱۰ تولہ میں خوب کھرل کریں۔ جب پانی خشک ہو جائے تو گولیاں بقدر مونگ بنالیں۔ اگر گندھک آنولہ سار ایک تولہ زیادہ کر دیں تو قبض کی شکایت پیدا نہیں ہوتی اور بھوک زیادہ ہوتی ہے۔

ترکیب استعمال : پہلے ایک ہفتہ تک نصف گولی مکھن ۵ تولہ کے ہمراہ صرف ایک وقت صبح کو استعمال کریں۔ اس کے بعد بقدر برداشت ایک گولی تک بڑھائیں۔ یہ گولی مکھن کے علاوہ دودھ کے ہمراہ بھی استعمال کی جاسکتی ہے۔ ایک مرتبہ روزانہ سے زیادہ استعمال نہیں کرنی چاہیے۔ بوڑھے اور بلغمی مزاج کے لوگ شروع ہی سے ایک گولی روزانہ استعمال کر سکتے ہیں۔ اس کے استعمال کے لیے بہترین موقع موسم سرما ہے۔ گرمیوں کے موسم میں گرم مقامات پر اس کا ہرگز استعمال نہ کریں۔

فوائد : قوت باہ کو بڑھانے کے لیے یہ گولی نہایت کرشمہ فوائد کی حامل ہے۔ لیکن نوجوانوں اور گرم مزاج میں اس قدر مفید ثابت نہیں ہوتی۔ جس قدر کہ تیس چالیس سال سے زیادہ عمر والوں میں بلغمی اور مرطوب مزاجوں میں یہ گولی خصوصیت سے حیرت انگیز فوائد کی مظہر ثابت ہوتی ہے۔ کثرت مباشرت کے نقائص اور پیرانہ سالی کی کمزوریاں اس گولی کے استعمال سے قطعی طور پر دور ہو جاتی ہیں۔ اگر موافق آجائے تو قوت باہ کو بڑھانے اور

شباب کو واپس لانے کے لیے کسی دوسری دوا کی ضرورت محسوس نہیں ہوتی۔ لیکن اس گولی میں بڑا نقص یہی ہے کہ یہ سب مزاجوں کے موافق نہیں آتی۔ اس کی گرم تاثیر سے قطع نظر اس میں ایک بہت بڑی خرابی یہ ہے کہ اس کے استعمال سے اکثر حالتوں میں بھوک قطعاً بند ہو جاتی ہے۔ اس نقص کو دور کرنے کے لیے اس میں گندھک کا اضافہ کیا گیا ہے۔ مگر تجربہ شاہد ہے اور حکیم حافظ محمد اجمل خاں صاحب نے اس کی تائید کی ہے کہ گندھک کے اضافہ اور لیموں میں کھرل کرنے سے بھی اس گولی کا بھوک بند کر دینے والا نقص دور نہیں ہوا۔

(۲۴۲) حب طلائی

از جناب حکیم میراں بخش نائب تحصیلدار ٹانک ضلع ڈیرہ اسماعیل خاں

اجزاء و ترکیب ساخت : اسٹرکنیا ۲ رتی۔ سم الفار ۴ رتی۔ کشتہ طلاء۔ کشتہ نقرہ۔ زہر مہرہ۔ عنبر اشہب۔ مشک نیپالی۔ مروارید ناسفتہ۔ زعفران۔ یاقوت رمانی۔ سلاجیت ابریشم خام مقرض ہر ایک ایک ماشہ۔ تمام کو خوب پیس کر ہمراہ شہد دیسی کے مونگ کے برابر گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال : ایک گولی صبح اور ایک گولی رات کو طعام کے آدھ گھنٹہ یا ایک گھنٹہ کے بعد دودھ سے استعمال کریں۔ اگر گرمی پیدا کریں تو ایک گولی رات کو سوتے وقت ہمراہ دودھ استعمال کریں۔ روغنی اشیاء کثرت سے استعمال کریں۔

فوائد : مفرح قلب مقوی اعضائے رئیسہ۔ پٹھوں کو طاقتور بناتی ہیں۔ حرارت غریزی کی حفاظت کرتی ہیں۔ جملہ امراض باردہ کی دافع ہیں۔ مبہی و ممسک ہیں۔ بوڑھوں کو جوان بناتی ہیں۔ سردی سے اکڑے ہوؤں کو ہوش میں لاتی ہیں۔ ریزش کی قاطع، دل و جگر کو از حد فائدہ دیتی ہیں۔ کثرت پیشاب کی دافع ہیں۔

بعد جماع ایک گولی دودھ یا منقی میں رکھ کر کھلا دیں تکان دور ہوگی۔

(۲۴۳) حب نقرئی

از جناب حکیم میراں بخش صاحب نائب تحصیلدار

اجزاء و ترکیب ساخت : کشتہ چاندی ۳ ماشہ۔ کشتہ عقیق ۳ ماشہ۔ کشتہ مرجان ۶

ماشہ۔ کشتہ قلعی۔ سلاجیت۔ سنگجراحت۔ ستاور۔ ثعلب مصری۔ موصلی سیاہ۔ موصلی سفید۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ ترپھلہ۔ ترکٹہ ہر ایک اتولہ۔ نمک سیاہ۔ نمک سونچر۔ نمک سفید ہر ایک ۴ ماشہ۔ سب کو کوٹ کر ہمراہ شہد دیسی حبوب بقدر جنگلی بیر کے بنائیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی صبح اور ایک شام دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

فوائد: مفرح قلب۔ مقوی دماغ۔ جریان وسرعت انزال کی دافع ممسک و مغلظ منی ہیں۔ عمدہ و مفید شے ہے۔

(۲۴۴) حب یاقوت

جو اعضائے رئیسہ کو تقویت دینے اور باہ وامساک پیدا کرنے کے لیے اپنا ہی نظیر نہ ھے

اجزاء و ترکیب ساخت: مشک خالص ڈیڑھ ماشہ۔ عنبر اشہب ۳ ماشہ۔ کہربا۔ بسد ہر ایک ۶ ماشہ۔ مغز بادام۔ نشاستہ سفید۔ اگر۔ مروارید ناسفتہ۔ یاقوت سرخ ہر ایک ایک تولہ۔ ست ملٹھی۔ گوند کیکر۔ مصری۔ بیخ بنفشہ۔ افیون ہر ایک ۲ تولہ۔ پہلے جواہر کو عرق گلاب کے ہمراہ کھرل کریں۔ پھر باقی ادویہ کو کوٹ چھان کر شامل کریں اور عرق گلاب بقدر ضرورت اضافہ کر کے چنے برابر گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال: ضعف باہ کی شکایت کے ازالہ کے لیے ایک گولی لبوب کبیر ۵ ماشہ۔ یا جوارش جالینوس لولوی ۵ ماشہ کے ہمراہ کھلائیں۔ اعضائے رئیسہ کو تقویت دینا مطلوب ہو۔ تو خمیرہ گاؤ زبان عنبری جواہر والا ۵ ماشہ کے ہمراہ ایک گولی صبح ایک گولی شام استعمال کرائیں۔ نزلہ اور کھانسی کے ازالہ کے لیے ایک گولی کھا کر اوپر سے عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ۔ شربت بنفشہ ۲ تولہ ملا کر کھلائیں۔

فوائد: بچپن کی غلط کاریوں یا کثرت کار نشاط کی وجہ سے اگر اعضائے رئیسہ ضعیف ہو گئے ہوں۔ تو حب یاقوت کا استعمال اس شکایت کے ازالہ کے لیے بہت کچھ مفید ثابت ہوتا ہے۔ ضعف اعضائے رئیسہ کی وجہ سے ضعف باہ کی شکایت لاحق ہو گئی ہو یا ضعف باہ کی وجہ سے اعضائے رئیسہ ضعف ہو گئے ہوں۔ دونوں صورتوں میں حب یاقوت کا استعمال مفید

ہے۔ سرعت انزال کی شکایت کے لیے حب یاقوت بہت کامیاب پائی گئی ہے۔ نزلہ و کھانسی میں بھی مستعمل ہے۔ اور اس سے اچھے نتائج ظاہر ہوتے ہیں۔

(۲۴۵) حب جدوار

جو دل و دماغ کو تقویت دینے اور سرعت انزال کی شکایت کا قلع قمع کرنے کے لیے ایک مشہور و معروف دوا ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: مسلّم ناریل لے کر اس طرح چھیلیں کہ اوپر کی سیاہی دور ہو جائے اور باقی سفید حصہ رہ جائے۔ پھر چاقو سے ایک پیسہ کے برابر اس طرح تراش کر سوراخ کریں کہ ایک ٹکڑا نکل آئے اور وہی ٹکڑا سوراخ بند کر سکے۔ افیون خالص ۵ تولہ۔ جدوار خطائی ۹ ماشہ۔ زعفران ساڑھے چار ماشہ۔ زعفران اور جدوار کو ایک ساتھ پیس کر اور افیون ملا کر مذکورہ ناریل کے اندر داخل کر کے اسی سے بند کر دیں۔ پھر ماش کا آٹا گوندھ کر ناریل کے اوپر اس طرح لگائیں کہ ناریل پوشیدہ ہو جائے اور آٹے کی موٹائی تقریباً ایک انگلی ہونی چاہیے۔ پھر ناریل کو دس سیر گائے کے دودھ میں ڈال کر جوش دیں۔ یہاں تک کہ دودھ کی ربڑی بن جائے۔ بعدہٗ نکال کر تقریباً سیر بھر گھی میں بریاں کریں۔ جب اوپر کا آٹا سرخ ہو جائے تو ناریل کو گھی سے نکال کر اوپر کے آٹے کو علیحدہ کریں اور ناریل کو معہ دواؤں کے اس قدر کوٹیں کہ وہ مرہم کے مانند ہو جائے۔ پھر اس کٹی ہوئی دوا سے ساڑھے ۷ تولہ لیں اور عنبر، روغن بلسان ہر ایک دو ماشہ۔ جوز بوا۔ اجوائن خراسانی۔ گوند کیکر۔ ہر ایک سوا دو ماشہ۔ جاوتری۔ بہمن سفید۔ بہمن سرخ۔ مایہ شتر اعرابی۔ بادرنجبویہ۔ خولنجاں۔ ہر ایک ساڑھے چار ماشہ۔ چینی سفید ایک تولہ۔ کوٹ چھان کر کٹے ہوئے ناریل میں ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ اور اس کے اوپر سونے چاندی کے ورق چڑھائیں۔

ترکیب استعمال: ایک سے دو گولی تک کی مقدار میں صبح و شام ہمراہ خمیرہ گاؤزبان ا تولہ یا عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ یا ڈیڑھ پاؤ دودھ کے ہمراہ جسے شہد سے میٹھا کر لیا گیا ہو استعمال کریں اور اکسیر سے بڑھ کر فائدہ دیکھیں۔

فوائد: جریان کی شکایت کو دور کرنے کے لیے یہ گولیاں بہت مفید و مجرب ہیں۔ ان کے

استعمال سے مادہ تولید کی رقت دور ہوکر اس میں بے حد غلظت پیدا ہو جاتی ہے۔ سرعت انزال کی شکایت کو دور کر کے تسلی بخش امساک پیدا کرنے کے لیے ان گولیوں کے فوائد مسلم الثبوت ہیں۔ ان کے استعمال سے قلب و دماغ کی کمزوریاں دور ہو کر ان کو تفریح و تقویت حاصل ہوتی ہے۔ سرور و نشاط لانے اور رغبت مباشرت بڑھانے کے لیے ان گولیوں نے بہت نام پایا ہے۔ ضعف باہ کو دور کر کے نامردوں اور مایوسوں کو خلوت کے کارنشاط کے لیے تیار و آمادہ کر دینا ان گولیوں کا ایک کرشمہ ہے جس سے سینکڑوں اور ہزاروں ضرورت مند اصحاب نے تجربہ کی کسوٹی پر جانچ کر کھرا پایا ہے۔ ان گولیوں کی چند ہی خوراکوں سے اثر ظاہر ہو جاتا ہے۔ اور چند ہی ہفتوں میں مریض کی کایا پلٹ ہو جاتی ہے۔

(۲۴۶) حب جواہر

جو حرارت غریزی کو برانگیختہ کرنے اور اعضاء رئیسہ کو تقویت دینے کے لیے ایک نہایت ہی معتبر اور مصدقہ دوا ہے

اجزاء و ترکیب ساخت : مروارید۔ ورق نقرہ۔ ہر ایک ۳ ماشہ۔ شاخ مرجان اڑھائی ماشہ۔ یشب سبز۔ عقیق سرخ۔ ہر ایک ڈیڑھ ماشہ۔ نارجیل دریائی۔ زعفران ہر ایک ایک ماشہ۔ زہر مہرہ خطائی ساڑھے تین ماشہ۔ یاقوت سرخ۔ یاقوت زرد۔ فیروزہ ہر ایک دو ماشہ۔ ایک پاؤ گلاب کے عرق میں سب کو خوب کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال : ایک گولی سے دو گولی دواء المسک معتدل جواہر والی ۳ ماشہ کے ہمراہ یا خمیرہ گاؤزبان ایک تولہ کے ہمراہ استعمال کریں اور قدرت خدا کا تماشہ دیکھیں۔

فوائد : شہوانی غلط کاریوں یا جوانی کی بے اعتدالیوں کی وجہ سے اگر دل و دماغ وغیرہ اعضائے رئیسہ اس قدر کمزور ہو گئے ہوں گے کہ اپنے اپنے فرائض منصبی کے ٹھیک طور پر بجا لانے میں بھی کوتاہی کرتے ہوں تو ان گولیوں کے استعمال سے جلد کمزوریاں دور ہو کر ان میں جوانی کی طرح روح پھونکی جاتی ہے۔ کمزور اور ضعیف حرارت غریزی کو برانگیختہ کرنے میں یہ گولیاں اپنی مثال نہیں رکھتیں۔ طویل علالت کے بعد کمزوری کو دور کرنے کے لیے ان کے فوائد ایک اکسیر سے کسی طرح کم نہیں۔ ان کے چند ہی روز کے استعمال سے مریض کے

چہرے سے مرض کی افسردگی دور ہو کر صحت و شباب کی رنگینی جھلکنے لگتی ہے۔

غرضیکہ یہ گولیاں طب یونانی کے گراں قدر تجربات سے ہیں۔ قارئین کو ان کی تہ دل سے قدر کرنی چاہیے۔ عمدہ شے ہے۔

(۲۴۷) حب زعفران طلائی عنبری

زبدۃ الحکماء حکیم ملک عبدالقیوم خادم شاگرد لقمان الملک حکیم عبدالوہاب صاحب انصاری (حکیم نابینا صاحب)

جس سے مایوس العلاج مریض کو بھی مرطبہ فائدہ ہو جاتا ھے

ھوالشافی: زعفران ۳ ماشہ۔ ورق طلاء ۳ ماشہ۔ ورق نقرہ ۶ ماشہ۔ جدوار خطائی ۶ ماشہ۔ افیون ۲ ماشہ۔ سم الفار ۲ ماشہ۔ عنبر ۴ رتی۔ کھرل میں ڈال کر بکری کے دودھ کی آمیزش سے کھرل کریں اور ۶ گھنٹہ کے بعد گولیاں بقدر دانہ موٹھ کے بنا کر اوپر سونے کے ورق چڑھا لیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی مکھن یا بالائی میں لپیٹ کر کھلائیں اور اوپر سے دودھ حسب ضرورت پلائیں۔

فوائد: جس مریض کو کسی دواسے بھی فائدہ نہ ہوتا ہو۔ ایسے شخص سے بھی ان کا چند روزہ استعمال اپنا لوہا منوالیتا ہے۔ اس کی چند خوراکوں سے قوت باہیہ میں بیش بہا اضافہ ہو جاتا ہے۔ مقوی ہونے کے باوصف دافع جریان اور دافع سرعت انزال بھی ہیں۔

امساک

امساک کی ادویات میں اکثر منشی اور مخدر اشیاء ڈال کر بنائی جاتی ہیں جن کے استعمال سے گو عیش پسند لوگ چند دن تو رنگ رلیاں منا لیتے ہیں مگر اس کا نتیجہ تھوڑے عرصہ بعد بہت بری صورت میں ظاہر ہوتا ہے۔

پھر وہ پہلی طاقت سے بھی ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں۔ لہٰذا...... حتی الوسع ایسی ادویات سے پرہیز چاہیے۔ اسی کو مدنظر رکھتے ہوئے ہم ذیل میں ایسی گولیوں کے نسخہ جات بیان کرتے

ہیں جو کہ ان خرابیوں سے مبرہ بلکہ ممسک ہونے کے باوصف مقوی اور محرک بھی ہیں مگر تاہم ان کو بھی بلاضرورت طبی معمول نہ بنانا چاہیے۔(مؤلف)

(۲۴۸) حب ممسک امیرانہ

ممسک ' نشاط آور - مقوی ادویات کا بیش بہا مجموعہ

اجزاء و ترکیب ساخت : کشتہ طلاء۔ کشتہ نقرہ۔ کشتہ فولاد۔ کشتہ ابرک۔ کشتہ شنگرف۔ مروارید۔ کستوری خالص۔ عنبر۔ تمام ادویات برابر لے کر کھرل میں ڈالیں اور روح گلاب میں کھرل کر کے ماش کے دانہ کے برابر گولیاں بنالیں اور اوپر ورق طلاء چڑھا کر نفیس شیشی میں ڈال رکھیں۔

ترکیب استعمال: وقتی فائدہ اٹھانے کے لیے...... سے ڈیڑھ گھنٹہ پیشتر ایک گولی دودھ سے استعمال کرائیں۔ مگر یہ ہدایات کر دیں کہ اس روز شام کے وقت نمکین غذا قطعاً نہ کھائیں۔ وقتی طور پر بلاخوف ضرور امساک ہوگا۔

دائمی فوائد سے بہرہ ور ہونے کے لیے ایک گولی یومیہ کے حساب سے دو ہفتہ تک استعمال کرنا چاہیے۔

فوائد : سرعت انزال کے دفعیہ کے لیے نہایت مفید ہیں۔ قدرتی طور پر امساک آور نشاط انگیز و محرک باہ ثابت ہوتی ہیں۔

نوٹ : کشتہ جات کے بنانے کی ترکیب کشتہ جات کے بیان میں ملاحظہ فرمائیں۔

(۲۴۹) حب ممسک (جوہر کچلہ والی)

جو کہ ممسک ہونے کی علاوہ مقوی اعصاب و مقوی اعضاء رئیسہ بھی ہے

اجزاء و ترکیب ساخت : مروارید۔ کستوری خالص۔ ورق طلاء۔ ہر ایک تین تین ماشہ۔ اسٹرکنیا (جوہر کچلہ) کافور ہر ایک چار رتی۔ افیون ڈیڑھ ماشہ۔ جدوار خطائی ۶ ماشہ تمام ادویات کو باریک پیس کر گولیاں بقدر دانہ باجرہ تیار کریں اور اوپر ورق طلاء چڑھا لیں۔

ترکیب استعمال: بوقت شب ایک گولی قبل از...... ڈیڑھ گھنٹہ بھیڑ یا بھینس کے دودھ

سے دلوائیں

فوائد : دیکھنے میں ننھی سی گولی ہے۔مگر فوائد میں بڑی بڑی گولیاں سے بفضلہٖ بازی سے جاتی ہے۔ نامرد اور ناکارا مرد کو متواتر دو ہفتہ استعمال کرانے سے بفضلہٖ مرد کو کامل بناتی ہے۔

(۲۵۰) حب لاجواب

سرعت' رقت' جریان وغیرہ کو دور کر کے امساک کو پیدا کرتی ہیں

اجزاء و ترکیب ساخت : شنگرف ۲ تولہ۔ جلوتری ۱۰ ماشہ۔ ریگ ماہی ۲ تولہ۔ مغز تخم اونٹگن ۲ تولہ۔ افیون ۱۰ ماشہ۔ مغز اخروٹ ۴ تولہ۔ مغز بادام ۴ تولہ۔ مغز پستہ ۴ تولہ۔ چرونجی ساڑھے ۴ تولہ۔ منقیٰ ۴ تولہ۔ تخم گاجرا تولہ۔ تخم پیاز ا تولہ۔ زعفران ۸ ماشہ۔ زردی بیضہ مرغ ۴ عدد سب ادویہ کو پیس کر زردی بیضہ مرغ شامل کر کے پوست بیضہ جس سے مواد نکال لیا گیا ہو۔ جس قدر انڈوں میں آسکے ڈال کر بھوبل گرم میں تشویہ دے لیں۔ بس کافی ہے نکال کر کشتہ قلعی اضافہ کر کے گولیاں بہ مقدار بیر کے بنادیں۔

فوائد : یہ گولیاں سرعت' رقت' جریان' احتلام کو مفید ہیں۔ خون پیدا کر کے رنگ کو سرخ کرتی ہیں۔ پژمردہ رخساروں پر سرخی کی لہر دوڑنے لگتی ہے۔ یہ نسخہ اپنے فوائد کے لحاظ سے بہترین اثر کات کا حامل ہے۔

(۲۵۱) حب امساک خاص

اجزاء و ترکیب ساخت : مومیائی ایک تولہ۔ جدوار ا تولہ۔ شنگرف ا تولہ۔ عقرقرحا ٦ ماشہ۔ بیر بہوٹی ٦ ماشہ۔ زعفران ٦ ماشہ۔ افیون ا تولہ۔ کچلہ مدبر ا تولہ۔ جوز بوا ٦ ماشہ۔ جملہ ادویہ کو شیر برگد ۲۰ تولہ میں کھرل کر کے گولیاں بقدر نخود بنائیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی روزانہ ہمراہ دودھ دیں۔ فوری امساک کے لیے دو گولی ہمراہ دودھ تین گھنٹہ پیشتر ......ترشی نہ کھائیں۔

فوائد : امساک طبعی پیدا کرتی ہیں۔ ان کا روزانہ استعمال مقوی اعصاب اور مقوی باہ ہے لیکن معمول نہ بنالینا چاہیے۔

(۲۵۲) حب امساک نقرئی

اجزاء و ترکیب ساخت : پارہ مصفی۔ ورق نقرہ۔ ہر ایک ایک ماشہ دونوں کو کھرل کر کے گولی بنائیں۔ اور یہ گولی ایک جنگلی کبوتر کو کھلا دیں اور ایک گھنٹہ کے بعد کبوتر کو ذبح کریں۔ اور خیال رہے کہ تڑپنے سے گولی ادھر ادھر ضائع نہ ہو جائے۔ اس لیے ہاتھ سے پکڑے رہیں۔ جب کبوتر ٹھنڈا ہو جائے تو شکم چاک کر کے گولی نکال کر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: مجامعت کے وقت یہ گولی منہ میں رکھیں۔ بعدہ نکال کر ڈبیہ میں محفوظ رکھ لیں۔

فوائد : اس کے لیے اتنا ہی لکھنا کافی ہے کہ یہ گولیاں امساک کے لیے ان اشیاء میں سے ہے۔ جو کہ نایاب ہیں۔ لیکن اس کی مداومت نقصان دہ ہے۔

(۲۵۳) حب ممسک

بلغمی اور مرطوب مزاجوں میں باہ و امساک کا طوفان بپدا کرنے والی دوا

اجزاء و ترکیب ساخت : جائفل۔ شنگرف۔ عقرقرحا۔ افیون۔ ہر ایک دوا برابر وزن لے کر کوٹ چھان کر اور شہد میں ملا کر گولیاں مونگ سے کچھ بڑی بنالیں۔

ترکیب استعمال: وقت خاص سے تین گھنٹہ پیشتر دو سے چار گولی تک استعمال کریں۔ زیادہ مرطوب مزاج ہو تو پان کے ساتھ ورنہ نیم گرم دودھ کے ساتھ اس گولی کے بعد وقت خاص تک اور کوئی چیز نہ کھائی جائے۔ بعد انفراغ دودھ وغیرہ پئیں۔ جس رات کو یہ گولی استعمال کرنا مقصود ہو تو اس کی شام کے کھانے میں اچار' سرکہ' چٹنی' دہی پکوڑی وغیرہ کا استعمال نہ کیا جائے۔

فوائد : بلغمی اور مرطوب مزاجوں میں نہ صرف امساک ہی پیدا کرتی ہے۔ بلکہ باہ کو بھی تقویت اور تحریک دیتی ہے۔ لیکن لاغر بدن نوجوانوں میں اس کا استعمال اکثر بجائے نفع کے نقصان کا موجب ثابت ہوا ہے۔ مباشرت میں لذت کا احساس بڑھانے کے لیے ایک عجیب شے ہے۔ اس کے استعمال سے خلوت کی ساعتیں' کیف و نشاط کا گہوارہ بن جاتی ہے۔ لیکن اس قسم کی نشاط اندوزیوں کا حریص نہ بننا چاہیے۔ ورنہ انجام بہت تلخ اور

افسوسناک ہوگا۔ اس کا استعمال صرف طبی ضرورت کے پیش نظر جائز ہے۔

(۲۵۴) حب نشاط

امساک باہ اور کیف و نشاط کی نہایت اعلیٰ بے ضرر امیرانہ دوا

اجزاء و ترکیب ساخت : کشتہ نقرہ۔ ساڑھے چار ماشہ۔ زعفران۔ جاوتری۔ ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ مشک ڈیڑھ ماشہ۔ ریگ ماہی ڈیڑھ تولہ۔ جوز بوا۔ سمندر سوکھ۔ ہر ایک ۹ ماشہ۔ زہر مہرہ سوا ماشہ۔ ہر ایک کو خوب باریک کر کے پان کے عرق میں گولیاں بقدر نخود بنا لیں۔

ترکیب استعمال: ضعف باہ کی شکایت کو دور کرنے اور دل و دماغ کو تقویت دینے کے لیے ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ عرق عنبر ۵ تولہ۔ یا عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ میں مصری ملا کر اس کے ساتھ استعمال کریں۔ نیم گرم شیر گاؤ کے ساتھ بھی استعمال کرا سکتے ہیں۔ اگر وقتی طور پر امساک کی غرض سے استعمال کرنی مقصود ہوں تو وقت خاص سے ڈیڑھ گھنٹہ پیشتر ایک سے دو گولی تک ہمراہ ڈیڑھ پاؤ شیر نیم گرم استعمال کریں اور تا وقت خاص اور کوئی چیز استعمال نہ کریں۔ بعد الفراغ دودھ وغیرہ پی سکتے ہیں۔ جس رات کو ان گولیوں کا استعمال کرنا ہو۔ اس کی شام کو اچار۔ سرکہ۔ نمک دہی بھلے پکوڑی وغیرہ کا استعمال نہ کیا جائے۔

فوائد : یہ گولی اپنے حیرت انگیز افعال و خواص کی وجہ سے واقعی اسم با مسمیٰ ہے اس کے استعمال سے سرعت انزال کی شکایت کا قلع قمع ہو کر مباشرت کی لذتوں میں چار چاند اضافہ ہو جاتا ہے۔ دل و دماغ کی کمزوریوں کی وجہ سے اگر جماع بے کیف ہو گیا ہو تو ان گولیوں کے چند روزہ استعمال سے خلوت کی ساعتیں عیش و نشاط کا گہوارہ بن جاتی ہیں۔ نہایت حیرت انگیز کمال ان گولیوں میں یہ ہے کہ ان کے استعمال سے وقتی طور پر تسلی بخش امساک ہوتا ہے۔ حالانکہ ان میں کوئی نشی اور معز صحت جز وشامل نہیں ہے۔ اور نہ بعد میں کسی شے کا خطرہ ہے۔ امساک اور لذت اور باہ کے شیدائی ان گولیوں کے استعمال سے بلاشبہ ضرر اپنی ہوس یا طبی ضرورت جو کچھ ہو بآسانی پورا کر سکتے ہیں۔

(۲۵۵) حب اسرار

امساک کی لیبی بے ضرر اور لا ثانی صفت گولیاں

اجزاء، و ترکیب ساخت : انبہ اتولہ۔ جتہ الخضراء ایک تولہ۔ سلاجیت اتولہ۔ مشک خالص ایک تولہ۔ زعفران اتولہ۔ مغز پستہ اتولہ۔ ساذج ہندی اتولہ۔ لونگ اتولہ۔ افیون خالص اتولہ۔ ریگ ماہی ۶ ماشہ۔ کشتہ نقرہ ۶ ماشہ۔ جملہ ادویہ کو اچھی طرح ملا کر آب برگ تنبول میں کھرل کر کے حب بقدر دانہ نخود بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی رات کو سوتے وقت ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

فوائد : مقوی باہ مسک اور خون پیدا کر کے رنگ کو سرخ کر دینے والی لاثانی اکسیر ہے۔ آزمائش کر کے دیکھیں۔

(۲۵۶) حب ممسک بے نظیر

جو اعلیٰ درجہ کی ممسک مغلظ اور مقوی باہ ہیں

اجزاء، و ترکیب ساخت : کچلہ مدبر ۶ ماشہ۔ سنکھیا سرخ ۳ رتی۔ ہیرا کسیس ۵ ماشہ۔ شنگرف در شیر برگد صلایہ کردہ ۵ ماشہ۔ جوز بوا ۵ ماشہ۔ افیون ۹ ماشہ۔ سب کو اچھی طرح ملا کر گولیاں بقدر نخود بنائیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی صبح و شام ہمراہ دودھ دیں۔

فوری ضرورت کے لیے ۲ گھنٹہ پیشتر......

(۲۵۷) حب ملذذ

جس کے استعمال سے میاں بیوی ایک دوسرے کے والہ و شیدا ہو جاتے ہیں

اجزاء، و ترکیب ساخت : زعفران۔ عاقرقرحا۔ ہر ایک ۶ ماشہ۔ مصطگی۔ میعہ سائلہ ہر ایک ۲ ماشہ ان سب کو کوٹ کر کنجشک نر کے خون میں خوب کھرل کریں۔ پھر گولیاں بقدر نخود کے تیار کریں۔

ترکیب استعمال: خلوت میں جانے سے صرف چند منٹ پیشتر ایک گولی لعاب دہن میں گھس کر عضو پر لگائیں اور پھر دیکھیں کہ کس قدر لذت حاصل ہوتی ہے۔

فوائد : ان گولیوں کے استعمال سے مرد کی عشرت جماع میں چہار چند اضافہ ہو جاتا ہے۔ اور عورت کو اس قدر لذت حاصل ہوتی ہے کہ وہ بے اختیار ہو کر مرد سے چمٹ جاتی ہے۔ جن عورتوں کو انزال بہت دیر میں ہوتا ہے۔ ان کے شوہر اس گولی کا استعمال کریں تو عورت جماعت کی لذت سے پورا لطف اٹھا سکتی ہے۔ جن مردوں کو انزال جلد ہو جاتا ہے۔ ان کو اس گولی کی عادت نہیں ڈالنی چاہیے۔ گاہے گاہے استعمال کرتے رہنے میں تو خیر کچھ مضائقہ نہیں۔ لیکن اس کے کثرت استعمال سے سرعت انزال کی شکایت بڑھ جائے گی۔

(۲۵۸) حب مومیائی سادہ

جو مباشرت سے پیدا ہونے والی کمزوریوں کا فوراً قلع قمع کر دیتی ہے

اجزاء و ترکیب ساخت : مومیائی اصلی ۳ تولہ۔ گوند کیکر ایک تولہ۔ مصری ۴ تولہ۔ پہلے دونوں دواؤں کو تھوڑے سے عرق گلاب میں خوب کھرل کریں۔ بعدۂ مصری ملا کر دوبارہ حل کر کے گولیاں بقدر نخود تیار کریں۔

ترکیب استعمال : مباشرت سے فارغ ہونے کے بعد ایک سے دو گولی تک نیم گرم دودھ ہمراہ استعمال کریں۔ اور چند ہی منٹ کے اندر اندر قدرت خدا کا مشاہدہ کریں۔

فوائد : مباشرت کے بعد ان گولیوں کی ایک خوراک استعمال کرنے سے مباشرت سے پیدا ہونے والی تمام کمزوریاں فوراً دور ہو جاتی ہیں۔ یہ گولی ان اصحاب کے لیے خاص طور پر مفید ہیں۔ جن کے دل و دماغ اس وجہ کمزور ہوں کہ مباشرت کے بعد ان پر ایک قسم کی غشی سی طاری ہو جاتی ہو۔ ایسے اصحاب اگر جماع کے بعد ان گولیوں کو ایک خوراک استعمال کر لیں۔ تو ہمیشہ کے لیے ان کی بے نظیر قوت کے قائل ہو جائیں گے۔ ان کے استعمال سے فوراً ہی سست اعصاب میں طاقت و توانائی کی ایک برقی رو دوڑ جاتی ہے۔ اور ایسا معلوم ہونے لگتا ہے۔ گویا مباشرت کی ہی نہیں۔ تندرست اصحاب بھی جماع کے بعد ان گولیوں کے استعمال کی عادت بنا لیں۔ تو تمام عمر شہوانی کمزوری نزدیک نہ پھٹکنے پائے گی۔

❀❀❀

عورتوں کی خاص بیماریاں

(۲۵۹) حب مروارید (بہ نسخہ خاص)

جو سیلان الرحم کی شکایت اور اس شکایت سے پیدا ہونے والی کمزوری کا شرطیہ علاج ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: سہاگہ نیم بریاں۔ مازو سوختہ۔ ہر ایک ۵ تولہ۔ مصطگی ۱۰ تولہ۔ برادہ کچلہ مدبر ۵ تولہ۔ مروارید ناسفتہ۔ عنبر اشہب ہر ایک سوا تولہ۔ ہر ایک دوا کو علیحدہ علیحدہ باریک پیس چھان کر وزن کریں اور عنبر اشہب کو عرق گلاب میں حل کر کے اس میں تمام ادویہ باریک شدہ ملا کر گوندھیں اور چنے برابر گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال: اس عجیب التاثیر گولی کو عرق عنبر یا نیم گرم دودھ کے ہمراہ استعمال کیا جائے ایک گولی صبح اور ایک شام کافی ہے۔

فوائد: سیلان الرحم کی شکایت کے ازالہ کے لیے یہ ایک بہت ہی مفید و مجرب گولی ہے۔ اس کے چند روزہ استعمال سے ہر وقت بہنے والی سفیدی بھی رک جاتی ہے۔ اس گولی میں ایک امتیازی خوبی یہ بھی ہے کہ اس کے استعمال سے سیلان الرحم سے پیدا ہونے والی کمزوری۔ بھوک کی کمی۔ جماع سے نفرت وغیرہ شکایات بھی دور ہو جاتی ہیں۔ عورتوں کے لیے اس گولی کا استعمال اکثر شباب آور ثابت ہوا ہے۔ مسیح الملک حکیم محمد اجمل خاں صاحب مرحوم نے اس گولی کا بہت وسیع پیمانہ پر تجربہ کر کے اسے ایک لاجواب شے پایا ہے۔ جناب بھی اسے اپنے مطب کے خاص نسخوں میں جگہ دیں۔ اور اس سے مستفید ہوں۔ تو خادم کو بھی دعائے خیر سے یاد فرمائیں۔

(۲۶۰) حب مدد

نسوانی ایام کی خرابیوں اور بے قاعدگیوں کا ازالہ کرنے والی لاجواب دوا

اجزاء و ترکیب ساخت: صبر سقوطری۔ ہیرا کسیس۔ زعفران۔ ہر ایک ایک ماشہ۔ پانی میں کھرل کر کے تین گولیاں بنائیں۔ بس حب مدد تیار ہے۔

ترکیب استعمال: ایک گولی صبح ایک دوپہر ایک شام ہمراہ آب نیم گرم استعمال کریں۔ اور خدا کی قدرت کا تماشہ دیکھیں۔ ایام حیض سے چند روز پیشتر سے ان کا استعمال شروع کریں اور ضرورت سمجھیں تو ایام حیض میں بھی جاری رکھیں۔ اتنی مقدار گرمی کرے تو اس سے نصف مقدار میں دیں۔

فوائد: جب ایام بے قاعدہ آتے ہوں۔ تکلیف کے ساتھ آتے ہوں۔ رک رک کر آتے ہوں۔ پیڑو اور کمر میں ازحد درد ہوتا ہو۔ مریضہ کی طبیعت سست اور نڈھال ہو۔ ایام رک جانے سے بدن اور چہرے پر پھنسیاں ہوگئی ہوں تو ان گولیوں کا استعمال تیر بہدف ثابت ہوتا ہے۔ چند خوراکوں کے استعمال سے حیض کی قلت اور تکلیف رفع ہو کر مریضہ کی طبیعت ہشاش بشاش ہو جاتی ہے۔ اپنے افعال و خواص میں یہ گولیاں بے حد قوی اور سریع التاثیر ہیں۔ ان کے استعمال سے حیض کی شکایت نہیں رہتی۔ لیکن بعض عورتوں کو پیچش سی ہو جاتی ہے۔ ایام میں اس پیچش سے گھبرانا نہیں چاہیے۔ یہ پیچش ایام حیض کی خرابیوں کو دور کرنے کے لیے بہت مفید ثابت ہوئی ہے۔ اگر حد سے بڑھ جائے تو گولیوں کا استعمال ترک کر کے پیچش کا علاج کریں۔ دو چار روز میں شکایت رفع ہو جائے گی۔

(۲۶۱) حب بندکشاد

اس دوا کے استعمال سے بفضلہ برسوں کا رکا ہوا خون جاری ہو جاتا ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: ڈھاک کی کونپل جو کھلی نہ ہو۔ یہ خزاں کے بعد ملتی ہے۔ جس قدر مل سکیں لے کر باریک کوٹیں۔ اور چھ سات سال کا پرانا گڑ برابر وزن لے کر اس کے ساتھ کھرل کریں اور ایک ایک تولہ کی گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال: تولہ کی ایک گولی کو چودہ روز کریں۔ یعنی اس کی چودہ گولیاں بنا کر ایک گولی روزانہ ہمراہ پانی کھلائیں۔

فوائد: برسوں کے رکے ہوئے خون کو بفضلہ تعالیٰ دنوں میں جاری کر کے عورت کو قابل اولاد بناتی ہیں۔

(۲۶۲) حبوب حیض کشا

حیض کی کمی اور بندش اور اس کی عوارضات کی اکسیری گولیاں

اجزاء و ترکیب ساخت : کیسس سبز ولایتی۔ بھنگ بریاں۔ شنگرف۔ سہاگہ نمک لاہوری۔ تمام ادویہ ہم وزن لے کر عرق لیموں سے ۳ گھنٹہ متواتر مسلسل کھرل کر کے چنے کے دانے کے برابر گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال : دو گولی صبح وشام ہمراہ جوشاندہ سونف ۳ ماشہ۔ تخم کرفس ۳ ماشہ۔ انیسون ۳ ماشہ۔ گاؤ زبان ۴ ماشہ۔ حسب دستور پانی میں جوش دے کر مل چھان کر گلقند اڑھائی تولہ شامل کر کے دیا کریں۔

فوائد : حیض کی بندش اور کمی اور درد سے آنا وغیرہ کے لیے بہترین گولیاں ہیں۔

(رموز حکمت)

(۲۶۳) حب کثرت حیض

کثرت حیض کے لیے یہ گولیاں نہایت ہی مفید ہیں۔ اس کا نسخہ پنڈت ٹھاکر دت صاحب شرما وید موجد امرت دھارا لاہور نے آل انڈیا ایورویدک اینڈ یونانی طبی کانفرنس کے سالانہ اجلاس پر پیش کیا تھا۔

ھوالشافی : سپاری ۱ عدد۔ مازو ۲ عدد۔ مقل ۵ عدد۔ یہ سب دوائیں ہم وزن لے کر خوب باریک پیس کر پانی کے ذریعہ چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ خوراک دو گولی صبح وشام استعمال کریں۔

ٹھنڈک نامی دوا بھی کثرت حیض کے لیے لاثانی اور کئی دفعہ کی مجرب ہے۔ جسے طبی صندوقچہ کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

(۲۶۴) حب حمل

جن کے استعمال سے بانجھ پن کے متعلق جملہ پوشیدہ نسوانی خرابیوں کا قلع قمع ہو کر عورت کی گود ہری بھری ہو جاتی ہے

اجزاء و ترکیب ساخت : مشک اصلی ۲ رتی۔ افیون ۱ رتی۔ جائفل ۱ عدد۔ زعفران ۱

ماشہ۔ بھنگ پونے دو ماشہ۔ پرانا گڑ ۵ ماشہ۔ چھالیہ ۳ عدد۔ لونگ ۴ عدد۔ سب دواؤں کو کوٹ چھان کر گڑ میں ملا کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالیں۔ اگر گولیاں نہ بن سکیں تو اور گڑ ملالیں۔

ترکیب استعمال: ایام ماہواری سے فارغ ہونے کے بعد غسل کر کے فوراً ہی ان گولیوں کا استعمال شروع کرا دینا چاہیے۔ روزانہ ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ معجون موچرس ۷ ماشہ یا ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم تین روز تک استعمال کرائیں۔ چوتھے روز خاوند سے قربت کرنے کی ہدایت کریں۔ امید ہے کہ اسی روز یا دوسرے تیسرے روز حمل ٹھہر جائے گا۔ اگر پہلے مہینہ کامیابی نہ ہو تو دوسرے تیسرے مہینے۔ اسی طرح ایام حیض سے فارغ ہونے کے بعد تین روز تک ان گولیوں کا استعمال کرائیں۔ اور چوتھے روز خاوند سے مباشرت کرنے کا حکم دیں۔ امید ہے کہ دوسرے مہینے ضرور حمل ٹھہر جائے گا۔ ورنہ تیسرے مہینے اسی طرح سے استعمال کرائیں۔ اب تو انشاء اللہ ضرور کامیابی ہوگی۔ لیکن یہ یاد رکھنا چاہیے کہ جن عورتوں کے ایام ماہواری میں نقص ہے۔ ان کو ان گولیوں کے استعمال سے اس وقت تک کسی فائدہ کی امید نہ رکھنی چاہیے۔ جب تک کہ ایام ماہواری کا نقص دور نہ کیا جائے۔

فوائد: اگر معمولات نسوانی میں کسی قسم کا نقص نہ ہو۔ اور دیگر کوئی خاص امر مانع حمل نہ ہو تو ان گولیوں کے استعمال سے بانجھ عورت کو بھی پہلے ہی مہینے حمل ٹھہر جاتا ہے۔ ظاہر طور پر جو امور مانع حمل نظر آئیں۔ ان کو دور کرنے کے بعد ان گولیوں کا استعمال کرانا چاہیے تو بہت سے اندرونی اور پوشیدہ نقائص کو یہ گولیاں خود ہی درست کر لیتی ہیں اور ایک دو ہی ماہ میں بانجھ عورت کی گود میں ننھا منا بچہ کھیلنے کی امید پیدا کر دیتی ہیں۔ حمل ٹھہرانے کے ہزاروں نسخہ جات میں سے ایک منتخب نسخہ ہے۔ اور دہلی کے مشہور معروف اطباء اسے بکثرت استعمال کراتے ہیں۔ جس سے اس کی سریع الاثری ظاہر ہوتی ہے۔ بنا کر فائدہ اٹھائیں۔

(۲۶۵) حب عقر

اس کے کھانے سے بیس سال کی بانجھ عورت بفضلہ حاملہ ہو جاتی ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: مشک خطائی ۲ رتی۔ افیون۔ زعفران۔ جوزبوا۔ ہر ایک

ایک ماشہ۔ روغن قسب ۲ ماشہ۔ سیپاری ۳ عدد۔ لونگ ۴ عدد۔ کوٹ چھان کرگڑ بقدر حاجت ملا کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال: ایام سے فارغ ہونے کے بعد اسی دن ایک گولی تین روز تک کھلائیں۔

فوائد: رحم کو درست کر کے قابل اولاد بناتی ہیں۔ بے نظیر اور کئی دفعہ کی مجرب ہیں۔

(۲۶۶) حب معین حمل

استقرار حمل کی یہ قلیل الاجزاء کثیر الفوائد گولیاں تعریف سے مستغنی ہیں

اجزاء و ترکیب ساخت: مرکی۔ نوشادر۔ دونوں کو باریک پیس کر آدھی آدھی رتی کی گولیاں بنالیں اور حالت حیض میں کھلائیں۔ اور بعد از فراغت حیض مباشرت کرنے کی ہدایت کریں۔

فوائد: یہ گولیاں ان عورتوں کے لیے ہیں جو اسقاط کی عادی ہو چکی ہوں اور بار بار اسقاط ہونے کی وجہ سے مایوس ہو چکی ہوں۔

(۲۶۷) حبوب دافع اسقاط

یہ گولیاں اسقاط حمل کی عادت کو دور کرنے میں لاثانی ہیں

اجزاء و ترکیب ساخت: آملہ خشک ۲ تولہ۔ پنیر دہی تازہ ۲ تولہ۔ برادہ دندان فیل ا تولہ۔ مشک خالص ۲ ماشہ۔ آملہ نہایت باریک کر کے پنیر میں ملا کر خوب گھوٹیں کہ لئی بن جائے بعدۂ برادہ اور مشک ملا کر گولیاں بقدر کنار دشتی بنائیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی صبح و شام ہمراہ آب تازہ ایام حمل میں کھلائیں بچہ پیدا ہونے کے بعد سوا دو سال تک روزانہ آدھی سے ایک گولی کھلائیں۔

فوائد: استقاط کی عادت کو دور کرنے کے لیے نہایت مفید ثابت ہو چکی ہیں۔ لیکن اہل اسلام کے نزدیک ہاتھی دانت حرام ہے۔

❀❀❀

بچوں کی بیماریاں

(۲۶۸) حب ام الصبیان

وہ نادرہ روزگار گولی جو بچوں کی مرگی کیلئے مفید و مجرب چیز ہے

اجزاء و ترکیب ساخت : کندر۔ مصبر زرد۔ جند بیدستر۔ ہرایک برابر وزن لے کر کوٹ چھان کر پانی سے گولیاں بنائیں۔ جو دانہ مونگ سے ذرا بڑی ہوں۔

ترکیب استعمال: بچوں کو ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ شیر مادر استعمال کریں جوانوں کو تین گولی صبح تین گولی شام ہمراہ آب تازہ۔

فوائد : مرگی ایک سخت و صعب مرض ہے۔ لیکن یہ گولیاں اس سخت مرض کے لیے کافی و شافی ثابت ہوئی ہیں۔ بعض مریضوں کو ان کے استعمال سے قطعی طور پر فائدہ ہو گیا ہے۔ تھوڑا بہت فائدہ تو ہر حالت میں کرتی ہیں۔ یہ ممکن نہیں ہے کہ کوئی مریض ان گولیوں کا استعمال کرے اور پھر یہ شکایت کرے کہ مجھے کوئی فائدہ نہیں ہوا۔

(۲۶۹) حبوب ڈبہ

مایوسی کے وقت یہ گولیاں مسیحائی اثر دکھاتی ہیں

اجزاء و ترکیب ساخت : مغز جمال گوٹہ پتہ دور کردہ۔ پرانا ناریل گری کھوپا بالکل سڑا ہوا ہر ایک ڈیڑھ ماشہ۔ مغز بادام ۳ ماشہ۔ سب کو باریک پیس کر حبوب بقدر دانہ باجرہ تیار کریں۔ اور لوہے کی ڈبیہ میں محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: بوقت ضرورت بچہ کو ایک گولی پانی میں گھس کر پلائیں۔

فوائد : بفضلہٖ اس دوائی کے حلق سے نیچے ہوتے ہی بچہ تندرست ہو جاتا ہے۔ اس وقت یہ گولیاں اپنا دکھاتی ہیں جس وقت بچہ موت کے منہ میں ہو۔ ڈبہ کی اکسیر الاثر دوا ہے۔ علاوہ ازیں ام الصبیان کے لیے بھی اکسیر ہیں۔

(۲۷۰) حب مسان مرواریدی

بچوں کے سوکھا مرض کی شرطیہ و عمدہ دوا

اجزاء و ترکیب ساخت : مروارید ناں بندھے ۴ رتی۔ زہر مہرہ خطائی۔ حجر الیہود۔

ناریل دریائی۔ پوست ہلیلہ زرد۔ مغز کنول گٹہ۔ طباشیر۔ الائچی خورد۔ زر ورد ہر ایک ۶ ماشہ۔ سب کو باریک پیس کر کھرل میں اچھی طرح حل کر کے عرق گلاب کے ساتھ مونگ برابر گولیاں تیار کریں۔

ترکیب استعمال: ایک برس کے بچے کو ایک گولی صبح ایک گولی شام اس کی ماں کے دودھ میں حل کر کے پلائیں۔

فوائد: بچوں کے ہر مرض یعنی بخار' پیاس' قے' دست' گھبراہٹ' لاغری' کمزوری اور خصوصاً سوکھا کے لیے بے خطا اور لاثانی گولیاں ہیں۔

(۱۷۲) حب سرخ بادہ

اجزاء و ترکیب ساخت: رسوت۔ صندل سرخ ہر ایک دو ماشہ۔ نرکچور ۳ ماشہ۔ چاکسو ۴ ماشہ۔ افیون۔ ہلدی۔ برگ حنا ہر ایک ایک ماشہ۔ مردار سنگ ۴ رتی۔ برگ سیب۔ برگ بکائن۔ ہر ایک پندرہ عدد۔ سب کو کوٹ کر بقدر مونگ گولی بنائیں۔

ترکیب استعمال: چھوٹے بچے کو ماں کے دودھ میں گھس کر صبح و شام دونوں وقت پلائیں۔ چھ سات مہینے کا بچہ ہو تو اسے ۱ تولہ شربت عناب کے ساتھ ایک گولی صبح ایک شام استعمال کرائیں۔

افعال ومنافع: بچوں کے سرخ بادہ ایسی تکلیف دہ بیماری کے لیے یہ ایک نہایت ہی لاجواب دوا ہے۔ اس کی چند ہی خوراکوں سے بیماری کا زور ٹوٹ جاتا ہے اور چند روز کے استعمال سے بچہ کو صحت ہو جاتی ہے۔

حبوب جمع الفوائد

اس عنوان کے تحت ان نادرۂ روزگار گولیوں کے نسخے درج کیے جاتے ہیں۔ جن میں سے ایک ایک نسخہ بفضلہٖ بیسیوں امراض کے لیے عجیب الاثر ثابت ہوتا ہے۔ ان نسخہ جات کے متعلق بڑے زور سے سفارش کروں گا کہ ان کو پوری ترکیب سے تیار کر کے معمول مطلب بنائیں اور فائدہ اٹھائیں۔

اگر بوجہ کثرت کاروبار وغیرہ خود تیار نہ فرما سکیں تو دواخانہ سلیمانی جہانیاں ضلع ملتان سے طلب فرما لیں۔

ان کی قیمتیں میں نے خود کم رکھوائی ہیں۔ تاکہ حکماء نامدار بنی بنائی منگوا کر فائدہ اٹھا سکیں۔ ادویات کی تیاری اور بہترین اجزاء کے متعلق اتنا کہہ دینا کافی خیال کرتا ہوں کہ میں حتی الوسع اپنے روبرو تیار کرواتا ہوں۔ (مؤلف)

(۲۷۲) حب جامع النفع

مختلف امراض کی ایک ھی تیر بہدف طلسمانی گولیاں

اجزاء و ترکیب ساخت : آردبیخ حنظل۔ بیخ حرمل۔ آردبیخ مدار۔ آرد چاکسو ایک تولہ۔ سب کو گودہ کنوار گندل میں حل کر کے گولیاں نخود کی بنالیں۔

ترکیب استعمال : دودھ۔ سونف۔ عرق یا سادہ پانی کے ساتھ یا ہمراہ بدرقہ مناسب ایک سے دو گولی دیں۔

فوائد : یہ گولیاں بواسیر، پیچش۔ باؤ گولہ۔ جملہ امراض معدہ۔ دردشکم وغیرہ کے لیے ازحد نافع ہیں۔ کئی دفعہ کی مجرب اور آزمودہ گولیاں ہیں۔

علاوہ ازیں وجع المفاصل کے لیے بھی تریاق ہیں۔ استعمال کر کے ضرور فائدہ اٹھائیں۔

(۲۷۳) حبوب کامل النفع

یہ گولیاں پیٹ کے جملہ عوارض اور بدن کے اکثر امراض کیلئے نافع ھیں

اجزاء و ترکیب ساخت : آک کی جڑ کا چھلکا ایک تولہ۔ مرچ سیاہ ۴ تولہ۔ عرق ادرک ۵ تولہ سب کو پیس کر گولیاں بقدر دانہ موٹھ بنائیں۔

ترکیب استعمال : ایک سے دو گولی ہمراہ بدرقہ مناسب دیں۔

فوائد : پیٹ درد اور پیٹ کے ہر مریض مثلاً ہیضہ، سول، قولنج۔ سوء ہضمی اور وجع المفاصل ذات الجنب۔ بخار۔ پرسوت۔ ام الصبیان۔ مقوی باہ اور جملہ اقسام تپ کو مفید ہیں۔

(۲۷۴) حب کثیر النفع

متعدد امراض کی بیخ کنی کیلئے یہ گولیاں ہر مطب میں رکھنے کے قابل ہیں

اجزاء و ترکیب ساخت : مرچ سیاہ۔ فلفل دراز۔ سونٹھ۔ دارچینی۔ شحم حنظل۔ نوشادر۔ جوکھار۔ قشر لیموں۔ سوڈا بائیکارب ۲-۲ تولہ۔ سونف ۴ تولہ۔ سنائے ۲ تولہ۔ گندھک آنولہ سار مصفی ا تولہ۔ بچھناگ مدبر ۶ ماشہ۔ غنچہ ناشگفتہ مدار (یعنی آک کا وہ پھول جو ابھی نہ کھلا ہو) ۳ چھٹانک۔ جملہ ادویات کو علیحدہ علیحدہ پیس کر ملالیں۔ بعدہ غنچہ مدار ایک ایک عدد۔ ڈال کر ختم کریں۔ تب نمک سیاہ بقدر ذائقہ ڈال کر کنار دشتی کے برابر گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال : ایک گولی صبح وشام بعد از غذا ہمراہ آب دیں۔

فوائد : درد شکم ہر قسم۔ بدہضمی۔ قے۔ ہیضہ اور کاسر الریاح ہیں۔ کوئی مطب ان سے خالی نہیں رہنا چاہیے۔ معدے کی امراض کے علاوہ عظم طحال کا مجرب علاج ہے۔

(حبیبی فارماکوپیا)

جامع النفع

(۲۷۵) حب کافور چونے والی

جو کہ متعدد امراض کی ازالہ کے لیے سیف قاطع کا حکم رکھتی ہیں

اجزاء و ترکیب ساخت : افیون دیسی مصفی ایک تولہ۔ کتھ سفید ا تولہ۔ چونا پان ایک تولہ۔ کافور دیسی ۶ ماشہ۔ تمام ادویات کو باریک پیس کر پانی کی آمیزش سے چنے کے دانہ کے برابر گولیاں تیار کریں۔

ترکیب استعمال : ایک سے دو گولی ہمراہ مناسب بدرقہ دیں۔

فوائد : پیچش' اسہال' مروڑ کے لیے مفید ہیں۔ سنگرہنی' دیرینہ پیچش علاوہ ازیں نزلہ۔ زکام' کھانسی۔ سینہ کا درد۔ ہیضہ' قے' پٹھوں کا درد۔ درد گردہ' ذات الجنب وجع المفاصل کے لیے بھی مثل تریاق کے ہیں۔

خون حیض۔ خون بواسیر کو بند کرنے کے لیے بھی مستعمل ہیں۔ اعلیٰ درجہ کی نیند آور

اور بے چینی و گھبراہٹ کو بفضلہٖ دور کرنے والی ہیں۔
آزما کر فائدہ اٹھائیں مفید شے ہے۔

(۲۷۶) حب شفا

وہ مشہور و معروف گولیاں جو تمام امراض باردہ میں خصوصیت سے مفید و مجرب ہیں

اجزاء و ترکیب ساخت : تخم دھتورہ ۳ تولہ۔ ریوند چینی ۲ تولہ۔ سونٹھ۔ گوند کیکر ہر ایک ایک تولہ۔ گوند کیکر کو پانی میں حل کریں۔ اور دوسری ادویہ کو باریک کوٹ چھان کر ملائیں اور چنے برابر گولیاں بنا کر رکھیں۔

ترکیب استعمال : ایک گولی سے لے کر دو گولی تک دن میں ایک یا دو بار آب تازہ کے ہمراہ استعمال۔

فوائد : تمام امراض باردہ نزلہ' زکام' کھانسی' تپ لرزہ وغیرہ کے لیے یہ گولیاں نہایت اکسیری فوائد کی حامل ہیں۔ ایک شخص کو کئی سال سے دم کشی کی شکایت تھی۔ مگر کسی دوا سے فائدہ نہ ہوتا تھا۔ ہم نے بعد تشخیص اسے انہی گولیوں کا استعمال کرایا ایک ماہ کے استعمال سے پوری شفا ہو گئی۔ ایک عورت کو دائمی دردسر کی شکایت تھی دہلی کے کئی مشہور و معروف ڈاکٹروں سے علاج کرایا۔ کوئی فائدہ نہ ہوا۔ ہم نے یہی گولیاں استعمال کرائیں۔ ایک ہفتہ میں درد کی شکایت دور ہو گئی۔ نزلہ زکام کی وجہ سے ایک شخص کے بال سترہ سال کی عمر میں سفید ہو گئے تھے۔ تین چار چار ماہ تک ان گولیوں کا استعمال کرایا گیا۔ مریض کو پورا فائدہ ہو گیا۔ بال از سر نو سیاہ ہو گئے۔ بخاروں کی نوبت کو روکنے کے لیے تو یہ گولیاں ہمارے روزمرہ کے مجربات سے ہیں۔ خصوصاً اس بخار کے لیے بہت ہی مجرب و مفید ہیں۔ جو سردی کے چڑھتا ہو۔ سرعت انزال کی شکایت کو دور کرنے کے لیے بھی یہ گولیاں مجربات خاصہ سے ہیں۔ مگر اس سرعت کے لیے مفید ہیں جو جلق و اغلام کا نتیجہ نہ ہو۔ بلکہ کثرت منی و کثرت رطوبات سے پیدا ہوئی ہو وغیرہ وغیرہ۔

مختصر یہ کہ یہ گولیاں نہایت ہی لاجواب فوائد کی سرمایہ دار ہیں اور اس لائق ہیں کہ

اطباءان سے بکثرت فائدہ اٹھائیں۔

(۲۷۷) حب کثیر الفوائد

ہر مطلب بلکہ ہر گھر میں موجود رہنے کے لائق اکسیری گولیاں

حکیم مولوی محمد علی صاحب سند و تمغہ یافتہ چوک فرید امرت سر

یہ دوا حکیم صاحب موصوف کا خاص اسراری نسخہ ہے جو کہ اعلیٰ درجہ کی مصفی خون اور بواسیر کے لیے مفید دوا ہے۔ چند روز کے استعمال سے خنازیر کو نیست و نابود کر دیتی ہے۔ خون صاف کر کے پھوڑے پھنسی کو رفع کرتی ہے۔

یہ دوا مقوی معدہ مقوی اعصاب اور دودھ گھی خوب ہضم کر کے خون صالح پیدا کرتی ہے۔ خون خواہ کتنا خراب ہو چکا ہو۔ تمام بدن خراب ہو چکا ہو۔ اس کے چند روزہ استعمال سے بفضلہ پھوڑے پھنسیوں کو فائدہ ہو جاتا ہے۔

خون کو صاف کر کے چہرے کو چمکاتی ہے۔ الغرض یہ دوا اعلیٰ درجہ کی مصفی خون ہے اور بواسیر۔ خنازیر امراض سوداویہ کا بہترین علاج ہے۔

ھوالشافی: رسوت مصفی ۴ تولہ۔ عرق عشبہ مغربی ۱۶ تولہ میں بھگو دیں۔ اور دس بارہ گھنٹہ تک رکھ دیں۔ صاف اتار کر اس میں کچلہ نیم بریاں۔ اجوائن دیسی بریاں۔ چاکسو نیم بریاں۔ گندھک مغسول ہر ایک دو تولہ ڈال کر کھرل کر کے حبوب نخودی بنائیں۔

فوائد: بواسیر خونی ہو یا بادی ہر دو کے لیے اکسیر ہے۔ خنازیر کو اس کا چند روزہ استعمال بیخ و بن سے اکھاڑ دیتا ہے۔

ترکیب استعمال: دو گولی ہمراہ باسی پانی روزانہ دیں۔ زخم خنازیر اور بواسیر کے مسوں پر اس کو گھس کر لیپ کر دیں۔

(۲۷۸) حب جمع الفوائد

بے شمار مرضوں کو دور کرنے کے لیے ایک ہی بے خطا و کم خرچ بالانشین اکسیر

اجزاء و ترکیب ساخت: پارہ ا تولہ۔ گندھک آملہ سار ۲ تولہ۔ مرچ سیاہ ۲ تولہ۔

سہاگہ ۳ تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۴ تولہ۔ مغز ارنڈی ۷ تولہ۔ جمال گوٹہ ۸ تولہ۔ تخم جمال گوٹہ چھیل کر کپڑے میں دبا دیں۔ خشک ہونے پر سفوف کر لیں۔ پارہ اور گندھک کی کجلی کریں اور یکے بعد دیگرے باقی جملہ ادویہ مذکورہ ملا کر عرق گلاب بقدر ضرورت میں باریک کریں۔ بعد ازیں جمال گوٹہ ملا کر عرق گلاب بقدر ضرورت میں باریک کریں۔ بعد ازاں جمال گوٹہ کو ملا کر شہد شامل کر کے مٹر کے برابر گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: چونکہ یہ گولیاں بہت سے فوائد کی حامل ہیں۔ اس لیے مناسب بدرقہ جات کے ہمراہ مندرجہ ذیل امراض میں بے حد مفید ثابت ہوتی ہیں۔

زکام، دمہ، چیچک کے لیے عرق سوف یا محض گرم پانی سے ایک گولی یومیہ آتشک کے لیے ۴ گولیاں گرم پانی کے ہمراہ دیں۔ چار یوم تک دیتے رہنے سے ردی مواد تمام خارج ہو گا۔

ذات الجنب، وجع المفاصل، وجع الورک، عرق النساء کے لیے عرق ادرک یا جوشاندہ سونٹھ سے دو گولیاں۔

زہریلے جانوروں کے زہر کو دور کرنے کے لیے عرق اجوائن یا پودینہ یا جوشاندہ شہد سے دو گولیاں یومیہ خصوصاً سانپ کے لیے ۶ سے ۸ گولیاں ہمراہ گرم پانی۔

طاعون کے لیے عرق لیموں یا سرکہ میں پیس کر اوپر لیپ کریں۔

برص کے لیے بکری کے پیشاب میں گھس کر روزانہ لیپ کریں۔ اور خوراکی طور پر ایک گولی یومیہ دیں۔

(۲۷۹) حب مسکین نواز (گھوڑ چڑھی)

تین سو ساٹھ مریضوں کے لیے دیدک کی مشہور عالم نانز گولیاں

وجہ تسمیہ: چونکہ اس کا ایک بار محنت سے تیار کر لینا غرباء کو مدت العمر حکیموں، ویدوں اور ڈاکٹروں کی گراں بار فیسوں اور دواخانہ والوں کے بلوں سے بے نیاز کر دیتا ہے۔ بدیں وجہ اس کا نام مسکین نواز ہوا۔

گھوڑ چڑھی۔ جس طرح گھوڑے کا سوار بہت جلد منزل مقصود پر پہنچ جاتا ہے۔ اسی

طرح ان گولیوں کے استعمال سے بفضلہ بہت ہی جلد فائدہ ظاہر ہوتا ہے۔ بنا بریں اس کا نام گھوڑ چڑھی رکھا گیا۔

چونکہ اس عجیب وغریب مرکب کے کئی ایک نسخے ملتے ہیں۔ لہٰذا ہم اپنی دانست میں سب سے اعلیٰ نسخہ انتخاب کر کے درج کرتے ہیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : پارہ مصفّی۔ گندھک مدبر۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست بلیلہ۔ آملہ۔ سونٹھ۔ مرچ سیاہ۔ فلفل دراز۔ ناگرموتھا۔ ریوندچینی۔ عقرقرحا۔ ہر ایک تین تین تولہ۔ چیتا۔ ہڑتال ورقیہ۔ بیش مدبر۔ مید مہامید۔ سہاگہ بریاں۔ نمک لاہوری ہر ایک ایک تولہ۔ حب السلوک مدبر آٹھ تولہ۔ پہلے پارہ وگندھک کو کھرل میں ڈال کر متواتر ۶ گھنٹہ تک کھرل کریں۔ تاکہ نہایت اعلیٰ درجہ کی کجلی بن جائے۔ بعدہٗ باقی تمام ادویات کو علیحدہ علیحدہ باریک پیس کر ملالیں۔ اور اس مرکب میں بھنگرہ کے ہرے پتوں کا پانی ڈال ڈال کر کھرل کرتے رہیں یہاں تک کہ پورے چالیس گھنٹہ تک کھرل ہو جائے بس اب گولیاں بقدر دانہ موٹھ بنالیں۔ بس یہی حب مسکین نواز ہے۔

ملاحظہ: پارہ۔ گندھک۔ بیش وحب السلوک کو مصفّی ومدبر کرنے کی ترکیبیں اخیر کتاب میں ضمیمہ کے اندر ملاحظہ فرمائیں۔

مید مہامید کے متعلق حکماء کا اختلاف ہے۔ مگر سب سے بہتر تحقیق یہی معلوم ہوتی ہے کہ وہ ایک لیموں کی شکل سے ملتی جلتی مگر وزن میں بالکل ہلکی چیز ہے۔ جو مختلف نباتات کے اوپر ملتی ہے۔

ہم نے بار ہا تلاش کے بعد حاصل کی ہے۔ جو کہ سر درد کے لیے تو بس اکسیر ہی ہے جیسا کہ ہم نے اس کا ذکر کنز المجربات جلد اول میں بھی کیا ہے۔

اگر یہ حاصل نہ ہو سکے تو اس کا بدل بہمن سرخ وسفید ہے۔ مگر بدل آخر بدل ہی ہے۔

ترکیب استعمال: چونکہ یہ گولیاں مختلف بدرقہ جات سے استعمال کی جاتی ہیں لہٰذا ہم ذیل میں تفصیل سے درج کرتے ہیں۔

[۱] درد سر شقیقہ: ایک گولی کھلا کر اوپر سے ایک تولہ تر پھلہ کا سفوف پھنکائیں اور ایک گولی کڑوے تیل میں گھس کر لگائیں۔

۲ **مرگی**: ایک گولی مرچ سیاہ ڈیڑھ ماشہ کے ہمراہ پیس کر بطور نسوار کے مریض کی ناک میں پھونکیں دورہ بند ہوگا۔

۳ **نزلہ و زکام**: ایک گولی سونٹھ ۳ ماشہ کے ہمراہ کھلائیں۔

۴ **درد چشم**: ایک گولی آنولہ اور زیرہ سفید کے ہمراہ پانی سے پیس کر آنکھ پر لیپ کریں۔

۵ **ناخونہ**: ایک گولی آملہ اور زیرہ سفید کے ہمراہ پانی کی مدد سے پیس کر آنکھوں میں لگائیں۔یعنی اس پانی میں بھگو کر آنکھ میں لگائیں۔

۶ **شبکوری**: ایک گولی تھوک میں گھس کر ذراسی سلائی سے آنکھ میں لگائیں۔

۷ **بدبوئے دھن**: ایک گولی ۹ ماشہ گڑ کے ہمراہ کھا کر اوپر سے ادرک یا پان کھائیں۔

۸ **درد دندان**: ایک گولی کتائی خورد کے ہمراہ چبائیں اور دانت پر ملیں۔

۹ **سنبات جوو**: ایک گولی دارفلفل کے ہمراہ پانی میں گھس کر آنکھ میں لگائیں۔

۱۰ **قے**: ایک گولی سہ چند ہینگ میں ملا کر قدرے گرم کر کے کھلائیں۔

۱۱ **تشنگی**: ایک گولی ۱۰ ماشہ زیرہ سیاہ کے ہمراہ کھلائیں۔اور اگر تشنگی بسبب حدت صفرا کے ہوتو زیرہ سفید کے ہمراہ دیں۔

۱۲ **ھضم طعام**: ایک گولی پونے دو ماشہ اجوائن کے ہمراہ کھلائیں۔

۱۳ **رفع قبض**: بیمار کو پہلے ۳ روز کھچڑی کھلا کر چوتھے روز مریض کی قوت کے مطابق گولیاں کھلا کر اوپر سے سرد پانی پلائیں۔اگر دست کم آئیں تو کھانڈ کا شربت برف ملا کر دیں۔

۱۴ **اسھال**: ایک گولی گرم پانی کے ہمراہ کھلائیں۔

۱۵ **درد ریاحی**: ایک گولی ۳ ماشہ اجوائن کے ہمراہ باریک کر کے شیرہ ادرک اور روغن خشخاش میں ملا کر کھلائیں۔

۱۶ **استسقاء**: ایک گولی ۹ ماشہ منڈی کے ہمراہ کھلائیں۔

۱۷ **اسھال کھنہ**: ایک گولی گائے کی چھاچھ آہن تاب کر کے اس کے ہمراہ

کھلائیں۔

۱۸ **پیچش امعاء**: ایک گولی ساڑھے ۳ ماشہ سونٹھ کے سفوف کے ہمراہ چندروز تک کھلائیں۔

۱۹ **پیٹ کے کیڑوں کے لیے**: ایک گولی ادرک کے پانی کے ہمراہ تین روز تک کھلائیں۔

۲۰ **درد ناف**: ایک گولی سیاہ مرچ کے ہمراہ کھلائیں۔

۲۱ **درد کمر**: ایک گولی ۵ لونگوں کے ہمراہ کھا کر اوپر سے ادرک کھائیں۔

۲۲ **سنگ مثانہ**: ایک گولی خیساندہ کلتھی کے ہمراہ کھلائیں۔

۲۳ **سنگ گردہ**: ایک گولی پکھان بید کے ہمراہ دیں۔

۲۴ **احتباس حیض**: ایک گولی مرغی کے انڈے کے ہمراہ کھلا کر اوپر سے مدارت پلائیں۔

۲۵ **بدھضمی**: ایک گولی سونٹھ یا پان کے ہمراہ کھلائیں۔

۲۶ **سیلان منی**: ایک گولی تھوڑی سی ہنسلوچن کے ہمراہ کھلا کر اوپر سے تریھلہ کا جوشاندہ پلائیں۔

۲۷ **پرمیہ**: ایک گولی بکری کے دودھ کے ہمراہ چندروز کھلائیں۔ آب برگ سنبھالو کے ہمراہ بھی مفید ہے۔

۲۸ **سدہ امعاء**: ایک گولی کھا کر اوپر سے لعاب ریشہ خطمی اور عرق سونف اور گلقند لیں اگر تھوڑا سا روغن بادام زیادہ کریں تو بہتر ہے۔

۲۹ **وجع المفاصل**: اور خفقان میں ایک گولی شیرہ برگ بھنگرہ کے ہمراہ ۳ روز کھلائیں یا سفوف دار چینی مرچ سیاہ دار فلفل کے ہمراہ شہد میں ملا کر دیں۔

۳۰ **بواسیر بادی**: ایک گولی ساڑھے ۳ ماشہ شیرہ اکاس بیل کے ہمراہ سات روز کھلائیں اگر بواسیر خونی ہو تو سفوف کشنیز کے ہمراہ دیں۔

۳۱ **درد مقعد**: ایک گولی بھنگ کے ساتھ کھلائیں۔

۳۲ **تپ کھنہ**: ایک گولی ست گلو کے ہمراہ یا السی کے تیل کے ساتھ۔

۱۶ **تپ سہ روزہ:** ایک گولی سوا۲ ماشہ زیرہ سفید کے ہمراہ باریک کرکے ۷ ماشہ شکر سفید کے ہمراہ باریک کرکے سات روز تک ایسا کریں۔ اگر مادہ بلغمی ہو پیپل بڑھائیں۔

۱۷ **تپ گرم:** ایک گولی سفوف کشنیز کے ہمراہ پہلے کھلا کر اوپر سے شیرہ تخم کاسنی۔ شیرہ تخم خرفہ اور شربت نیلوفر پلائیں۔

۱۸ **تپ لرزہ:** ایک گولی لونگ کے ہمراہ دیں۔

۱۹ **تپ مرکب:** میں ایک گولی جوشاندہ گلوو چرائتہ و نیلوفر کے ہمراہ دیں۔

۲۰ **ناسور:** ایک گولی اور بلی کی ہڈی دونوں پتھر پر گھس کر مقام زخم پر لگائیں۔

۲۱ **سوختگی آتش:** ایک گولی آب آملہ تازہ کے ہمراہ پتھر پر گھس کر مقام سوختہ کے اوپر لگائیں۔

۲۲ **آتشک:** ایک گولی باریک کرکے تولہ بھر سفوف برگ نیم کے ہمراہ کھلائیں۔ مجامعت۔ شیرینی۔ بادی اور ترشی سے پرہیز کریں۔

۲۳ **برص:** تخم کونچ اور تخم دھتورہ مدبر ہم وزن سفوف کرکے اس میں سے ۳ ماشہ سفوف میں ایک گولی ملا کر کھلائیں۔ استعمال اس کا بیس روز تک رہے۔

۲۴ **سرخبادہ:** ایک گولی پونے دو ماشہ زیرہ سفید کے ہمراہ پانی سے پیس کر پلائیں مرضی ہو تو کشنیز خشک اضافہ کریں۔

۲۵ **پانڈو روگ:** ایک گولی ۷ ماشہ میتھی کے پتوں کے سفوف کے ہمراہ سات روز تک کھلائیں۔

۲۶ **ذبہ اطفال:** ایک گولی شیرہ بادیان کے ہمراہ دیں۔

۲۷ **پیشاب:** کے رک جانے میں ایک گولی شیرہ زیرہ سفید یا شیرہ پکھان بید کے ہمراہ دیں اور سونٹھ کے سفوف اور پان کے ہمراہ دینا بھی مفید ہے۔

۲۸ **بانجھ عورت:** ایک گولی حب کافور کے ہمراہ دینے سے یہ عیب رفع ہو جاتا ہے۔

۲۹ **سستی قضیب:** ایک گولی ۲ مرغی کے انڈے کی سفیدی میں گھس کر عضو پر طلاء

کریں۔

۲۷ **باھمنی بلک**: ایک گولی ساڑھے ۳ ماشہ گھونگچی کے ساتھ آب آملہ سے کھرل کر کے پلکوں پر لیپ کیا کریں۔

۲۸ سانپ کاٹنے کے لیے چند گولیاں باریک کر کے پہلے کاٹے ہوئے مقام پر بھنے لگائیں۔ بعدۂ وہ سفوف مل دیں۔

۲۹ بچھو کاٹے ہوئے مقام پر ایک گولی سونٹھ کے پانی سے گھس کر لیپ کریں۔

نوٹ: یہ گولیاں پورے طریقہ سے تیار شدہ جس میں مید مہامید بھی شامل کیے جاتے ہیں۔ دواخانہ سلیمانی سے مل سکتی ہیں۔

حریرہ

(۲۸۰) حریرہ مقوی دل و دماغ

کثرت جماع یا احتلام سے اگر دل و دماغ کی تمام قوتیں کمزور ہو گئی ہوں۔ تو یہ حریرہ بفضلہ از سر نو تمام قوتوں کو بیدار کر دیتا ہے

اجزا و ترکیب تیاری: مغز بادام۔ مغز پستہ۔ مغز چلغوزہ۔ مغز نارجیل۔ خشخاش سفید نشاستہ۔ ہر ایک ایک تولہ۔ دانہ ہیل (الائچی خورد) عاقر قرحا۔ خولنجاں۔ دارچینی۔ ہر ایک ۳ ماشہ زردی بیضہ اور گھی ڈال کر خوب حل کریں۔ پھر باقی ادویہ کوٹ پیس کر ملا کر جوش دیں۔ جب حریرہ کے قوام پر آ جائے تو اتار کر پیالوں میں ڈال کر جمالیں۔ بس تیار ہے۔

ترکیب استعمال: حسب طاقت حریرہ لے کر مریض کو کھلائیں اور پیاس لگنے پر دودھ پلائیں۔

فوائد: ان شاء اللہ ایک ہفتہ میں کافی سے زیادہ طاقت آئے گی اس سے دل و دماغ درست ہو کر خون صالح پیدا ہوتا ہے۔ دماغی قوت اور قوت باہیہ میں تھوڑے دنوں کے استعمال سے نمایاں فرق نظر آنے لگتا ہے۔ خون پیدا ہو کر چہرہ پر سرخی کی شعاعیں نظر آنے لگتی ہیں۔ اور وہ نمازی لوگ جو کمزوری مثانہ کی وجہ سے بہت دیر پیشاب کرنے پر خرچ کر دیتے ہیں۔ اس کے استعمال سے بفضلہ مثانہ قوی ہو کر ان کی یہ شکایت جاتی رہتی ہے۔

(۲۸۱) حریرہ برائے تقویت دماغ

اگر دوا کی دوا اور ناشتہ کا ناشتہ معلوم کرنے اور استعمال کرنے کی خواہش ہو تو مندرجہ ذیل حریرہ کا استعمال کریں۔ کھانے میں نہایت لذیذ خوش ذائقہ اور فائدہ میں اس سے بھی زیادہ نتیجہ خیز۔ جن اشخاص کا دماغ ذرا سا کام کرنے سے تھک جاتا ہو۔ ایسے لوگوں کے لیے یہ حریرہ بہترین دوا ہے۔

اجزاء: مغز بادام۔ مغز تربوز۔ مغز خربوزہ۔ مغز خیارین۔ مغز کدو۔ چاول۔ مغز کشنیز۔ نشاستہ گندم۔ ہر ایک چھ چھ ماشہ۔ مغز ناریل یعنی کھوپرا۔ خشخاش۔ ہر ایک ایک تولہ۔ الائچی خورد۔ سونف۔ ہر ایک تین تین ماشہ۔

ترکیب تیاری: بجز نشاستہ کے باقی تمام ادویات پانی میں اچھی طرح گھوٹ کر قلعی دار دیگچی میں ڈال کر ہلکی ہلکی آگ جلائیں۔ پھر نشاستہ پانی میں حل کر کے ڈالیں۔ اور چمچے سے ہلاتے رہیں۔ جب دو تین جوش آ جائیں۔ تو اس میں گھی سوا چھٹانک اور کھانڈ عمدہ آدھ پاؤ ملا کر چمچ سے بدستور ہلائیں۔ جب قوام ذرا غلیظ ہو کر حریرہ تیار ہو جائے تو نیچے اتار لیں۔

ترکیب استعمال: ۴ تولہ صبح استعمال کرائیں۔

فوائد: مقوی دماغ۔ ایسا سر درد جس کا باعث سر کی کمزوری ہو اس کو مفید ہے باوجود دماغی محنت کے دماغ تھکتا نہیں ہے۔ دردشقیقہ کو بھی مفید ہے۔

(۲۸۲) حریرہ زعفرانی

یہ حریرہ اعلیٰ درجہ کا مقوی دماغ مقوی باہ اور دافع جریان ہے

اجزاء و ترکیب تیاری: نشاستہ گندم۔ دانہ خشخاش سفید۔ ہر ایک ایک تولہ۔ آرد ماش مقشر۔ مغز تخم کدوئے شیریں۔ مغز تخم خیارین۔ ہر ایک ۶ ماشہ۔ ثمر خام برگد ۲ تولہ۔ مغز بادام مقشر ۴ عدد۔ زعفران ۱ ماشہ۔ سب ادویہ کو ڈیڑھ پاؤ پانی میں پیس کر مصری ۸ تولہ ملا کر روغن زرد (گھی) ۵ تولہ میں بذریعہ الائچی خورد بگھاریں۔ گاڑھا ہونے پر اتار کر استعمال کریں۔

ترکیب استعمال: ۶ ماشہ صبح ہمراہ دودھ گائے۔

فوائد: یہ حریرہ مقوی دماغ اور مقوی باہ اور دافع جریان ہے۔ اگر اس حریرہ کو سال میں دس

بارہ روز استعمال کرلیا جائے۔ تو جریان واحتلام کی کبھی شکایت نہیں ہونے پاتی۔ منی کو گاڑھا اور سرعت کو زائل کرتا ہے اور ہر موسم میں یکساں مفید ہے۔ آزما کر فائدہ اٹھائیں۔

(۲۸۳) حریرہ دافع جریان

مندرجہ ذیل حریرہ ان حضرات کے لیے زیادہ مفید ہے۔ جو خوش ذائقہ دوا سے بیماری کو دور کرنے کے خواہاں ہوں۔ کیونکہ یہ ناشتہ کا ناشتہ اور دوا کی دوا ہے اور مفید بھی ایسا کہ تجربہ کرنے والے حضرات انشاء اللہ تعالیٰ یقیناً خوش ہو جائیں گے۔

اجزاء: ثعلب مصری پنجہ دار۔ مغز بنولہ۔ سنگھاڑا۔ سبوس اسپغول۔ آرد ماش ہر ایک ۶ ماشہ مغز بادام مقشر ۱۰ عدد۔ کھانڈ دانہ دار ۴ تولہ۔ دودھ آدھ سیر۔

ترکیب استعمال: ثعلب مصری۔ مغز بنولہ۔ سنگھاڑا کو باریک کر کے آرد ماش سبوس اسپغول ملا کر آدھ سیر دودھ میں ملا کر ہلکی آگ پر پکائیں۔ جب غلیظ ہونے لگے تو مغز بادام کو قدرے دودھ میں گھوٹ کر کھانڈ ملا کر ہلکی آگ پر پکائیں۔ اور حریرہ کے قوام تیار ہو جانے پر اتار لیں۔ اور ٹھنڈا ہو جانے پر ایک رتی کشتہ مرگانگ یا سیمہ دھاتہ ملا کر کھائیں۔

فوائد: جریان احتلام سرعت انزال۔ رقت منی۔ ضعف دماغ۔ بدن کی لاغری کے لیے نہایت مفید غذا ہے۔ متواتر اکیس دن استعمال کر کے دیکھیں کہ کس قدر حیرت انگیز فائدہ ہو رہا ہے۔

(۲۸۴) حریرہ ممسک

یہ حریرہ منی کو گاڑھا اور سرعت کو زائل کر کے بدن کو خوبصورت اور فربہ بناتا ہے

اجزاء و ترکیب تیاری: برادہ چوب چینی ۵ تولہ۔ دار چینی ۵ تولہ۔ موصلی سفید ۵ تولہ۔ ثعلب مصری ۵ تولہ۔ شقاقل مصری ۵ تولہ۔ دانہ الائچی ۵ تولہ۔ کتیرا ۱۵ تولہ۔ مغز بادام ایک پاؤ۔ چہار مغز آدھ سیر۔ پستہ ۵ تولہ۔ چھوہارا ۱۵ تولہ۔ جملہ ادویہ کو ملا کر کوٹ لیں اور سفوف تیار کریں۔

ترکیب استعمال: ۳ تولہ روزانہ نصف سیر دودھ میں کھیر بنائیں اور روح کیوڑہ چھڑک

کرکھالیں۔

فوائد : بے حد مغلظ ہے۔امساک طبعی پیدا کرتا ہے۔اور جزوخون ہوکر چہرے کوسرخ کرتا ہے۔

(۲۸۵) حریرہ برائے قلت اللبن

یہ حریرہ کمی دودھ کی جملہ عوارض و اسباب کو دور کر کے بدن میں خون اور پستان میں دودھ کی نہریں جاری کر دیتا ھے

اجزا و ترکیب تیاری: مغز بادام شیریں مقشر ۳ تولہ۔ چہار مغز ۳ تولہ۔ زیرہ سفید ۲ تولہ۔ منقی ۵ دانہ۔ سونف ۳ ماشہ۔ برنج ساٹھی (چاول ساٹھی) ۳ تولہ۔ ان سب اشیاء کو سردائی کی طرح گھوٹ کر شیرہ نکال لیں اور باریک کپڑے سے پن لیں۔ایک پتیلہ میں گھی ڈال کر گرم کر کے شیرہ ملا دیں۔اور بقدر ضرورت مصری ملا کر نرم آنچ پر پکائیں تاکہ غلیظ سا قوام ہو جائے۔

ترکیب استعمال: روزانہ نیم گرم بوقت صبح پلایا کریں۔

فوائد : اس کے استعمال سے بفضلہٖ دودھ بہت بڑھ جاتا ہے۔اور بچہ جو بھوکا رہ کر بلبلایا کرتا تھا۔سیر ہوکر خوب مزے سے سوتا ہے۔علاوہ ازیں اعضاء رئیسہ میں قوت اور خون پیدا کرتا ہے۔جس سے عورت کی صحت بھی اچھی ہو جاتی ہے۔

حلوے

(۲۸۶) حلوائے مغز

اس حلوے سے دماغ میں قوت اور آنکھوں میں نور پیدا ھوتا ھے

اجزا و ترکیب تیاری: ورق نقرہ ۳۰ عدد۔ مغز گوسپند جوان ۲ عدد۔ روغن گاؤ ایک پاؤ۔ مغز بادام پاؤ۔ مغز تخم کدو۔ مغز تخم تربوز۔ خشخاش سفید۔ مغز تخم خیارین۔ کشنیز خشک ہر ایک ۵ تولہ۔ دانہ الائچی خورد ڈیڑھ تولہ۔ مصری کرزہ ڈیڑھ پاؤ۔

ہر دو مغز گوسپند کو روغن گاؤ میں بریاں کریں۔خیال رہے کہ مغز اس قدر جھاگ دیں

گے کہ کچھ نظر نہ آئے گا۔ اس لیے گھبرانا نہیں چاہیے۔ بلکہ چمچے سے متواتر ہلاتے رہنا چاہیے حتیٰ کہ جھاگ بالکل نہ رہے اور مغز سرخی مائل ہو جائے۔ نیچے اتار لیں۔ کشنیز خشک اور خشخاش کو اچھی طرح گھی میں بریاں کریں اور نیچے اتار کر باقی مغزیات شامل کر لیں اور چاندی کے ورق ملا لیں۔

ترکیب استعمال: صبح اور شام ایک تولہ سے دو تولہ تک کھلائیں۔

فوائد: دائمی نزلہ وزکام کو دفع کر کے دماغ میں قوت پیدا کرتا ہے۔ ضعف دماغ کی وجہ سے جن حضرات کی آنکھیں خراب رہتی ہوں۔ انہیں اس حلوے کے چند روزہ استعمال سے کافی فائدہ محسوس ہونے لگتا ہے۔ علاوہ ازیں جن لوگوں کو دماغی محنت کی وجہ سے ضعف بصرہ کا عارضہ ہو جائے۔ تو ان کے لیے یہ حلوہ ایک عجیب نعمت ہے۔ ناشتہ کی جگہ اس حلوے کو استعمال کرنا معدہ کو قوت دیتا ہے۔

(۲۸۷) حلوائے بادام

جو دماغ کو خصوصیت سے تقویت دیتا ہے اور اس ضعف باہ کے لیے بہت مفید و مجرب ہے۔ جو ضعف دماغ کا نتیجہ ہو

اجزا و ترکیب تیاری: مغز بادام شیریں مقشر ۳۰ تولہ۔ مغز چلغوزہ ۵ تولہ۔ مغز کدوئے شیریں ۵ تولہ۔ تخم خشخاش سفید ۵ تولہ۔ مغز چرونجی ۵ تولہ لے کر کوٹیں اور ڈیڑھ سیر شکر سفید کو پانی میں حل کر کے چھانیں اور ۱۰ تولہ گلاب اضافہ کر کے قوام بنائیں۔ اور اوپر سے تمام مغز ملائیں۔ اس کے بعد طباقوں میں پھیلا کر ایک پاؤ چینی اس کے اوپر ڈال کر ٹکڑے کر کے رکھ دیں۔

ترکیب استعمال: حلوائے بادام ۲ تولہ سے لے کر ۴ تولہ تک صبح کے وقت حاجات ضروریہ سے فارغ ہونے کے بعد بغیر کسی بدرقہ کے یونہی نوش فرمائیں اور اوپر سے نیم گرم دودھ مصری ملا ہوا پئیں۔

فوائد: یہ حلوائے بادام تقویت دماغ کے لیے ایک نہایت لاجواب غذا ہے۔ اس کے استعمال سے دماغ کا جوہر خاص طور پر بڑھتا ہے۔ جس سے دماغی قوتوں میں بے حد اضافہ

ہوتا ہے۔ اس حلوے کے استعمال سے باہ کو بھی تقویت حاصل ہوتی ہے۔ اور اس ضعف باہ کے لیے تو یہ حلوا خصوصیت سے بہت ہی مفید و مجرب چیز ہے۔ جو ضعف دماغی کا نتیجہ ہوا۔ اس کے استعمال سے جسم فربہ تازہ بنتا ہے۔ اور جو ہر منی کی پیدائش کے عمل میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔ عام طور پر موسم سرما میں اس کا استعمال کیا جاتا ہے۔ جو بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔

(۲۸۸) حلوائے بیضہ مرغ

جو دل و دماغ کو تقویت دینے اور قوت باہ کو بڑھانے کے لیے ایک نہایت ھی قابل قدر شے ھے

اجزا و ترکیب تیاری: بیضہ مرغ ۲۰ عدد لے کر ابال کر زردیاں نکال لیں اور روغن گاؤ آدھ پاؤ میں اس قدر بریاں کریں کہ خستہ ہو جائیں۔ اس وقت چینی پاؤ بھر کو عرق بہار نارنج اور عرق بید مشک ہر ایک پاؤ بھر میں قوام بنا کر زردی مذکور کو حل کریں۔ اور بعد ازاں جائفل۔ جاوتری ہر ایک ۵ ماشہ باریک پیس کر زعفران اصلی۔ مشک خالص ہر ایک ایک ماشہ عرق بید مشک میں حل کر کے شامل کریں۔

ترکیب استعمال: یہ حلوا عام طور پر سردیوں کے موسم میں استعمال کرنا چاہیے سخت گرمیوں میں اس کا استعمال ٹھیک نہیں۔ اس کی مقدار خوراک ۲ تولہ ہے۔ بغیر کسی بدرقہ کے یونہی نوش فرمائیں اور اوپر سے مصری یا شہد ملا ہوا دودھ پئیں۔

فوائد: دل و دماغ کی کمزوریوں کو دور کرنے کے لیے نہایت ہی خوش ذائقہ اور خوش فعل غذا ہے۔ اس کے چند روزہ استعمال سے کثرت کار نشاط اور دیگر ناعاقبت اندیشوں سے تباہ و برباد کیے ہوئے جسم میں قوت و طاقت اور چستی و توانائی آنی شروع ہو جاتی ہے مادۂ تولید کی پیدائش کے عمل میں تیزی پیدا ہو جاتی ہے اور باہ کو نہایت قابل محسوس طاقت کے علاوہ تحریک بھی حاصل ہوتی ہے۔ جسم میں خون صالح کثیر مقدار میں پیدا ہوتا ہے۔ اس کے کچھ عرصہ تک متواتر استعمال کرتے رہنے سے چہرے کا رنگ سرخ ہو جاتا ہے۔ اس ضعف باہ کے لیے جو کسی غذایا کمزوری دل و دماغ کی وجہ سے پیدا ہوئی ہو۔ خصوصیت سے بہت زیادہ مفید و مجرب شے ہے۔ موسم سرما میں اسے استعمال کر کے ضرور فیض یاب ہونا چاہیے عمدہ چیز ہے۔

(۲۸۹) حلوائے سیب

اجزا و ترکیب تیاری: بہی اور سیب لے کر اوپر سے چھلکا اور اندر سے بیج دور کریں اور پانی میں اس قدر پکائیں کہ بالکل تھوڑا سا رہ جائے۔ اتار کر خوب کوٹیں اور قدرے گھی میں بریاں کریں۔ شہد اور مصری کا قوام بنا کر اس میں حلوا تیار کریں اور اگر ضرورت ہو تو مغز پستہ بریاں بھی اضافہ کر لیں۔

ترکیب استعمال: حلوے کی طرح خوب کھائیں۔

فوائد: یہ حلوائے سیب مقوی معدہ۔ مقوی دل اور مقوی جگر ہے۔ اخلاط صالح اور معتدل پیدا کرتا ہے۔ ضعف قلب کو خصوصاً مفید ہے۔

(۲۹۰) حلوا دافع بواسیر

یہ حلوا بواسیر اور قبض دائمی کے لیے نہایت سریع الاثر ہے

اجزا و ترکیب تیاری: مویز منقیٰ ایک سیر کو شیر گاؤ ڈھائی سیر میں اس قدر پکائیں کہ دودھ کا کھویا بن جائے اور مویز اچھی طرح حل ہو جائیں۔ اسے روغن زرد (گھی) ایک پاؤ میں بریاں کریں۔ پھر مغز بادام ایک پاؤ سائیدہ بھونیں پھر شکر سفید ڈیڑھ سیر کا قوام بنا کر ادویہ ملائیں اور زعفران ۲ ماشہ۔ الائچی خورد ایک تولہ اضافہ کریں۔

ترکیب استعمال: ۵ تولہ سے۔۱۰ تولہ تک رات کو سوتے وقت کھلائیں۔

فوائد: یہ حلوا مویز قاطع بواسیر ہے۔ قبض دائمی کو رفع کرتا ہے۔ معدہ کو قوت اور نزلہ وز کام کو بھی رفع کرتا ہے۔

(۲۹۱) حلوائے ثعلب

جو مادہ تولید کو بڑھانے بدن کو فربہ کرنے اور باہ کو تقویت دینے کے لیے بے حد مفید و مجرب نسخہ ہے

اجزا و ترکیب تیاری: باقلا کا آٹا۔ گندم کا میدہ۔ ہر ایک آٹھ تولہ۔ چنے کا آٹا ۱۲ تولہ ہر سہ آٹوں کو جدا جدا گھی میں بریاں کر لیں۔ بعدہٗ شہد خالص ۵ چھٹانک۔ مصری ساڑھے نو چھٹانک نصف بوتل عرق بید مشک میں قوام بنائیں اور آٹوں کو اس میں ملا کر حل کر لیں

اوراس کے بعد مندرجہ ذیل ادویات کوٹ چھان کر شامل حلوہ کرلیں۔

ثعلب مصری ۳ تولہ۔ مغز پستہ۔ مغز ریٹھہ۔ مغز تخم کرکم مغز چلغوزہ۔ مغز ناریل (کھوپا) مغز چرونجی۔ مغز حبۃ الخضراء۔ مغز بادام۔ مغز خربوزہ۔ مغز حب القلقل۔ مغز حب الزم ہر ایک ایک تولہ۔ دار چینی۔ جائفل۔ مصطگی۔ خولنجاں۔ بہمن سرخ وسفید۔ شقاقل مصری۔ دانہ ہیل (الائچی خورد) ہر ایک ۶ ماشہ۔ جاوتری۔ سونٹھ۔ زعفران۔ مشک خالص۔ عنبر ہر ایک تین تین ماشہ۔

نوٹ: حب القلقل نہ ملنے کی صورت میں تودری سفید۔ اور حب الزم کے پستہ اور حبۃ الخضرا کے بدلے بادام شامل کرلیں۔

ترکیب استعمال: یہ حلوائے ثعلب ایک تولہ سے دو تولہ تک کی مقدار میں بوقت صبح حاجات ضرور یہ سے فارغ ہونے کے بعد ڈیڑھ پاؤ شیر گاؤ نیم گرم کے ہمراہ استعمال کریں۔ دودھ میں حسب ضرورت مصری یا شہد کا اضافہ کرلیا جائے۔

فوائد: پشت کو طاقت دینے اور مادہ منویہ کی تولید کے عمل کو بڑھانے کے لیے حلوائے ثعلب ایک مشہور ومعروف چیز ہے۔ اوراس میں شبہ بھی کوئی نہیں کہ اگر موقع ومحل کو دیکھ کر ٹھیک مزاج پر اس حلوے کا استعمال کیا جائے تو واقعی اس کے استعمال سے شاندار نتائج ظاہر ہوتے ہیں۔ جو کہ اس کی قدیم شہرت میں اضافہ کرنے کا باعث ہوتے ہیں۔ اس کے استعمال سے سیلان منی کی شکایت دور ہو جاتی ہے چہرہ کی بے رونقی اور طبیعت کی سستی کو دور کر کے چہرے کو شاداب وسرخ اور طبیعت کو شگفتہ بنانا اس کا خاص فعل ہے۔ باہ کو تقویت اور تحریک دینے کے لیے نہایت ہی مفید ومجرب چیز ہے۔ موسم سرما میں اس کے استعمال سے ضرور فائدہ مایئے۔ واقعی قابل قدر شے ہے۔

(۲۹۲) حلوائے چوب چینی

جو خون کو صاف کرنے اور باہ کو تقویت وتحریک دینے کے لیے ایک نہایت ہی لاثانی شے ہے

اجزا و ترکیب تیاری: روغن زیتون ایک سیر ڈیڑھ پاؤ۔ گھی ایک سیر ڈیڑھ پاؤ۔ ہر دو

کو آگ پر رکھ کر دو سیر گندم کا آٹا بریاں کرلیں۔ اور بعدہٗ شہد خالص سوا چار سیر کا قوام بنا کر بھنا ہوا آٹا ملا دیں۔ پھر مغز چلغوزہ۔ مغز ناریل۔ ہر ایک آٹھ تولہ کوٹ کر ملا دیں۔ بعد ازاں چوب چینی اڑتیس تولہ۔ لونگ۔ دانہ الائچی خورد۔ دار چینی۔ زرنباد۔ (نرکچور) سونف انیسوں۔ اجوائن۔ اندر جو۔ سورنجاں شیریں۔ فلفل دراز۔ خولنجاں ناگر موتھ ہر ایک ۶ تولہ کوٹ چھان کر شامل کرلیں۔

ترکیب استعمال: ایک تولہ کی مقدار میں یہ حلوائے چوب چینی صبح کے وقت استعمال کریں۔ اوپر سے ڈیڑھ پاؤ شیر گاؤ نیم گرم مصری یا شہد ملا ہوا پئیں۔

فوائد: ضعف باہ کی شکایت کو دور کرنے کے لیے یہ دوا بہت اعلیٰ فوائد کو سرمایہ دار ثابت ہوتی ہے۔ جو مقوی باہ ہونے کے علاوہ مصفّی خون بھی ہے۔ کیونکہ ضعف باہ کی حالت میں خون بھی کمزور اور نسبتاً فاسد ہو جایا کرتا ہے۔

حلوائے چوب چینی کے اندر یہ خوبی بدرجہ اتم موجود ہے کہ یہ حد درجہ مقوی باہ ہونے کے ساتھ ہی مصفّی خون بھی ہے۔ اس کی اس خوبی نے اسے باہ کی ایک ممتاز دوا بنا دیا ہے۔ اس کے استعمال سے مادہ منویہ کثیر مقدار میں پیدا ہوتا ہے۔ خون کی پیدائش کے عمل میں بھی اس کے استعمال سے اضافہ ہو جاتا ہے۔ صاف و صالح خون کی افزائش اور مادہ منویہ کی کثرت کی وجہ سے باہ کو خود بخود تقویت حاصل ہوتی ہے۔ اس طرح یہ حلوا بہت کافی مقوی باہ ہے۔ یہی نہیں اس کی ترکیب میں ایسے اجزاء بھی شامل ہیں جو باہ کو تقویت دینے کے علاوہ براہ راست اعضائے تناسل میں ہیجان حرکت بھی پیدا کرتے ہیں۔ اس لیے یہ حلوا حد درجہ مقوی باہ ہونے کے ساتھ ہی درجہ محرک باہ بھی ہے۔

(۲۹۳) حلوائے سپاری پاک

اجزا و ترکیب تیاری: کافور خالص ۳ ماشہ۔ تج۔ تیرج۔ ناگر موتھ۔ چھیل پودینہ اجوائن خراسانی۔ الائچی خورد۔ ہر ایک سات ماشہ۔ تالیس پتر۔ جاوتری۔ ہنسلو چن۔ صندل سفید۔ مرچ سیاہ۔ مغز تخم بیر۔ ہر ایک ساڑھے دس ماشہ۔ جائفل ۱۴ ماشہ۔ زیرہ سفید پونے دو تولہ۔ ارنڈ کی جڑ۔ گل نیلوفر۔ مغز تخم بنولہ۔ مغز تخم نیلوفر۔ لونگ۔ دھنیا۔ پیلا مول۔

ہرایک ۲ تولہ ۴ ماشہ۔ سنگھاڑا۔ ستاور ہرایک۔ ساڑھے تین تولہ۔ ناگ بلا۔ مغزتخم کھرنی۔ ہر ایک چار تولہ ایک ماشہ۔ مغز چرونجی آٹھ تولہ دو ماشہ۔ مغز پستہ ۱۱ تولہ ۸ ماشہ۔ موبز منقی ۱۱ تولہ ۱۰ ماشہ۔ سپاری دکھنی ساٹھ تولہ۔ جوادویہ کوٹنے چھاننے کی ہیں۔ ان کو علیحدہ علیحدہ کوٹ چھان لیں۔ اور مغز بادام اور مغز پستہ ہرایک بقدر ضرورت مقشر کریں۔ اور باریک کوٹ کر محفوظ رکھیں۔

موبز منقی کو پتھر پر پیس کر اس کا شہد نچوڑ لیں۔ اور ہرایک سپاری کے چار چار ٹکڑے کر کے گائے یا بھینس یا بکری کے دودھ دس سیر میں جوش دیں۔ یہیں تک کہ دودھ گاڑھا ہو جائے اس کے بعد خشک کر کے کوٹ چھان کر علیحدہ رکھیں۔ اس کے بعد مصری ایک سیر۔ شیرہ بیخ ستاور ۲ سیر۔ گائے یا بھینس کا دودھ سات سیر۔ چینی ۱۲ سیر۔ سب کو ایک جگہ کر کے قوام بنائیں۔ بعدہ مذکورہ بالا اور یہ شامل کر کے حلوا تیار کریں۔

ترکیب استعمال: ایک تولہ سے لے کر ۲ تولہ تک کی مقدار میں یہ حلوا سپاری پاک صبح کے وقت استعمال کریں۔ اگر اولاد کی خواہش ہو تو مرد وعورت دونوں استعمال کریں۔ ورنہ صرف عورتوں کو استعمال کرائیں۔ خواہش ہو تو اس حلوے کے فوراً بعد ڈیڑھ پاؤ دودھ بھی پیا جاسکتا ہے۔ ورنہ کوئی خاص ضرورت نہیں۔

فوائد: یہ مشہور و معروف دوا بے شمار افعال وخواص کی حامل ہے۔ جن میں سے چند ایک مندرجہ ذیل ہیں۔

① عورتوں کے سیلان الرحم کے لیے یہ حلوائے سپاری پاک ایک مخصوص چیز ہے۔ اس کے استعمال سے چند ہی روز میں فائدہ نظر آنے لگتا ہے۔ اور چالیس روز میں نہ صرف یہی کہ یہ مرض بیخ و بن سے اکھڑ جاتا ہے۔ بلکہ اس کی وجہ سے پیدا ہونے والی چہرے کی بے رونقی۔ طبیعت کی اداسی۔ کمر کا درد۔ اعضاء شکنی وغیرہ دور ہو کر عورت کا چہرہ سرخ وشاداب۔ طبیعت شگفتہ ومسرور۔ کمر کا درد کافور اور اعضاء شکنی کی شکایت چکنا چور ہو جاتی ہے۔ اس سے عورت کی صحت قابل رشک بن جاتی ہے۔ جسم مضبوط اور توانا ہو جاتا ہے۔ رحم میں قوت آ جاتی ہے۔ حالت صحت میں بھی اس حلوے کا استعمال نہایت مفید ثابت ہوتا ہے۔

② مردوں کے جریان منی اور سیلان ودی ومذی وغیرہ کو اس حلوے کے استعمال سے نہایت قابل قدر فائدہ ہو جاتا ہے۔

اس سے مادہ منویہ کثیر مقدار میں پیدا ہوتا ہے۔ بدن کی کمزوری دور ہو جاتی ہے۔

③ کثرت جماع سے جب گردے کمزور اور لاغر ہو گئے ہوں۔ یا کثرت حرارت سے گردوں کی چربی پگھل کر لاغری اور ضعف کا باعث بن رہی ہو۔ یا زیادہ مدر بول اشیا کے استعمال سے جو ہر گردہ تحلیل ہو کر جرم کلیہ نحیف وکمزور ہو رہا ہو۔ اس وقت یہ حلوہ گردوں میں قوت وتوانائی پیدا کرتا ہے۔

④ کثرت اخراج یا غلط کاریوں کی وجہ سے یا کسی داخلی وخارجی سبب سے قوت باہ ضعیف ہو گئی ہو۔ تو بفضلہٖ اس کے متواتر استعمال سے قوت باہ میں معتد بہ اضافہ نظر آنے لگتا ہے۔ منی غلیظ ہو کر قوت امساک بے حد بڑھ جاتی ہے۔

⑤ قوت ہاضمہ کسی وجہ سے اگر کمزور ہو گئی ہو تو اس کے استعمال سے بفضلہٖ بلا مبالغہ معمول سے سہ چند کھالینے پر سیری نہیں ہوتی۔ رنگ نکھر کر گلاب کی پنکھڑیوں کی طرح سرخ وسفید ہو جاتا ہے۔

⑥ یہ حلوا بفضلہٖ معین حمل ہے۔ اگر بانجھ عورت کچھ دن متواتر استعمال کرے تو بفضلہٖ دولت اولاد سے مالا مال ہو جاتی ہے۔

چونکہ بے اولادی کی وجہ محض عورت کا مختلف امراض میں مبتلا ہو جانا ہی نہیں بلکہ حکمائے نامدار نے مرد کو بھی مورد الزام ٹھہرایا ہے۔ جب کہ کثرت جماع یا جلق وغیرہ سے منی کے کرم ہلاک ہو گئے ہوں۔ تو ایسی صورت میں اس حلوائے سپاری پاک کا مرد کو بھی استعمال کرنا چاہیے۔ گویا کہ عقر (بانجھ پن) خواہ مرد کی طرف سے ہو یا عورت کی طرف سے یہ ہر دو کے لیے نوید روح پرور ثابت ہوتا ہے۔

⑦ نہایت خوش ذائقہ اور لذیذ ہے۔ اس لیے ہر نفیس سے نفیس طبع شخص بخوبی استعمال کر لیتا ہے۔

(۲۹۴) حلوائے گزر

جو مادئہ تولید کو بڑھانے باہ کو قوت بخشنے اور چہرے کا رنگ سرخ

کرنے کے لیے ایک مفید چیز ہے

اجزاء و ترکیب ساخت : گاجر کا چھلکا اور ہڈی دور کریں اور کدوکش پر باریک کرلیں یا بذریعہ سل بٹہ کے کوٹ کر باریک کرلیں۔ اور دودھ میں اس قدر جوش دیں کہ گاجر خوب نرم ہو جائے اور دودھ خشک ہو بعد ازاں گھی میں بریاں کرلیں۔ جس قدر ہو اس کے دو گنے وزن کی شکر سفید لے کر قوام بنا کر گاجر کو ملا دیں۔ اور مغز چلغوزہ۔ مغز اخروٹ۔ مغز بادام شیریں۔ مغز ناریل۔ مغز پستہ۔ مغز چرونجی بقدر ضرورت و خواہش ملا دیں۔ اگر انڈے کو پانی میں جوش دے کر زردی نکالیں اور گھی میں بریاں کر کے حلوے میں ملا دیں تو زیادہ قوی ہو جاتا ہے۔

ترکیب استعمال : ۲ تولہ سے ۳ تولہ تک کی مقدار میں یہ حلوائے گاجر صبح کے وقت شیر گاؤ یا دُنیم گرم کے ہمراہ استعمال کریں۔

فوائد : یہ حلوائے گزرا ایک قابل قدر مقوی شے ہے۔ اس کے استعمال سے مادۂ تولید کثیر مقدار میں پیدا ہوتا ہے۔ اور ضعف باہ کی شکایت دور ہو کر خلوت کی عشرتوں سے مایوس نامراد بھی اپنے آپ کو قابل فخر مرد کہلانے کے حق دار ہو جاتے ہیں۔ اس حلوے کے استعمال سے لاغری اور کمزوری دور ہو کر بدن فربہ طاقتور ہو جاتا ہے۔ چہرے کی بے رونقی دور ہو کر رخساروں کا رنگ چمک اٹھتا ہے۔ غرضیکہ صحت و شباب بخشنے والی ایک لاثانی شے ہے۔ ضرورت مند اصحاب اس سے مستفید ہوتے وقت خادم کو دعائے خیر سے یاد فرماتے رہیں۔

(۲۹۵) حلوائے مغز سر کنجشک والا

جو مادئہ تولید کو کثیر مقدار میں پیدا کرنے اور باہ کو حرکت میں لانے کے لیے بے حد مفید و مجرب نسخہ ہے

اجزاء و ترکیب ساخت : گاجر سرخ شریں کا چھلکا اور اندرونی لکڑی دور کر کے ایک سیر اور موٹے موٹے چھوہارے گٹھلی نکالے ہوئے آدھ سیر لے کر دونوں کو گائے کے دودھ بقدر ضرورت میں پکائیں۔ تاکہ یہ چیزیں گل جائیں۔ اس کے بعد نکال کر لکڑی کے

ہاون میں کوٹیں۔ تاکہ مثل مرہم کے ہو جائیں۔ پھر بھنے ہوئے چنوں کا آٹا میدہ گندم ہر ایک ۴تولہ ساڑھے چار ماشہ کو تھوڑے سے گائے کے گھی میں بریاں کر لیا جائے اور چینی ایک سیر۔ شہد خالص آدھ سیر۔ دونوں کو پانی میں حل کر کے چھان لیں۔ اور بھنے ہوئے آٹے میں ملا کر پکائیں تاکہ قوام بن جائے۔ اس کے بعد کوئی ہوئی گاجر اور چھوہارے ملا دیں۔ اور دو تین جوش دے کر نیچے اتار لیں۔ بعدۂ چیزوں کے مغز چالیس عدد بھی داخل ہیں۔ اور تمام کو اچھی طرح ملائیں۔ آخر میں ریشمہ۔ مغز بادام شریں۔ مغز پستہ۔ مغز چلغوزہ۔ مغز نارجیل ہر ایک ۱۲تولہ ۱۱ ماشہ۔ ثعلب مصری۔ کش خرما گوکھرو۔ دارچینی۔ سونٹھ۔ خولنجاں ہر ایک ساڑھے دس ماشہ۔ زعفران۔ مشک خالص ہر ایک ساڑھے تین ماشہ باریک پیس کر ملائیں۔

ترکیب استعمال: یہ حلوائے مغز سر کنجشک والا دو تولہ سے لے کر ۳ تولہ تک کی مقدار میں صبح کے وقت ڈیڑھ پاؤ شیر گاؤ۔ نیم گرم کے ہمراہ استعمال کریں اور اکسیر سے بڑھ کر فوائد دیکھیں۔

فوائد: یہ حلوائے سر کنجشک والا دماغ کو طاقت دینے کے لیے ایک بے نظیر چیز ہے۔ مادہ منویہ کی پیدائش کے عمل کو بڑھانے کے لیے بھی اس کے فوائد مسلم الثبوت ہیں۔ جب ضعف دماغ یا قلت مادہ منویہ کی وجہ سے ضعف باہ کی شکایت ہو تو اس حلوے کے استعمال سے بہت اطمینان بخش فائدہ ہوتا ہے۔ سرعت کو دور کر کے طبعی امساک پیدا کرنا بھی اس حلوے کا خاص فعل ہے۔ گردہ و مثانہ کو اس کے استعمال سے خاص قوت پہنچتی ہے۔

خون صالح پیدا کر کے چہرے کا رنگ سرخ کرنے اور بدن کو فربہ اور شاداب بنانے والی چیز ہے۔ سردیوں کے دن اس کے استعمال کے لیے نہایت موزوں ہیں۔ ضرورت مند اصحاب اسے ایک دو ماہ استعمال کر کے دیکھیں کہ اس کے اندر کس قدر طاقت پنہاں ہے۔

❀❀❀❀❀

باب : خ

خمیرے

خمیرہ معجون کی ایک قسم ہے۔ جو بالعموم لذیذ اور معجون کی نسبت پتلے قوام کا ہوتا ہے۔
خمیرہ کے تیار کرنے کی مجموعی ترکیب یہ ہوتی ہے کہ ادویات کو پانی میں جوش دے کر مل چھان کر پانی میں حناسب مقدار مصری وغیرہ ملا کر غلیظ القوام مرکب تیار کر کے باقی ادویہ ملائی جاتی ہیں۔ اور پھر چولھے سے اتار کر کسی صاف برتن میں ڈال کر ایک خاص قسم کی لکڑی سے خوب گھونٹتے ہیں۔ جس کا سرا چپٹا اور دستہ مضبوط ہوتا ہے۔ یہاں تک کہ مرکب کا رنگ سفید ہو جاتا ہے۔ اگر مشک عنبر زعفران وغیرہ ملانا مقصود ہوتے ہیں۔ تو کسی مناسب روح بید مشک وغیرہ میں حل کر کے گھوٹائی کی حل میں ملا دیئے جاتے ہیں۔
باقی ہدایات جو خمیرے کی تیاری میں کارآمد ہیں۔ معجون کے بیان میں ملاحظہ فرمائیں۔

(۲۹۶) خمیرہ خشخاش

یہ خمیرہ گرم اور تیز نزلہ کو روکتا۔ حرارت کو تسکین دیتا اور منہ سے خون آنے کے لیے مفید و مجرب ھے

اجزاء و ترکیب ساخت : کوکنار یعنی خشخاش کے مسلم پھل معہ دانوں کے ایک سو عدد لے کر پوست کو علیحدہ کچل لیں۔ اور دانہ خشخاش کو سل پر باریک پیس لیں۔ پھر دونوں کو بارش کے اڑھائی سیر پانی میں خوب جوش دے کر چھان لیں۔ اور ڈیڑھ سیر چینی ملا کر قوام کر کے خمیرہ تیار کریں۔

ترکیب استعمال: ۶ ماشہ سے ایک تولہ تک کی مقدار میں یہ خمیرہ خشخاش صبح و شام دونوں

وقت یا صرف صبح کو عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ کے ہمراہ استعمال کیا جائے۔
فوائد: گرم اور تیز نزلہ کو روکنے کے لیے اس خمیرہ خشخاش کے افعال وخواص بہت کافی اور قابل قدر اور قابل اطمینان ہیں۔نزلہ کو سینہ کی طرف گرنے سے روکنا اس کا ایک خاصہ ہے۔کھانسی کے لیے اچھی مجرب چیز ہے۔حرارت کو تسکین دینے کے لیے اس کے خواص وافعال مسلمہ ہیں۔حیض کی زیادتی کو بند کرتا ہے۔منہ سے خون آنے کو روکتا ہے۔ پھیپھڑے کے زخم کو بھرتا ہے۔غرضیکہ یہ خمیرہ اپنے بیش بہا خواص کے اعتبار سے اس لائق ہے کہ ہر طبیب اسے ہر وقت اپنے مطب کے اندر تیار رکھے۔

(۲۹۷) خمیرہ بنفشہ

جو طبع کو ملین کرنے دماغ کی خشکی کو دور کرنے اور ذات الجنب وذات الصدر کو نفع بخشنے کے لیے ایک نہایت عمدہ نسخہ ہے

اجزا و ترکیب تیاری: برگ بنفشہ لے کر اس کی شاخ اور پھولوں کو دور کر دیں محض برگ نصف سیر لے کر ڈیڑھ سیر چینی میں ملا کر خوب کوٹ کر باریک کر لیں۔اور عرق گلاب ذرا سا ملا کر ہاتھوں سے خوب ملیں۔جب دونوں ایک ذات ہو جائیں تو دھوپ میں رکھ دیں۔تین روز تک دھوپ میں رکھیں۔پھر ہر روز ہاتھوں سے مل دیا کریں۔تین روز کے بعد کسی برتن میں حفاظت سے رکھ لیں۔

ترکیب استعمال: دو تولہ سے لے کر چار تولہ تک کی مقدار میں یہ خمیرہ بنفشہ صبح کے وقت عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ کے ہمراہ استعمال کریں۔طبیب کی رائے ہو تو صبح وشام دونوں وقت استعمال کریں۔

فوائد: دماغ کی خشکی کو دور کر کے اسے تقویت دینے کے لیے یہ خمیرہ بنفشہ ایک اچھی مفید وموثر شے ہے۔اس کے استعمال سے آنتوں کی خشکی بھی رفع ہو جاتی ہے۔صفراء کو نکالنے اور سینہ اور پسلیوں کے امراض میں اس خمیرہ کے استعمال سے اچھے مفید نتائج حاصل ہوتے ہیں۔

گرم زکام میں بھی اس خمیرہ کا استعمال بہت کچھ نفع بخش ثابت ہوا ہے۔

(۲۹۸) خمیرہ بنفشہ بہ نسخہ خاص

جو اپنے مخصوص افعال وخواص میں خمیرہ بنفشہ عام سے بہت کچھ ممتاز ومفید اور زود اثر ہے

اجزا و ترکیب تیاری: ۱۵ تولہ گل بنفشہ کولے کر ۳ سیر پانی میں رات کو بھگو دیں صبح کو اس قدر جوش دیں کہ ایک سیر پانی باقی رہے۔ پھر مل کر چھان لیں۔ اور مصری ڈیڑھ سیر ملا کر قوام بنائیں۔ اور نیچے اتار کر خوب گھوٹیں۔

ترکیب استعمال: دو سے لے کر چار تولہ تک کی مقدار میں یہ خمیرہ بنفشہ بہ نسخہ خاص عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ کے ہمراہ صبح وشام دونوں وقت یا صرف صبح کے وقت استعمال کریں۔

فوائد: اس خمیرے سے افعال ومنافع بھی وہی ہیں جو خمیرہ بنفشہ عام کے ہیں۔ مگر چونکہ وہ برگ بنفشہ سے تیار ہوتا ہے۔ اور یہ گل بنفشہ سے۔ اس لیے گل بنفشہ کے برگ بنفشہ سے زیادہ قوی اور زوداثر ہونے کی وجہ سے یہ خمیرہ بنفشہ بہ نسخہ خاص بھی خمیرہ بنفشہ عام سے زیادہ قوی اور زوداثر ہے۔ جب خمیرہ بنفشہ (برگ بنفشہ والا) کے استعمال سے مطلوبہ فوائد حاصل نہ ہوں۔ تو اس خمیرہ بنفشہ (گل بنفشہ والا) کا استعمال کریں۔

(۲۹۹) خمیرہ ابریشم سادہ

اجزا و ترکیب تیاری: ابریشم خام مقرض ۱۰ تولہ لوہے کے بجھائے ہوئے تین سیر پانی میں چوبیس گھنٹہ تک بھگو کر جوش دیں۔ جب ایک سیر پانی رہے۔ تو چھان لیں پھر گاؤزبان۔ بادرنجبویہ۔ ہر ایک چار ماشہ الگ لے کر دوسرے پانی میں جوش دے کر اور چھان کر اس میں ملائیں۔ اور مصری چھبیس تولہ شہد خالص ۱۱ تولہ ملا کر قوام کریں۔ پھر گلاب پندرہ تولہ۔ ابریشم خام ایک تولہ گل گاؤزبان ۸ ماشہ۔ تخم فرنجمشک۔ کہربا اور بیخ مرجان کو گلاب میں کھرل کریں۔ اور دوسری دواؤں کو حسب ترکیب کوٹ چھان لیں۔ اور پھر سب کو قوام میں شامل کردیں۔ جب قوام درست ہو جائے تو نیچے اتار کر اس قدر گھوٹیں کہ خمیرے کے مانند سفید ہو جائے۔

ترکیب استعمال: سات ماشہ کی مقدار میں یہ خمیرہ ابریشم سادہ صبح وشام دونوں وقت

گاؤزبان ۱۲ تولہ کے ہمراہ استعمال کرایا جائے۔ طبیب کی رائے ہو۔ تو عرق گاؤزبان کی جگہ عرق گاجر یا کوئی دوسرا عرق بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔

فوائد : دل و دماغ کی کمزوریوں کو دور کر کے انہیں صحت و شباب کی قوتوں سے سرفراز کرنے کے لیے یہ خمیرہ ابریشم سادہ بسا اوقات بہت مفید شے ثابت ہوتا ہے اس کے استعمال سے وحشت' خفقان' وسواس سوداویہ دور ہو جاتے ہیں بینائی کو تقویت دینے کے لیے بھی یہ خمیرہ ایک اچھی دوا ہے۔ خصوصاً جب ضعف بصارت کی وجہ ضعف دماغ ہو۔ تو اس خمیرے کا استعمال بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔

(۳۰۰) خمیرہ ابریشم سادہ بہ نسخہ خاص

جو اعضائے رئیسہ کو تقویت دینے اور وسواس سوداویہ کو دور کرنے

لیے ایک قابل تعریف دوا ہے

اجزا و ترکیب تیاری : ابریشم مقرض ۴۲ تولہ۔ اگر ۴ ماشہ۔ مصطگی رومی۔ بالچھڑ۔ پوست ترنج۔ لونگ۔ دانہ الائچی خورد۔ تیز پات۔ ہر ایک ۵ ماشہ۔ صندل سفید عرق گاؤزبان۔ گلاب۔ عرق بیدمشک۔ آب سیب۔ آب انار۔ آب بہی ہر ایک ۱۴ تولہ بارش کا پانی ۲ سیر۔ شہد خالص بیس تولہ۔ چینی تین پاؤ۔ عرقیات اور پانی میں ' ادویہ ملا کررات کو بھگو دیں۔ صبح کے وقت جوش دیں۔ جب پانی تہائی رہ جائے مل چھان لیں۔ اوراس میں شہد اور چینی ملا کر خمیرہ گاؤزبان کا قوام بنائیں۔ اوراس قدر گھوٹیں کہ رنگ سفید ہو جائے۔ لیکن گھوٹنے سے پہلے زعفران ۵ ماشہ۔ عرق کیوڑہ میں حل کر کے ملائیں۔ اور ورق نقرہ ۶ ماشہ ایک ایک کر کے اضافہ کریں۔

ترکیب استعمال : ۶ ماشہ کی مقدار میں یہ خمیرہ ابریشم سادہ بہ نسخہ خاص صبح وشام دونوں وقت عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ کے ہمراہ استعمال کریں۔

فوائد : دل و دماغ جب اپنے مقررہ افعال وفرائض کی انجام دہی میں غفلت سے کام لے رہے ہوں یا اس قدر کمزور ہو گئے ہوں کہ ان میں ان فرائض کی ٹھیک طریقہ پر انجام دہی کی قوت ہی نہ رہی ہو۔ تو اس خمیرے کا استعمال کرشمہ کار فوائد دکھلاتا ہے۔ اس کے استعمال

سے خیالات کا منتشر شیرازہ یک جا ہو جاتا ہے۔ خفقان، وحشت اور دیگر امراض سوداویہ وہمیہ اس کے استعمال سے چند ہی روز میں دور ہو جاتے ہیں۔ بصارت کو تقویت دینے کے لیے بھی اس خمیرے کے فوائد نہایت قابل تعریف ہیں۔ اور خصوصاً جب یہ ضعف ضعف دماغ سے پیدا ہوا ہو۔ تو اس خمیرے کے استعمال سے نہایت تسلی بخش فائدہ ہوتا ہے۔ یہ خمیرہ طویل علالت کے بعد کمزوریوں کو دور کر کے جمیع اعضائے بدن کو قوت دیتا ہے۔ اور اس غرض کے لیے بکثرت استعمال کیا جاتا ہے۔

(۳۰۱) خمیرہ ابریشم شیرہ عناب والا

جس کے استعمال سے دل دوہ، خشک کھانسی، ضعف معدہ و ضعف دل دماغ میں اکسیر سے بڑھ کر فائدہ ہوتا ہے

اجزاء و ترکیب ساخت : ابریشم خام مقرض ۱۵ تولہ لے کر پانی میں دھوڑالیں۔ تاکہ گردوغبار سے پاک ہو جائے۔ بارش کا پانی پونے دو سیر لے کر ابریشم کو ۳ روز تک بھگو رکھیں۔ بعدہٗ جوش دیں۔ جب ڈیڑھ پاؤ پانی رہ جائے۔ چھان لیں۔ اور سیب شیریں سیب ترش۔ انار ترش۔ انگور شیریں۔ بہی۔ ان سب کو لکڑی کی اوکھلی میں کوٹ کر نچوڑ لیں۔ اور عناب کو پانی میں خوب جوش دے کر نچوڑ لیں۔ اور صندل سفید کو عرق گلاب میں گھس کر چھان لیں۔ ان سب نچوڑی ہوئی چیزوں کا وزن الگ الگ تین تین تولہ ہونا چاہیے تمام اشیاء مذکورہ بالا کو ایک برتن میں رکھ لیں۔ اور عرق گلاب پندرہ تولہ میں۔ مصری ۱۵ تولہ ڈال کر پکائیں۔ جب قوام درست ہو جائے۔ اس وقت زعفران ۳ ماشہ۔ عنبر مشک ہر ایک دو ماشہ۔ عرق گلاب میں کھرل کر کے قوام میں ملائیں۔ اگر اس نسخہ کو ٹھنڈا بنانا چاہیں تا کہ گرم مزاجوں کو زیادہ مفید پڑ سکے تو عرق بید مشک پندرہ تولہ۔ آب تربوز ۳ تولہ اضافہ کریں۔

ترکیب استعمال : ۶ ماشہ کی مقدار میں یہ خمیرہ ابریشم شیرہ عناب والا صبح کے وقت عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ کے ہمراہ استعمال کریں۔ اور قدرت خدا کا مشاہدہ کریں۔

فوائد : یہ خمیرہ طب یونانی کی ممتاز ادویات میں سے ہے۔ اس کے استعمال سے اعضائے رئیسہ کی کمزوریاں دور ہو کر انسان کی بگڑتی زندگی سنور جاتی ہے۔ جب قوت

حافظہ اس قدر کمزور ہو گئی ہو کہ لکھا پڑھا سنا کچھ یاد نہ رہتا ہو۔ تو اس خمیرے کے استعمال سے یہ شکایت دور ہو کر یادداشت نہایت تیز ہو جاتی ہے۔ دماغ کی کمزوری سے لکھتے پڑھتے وقت آنکھوں میں پانی آ جاتا ہو۔ تو اس خمیرہ کا استعمال تیر بہدف ثابت ہوتا ہے۔ اس سے دماغ قوی ہو جاتا ہے۔ جب دل اس قدر کمزور ہو کہ معمولی سی بات سے گھبراہٹ ہو جاتی ہو تو یہ خمیرہ اس شکایت کو دور کرنے کے لیے ایک مخصوص چیز ہے سل و دق کی شکایت ہو۔ کھانسی ہو۔ معدے کی کمزوری ہو۔ ضعف بصارت کی تکلیف ہو۔ تو اس خمیرے کا استعمال کیجیے اور اکسیر سے بڑھ کر فوائد ملاحظہ کیجیے۔

(۳۰۲) خمیرہ ابریشم حکیم ارشد والا

جو اعضائے رئیسہ کو تقویت دینے اور خیالات فاسد اور خفقان وغیرہ کو دور کرنے کے لیے ایک لاثانی اکسیر ہے

اجزاء و ترکیب ساخت : عود غرقی ۴ ماشہ۔ سنبل الطیب۔ پوست بیرون۔ ترنج مصطگی۔ لونگ۔ دانہ الائچی خورد۔ ساذج ہندی ہر ایک ۵ ماشہ۔ برادہ صندل سفید ۲ ماشہ۔ ابریشم۔ خام مقرض ۴۲ تولہ۔ ان سب دواؤں کو باریک کپڑے میں بطور پوٹلی کے باندھ کر عرق گاؤزبان۔ عرق بید مشک۔ عرق گلاب۔ آب سیب۔ آب انار شیریں۔ آب بہی شیریں ہر ایک ۱۴ تولہ۔ بارش کا پانی ۲ سیر میں اس قدر جوش دیں کہ دو سیر پانی جل جائے۔ اس وقت پوٹلی کو نکال دیں۔ اور دوا کے پانی میں شہد خالص ایک پاؤ۔ چینی تین پاؤ شامل کر کے قوام تیار کریں۔ پھر عنبر خالص ۲ ماشہ۔ عرق کیوڑہ میں حل کر کے داخل کر دیں۔ اور ورق طلاء۔ ورق نقرہ ہر ایک ۲ ماشہ۔ مشک خالص۔ زعفران۔ ہر ایک ۵ ماشہ خوب کھرل کر کے قوام میں ملائیں۔ اور نیچے اتار کر اس قدر گھوٹیں کہ خمیرے کے مانند سفید ہو جائے۔

ترکیب استعمال: یہ خمیرہ ابریشم حکیم ارشد والا ۳ ماشہ سے لے کر ۵ ماشہ تک کی مقدار میں صبح کے وقت حاجات ضروریہ سے فارغ ہو کر عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ یا عرق گاجر ۵ تولہ کے ہمراہ استعمال کیا جائے۔ مرض کی شدت ہو تو ایک خوراک شام کو بھی استعمال کریں۔

فوائد : یہ خمیرہ طب یونانی کی مایہ ناز اکسیر الاثر دواؤں میں سے ایک ممتاز شے ہے۔ اس

کے استعمال سے اعضاءِ رئیسہ کو خصوصیت سے تقویت حاصل ہوتی ہے۔شہوانی غلط کاریوں یا دیگر وجوہات سے اگر دل و دماغ و جگر اپنی قوتیں کھو چکے ہوں تو اس خمیرے کے استعمال سے ان کو از سرِ نو حیات تازہ ہو جاتی ہے۔ضعف قلب اور خفقان اور مالیخولیا کے ہزاروں مریضوں پر اس خمیرے کے نہایت کامیاب تجربے ہو چکے ہیں۔خیالات فاسدہ کو اس کے استعمال سے نہایت شافی فائدہ ہوتا ہے۔نزلہ حار کے لیے بھی اس کا استعمال اکسیری فوائد کا مظہر ثابت ہوا ہے۔طویل علالت کے بعد کی کمزوریوں کو دور کرنے کے لیے اس خمیرے کا استعمال کیا جائے تو نہایت تسلی بخش نتائج ظاہر ہوتے ہیں۔

(۳۰۳) خمیرہ ابریشم عود مصطفٰی والا

جو قلب و دماغ و جگر کو تقویت بخشنے اور مراق و ما لیخولیا و وحشت کو دور کرنے کے لیے ایک اکسیری نسخہ ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: عود مصطفٰی۔مشک۔ہر ایک دو ماشہ۔یاقوت۔کہربا۔مرجان۔یشب ہر ایک ۴ ماشہ۔مروارید۔عنبر۔ہر ایک ۸ ماشہ۔برگ بادرنجبویہ۔فرنجمشک ہر ایک سات تولہ۔ابریشم خام مقرض ۳۴ تولہ۔مصری سوا سیر۔پہلے سونا اور لوہا گرم کر کے ۴ سیر پانی میں بجھائیں۔اس پانی میں ابریشم مذکور کو اس قدر جوش دیں کہ چوتھائی پانی رہ جائے۔اس وقت مل چھان کر پہلے پانی میں ملائیں۔اور مصری شامل کر کے قوام بنائیں۔اور اوپر والی دواؤں کو عرق گلاب میں علیحدہ علیحدہ کھرل کر کے ملائیں۔

ترکیب استعمال: یہ خمیرہ ابریشم عود مصطفٰی والا ۶ ماشہ کی مقدار میں صبح و شام دونوں وقت عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ کے ہمراہ استعمال کیا جائے۔

فوائد: قلب و دماغ دیگر وغیرہ اعضائے رئیسہ کی بگڑی ہوئی حالت کو سنوارنے کے لیے خمیرہ ابریشم عود مصطفٰی والا ایک نہایت ہی مفید و مجرب اکسیری دوا ہے۔جس کے بے خطا فوائد کی تعریف میں ہر وہ مریض رطب اللسان ہونے پر مجبور ہو جاتا ہے جسے ایک مرتبہ اسے استعمال کرنے کا موقعہ نصیب ہوا ہو۔یہ خمیرہ یونانی طب کے ذخیرہ مجربات میں سے ایک ممتاز نسخہ ہے۔اس کے استعمال سے دہلی کے نامدار اطباء نے ہزاروں مایوس مریضوں کی

دعائیں لی ہیں۔
قلب ومعدہ وجگر کی کمزوریوں سے پیدا ہونے والے امراض مثلاً مالیخولیا و مراق و وحشت اس خمیرے کے استعمال سے یوں دور ہو جاتے ہیں۔ جیسے سورج کی شعاعوں کے بکھرنے سے اندھیرا۔ بادی بواسیر کے لیے بھی اس خمیرے کا استعمال نہایت مفید نتائج کا مظہر ثابت ہوا ہے۔ غرضیکہ یہ ایک لاجواب شے ہے۔ جس کی قارئین کو قدر کرنی چاہیے۔ تجربہ کر کے دیکھ سکتے ہیں۔

(۳۰۴) خمیرہ گاؤزبان سادہ

جو دل دوماغ کو تقویت دینی اور خفقان ووہم اس ومالیخولیا کی شکایت دور کرنی کی لیی ایک عجیب دوا ھی

اجزا و ترکیب تیاری: گاؤزبان۔ گل گاؤزبان۔ کشنیز خشک مقشر۔ ابریشم خام مقرض۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ صندل سفید۔ تخم بالنگو۔ تخم فرنجمشک۔ بادرنجبویہ۔ ہر ایک ایک تولہ۔ دو سیر پانی میں رات کے وقت بھگودیں۔ صبح کو جوش دے کر چھان لیں اور مصری ایک سیر۔ شہد خالص ایک پاؤ ملا کر قوام بنائیں۔

ترکیب استعمال: ایک تولہ کی مقدار میں یہ خمیرہ صبح کے وقت ایک چاندی کے ورق میں لپیٹ کر یا عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ کے ہمراہ استعمال کر لیا جائے۔

فوائد: بادی النظر میں یہ خمیرہ اگرچہ ایک معمولی سی چیز معلوم ہوتی ہے۔ مگر اس کے فوائد بہت غیر معمولی ہیں۔ اس کے استعمال سے دل ودماغ کی جملہ کمزوریاں رفتہ رفتہ دور ہونے لگتی ہیں۔ اور کچھ دیر کے متواتر استعمال سے وسواس وخفقان ومالیخولیا تک کو نہایت معتد بہ فائدہ پہنچتا ہے۔
دماغ کو روشن کرنے۔ دل کو تقویت دینے اور آنکھوں کو بصارت بخشنے کے لیے یہ خمیرہ ایک نعمت مترقبہ ہے۔

(۳۰۵) خمیرہ گاؤزبان عنبری

جو دماغ کو خاص طور پر تقویت دینے کی وجہ سے وکیلوں' مصنفوں' طالب علموں'

اساتذۂ ایڈیٹروں اور ججوں وغیرہ دماغی کام کرنے والے لوگوں کے لیے ایک خاص چیز ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : گاؤزبان۔ گل گاؤزبان۔ کشنیز خشک مقشر۔ ابریشم خام مقرض۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ صندل سفید۔ تخم بالنگو۔ تخم فرنجمشک۔ بادرنجبویہ۔ اسطوخودوس۔ تودری سفید۔ تودری سرخ ہر ایک ایک تولہ۔ طوبیر پانی میں رات کو تر کردیں۔ صبح کو اس قدر جوش دیں کہ پانی نصف رہے۔ پھر مل کر چھان لیں۔ اور مصری ایک سیر و شہد خالص ایک پاؤ ملا کر قوام کریں۔ پھر عنبر دو ماشہ کو عرق کیوڑہ ایک تولہ میں حل کریں۔

ترکیب استعمال: یہ خمیرہ گاؤزبان عنبری ۶ ماشہ کی مقدار میں صبح و شام دونوں وقت یا صرف صبح عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ کے ہمراہ استعمال کیا جائے تو چند ہی روز میں قدرت خدا کا تماشہ نظر آنے لگتا ہے۔

فوائد : یہ خمیرہ گاؤزبان عنبری سادہ اپنے مخصوص افعال وخواص کے اعتبار سے بہت ممتاز وارفع ہے۔ یہ خصوصیت سے تقویت دماغ کے لیے مخصوص ہے۔ اگر قوت حافظہ اس قدر کمزور ہوگئی ہو کہ صبح کا لکھا پڑھا۔ سنا کہا شام تک فراموش ہو جاتا ہو تو اس خمیرے کے استعمال سے یہ شکایت کلی طور پر زائل ہو جاتی ہے۔ اور چند ہفتہ تک متواتر استعمال کرتے رہنے سے حافظہ اس قدر قوی ہو جاتا ہے کہ سالہا سال کی بھولی ہوئی باتیں یاد آنے لگتی ہیں۔ دماغ کی کمزوری کی وجہ سے جب ضعف بصارت کی شکایت لاحق ہوگئی ہو۔ تو اس خمیرے کا استعمال ایک نعمت غیر مترقبہ ثابت ہوتا ہے۔ اس کے استعمال کے چند ہی روز بعد آنکھوں میں نئی روشنی پیدا ہو جاتی ہے۔

دماغ کی کمزوری کی وجہ سے اگر لکھتے پڑھتے وقت آنکھوں میں پانی آجاتا ہو۔ تو اس خمیرے کے استعمال سے حیرت انگیز فوائد ظہور میں آتے ہیں۔

(۳۰۶) خمیرہ گاؤزبان عنبری جدوار عود صلیب والا

جو اعضائے رئیسہ کی جملہ کمزوریوں کو دور کر کے دل ودماغ وجگر کو

ایک نئی طاقت و قوت سے سرفراز کرتا ہے

اجزاء و ترکیب ساخت : اس نسخہ میں کل وہی دوائیں ہیں جو خمیرہ گاؤزبان عنبری میں ہیں۔ مگر جدوار۔ عودصلیب۔ ہر ایک ایک تولہ زیادہ کریں۔

ترکیب استعمال: ۳ ماشہ سے ۷ ماشہ تک کی مقدار میں یہ خمیرہ گاؤزبان عنبری جدوار۔ عودصلیب والا صبح کے وقت کشتہ مرجان سادہ یا جواہر والا دو چاول کے ساتھ ملا کو عرق گاؤزبان سات تولہ۔ عرق گاجر ۵ تولہ۔ شربت ابریشم سادہ دو تولہ (تینوں کو ملا کر) کے ہمراہ استعمال کریں۔ اور اکسیر سے بڑھ کر فوائد دیکھیں۔

فوائد : یہ خمیرہ گاؤزبان عنبری۔ جدوار عودصلیب والا۔ طب یونانی کی ان ادویات میں سے ہے۔ جنھوں نے بڑے بڑے جابر بادشاہوں کے تاج بھی یونانی حکماء کے حضور میں جھکائے تھے۔ اس کے استعمال سے اعضائے رئیسہ کی جملہ کمزوریاں دور ہو کر ان میں طاقت وقوت کی ایک نئی روح پھونکی جاتی ہے۔ ضعف اعصاب کو دور کرنے کے لیے یہ خمیرہ ایک بہت ہی قابل قدر شے ہے۔ اس کے استعمال سے مرگی۔ رعشہ فالج اور لقوہ کو بھی معتد بہ فائدہ ہوتا ہے۔ بچوں کے مرض ام الصبیان اور عورتوں کے مخصوص دورہ اختناق الرحم (باؤ گولہ) میں مستعمل ہے۔ اور بسا اوقات بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔ طویل بیماریوں کے بعد کی کمزوری اس کے استعمال سے چند ہی روز میں دور ہو جاتی ہے۔ ضعف عامہ کو دور کرنے کے لیے ایک امیرانہ دوا ہے۔ جس سے صاحب استطاعت لوگوں کو ضرور فائدہ اٹھانا چاہئے۔

(۳۰۷) خمیرہ گاؤزبان جواہر والا

جس کے مقابلہ کی دل و دماغ کو تقویت دینے والی دوسری چیز طب یونانی کے تمام ذخیرہ مجربات میں بھی نہیں ہے

اجزاء و ترکیب ساخت : گاؤزبان ڈیڑھ تولہ۔ کشنیز خشک مقشر۔ ابریشم خام مقرض۔ بہمن سفید۔ صندل سفید۔ تخم بالنگو۔ تخم فرنجمشک ہر ایک ایک تولہ۔ دو سیر پانی میں رات کے وقت تر کریں۔ صبح کو اس قدر جوش دیں کہ تہائی باقی رہے۔ پھر چھان کر مصری ایک سیر شہد

خالص ایک پاؤ ملا کر قوام تیار کریں اور عنبر دو ماشہ۔ ورق طلاء۔ ورق نقرہ ہر ایک ۶ ماشہ میں شامل کردیں اور مروارید۔ یاقوت۔ زمرد۔ زہر مہرہ ہر ایک ساڑھے چار ماشہ کھرل کر کے قوام میں حل کریں۔

ترکیب استعمال: اس خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر والا کی مقدار خوراک ۵ ماشہ سے لے کر سات ماشہ تک ہے۔ صبح وشام دونوں وقت یا صرف صبح کو گاؤزبان ۱۲ تولہ کے ہمراہ استعمال کیا جائے۔ اس کی ہر ایک خوراک میں اکثر کشتہ مرجان دو چاول ملایا جاتا ہے جس سے اس کے اوصاف میں مزید اضافہ ہو جاتا ہے۔

فوائد: تقویت دماغ کے لیے یہ خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر والا اس قدر مفید و مجرب چیز ہے کہ طب یونانی کے تمام ذخیرہ مجربات میں اس کے مقابلہ کی دوسری چیز ملنی مشکل ہے۔ اس کے استعمال سے دماغ کی جملہ کمزوریاں دور ہو کر اس میں اس قدر قوت آ جاتی ہے کہ شب وروز کی دماغی محنت سے بھی تکان محسوس نہیں ہوتی۔ طالب علموں۔ استادوں۔ منشیوں۔ وکیلوں۔ ججوں۔ مصنفوں اور دیگر دماغی کام کرنے والے لوگ کمزوری دماغ کی وجہ سے عام طور پر نزلہ وزکام کی شکایت میں مبتلا رہا کرتے ہیں۔ اس خمیرہ کے استعمال سے دماغ کو قوت پہنچ کر دائمی نزلہ وزکام کا قلع قمع ہو جاتا ہے۔ دل کی اکثر کمزوریوں کو دور کرنے کے لیے بھی یہ خمیرہ بہت بیش بہا چیز ہے۔ وحشت، خفقان اور خیالات فاسدہ کو دور کرنا اس کا ایک ادنیٰ کرشمہ ہے۔ ضعف دماغ کی وجہ سے ضعف بصارت کا عارضہ لاحق ہو گیا ہو۔ تو اس خمیرہ کا چند روزہ استعمال آنکھوں میں ایک نئی روشنی پیدا کر دیتا ہے۔

غرضیکہ یہ خمیرہ دماغ کو روشن کرنے اور دل کو شگفتگی بخشنے میں بے عدیل شے ہے اور طب یونانی کا ایک حیرت انگیز عجوبہ ہے۔

(۳۰۸) خمیرہ مرجان جواہر والا

کمزوری کی وجہ سے جب ضعف باہ لاحق ہو جائے تو یہ خمیرہ قلب میں طاقت پیدا کر کے ضعف باہ کو دور کرنے میں لاثانی اور مجرب المجرب ہے۔

اجزا و ترکیب تیاری: مرجان ۲ تولہ۔ یشب سبز۔ کہربا شمعی۔ صندل سفید۔ طباشیر

جوہرہ خطائی۔ عقیق یمنی۔ زمرد سبز۔ ہر ایک ٦ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد ۹ ماشہ۔ ورق نقرہ ا تولہ۔ تمام جواہرات عرق کیوڑہ۔ بید مشک وگلاب میں اس حد تک کھرل کریں کہ باریک خاک ہو جائیں۔ باقی چیزوں کو کوٹ کر الگ باریک کریں۔ اب ایک سیر مصری کا قوام تیار کر کے ادویات مسحوقہ ملا کر خوب گھوٹ کر خمیرہ بنالیں۔ بعد میں ورق نقرہ ایک ایک کر کے ملادیں۔

ترکیب استعمال: ٦ ماشہ سے لے کر ایک تولہ تک ہمراہ دودھ کھلائیں۔

فوائد: دل میں طاقت آ کر قوت باہ بڑھ جاتی ہے۔ کیونکہ جب دل کمزور ہوتا ہے۔ جو تمام بدن میں شاہی حیثیت رکھتا ہے تو یہ لازمی نتیجہ ہوتا ہے کہ اس کا دماغ بھی کمزور ہو۔ جب دماغ کمزور ہوتا ہے۔ تو قوت باہ بھی از حد کمزور ہو جاتی ہے۔ اس لیے یہ خمیرہ نہ صرف قلب میں قوت بڑھا کر باہ کو زیادہ کرتا ہے بلکہ دماغ کو بھی از حد طاقت ور اور قابل رشک بنا دیتا ہے۔ جگر کی حرارت کو زائل کرنے میں بھی اس خمیرہ کو ایک خصوصی درجہ حاصل ہے۔

(۳۰۹) خمیرہ مروارید

جو دل و دماغ کو تقویت دینے اور وحشت و خفقان کو دور کرنے کے لیے بہت زود اثر اور مجرب دوا ہے

اجزاء و ترکیب تیاری: مروارید ناسفتہ۔ صندل سفید۔ ہر ایک دو تولہ۔ عنبر اشہب ایک تولہ۔ حجر الیہود۔ سنگ سرماہی ہر ایک ٦ ماشہ۔ گوند کیکر ۳ ماشہ۔ گلاب و بید مشک۔ ہر ایک ایک سیر۔ شکر سفید۔ شہد صاف کیا ہوا۔ ہر ایک آدھ سیر۔ بدستور خمیرہ تیار کریں۔

نوٹ: جب گردہ و مثانہ میں کوئی زخم نہ ہو تو حجر الیہود۔ سنگ سرماہی اور گوند ببول شامل نہ کریں۔

ترکیب استعمال: یہ خمیرہ مروارید ۳ ماشہ سے لے کر ٦ ماشہ کی مقدار میں صبح و شام دونوں وقت عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ کے ہمراہ استعمال کیا جائے۔

فوائد: مروارید کی مقوی دل و دماغ صفات جو زبان زد خاص و عام ہیں۔ اس سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ یہ خمیرہ مروارید دل و دماغ کو تقویت دینے کے لیے کس قدر مفید و مجرب

شے ہوگی۔اس لیے اس کے اس کے استعمال سے دل کا دھڑ کنا دل کی گھبراہٹ چند ہی روز میں دور ہو جاتی ہے۔کثرت محنت دماغی کی وجہ سے ضعف دماغ لاحق ہو گیا ہو۔یا کثرت غلط کاری کی وجہ سے دل و دماغ ماؤف ہو گئے ہوں تو دیگر شکایات کے ازالہ کے بعد دل و دماغ کی تقویت کے لیے اس خمیرہ کا استعمال بہت کافی ہوتا ہے۔عورتوں کی کمزوریوں کو دور کرنے کے لیے بھی اس خمیرہ کا استعمال بہت کامیاب ثابت ہوا ہے۔

(۳۱۰)خمیرہ مروارید بہ نسخہ خاص

جو اپنی حیرت انگیز مقوی دل و دماغ خواص کی وجہ سے خمیرہ مروارید سادہ سے بہت زیادہ زود اثر اور قوی التاثیر ہے

اجزا و ترکیب تیاری: مروارید ناسفتہ ۲ تولہ چار ماشہ۔افتیون پونے دو تولہ۔ ہسلوچن۔صندل سفید۔ہر ایک ایک تولہ ساڑھے ۵ ماشہ۔یاقوت رمانی۔مونگے کی جڑ۔ ہر ایک ۱۴ ماشہ۔لعل بدخشانی۔عقیق یمانی۔یشب سبز۔تیزپات۔زرنجور۔درونج عقربی۔تخم خرفہ چھیلا ہوا۔ابریشم مقرض۔ہر ایک ساڑھے دس ماشہ۔کہربا۔زرشک صاف شدہ۔دھنیا۔ صندل سرخ۔غنچہ گل سرخ۔پوست اترج۔گل ارمنی مشوی۔گل مختوم۔اگر۔گل گاؤ زبان ہر ایک ۷ ماشہ۔لاجورد دھویا ہوا۔کافور قیصوری۔عنبر اشہب۔ہر ایک سوا ۵ ماشہ۔سونے کے ورق۔چاندی کے ورق۔ہر ایک ساڑھے ۳ ماشہ۔مشک تبتی پونے ۲ ماشہ۔مصری گلاب۔ہر ایک ایک سیر۔میٹھے بہی کا پانی ۱۱ تولہ ۸ ماشہ۔میٹھے سیب کا رب۔میٹھے بہی کا رب۔میٹھے انار کا رب۔ہر ایک ۵ تولہ ۱۰ ماشہ۔مصری گلاب اور رُب ملا کر قوام کریں۔اور گھوٹیں۔تاکہ خمیرے کے مانند ہو جائے۔جواہر کو کھرل کر کے اور سونے چاندی کے ورق حل کر کے اور باقی دواؤں کو کوٹ چھان کر اس میں گوندھیں اور اچھی طرح ملائیں۔

ترکیب استعمال: یہ خمیرہ مروارید بہ نسخہ خاص ۳ ماشہ سے لے کر ۵ ماشہ تک کی مقدار میں صبح و شام دونوں وقت ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کیا جائے۔

فوائد: یہ خمیرہ مروارید بہ نسخہ خاص تقویت دل و دماغ کے لیے ایک بہت ہی مفید و مجرب شے۔کثرت غلط کاری یا دیگر وجوہات سے دل و دماغ ماؤف ہو گئے ہوں۔تو غلط کاری کے

دیگر نقصانات کا ازالہ کر چکنے کے بعد دل و دماغ کی تقویت کے لیے اس خمیرہ کا استعمال نہایت مفید و مجرب نتائج مرتب کرتا ہے۔ اس کے استعمال سے دماغ کی جملہ کمزوریاں اور خفقان و وحشت وغیرہ چندہی روز میں دور ہو کر دل و دماغ میں صحت و شباب کی جملہ قوتیں از سر نو لوٹ آتی ہیں۔ موتی جھرہ اور چیچک میں جو گھبراہٹ اور گرمی دل پر ہوتی ہے۔ اسے زائل کر کے مریض کو تسکین و راحت بخشنے کے لیے یہ خمیرہ ایک عجیب چیز ہے جسم سے بہت سا خون نکل جانے یا دستوں وغیرہ کی وجہ سے پیدا ہونے والی کمزوریوں کو دور کرنے کے لیے بھی اس خمیرہ کا استعمال کیا جاتا ہے۔ اور بسا اوقات اس کے استعمال سے بہت شاندار نتائج حاصل ہوتے ہیں۔

(۳۱۱) خمیرہ مروارید مختصر

جس میں تمام وهی خواص وفوائد پائے جاتے هیں جو خمیرہ مروارید بہ نسخہ خاص کے بیان میں درج هیں

اجزاء و ترکیب ساخت : مروارید ناسفتہ۔ بسلوچن سفید۔ صندل سفید ہر ایک دو تولہ۔ عنبر اشہب ایک تولہ۔ چینی سوا سیر۔ گلاب۔ عرق بید مشک ہر ایک ایک سیر۔ شہد صاف کیا ہوا ایک سیر۔ بدستور خمیرہ تیار کریں۔

ترکیب استعمال: یہ خمیرہ مروارید بہ نسخہ مختصر تین ماشہ سے لے کر ۵ ماشہ تک کی مقدار میں صبح وشام دونوں وقت عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ کے ہمراہ استعمال کیا جائے۔

فوائد : اس خمیرے میں وہ تمام افعال وخواص پائے جاتے ہیں۔ جو خمیرہ مروارید بہ نسخہ خاص کے بیان میں تحریر ہیں۔ فرق صرف اس قدر ہے کہ یہ خمیرہ پہلے خمیرہ سے کسی قدر زیادہ قوی اور زود اثر ہے۔ تجربہ کر کے آزما سکتے ہیں۔

(۳۱۲) خمیرہ یاقوت

جو تقویت قلب اور ازالہ وحشت وخفقان ومالیخولیا کیلئے مخصوص هے

اجزاء و ترکیب ساخت : عرق گاؤزبان۔ عرق صندل۔ ہر ایک پونے ۱۹ تولہ۔ میٹھے سیب کا پانی۔ میٹھی بہی کا پانی۔ امرود کا پانی۔ گلاب۔ عرق بید مشک۔ ہر ایک ساڑھے ۳۷

تولہ۔ شکر سفید ۲ سیر۔ شکر کو پانی اور عرقوں میں جوش دیں اور اس کا جھاگ اتاریں۔ اور قوام بنا کر گھوٹیں۔ یہاں تک کہ سفید ہو جائے۔ پھر یاقوت رمانی پونے چار تولہ (عرق گلاب میں کھرل کیا ہوا) لاجورد دھویا ہوا۔ زہر مہرہ خطائی ہر ایک ۹ ماشہ۔ عنبر اشہب ساڑھے چار ماشہ ملا کر بدستور خمیرہ تیار کریں اور محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: ۳ ماشہ سے لے کر ۵ ماشہ تک مقدار میں یہ خمیرہ یا قوت عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ کے ہمراہ صبح وشام دونوں وقت یا صرف صبح کے وقت استعمال کیا جائے۔

فوائد: قلب کی جملہ کمزوریوں کو دور کر کے اسے اپنے فرائض منصبی کے ٹھیک طور پر بجالانے کے لیے تیار کرتا ہے۔ خفقان و وحشت و مالیخولیا میں اس کا استعمال بہت شاندار نتائج کا مظہر ثابت ہوا ہے۔

نہایت نفیس اور امیرانہ دوا ہے۔ جسے اکثر اطبائے نامدار بکثرت استعمال کراتے رہتے ہیں۔

(۳۱۳) خمیرہ یاقوت بہ نسخہ دیگر

جس میں وہ تمام خواص و فوائد بدرجہ اتم موجود ھیں جو خمیرہ یا قوت کے بیان میں درج ھو چکے ھیں

اجزاء و ترکیب ساخت: میٹھے انار کا پانی۔ امرود کا پانی۔ میٹھے بہی کا پانی ہر ایک ڈھائی تولہ۔ آدھ سیر چینی۔ عرق گلاب۔ عرق بید مشک۔ عرق گاؤزبان ہر ایک ساڑھے تینتیس تولہ مشک خالص ۳ ماشہ۔ کافور قیصوری۔ عنبر اشہب۔ سونے کے ورق۔ چاندی کے ورق ہر ایک ساڑھے چار ماشہ۔ یاقوت رمانی ۳ تولہ سات ماشہ۔ بدستور خمیرہ تیار کریں۔

اجزاء و ترکیب ساخت: ۳ ماشہ سے لے کر ۵ ماشہ تک کی مقدار میں یہ خمیرہ یاقوتی بہ نسخہ دیگر ۱۲ تولہ۔ عرق گاؤزبان کے ہمراہ صبح وشام دونوں وقت یا صرف صبح کے وقت استعمال کریں۔ اور حیرت انگیز فوائد دیکھیں۔

فوائد: اس خمیرے میں وہ تمام اوصاف وخواص بدرجہ اتم موجود ہیں۔ جو پہلے خمیرہ یا قوت کے بیان میں درج ہو چکے ہیں۔

دونوں نسخوں میں صرف اجزا کا فرق ہے۔ افعال وخواص تقریباً ایک ہی ہیں۔

(۳۱۴) خمیرہ زمرد

دل کو تقویت دینے اور خفقان کو دفع کرنے میں مفید و مجرب ھے

اجزاء و ترکیب ساخت : زمرد گھسا ہوا دو تولہ۔ عنبر اشہب ساڑھے چار ماشہ۔ سونے کے ورق چاندی کے ورق۔ ہر ایک سوا ۵ ماشہ۔ لاجورد۔ بہمن سفید۔ ابریشم کترا ہوا۔ گل گاؤزبان ہر ایک ساڑھے تین ماشہ۔ عرق گلاب۔ عرق بید مشک۔ میٹھے انار کا پانی ہر ایک ڈھائی تولہ۔ شہد سفید سات تولہ۔ شربت سیب ۸ تولہ۔ مصری ایاؤ۔ شہد۔ شربت اور مصری کو پانی میں حل کر کے آگ پر رکھیں۔ اس کے بعد جھاگ اتاریں اور گلاب۔ بیدمشک۔ انار کا پانی ملا کر قوام کریں۔ بعد ازاں مذکورہ ادویہ ملائیں۔

ترکیب استعمال: ایک تولہ عرق بید مشک کے ساتھ بوقت صبح کھلائیں۔

فوائد : تفریح قلب کے لیے بہترین چیز ہے۔ وسواس سوداوی کو دور کرتا ہے۔ اور دل کو قوت دیتا ہے۔ اور خفقان کی جملہ اقسام کو نہایت عمدہ ہے۔ ضعیف القلب لوگوں کے لیے یہ خمیرہ زمرد ایک بہترین نعمت ثابت ہوتا ہے۔

(۳۱۵) خمیرہ زہرمہرہ

یہ خمیرہ دل کی تمام بیماریوں کی لیے ایک لاثانی دوا ھے

اجزاء و ترکیب ساخت : زہرمہرہ گھسا ہوا۔ گاؤزبان۔ گل سرخ۔ طباشیر ہر ایک ساڑھے تین ماشہ۔ ورق نقرہ۔ عطر صندل۔ ہر ایک پونے دو ماشہ۔ شربت انار شیریں سہ چند۔

اول ورق نقرہ کو شربت میں حل کریں۔ بعد ازاں کھرل کی ہوئی دوائیں اور عطر ملائیں۔

ترکیب استعمال: ۹ ماشہ ہمراہ شربت سیب۔

فوائد : دل کو فرحت اور تقویت دینے میں بے نظیر ہے۔ ہر قسم کے قلبی امراض کے لیے بے حد مفید اور مجرب ہے۔ امیر لوگ جتنا فائدہ خمیرہ مروارید سے اٹھا سکتے ہیں۔ اتنا فائدہ

اور وہی خواص غریب لوگ اس خمیرے سے حاصل کر سکتے ہیں۔ آزمائش شرط ہے۔

(۳۱۶) خمیرہ طلاء

قلب کی سرد امراض میں ازحد مفید ھے

اجزا و ترکیب تیاری: ورق طلاء محلول ساڑھے سترہ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ پونے ۹ ماشہ۔ عنبر اشہب ساڑھے دس ماشہ۔ یاقوت رمانی۔ لعل بدخشی۔ زمرد سبز۔ ہر ایک ساڑھے ۳ ماشہ۔ رب سیب۔ رب بہی۔ رب امرود۔ گاجر۔ رب انارین۔ مصری۔ ہر ایک دس تولہ۔ شہد بیس تولہ۔ بدستور معروف خمیرہ بنائیں۔

ترکیب استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسب کے استعمال کریں۔

فوائد : دل کے سرد امراض کے لیے بے نظیر ولاثانی ہے۔

(۳۱۷) خمیرہ صندل سادہ

جو دل کو تقویت دینے اور دل کی حرارت' وحشت اور خفقان کو دور کرنے کے لیے ایک قابل قدر چیز ھے

اجزا و ترکیب تیاری: برادہ صندل سفید ساڑھے ۷ تولہ۔ لے کر نصف سیر عرق گلاب میں ایک دن رات بھگو رکھیں۔ بعد ازاں جوش دے کر چھان کر چینی ایک سیر ملا کر قوام بنا کر خمیرہ تیار کر لیں۔

ترکیب استعمال: سات ماشہ کی مقدار میں یہ خمیرہ صندل سادہ صبح و شام دونوں وقت یا صرف صبح کو عرق گاؤزبان سات تولہ میں عرق گاجر ۵ تولہ میں ملا کر اس کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے۔

فوائد : شدت پیاس کی وجہ سے جب مریض بے چین ہو۔ تو اس خمیرہ کی پہلی ہی خوراک سے نفع ظاہر ہو جاتا ہے۔ دل زور سے دھڑکتا ہو۔ خفقان اور وحشت کی شکایت لاحق ہو۔ دل کمزور ہو گیا ہو اور ذرا ذرا سی بات گھبرا اٹھتا ہو۔ تو اس خمیرے کا استعمال کریں اور اکسیر سے بڑھ کر فوائد دیکھیں۔ طبیب حاذق کی رائے سے موقعہ محل دیکھ کر ٹھیک جگہ اور مناسب مزاج کا استعمال کرایا جائے تو واقعی یہ خمیرہ اچھی چیز ثابت ہوتا ہے۔

(۳۱۸) خمیرہ صندل ترش ورق طلا والا

جو دل کی حرارت کو کم کرنے خفقان و وحشت کو زائل کرنے صفراوی بخار اور صفراوی دستوں کو دور کرنے کے لیے مجرب چیز ہے

اجزا و ترکیب تیاری: برادہ صندل سفید ۹ تولہ۔ بارش کا پانی ایک سیر۔ عرق گلاب۔ عرق بید مشک ہر ایک نصف سیر۔ سب دواؤں کو ان عرقوں میں ایک دن ایک رات بھگو رکھیں۔ بعد ازاں جوش دیں۔ جب نصف عرق باقی رہ جائے اس وقت ہاتھ سے خوب مل کر باریک کپڑے سے چھان لیں اور ایک سیر چینی شامل کر کے قوام بنائیں۔ بعدۂ صندل سفید گھسا ہوا۔ طباشیر سفید ہر ایک ۳ تولہ۔ موتی۔ یشب سبز ہر ایک ۴ ماشہ۔ ان دونوں کو خوب کھرل کریں اور زعفران ۴ ماشہ۔ عرق گلاب میں حل کر لیں اور کافور اصلی دو ماشہ معہ صندل وطباشیر مذکور خوب باریک کر کے ان سب کو قوام میں شامل کریں اور ورق طلاء ورق نقرہ۔ ہر ایک ۲ ماشہ قوام میں ملائیں۔

ترکیب استعمال: ۶ ماشہ کی مقدار میں یہ خمیرہ صندل عود ترش۔ ورق طلاء والا صبح وشام دونوں وقت یا صرف صبح کو عرق گاؤزبان ۷ تولہ میں عرق کا جر ۵ تولہ ملا کر اس کے ساتھ استعمال کریں۔

فوائد: اس خمیرے کے استعمال سے دل کی بڑھتی ہوئی حرارت فوراً کم ہو جاتی ہے۔ دل کی کمزوری' وحشت' خفقان اور گھبراہٹ وغیرہ کو دور کرنے کے لیے یہ خمیرہ عجیب شے ہے۔ صفراء کے بڑھ جانے کی وجہ سے جب دل و دماغ میں ایک تپش سی محسوس ہوتی ہو۔ تو اس خمیرے کے استعمال سے بے حد فائدہ ہوتا ہے۔ پیٹ کی گرمی اور سوزش اور معدہ وامعاء کی سوزش وغیرہ سے پیدا ہونے والی متلی اور قے اس کے استعمال سے قطعی طور پر دور ہو جاتی ہے۔ صفراوی بخار اور صفراوی دستوں کو بھی اس خمیرے کے استعمال سے معتدبہ فائدہ ہوتا ہے۔

(۳۱۹) خمیرہ عنبر

بوڑھے آدمیوں کے لیے لاثانی تحفہ

اجزا و ترکیب تیاری: شکر چینی ایک سیر کو صاف کر کے قوام بنائیں۔ اور انڈے کی

سفیدی کی جھاگ حسب ضرورت اس کے اوپر ڈال کر ڈنڈے سے گھوٹیں۔تا کہ بخوبی سلہ ہو جائے۔اس کے بعد عنبر اشہب ڈیڑھ تولہ کو مصری بقدر ضرورت کے ہمراہ کوٹ چھان کر تھوڑا تھوڑا اس کے اوپر گرائیں اور چمچہ سے گھوٹتے جائیں تا کہ بخوبی مخلوط ہو جائے۔

ترکیب استعمال: ۵ ماشہ ہمراہ شربت سیب بوقت صبح استعمال کرائیں۔

فوائد: مقوی قلب۔مقوی گردہ۔مقوی جگر ہے۔خفقان۔جنون کی تمام قسموں۔سوفکر۔ وسواس۔نسیان۔سوءالقنیہ اور ضعف باہ کے لیے نافع ہے۔

(۳۲۰)خمیرہ حافظ جنین

دوران حمل میں اس خمیرے کی استعمال سے بچہ تندرست اور خوبصورت پیدا ہوتا ھے

اجزا و ترکیب تیاری: مربائے آملہ۔مربائے سیب۔مربائے ہی ہر ایک ۵ عدد۔ شیرہ سے صاف کر کے عرق گاؤزبان آدھ سیر میں پکا کر چھان لیں۔پھر عرق انار شیریں دو سیر مصری سہ چند اضافہ کر کے قوام دیں۔اور ان میں زہر مہرہ خطائی۔طباشیر کبود۔یشب سبز۔بیخ مرجان۔کشنیز۔ہر ایک ۲ ماشہ۔گل سیوتی۔گل سرخ،ابریشم خام۔فوفل۔مروارید ناسفتہ۔ہر ایک ۳ ماشہ۔صندل سفید۔کہربا شمعی۔ہر ایک ڈیڑھ ماشہ۔آملہ مقشر ۴ ماشہ ورق نقرہ ۲۰ عدد۔ورق طلاء ۱۰ عدد شامل کر دیں۔

ترکیب استعمال: چھ ماشہ صبح وشام ہمراہ دودھ کھلائیں۔

فوائد: حاملہ کو دوران حمل میں کھلانے سے حاملہ کی صحت برقرار اور عوارض حمل حملہ نہیں کرتے۔بچہ تندرست خوبصورت اور ذہین پیدا ہوتا ہے۔

❀❀❀❀

دوا

سر کی بیماریاں

(۳۲۱) دوا مقوی دماغ

اجزا و ترکیب تیاری: چار مغز ۳ ماشہ۔ مغز بادام شیریں مقشر ۷ عدد۔ دانہ الائچی خورد ایک ماشہ۔ مصری ڈھائی تولہ۔ گائے کا مکھن ۵ تولہ۔

ترکیب تیاری: ماسوائے مکھن کے باقی ادویات کو خوب پیس کر ہمراہ آب بطور حلوا بنا کر مسکہ گائے ملا کر رکھ لیں۔ ایک دفعہ کی دوائی سے ہر روز ایسا بنا کر استعمال کریں۔ غریب اشخاص اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اگر ایک رتی اکسیر نقرئی کا ہمراہ استعمال رہے تو اعلیٰ شے ہے۔ ۱۵ دن میں فوائد بفضلہٖ اعلیٰ ظاہر ہوں گے۔

(۳۲۲) دوائی دماغ افروز

دماغ کی قوت بڑھانے کے لیے یہ دوا اکسیر الاثر اور بے خطا ہے

اجزا و ترکیب تیاری: دانہ الائچی۔ طباشیر آسمانی۔ زہر مہرہ خطائی۔ مروارید ناسفتہ۔ ورق نقرہ۔ مومیائی خالص۔ ہر ایک ۶ ماشہ۔ ورق طلاء ۳ ماشہ۔ عنبر اشہب ڈیڑھ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ و زہر مہرہ کو الگ الگ روح کیوڑہ میں کھرل کے باریک حل کریں۔ اور آپس میں ملا دیں۔ پھر ورق نقرہ، ورق طلاء اور عنبر اشہب شامل کر کے روح کیوڑہ کی مدد سے اس حد تک کھرل کریں کہ سب یک ذات ہو جائیں۔ پھر باقی ادویات باریک کر کے شامل کر کے ایک دن روح کیوڑہ میں کھرل کر کے بقدر ۲ رتی کے گولیاں بنائیں اور خشک کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

ترکیب تیاری: بقدر ۲ تولہ مکھن لے کر اور اس میں ایک گولی رکھ کر نگل لیں۔

فوائد: اس دوا کے استعمال سے بفضلہٖ دماغ میں قوت پیدا ہو کر برسوں کی بھولی ہوئی باتیں یاد آ جاتی ہیں۔ دودھ گھی بھی اس دوا سے خوب ہضم ہوتا ہے۔ جس کی وجہ سے قوت باہ میں از حد اضافہ ہو جاتا ہے۔ ترشی، جماع اور تیل والی اشیاء سے سخت پرہیز کریں۔

(۳۲۳) دوائی نسیان

مدت سے بھولی ہوئی باتیں یاد آکر قوت حافظہ اس قدر بڑھ جاتی ہے کہ ایک دفعہ کا پڑھا ہوا مدتوں نہیں بھولتا

اجزا و ترکیب تیاری: سفوف برہمی۔ ۱۰ تولہ۔ گھی آدھ سیر۔ مغز خیارین ۱ تولہ۔ مغز کدو ایک تولہ۔ مغز بادام ۱۰ تولہ۔ مال کنگنی ۵ تولہ۔ الائچی سفید ۲ تولہ۔ بوٹی سنکھا ہولی ڈھائی تولہ۔ ستاور ۲ تولہ۔ مغز خوبوزہ ایک تولہ۔ مغز تربوز ایک تولہ۔ ست گلو ایک تولہ۔ مصری ۲۰ تولہ۔ اول سفوف برہمی کو آدھ سیر پانی میں ڈال کر خوب جوش دیں نصف رہ جانے پر گھی داخل کر کے پانی خشک کر لیں۔ بعد ازاں باقی تمام اشیاء شامل کر کے خوب گھوٹیں۔ بس تیار ہے۔

ترکیب استعمال: ایک سے دو تولہ ہمراہ دودھ روزانہ صبح استعمال کریں۔

فوائد: اعلیٰ درجہ کی مقوی دماغ اور دافع نسیان دوا ہے۔ حافظ کو اس قدر قوت دیتی ہے کہ ایک دفعہ کا پڑھا ہوا۔ مدتوں نہیں بھولتا۔ ضعف دماغ کے شاکی حضرات اس کا ضرور استعمال کریں۔

(۳۲۴) دوائے سرسام

جس کو تالو پر مل دینے سے مریض سرسام کے آہنی پنجہ سے چھوٹ جاتی ہے

اجزا و ترکیب تیاری: تلسی بوٹی کے پتوں کا پانی ۵ تولہ اور پارہ ایک تولہ کھرل میں ڈال کر خوب پیسیں اور پس جانے پر شیشی میں ڈال کر محفوظ رکھیں۔

ترکیب تیاری: جب مریض پر سرسام کا حملہ ہو رہا ہو۔ اور وہ بالکل بے ہوش ہو چکا ہو تو ایسے وقت میں تالو کے بال استرے سے اتار کر تھوڑی سی دوا اوپر مل دیں۔

فوائد : صاحب نسخہ جناب حکیم محمد یار صاحب سلطانی کا فرمان ہے کہ مجھے یہ نسخہ ایک ملنگ سا سادھو نے بڑے احسان جتلاتے ہوئے بتایا تھا۔

(۳۲۵) دواءِ مرگی

مرگی کے دفعیہ کے لیے یہ دوا اکسیر بر تاثیر ہے

اجزا و ترکیب تیاری : کرم بینی شتر ۶ عدد (اونٹ کے ناک کے کیڑے) نڈا آک ۲ عدد۔ عقرقر حا ۴ ماشہ۔ گل خیری سفید ۴ ماشہ۔ برگ کشمیری ۴ ماشہ۔ زعفران ۲ ماشہ۔ استخوان سرانسان ۲ ماشہ روغن گوسفند (بھیڑ کا گھی) ۴ ماشہ۔ سب کو جداگانہ کوٹ چھان کر ملالیں۔

ترکیب استعمال: شیر گوسفند میں ۴ رتی دوا ڈال کر ۲۱ یوم تک نسوار لیں۔

فوائد: یہ دوا دماغ کے فضلات کو دور کر کے معفرت رساں کرم کو ہلاک کرتی ہے۔ جس سے مرگی بفضلہ تعالیٰ دور ہو کر تمام عمر عود نہیں کرتی۔ گویا مرگی کے لیے یہ ایک حکمی اور لاثانی دوا ہے۔

آنکھوں کی بیماریاں

(۳۲۶) دوائے چشم

یہ ایک خاندانی نسخہ اسرار صدریہ میں سے ہے۔ جو کہ بیاض چشم کے لیے مفید ہے۔

اجزا و ترکیب تیاری : پھٹکوی خام۔ سونٹھ۔ تخم سرس۔ ہم وزن مثل غبار پیس کر رکھ لیں اور چٹکی سے آنکھ میں ڈالیں۔ اور مغز بادام شیریں سات دانہ۔ مرچ سیاہ ۳ دانہ کی سردائی اکیس ۲۱ روز پلائیں۔

ترکیب استعمال:۔ بطریق مذکور یہ دوائی آنکھ میں ڈالیں اور سردائی پلائیں۔

فوائد:۔ بیاض چشم کے لیے از حد مفید ہے

(۳۲۷) دوا برائے سلاق (باھمنی)

اس مرض میں پپوٹوں کے کنارے متورم ہو کر سخت درد و جلن ہونے لگتی ہے۔ پلکیں

گرنا شروع ہو جاتی ہیں۔ آخرکار چھوٹی چھوٹی پھنسیاں نکل کر زخم بن جاتے ہیں یہ ایک نہایت تکلیف دہ اور آنکھوں کے حسن کا ستیاناس کر دینے والی بیماری ہے۔ ذیل میں اس مرض کی ایک عجیب وغریب دوا لکھی جاتی ہے۔ اسے بنا کر استعمال کریں۔

اجزا و ترکیب تیاری : تیل سرسوں ٦ ماشہ۔ پیتل کے برتن میں ڈالیں۔ اور نمک شیشہ کی ڈلی ایک تولہ انگلیوں سے پکڑ کر ۳ روز تیل میں گھوٹیں۔ تیل بصورت مرہم سیاہ رنگ کا ہو جائے گا۔ ڈبیہ میں محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال : رات کو آنکھوں پر اور پلکوں پر خوب لیپ کر کے سو رہے۔ صبح اٹھ کر پانی سے منہ دھوئیں۔ ترشی وغیرہ سے پرہیز کریں۔

فوائد : بفضلہ اس کے ایک ہفتہ کے استعمال سے نئے بال اگ آتے ہیں۔ ورم اتر کر آنکھیں ٹھیک ہو جاتی ہیں۔ اور دیگر عوارضات بھی زائل ہو جاتے ہیں۔

(۳۲۸) دوا برائے ککرہ

اجزا و ترکیب تیاری : تانبا کے بے قلعی برتن میں دو عدد لیموں نچوڑ کر پھٹکڑی سفید ڈالیں اور اس قدر گھوٹیں کہ محلول سبز رنگ کا ہو جائے۔ اس میں صاف روئی کی دو ٹکیاں تر کر کے مریض کی آنکھیں بند کر کے اوپر یہ ٹکیاں رکھ دیں۔ آدھ گھنٹہ بغیر باندھے رکھے رہیں۔ پھر اتار کر پھینک دیں۔ اسی طرح تین دن عمل کریں۔

فوائد : ۳ دن کے استعمال سے اس نامراد اور تکلیف دہ مرض سے بالکل آرام ہو جائے گا۔ اور آئندہ ہونے کا احتمال بھی جاتا رہے گا۔ بعض لوگ اس بیماری کو معمولی خیال کر کے علاج کی طرف متوجہ ہی نہیں ہوتے۔ حالانکہ آنکھوں کے لیے یہ ایک ایسی خطرناک بیماری ہے۔ جس سے ضعف بصر اور دوسری بیماریاں پیدا ہو جاتی ہیں۔

(۳۲۹) دوائے پھولا چشم

اجزا و ترکیب تیاری: شورہ قلمی ایک تولہ۔ کشتہ کوڑی زرد ایک تولہ۔ پھٹکڑی سرخ ا تولہ ہر سہ اشیاء کو سرمہ کی طرح باریک پیس لیں۔

ترکیب استعمال: آنکھوں میں سرمہ کی طرح لگائیں۔

فوائد : یہ دوا نہایت کارآمد اور غریبانہ ہے۔ پھولا کے لیے اکسیر ہے۔

(۳۳۰) دوا اکسیر قلاع (یعنی منہ آنا)

اجزاء، و ترکیب ساخت : مرچ سیاہ ۹ ماشہ۔ کتھ سفید ۹ ماشہ۔ توتیا سبز بریاں ۹ ماشہ سب کو باریک سفوف بنائیں۔

ترکیب استعمال: منہ میں چھڑک کر رال ٹپکائیں۔

فوائد : ہر قسم کے جوش کو دور کر کے طبیعت کو تسکین دیتی ہے۔ خواہ کتنا ہی پک گیا ہو۔ اس کے استعمال سے بفضلہ تعالیٰ درست ہو جاتا ہے۔ واقعی لاجواب تحفہ ہے۔

سینہ و پھیپھڑہ کی بیماریاں

(۳۳۱) دوائے دمہ

اجزاء، و ترکیب ساخت : ایک مرغ سفید رنگ جو عین جوانی میں ہو اور مرغی کے نزدیک نہ گیا ہو لے کر اس کو ذبح کر کے اس کے پیٹ میں شیر مدار ایک پاؤ پختہ ڈالیں اور کوزہ میں بند کر کے گل حکمت کر کے ۱۵ اسیر اپلوں کی آگ دیں۔ سرد کر کے نکالیں۔ سب کچھ جل کر سفید راکھ ہو جائے گا۔ خوب باریک کر لیں۔

ترکیب استعمال: ایک رتی ہمراہ پانی علی الصبح کھلائیں۔

فوائد : دمہ خواہ کتنا پرانا کیوں نہ ہو ایک ہفتہ میں بفضلہ بالکل جاتا رہے گا۔

(قلمی بیاض۔ حکیم نورالدین بھیروی)

(۳۳۲) دوا دمہ (دورہ روک)

اجزاء، و ترکیب ساخت : شورہ قلمی ۲ تولہ۔ برگ دھتورہ خشک ۲ تولہ۔ ست لوبان خانہ ساز ۳ ماشہ۔ سونف دیسی ۵ تولہ۔ پہلے سونف کو سیر بھر پانی میں جوش دیں۔ جب پانی نصف سیر رہ جائے تو اتار کر کپڑے میں چھان لیں۔ اب ادویات کو کھرل میں ڈال کر سونف کے پانی سے پیستے رہیں یہاں تک کہ تمام پانی جذب ہو کر صرف سفوف باقی رہ جائے۔ بس تیار ہے۔ سنبھال رکھیں۔

ترکیب استعمال: بوقت ضرورت یہ تین ماشہ خوب دہکتے ہوئے روشن کوئلوں پر ڈال کر

دھوئیں کو اندر کھوائیں یا حقہ میں پلائیں۔

فوائد : یہ دوا کیا ہے ایک طلسم ہے۔ بس چار پانچ دفعہ دھواں اندر جانے کی دیر ہے بفضلہٖ فوراً ہی تنفس کا راستہ کھل کر سانس آسانی سے آنے لگتا ہے اور دورہ اسی وقت رک جاتا ہے۔

(۳۳۳) دوا کالی کھانسی

ھوالشافی: نوشادر۔ سہاگہ سفید۔ جوکھار۔ نمک سونچل ہر ایک ایک تولہ۔ اجوائن خراسانی ۲ تولہ۔ پھل کٹائی خورد (پھوکڑی) ۱۲ تولہ۔

ترکیب تیاری: سب کو باریک کر کے کوزہ گلی میں بند کر کے ۵ سیر اپلوں کی آنچ دیں سرد ہونے پر نکال لیں اور باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔

فوائد : ہر قسم کی کالی کھانسی کے لیے مفید ہے۔ خوراک ۲ سے ۳ رتی شہد میں ملا کر روزانہ تین مرتبہ دیں۔

(۳۳۴) دوائے کھانسی

اجزاء و ترکیب ساخت : شنگرف ایک تولہ۔ فلفل گرد ایک تولہ۔ ان دونوں کو خوب کھرل کریں۔ پھر مصری ایک تولہ اور فلفل دراز ۶ ماشہ ملا کر کھرل کریں کہ مثل غبار ہو جائے۔

ترکیب استعمال: ۲ رتی ہمراہ آب گرم کھلائیں۔

فوائد : شدید سے شدید کھانسی اور درد سینہ کے لیے ازحد مفید و مجرب ہے۔

(۳۳۵) دوائے دمہ

اجزاء و ترکیب ساخت : ہڑتال ورقی ایک تولہ۔ گئودنتی ایک تولہ۔ مرجان ایک تولہ۔ صدف مروارید ڈھائی تولہ۔ سہاگہ ڈھائی تولہ۔

پہلے کوزہ میں صدف نیم کوفتہ رکھ کر اوپر ہر سہ ادویات ترتیب وار رکھ دیں۔ اور سہاگہ سفوف مذکور کا لحاف کریں پھر کوزہ کو شیر مدار سے بھر دیں اور گل حکمت کریں اور ۳۰ سیر اپلوں کی آگ دیں کشتہ ہوگا۔

ترکیب استعمال: ایک رتی بالائی میں روزانہ کھلائیں۔

فوائد : دمہ کا یہ اسراری نسخہ حیرت انگیز فوائد کا حامل ہے۔ دمہ کو اکثر دوسری تیسری خوراک میں دفع کر دیتا ہے۔ چھاتی سے بلغم کو متحرک کر کے بذریعہ پاخانہ خارج کر دیتا ہے۔ کئی دفعہ کا مجرب اور بے خطا ہے۔

(۳۳۶) دواذات الجنب

یہ دواذات الجنب۔ ذات العرض............ذات الریہ۔ ہر قسم کے درد۔ نمونیا کے لیے اکسیر صفت ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : ہڑتال طبقی ۴ تولہ۔ میٹھا تیلیا۔ لونگ۔ ہر ایک ایک تولہ۔ جملہ اشیاء کو آب ادرک ایک پاؤ میں کھرل کریں اور خشک کر کے محفوظ رکھیں۔

فوائد : مذکورہ بالا دردوں کو بفضلہٖ منٹوں میں بند کرنے کا وسیلہ بنتی ہے۔ کئی دفعہ کی آزمودہ بے خطا ہے۔ دوا کیا ہے۔ ایک جادو ہے۔

ترکیب استعمال: ایک رتی دوا ایک تولہ کھانڈ میں لپیٹ کر گرم گرم دودھ سے دیں۔ اگر ایک خوراک سے آرام نہ ہو تو دو گھنٹہ کے بعد دوسری دیں۔

دل کی بیماریاں

(۳۳۷) دواالمسک باردسادہ

اجزاء و ترکیب ساخت : طباشیر سفید۔ گل سرخ۔ کشنیز خشک۔ صندل سفید۔ تخم خرفہ ہر ایک ایک تولہ تین ماشہ۔ کہربائے شمعی۔ بسد۔ ابریشم خام مقرض۔ ہر ایک سات ماشہ۔ مشک خالص ۱ ماشہ۔ مصری ۲۴ تولہ۔ اول الذکر پانچوں ادویات و ابریشم کو رات کے وقت پانی میں بھگو کر جوش دیں۔ اور مل چھان لیں۔ بعدہ مصری ملا کر قوام بنائیں اور پھر باقی ادویہ کو جدا جدا کھرل کر کے قوام میں شامل کریں۔ بس دواالمسک بارد تیار ہے۔

ترکیب استعمال: ۵ ماشہ کی مقدار میں یہ دوائے نادر عرق گاؤزبان ۷ تولہ۔ عرق بید مشک ۳ تولہ۔ اور شربت انار شیریں ۲ تولہ کے ہمراہ صبح کے وقت استعمال کریں۔ اور اس

کے حیرت انگیز فوائد مشاہدہ کریں۔

فوائد: دواء المسک طب یونانی کی ایک نادر اختراع ہے۔ اس کے استعمال سے دل میں شگفتگی دماغ میں جولانی اور روح میں بالیدگی پیدا ہوتی ہے۔ اعضائے رئیسہ کی تقویت کے لیے ایک بے نظیر شے ہے۔ کارنشاط کی بے اعتدالیوں یا دیگر کسی وجہ سے جب دل و دماغ کی قوتیں ضعیف ہوگئی ہوں۔ تو اس کے استعمال سے ان کو ایک نئی زندگی نصیب ہو جاتی ہے۔ علالت کے ضعف و نقاہت میں دواء المسک کا استعمال بے حد مفید ثابت ہوا ہے۔ اس کی پہلی ہی خوراک سے مریض کی طبیعت سنبھل جاتی ہے۔ اور اس کے دل میں صحت یاب ہونے کی امید پیدا ہو جاتی ہے۔ خفقان و دہشت گھبراہٹ دل کی گرمی اور بے چینی وغیرہ کے لیے اس کا استعمال بے حد مفید اور نفع خیز ثابت ہوا ہے۔

(۳۳۸) دواء المسک بارد سادہ (بہ نسخہ خاص)

اجزاء و ترکیب ساخت: ابریشم مقرض صندل سفید۔ کشنیز۔ آب گل سرخ۔ مغز کدو۔ گل گاؤ زبان۔ طباشیر۔ ہر ایک ساڑھے چار ماشہ۔ عرق کیوڑہ ۲۰ تولہ۔ مشک سوا ماشہ۔ ورق نقرہ ساڑھے تین ماشہ۔ کہربا ۹ ماشہ۔ آب سیب بیس تولہ۔ مصری آدھ سیر۔ ادویہ باریک کوٹ چھان کر رکھیں۔ مصری کا قوام بنا کر ملائیں۔ مشک قدرے عرق کیوڑہ میں حل کر کے اور ورق آمیز کر کے شامل کریں۔

ترکیب استعمال: دواء المسک بارد سادہ کا بیان دیکھئے۔

(۳۳۹) دواء المسک بارد جواہر والی

اجزاء و ترکیب ساخت: گل سرخ۔ کشنیز خشک۔ صندل سفید۔ تخم خرفہ۔ گل گاؤ زبان۔ ہر ایک ایک تولہ تین ماشہ۔ ابریشم خام مقرض ۷ ماشہ۔ تمام ادویات کو بوقت شب پانی میں بھگوئیں اور صبح مل کر چھن کر ۳۴ تولہ مصری ملا کر قوام بنائیں۔ پھر مروارید۔ مرجان۔ کہربائے شمعی۔ زہر مہرہ۔ بسد۔ ہر ایک سات ماشہ۔ طباشیر سفید ایک تولہ۔ مشک خالص ایک ماشہ۔ تمام ادویات کو جدا جدا کھرل کر کے قوام میں شامل کریں۔

ترکیب استعمال و فوائد: دواء المسک بارد سادہ کا بیان دیکھئے۔

(۳۴۰) دواء المسک معتدل جواہر والی

اجزاء و ترکیب ساخت : زرشک اتولہ۔ طباشیر کبود۔ صندل سفید۔ صندل سرخ۔ کشنیز کا مغز۔ گل گاؤ زبان۔ آملہ۔ تخم خرفہ۔ ہر ایک تولہ۔ تولہ۔ گل سرخ۔ ابریشم خام مقرض۔ دار چینی۔ بہمن سفید۔ بہمن سرخ۔ درونج عقربی۔ ہر ایک ۷ ماشہ۔ عود ہندی۔ بادرنجبویہ۔ ہر ایک پانچ پانچ ماشہ۔ مصطگی۔ دانہ الائچی خورد ہر ایک چار ماشہ۔ سب داؤں کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ اور سفوف کے ہم وزن آب سیب شیریں اور شہد خالص اور سفوف سے دوگنا مصری کا قوام بنا کر سفوف کو شامل کر دیں۔ بعد ازاں مروارید۔ کہربائے شمعی سات سات ماشہ۔ عرق کیوڑہ میں کھرل کر کے قوام میں ملائیں۔ نیز مشک عنبر دو دو ماشہ۔ زعفران ۷ ماشہ۔ جدا جدا کھرل کر کے قوام میں ملائیں۔ ایضاً ورق نقرہ ۱۰ ماشہ بھی ایک ایک کر کے شامل کریں۔

ترکیب استعمال: یہ دواء المسک تین ماشہ سے لے کر سات ماشہ تک کی مقدار میں ہمراہ عرق گاجرہ ۵ تولہ۔ عرق عنبر ۵ تولہ۔ عرق سونف ۵ تولہ۔ مصری ۲ تولہ کے ساتھ استعمال کریں اور پھر اس کے حیرت انگیز فوائد دیکھیں۔

فوائد : دواء المسک معتدل کا بیان دیکھئے۔

(۳۴۱) دواء المسک شیریں

اعضائے رئیسہ کو قوت دے کر بدن کو کندن بناتی ھے

اجزاء و ترکیب ساخت : ورق نقرہ۔ عنبر اشہب۔ مشک۔ صندل سفید ہر ایک ساڑھے چار ماشہ۔ مروارید ناسفتہ۔ کہربائے شمعی۔ یاقوت رمانی۔ یشب سبز۔ بسد۔ ابریشم مقرض۔ تخم کاہو ہر ایک ۹ ماشہ۔ طباشیر۔ گل سرخ۔ گل گاؤ زبان۔ گل نیلوفر ہر ایک ساڑھے تیرہ ماشہ۔ چینی ادویات کے مجموعی وزن کے برابر۔ شہد دو چند ادویہ۔ بدستور معروف معجون بنائیں۔

ترکیب استعمال: ۴ ماشہ قبل از ناشتہ بوقت صبح استعمال کریں۔

فوائد : یہ دواء المسک شیریں دل و جگر دماغ کی ضعیف قوتوں کو درست کر کے بے حد قوی کرتی ہے۔ جسم میں خون اور فربہی پیدا ہو جاتی ہے۔ اعضائے تناسل میں غیر معمولی قوت

آ کر اور مادہ منویہ میں جراثیم منویہ پیدا ہو کر قابل اولاد بناتی ہے۔ جریان الرحم وسیلان الرحم کے لیے بھی از حد مفید ہے۔ اگر عورتوں کو اس دوا کا استعمال دوران حمل میں کرایا جائے۔ تو حاملہ جملہ عوارض سے محفوظ رہتی ہے۔

معدہ اور آنتوں کی بیماریاں

(۳۴۲) دوا قوائے اربعہ

اجزاء و ترکیب ساخت: انار دانہ ترش تازہ آٹھ تولہ۔ نمک لاہوری سوا دو تولہ۔ سونٹھ۔ زیرہ سفید ہر ایک ایک تولہ۔ تربد سفید۔ زیرہ سیاہ۔ ساق۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست بلیلہ ہر ایک چھ چھ ماشہ۔ سب کو کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔

ترکیب استعمال: سات ماشہ کی مقدار میں یہ سفوف کھانا کھانے کے بعد یا قبل عرق سونف ۱۲ تولہ کے ہمراہ استعمال کریں اور خدا کی قدرت کا تماشا دیکھیں۔

فوائد: اس دوا میں چار خاص خوبیاں ہیں:

- اس کے استعمال سے معدہ کی جملہ کمزوریاں دور ہو کر اسے تقویت پہنچتی ہے۔
- اشتہائے طعام پیدا کرنے کے لیے یہ ایک قابل قدر شے ہے۔
- یہ قبض کی شکایت کو رفع کرنے کے لیے مستعمل ہے اور اچھے نتائج پیدا کرتی ہے۔
- یہ ایک حیرت انگیز بات ہے کہ قبض کی شکایت کو رفع کرنے کی تاثیر رکھنے کے باوجود یہ دوا دستوں کو بھی روکتی ہے۔ خاص طور پر ان دستوں کو روکنے کے لیے جو معدے کی کمزوری سے عارض ہوں۔ اس دوا کے استعمال سے خاص طور پر فائدہ ہوتا ہے۔ مفید و مجرب شے ہے۔

(۳۴۳) دوا دافع قے وابکائی

اس دوا سے بفضلہ معدہ کی غیر طبعی حرکت سے یا خام بلغم کی وجہ سے جو ابکائیاں آتی ہیں ان میں سکون ہو جاتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: گیرو ۲ ماشہ آگ پر گرم کریں۔ جب سرخ ہو جائے ۶

جلاب یا پانی میں تین بار سرد کر کے اس گلاب یا پانی کو پلائیں۔ دو تین بار پلانا کافی ہے۔
فوائد: تہوع غثیان اور قے کو روکنے کے لیے کافی ہے۔

(۳۳۴) دواء سیاہ مسہل

آتشک کے مواد اور دیگر سوداوی اور بلغمی مادوں کو جسم سے خارج کر کے بدن کو کندن بنانی ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: پارہ مصفی اور گندھک مدبر تولہ تولہ لے کر کجلی کریں۔ کم از کم چھ گھنٹہ کھرل کرنے کے بعد ۲ تولہ مغز جمال گوٹہ (پتہ دور کردہ) ملا کر تین گھنٹہ متواتر کھرل کریں۔ بعدہٗ سنگ بصری اعلیٰ ایک تولہ ملا کر چھ گھنٹہ کھرل کریں اور پھر مٹی کے کورے ٹھیکرے پر لیپ کریں۔ اور کھرل کو پانی سے دھو کردہ بھی ٹھیکرے مذکور میں ڈال دیں۔ اگر پانی دوا کے اوپر دو دو انگل چڑھ جائے تو بہتر ورنہ اور ڈال کر مقدار پوری کر دیں۔ پھر ٹھیکرے کو چولہے پر چڑھا کر آگ نرم نرم جلائیں جب ذرا سی نمی باقی رہے تو اتار لیں۔ اور دوا کو نیچے اوپر سایہ میں رکھ دیں تا کہ خوب خشک ہو جائے بعدہٗ سنبھال کر شیشی میں ڈال رکھیں۔ بس دوا سیاہ مسہل تیار ہے۔

ترکیب استعمال: ایک رتی سے دو رتی تک کی مقدار میں یہ دوائے سیاہ مسہل ایک رتی کافور کے ساتھ ملا کر دودھ کے ساتھ کھلائیں۔

دستوں سے فراغت پانے کے بعد دودھ چاول کھلائیں۔ اور کوئی چیز نہ دیں۔ یہ بڑا سخت جلاب ہے۔ اس کے استعمال سے اکثر قے بھی آتی ہے۔ اس لیے نازک مزاجوں کو یہ جلاب نہ دینا چاہیے۔

فوائد: آتشک کے لیے دو چیزیں طبی دنیا میں اکسیری فوائد کی حامل مانی گئی ہیں۔ جمالگوٹہ اور سیماب یہ دونوں چیزیں اس میں شامل ہیں اسی لیے آتشک اور دیگر سوداوی مادوں کے اخراج کے لیے یہ جلاب ایک مخصوص چیز ہے۔ اس کے استعمال سے بدن کا امراض خبیثہ کا مواد خارج ہو کر جسم کندن بن جاتا ہے۔ دو دو تین تین دن کا وقفہ دے کر دو تین جلاب دینے سے اکثر بلا کسی دوسری دوا کے آتشک کی جڑ کٹ جاتی ہیں۔ آتشک

کے علاج کے سلسلہ میں اس مسہل کو خاص طور پر قابل قدر سمجھنا چاہیے۔ کیونکہ اس کے بعد آتشک کی دوائیں تیر بہدف ثابت ہوتی ہیں۔

آتشک کے علاوہ دیگر تمام سوداوی اور بلغمی امراض کے قلع قمع کے لیے اس جلاب کا استعمال کیا جاسکتا ہے۔ لاثانی چیز ہے۔ آزما دیکھیں۔

(۳۴۵) دوائی رسکپور

پیچش کے لیے اس سے عمدہ اور بہتر دوا کا ملنانا ممکن نہیں تو محال ضرور ہی ہے

اجزاء و ترکیب ساخت : رسکپور ۲ تولہ لے کر خوب کھرل کریں اور جب باریک ہو جائے تو اس میں تھوڑا تھوڑا پانی ڈال کر کھرل کریں۔ جب مثل موم ہو جائے تو کھرل کو پانی سے بھر دیں اور خوب ہلا کر برابر ایک روز پڑا رہنے دیں۔ ایک روز کے بعد جب رسکپور رتہ نشین ہو جائے تو پانی کو دور کر دیں۔ اور پھر کھرل کریں۔ تین چار گھنٹہ کھرل کرنے کے بعد کھرل کو پانی سے بھر کر اچھی طرح ہلا دیں۔ اور ایک روز تک ٹھہرنے دیں۔ جب پانی نتھر آ دے اور رسکپور رتہ نشین ہو جائے تو پانی کو دور کر دیں۔ اور تیسری مرتبہ وہی عمل کریں۔ آخر پانی کو الگ کر کے رسکپور خشک کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں عمدہ شے ہے۔

بوقت ضرورت اس میں سے ایک رتی رسکپور اور ایک الائچی کلاں نیم سوختہ پیس کر ایک شیشی میں ڈالیں اور اس میں ۸ تولہ پانی تازہ ڈال کر خوب ہلائیں۔ بس دوا تیار ہے۔

مقدار خوراک: دو تولہ دن میں ۳ مرتبہ دوائی استعمال کرانے سے پیشتر شیشی کو خوب ہلا لیا کریں۔

فوائد : پیچش کو فی الفور بند کرتی ہے۔ یہ ایک قسم کا مدبر رسکپور ہے۔ اگر رسکپور ویسے بھی کھلایا جائے تو پیچش کو از حد مفید ہے۔ لیکن اس طرح کھلانے سے منہ آ جاتا ہے۔ اور اس طرح مدبر کر کے کھلانے سے کوئی تکلیف نہیں ہوتی۔

(۳۴۶) دوا سیاہ پیچش

جسے پیچش کی ہر حالت کے لیے اکسیری فوائد کا حامل پایا گیا ہے

اجزاء و ترکیب ساخت : بلیلہ سیاہ ایک تولہ گھی بقدر ضرورت میں بھون کر کوٹ

چھان کر چینی ملا کر سفوف بنائیں۔
ترکیب استعمال: رات کے وقت ساٹھی کے چاول ۶ تولہ پاؤ بھر پانی میں بھگو کر آب زلال لے کر اول دوائے مذکور سات ماشہ کھلائیں اور اوپر سے آب زلال پئیں۔
فوائد: پیچش کے لیے یہ ایک بہت ہی مفید دوا ہے۔ تیار کرنے میں نہایت سادہ اور آسان ہے۔ لیکن فوائد میں مشکل اور پیچیدہ ترکیبوں سے تیار ہونے والے بہت سے نسخہ جات سے اعلیٰ و افضل قیمت میں بے حد سستی لیکن فوائد میں بیش قیمت اس کے استعمال سے ہر قسم کی پیچش کو بلا توقف فائدہ ہوتا دیکھا گیا ہے۔ معدہ و امعاء کی کمزوری یا خراش وغیرہ کو دور کر کے چند ہی خوراکیں پیچش کو دور کر تی ہیں۔ پیچش خونی ہو یا سادہ اس کے ستعال سے دونوں صورتوں میں فائدہ پہنچتا ہے۔ قابل قدر نسخہ ہے بنا کر آزمائیں۔

تلی اور مقعد کی بیماریاں

(۳۴۷) دوائے طحال

اجزاء و ترکیب ساخت: شورہ آدھ پاؤ۔ کسیس ۸ تولہ۔ سہاگہ ۲ تولہ۔ نوشادر ۳ تولہ ان ادویہ کا تیزاب بغیر پانی کے نکالیں۔ تقریباً ۲ تولہ تیزاب برآمد ہوگا۔ اس کو چینی کی پیالی میں رکھ کر چینی صاف شدہ تھوڑی تھوڑی ڈالنا شروع کریں۔ وہ گھلتی جائے گی جب گھلنا موقوف ہوا اور چینی کے قوام پر آجائے تو اسے کسی کشادہ منہ والی بوتل میں رکھ دیں۔
ترکیب استعمال: تقریباً بقدر کنار دستی بعد از طعام کھلائیں۔ نہار منہ ہرگز نہ کھلائیں
فوائد: دمہ اور عظم طحال کے لیے یہ دوا مجرب المجرب نسخہ جات میں سے ہے۔
نوٹ: سل کے مریضوں کے لیے نہایت خطرناک ہے۔ انہیں یہ دوا ہرگز ہرگز استعمال نہ کرائیں ورنہ مریض کے فوت ہوجانے کا اندیشہ ہے۔

(۳۴۸)

اجزاء و ترکیب ساخت: شورہ قلمی ۲ تولہ باریک پیس کر کوزہ گلی میں ڈالیں۔ اوپر تیزاب گندھک تھوڑا تھوڑا ڈالیں۔ اور تین روز دھوپ میں رکھیں۔ پھر کسی کشادہ منہ کی بوتل

میں بند کر کے رکھیں۔ پھر ایک بوتل میں سرکہ انگوری ڈال کر اس میں بہت باریک ریتی سے برادہ کیا ہوا فولاد ۶ ماشہ ڈال کر اس پر تین تولہ آب زلال تر پھلہ کا ملا کر خوب ہلا کر بند کر دیں۔ تین روز میں پانی تیار ہو جائے گا۔

ترکیب استعمال: رات کو ایک تولہ کاسنی پانی میں بھگو دیں۔ صبح کو گھوٹ کر اس میں سکنجبین ۲ تولہ۔ برگ کو تازہ کا پانی ۶ ماشہ۔ پانی فولاد دو دو تین تین قطرے ملائیں اور شورہ مدبر رشدہ ایک ماشہ کھا کر اوپر سے یہ دوا پی لیں۔ صبح و شام یہی عمل کریں۔

فوائد: ورم و عظم طحال کا مرض اگر بیس برس کا بھی ہو گا تو بفضلہ نابود ہو گا۔

(۳۵۰)

اجزاء و ترکیب ساخت: بھکوی، بجی، طوطیائے سبز ہر ایک تولہ تولہ کو عرق گاؤزبان اور آب خالص ہر ایک ایک سیر کے ہمراہ تانبہ کے برتن میں ایک رات اور ایک دن بھگو رکھیں اور اس کے بعد جوش دیں تا کہ تمام پانی خشک ہو کر دوا باقی رہ جائے۔ اس کو کھرچ لیں اور باریک کر کے شیشی میں رکھیں۔

ترکیب استعمال: دو چاول کی مقدار میں یہ دوا بتاشہ میں رکھ کے کھائیں۔ اوپر سے بکری کا دودھ پئیں۔

فوائد: تلی کے بڑھ جانے کی شکایت کو رفع کرنے کے لیے اس دوا کو بہت مفید و مجرب پایا گیا ہے۔ بسا اوقات اس کی چند ہی خوراکوں سے بہت بڑھی ہوئی تلی بھی اپنی اصلی حالت پر آ جاتی ہے۔ تلی بڑھ جانے کی وجہ سے جو دیگر عوارض پیدا ہوتے ہیں وہ بھی اس دوا کے استعمال سے دور ہو جاتے ہیں۔ یہ ایک قابل قدر قلیل الخوراک نسخہ ہے۔ بنا کر آزمائیں۔

(۳۵۰) دوائے بواسیر

جو خونی بواسیر کے خون کو بند کر کے بواسیری عوارضات کا قلع قمع کر دیتی ھے

اجزاء و ترکیب ساخت: کندر۔ پوست۔ خربوزہ خشک۔ ہر ایک سات ماشہ۔ سعد کوفی۔ مغز تخم آلو بخارا (جس کی تلخی کو نمک کے پانی سے دھو کر دور کر دیا گیا ہو) ہر ایک

لے دو تولہ۔ نان گندم سوختہ ۳ تولہ۔ سب کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

ترکیب استعمال: چھ ماشہ کی مقدار میں صبح و شام ہمراہ آب تازہ یا ہمراہ شربت انجبار استعمال کرائیں۔ اور خدا کی قدرت کا تماشا دیکھیں۔

فوائد: خونی بواسیر ایک خبیث بیماری ہے۔ جو بیمار کا خون پیاسی جونک کی طرح چوس لیتی ہے۔ بعض دفعہ جب اس کا سخت دورہ پڑتا ہے۔ تو سیروں خون بہہ جاتا ہے۔ جس سے سخت نقاہت ہو جاتی ہے۔

مندرجہ بالا دوا بواسیری خون کو بند کرنے کے لیے ایک اعجازی دوا ہے اس کی چند ہی خوراکوں سے خون کا بہاؤ کم ہو جاتا ہے۔ اور چند روز کے استعمال سے خون قطعی طور پر بند ہو کر بواسیری عوارضات میں کمی واقع ہو جاتی ہے۔ اس حیثیت سے یہ امرت صفت دوا ہے اس کی مناسب قدر کریں۔

(۳۵۱)

یہ بواسیر کی خاص الخاص دوا ہے' بفضلہ چند روز کے استعمال سے کافی فائدہ معلوم ہوتا ہے اس نسخہ کو ایک جاہل شخص بنایا کرتا تھا۔ اور مفید ہونے کی وجہ سے کسی کو نہ بتاتا تھا۔ آخر بھید کھل گیا۔ جو درج ذیل ہے:

اجزاء و ترکیب ساخت: ایک مولی ایسی لیں جو کم از کم آدھ سیر کی ہو لے کر اس کے پتوں کی جانب سے کھود کر اس میں گڑھا بنالیں۔ گڑھے میں رسوت ۴ تولہ۔ شورہ قلمی ۴ تولہ بھر کر اوپر سے مولی کا نکالا ہوا گودا رکھ کر مولی کو کپڑے اور مٹی سے خوب اچھی طرح بند کر دیں اور مٹی کے خشک ہونے پر تین سیر اپلوں کی آگ دیں۔ جب معلوم ہو کہ مولی گل گئی ہوگی تو نکال کر معہ مولی کے کھرل وغیرہ میں ڈال کر خوب زور دار ہاتھوں سے کھرل کریں۔ اور قوام گاڑھا ہونے پر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔

ہر قسم کی بواسیر کے لیے ایک بہترین نسخہ ہے۔ تین ہفتہ تک استعمال جاری رکھنا کافی ہے۔

ترکیب استعمال: ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ آب۔

(۳۵۲) دواء مسقط دانہ بواسیر

جس کے سات یوم کے استعمال سے مسّے گر جاتے ھیں

ھوالشافی: پوست بیخ بادنجان۔ پوست بیخ کنیر۔ سانپ کی کینچلی۔ گوگل۔ مرکی ہر ایک تولہ تولہ۔ سب کو کوٹ کر سات پڑیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: ہر روز ایک پڑیا دہکتے ہوئے کوئلوں پر ڈال کر دھواں مقعد کو پہنچائیں۔ مگر خیال رہے دھواں منہ اور ناک کو نہ لگنے پائے۔ بہتر ہو کہ ایک چوکی سوراخ دار بنا کر اس پر مریض کو بٹھائیں تا کہ دھواں سوراخ کے ذریعہ آسانی مسوں پر لگتا رہے۔

فائدہ: دن بدن مسے خشک ہوتے جائیں گے۔ اول تو گر جائیں گے ورنہ خشک ہو کر معدوم تو ضرور ہو جائیں گے۔

مثانہ وگردہ کی بیماریاں

سوزاک

(۳۵۳) دوائے سوزاک

اجزاء و ترکیب ساخت: ملٹھی نیم کوفتہ ۲ تولہ۔ کباب چینی ایک تولہ۔ الائچی خورد ۱۲ عدد شورہ قلمی ۳ ماشہ۔ شورہ خام ۵ تولہ۔ تمام ادویات کو ۲ سیر پانی میں بھگوئیں اور تمام رات گزرنے پر بوقت صبح چھان کر پانی کو مٹی کے برتن میں ڈال کر ہلکی آگ پر پکائیں یہاں تک کہ تمام پانی جل کر نمک سا باقی رہ جائے تو چاقو سے کھرچ کر نکال لیں۔ اور کھرل میں باریک پیس لیں۔

ترکیب استعمال: ایک ماشہ سے ۳ ماشہ تک حسب قوت و برداشت مریض ہمراہ شیر گاؤ دیا کریں۔

فوائد: سوزاک کی ابتداء میں خصوصیت سے مفید ہے۔ اور بفضلہ تعالیٰ اس مرض کو جڑ سے اکھاڑ دینے والی دوا ہے۔

(۳۵۴)

اجزاء و ترکیب ساخت: دہی کا پانی ایک بوتل لے کر اس کے دو حصے کریں۔ اور نصف نصف کر کے دو بوتلوں میں بھر لیں۔ پھر ایک بوتل میں تین ماشہ رسونت اور دوسری بوتل میں تین ماشہ نیلا تو تیا پیس کر ڈالیں۔ دونوں کو علیحدہ علیحدہ حل کر لیں جب خوب حل ہو جائیں تو دونوں کو چھان کر ملا لیں۔

ترکیب استعمال: اس دوا سے تین دفعہ دن میں حسب دستور پچکاری کریں۔ اور پچکاری کا پانی نصف منٹ کے قریب اندر رکھ کر خارج کر دیا کریں۔

فوائد: سوزاک کے لیے عمدہ دوا ہے۔ زخموں کو مندمل کر کے سوزاک کے دکھ اور اذیت سے بچاتی ہے۔

(۳۵۵)

جو کڑاھی والی دوا کے نام سے دھلی کے تمام مشہور و معروف دواخانوں سے بکثرت فروخت ھوتی ھے

اجزاء و ترکیب ساخت: گندھک۔ شورہ قلمی ہر ایک تولہ تولہ لے کر جدا جدا باریک پیس لیں۔ اور لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر ایک دوسری کڑاہی اس کے اوپر اوندھی مار دیں۔ دونوں کنارے خوب اچھی طرح گل حکمت کر کے چولہے پر رکھ دیں۔ اور نیچے ملائم آگ جلاتے رہیں۔ یہاں تک کہ دوا مثل میدہ کی طرح ہو جائے۔ اس وقت اتار کر ایک تولہ پھٹکڑی بریاں باریک پیس کر ملا لیں۔

ترکیب استعمال: ڈیڑھ ماشہ کی مقدار میں یہ دوائے سوزاک پھانک کر اوپر سے بکری کے دودھ کی لسی شربت بزوری ملا کر پئیں۔ اور پھر اس کے مسیحائی کرشمے دیکھیں۔

فوائد: سوزاک کے عوارضات درد، ٹیس اور جلن اس کی پہلی خوراک کے استعمال سے کم ہو جاتے ہیں۔ اور چند خوراکوں میں ان عوارضات کا قلع قمع ہو کر سوزاک کو بہت فائدہ پہنچتا ہے۔ لائق معالج موقعہ دیکھ کر استعمال کرائے تو یہ دوا نئے اور پرانے سوزاک کا ایک مفید و مؤثر علاج ثابت ہوتی ہے۔ اس کے استعمال سے پیشاب خوب کھل کر آنے لگتا ہے۔ اور

پیپ میں بھی کمی واقع ہو جاتی ہے۔ سوزاک کے زخموں کو صاف کر کے انہیں مندمل بھی کرتی ہے۔ غرضیکہ ایک قابل قدر اکسیر سوزاک ہے۔ اسے حرز جان بنا کر رکھیے۔

(۳۵۶) دوا درد گردہ

اجزاء و ترکیب ساخت : قلمی شورہ ۵ تولہ۔ مرچ سیاہ ۵ تولہ۔ پہلے شورہ قلمی کو لوہ کڑاہی میں ڈال کر گرم کریں۔ جب پگھل جائے تو مرچ سیاہ کا سفوف ڈال دیں۔ جب مرچ سیاہ کو آگ لگ جائے۔ فوراً اتار کر کسی برتن میں الٹا دیں۔ سرد ہونے پر کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: ایک ماشہ ہر چار گھنٹہ کے بعد ہمراہ شربت بزوری۔ شیرہ خار خشک بارتنگ برگ کیکر و آک تازہ حب القلت ہم وزن دیں۔

فوائد : درد گردہ کا مریض خواہ کتنا بے تاب ہو۔ اس کی ایک ہی خوراک سے بفضلہ چین حاصل کر لیتا ہے۔ بنائیں اور اس کے مسیحائی اثرات سے لوگوں کو قائل کریں۔

خون کی بیماریاں

(۳۵۷) دوائے کھرالی

خدا بچائے یہ ایک بہت تکلیف دہ مرض ہے۔ بغلوں میں چھوٹی چھوٹی گلٹیاں نکل کر از حد تکلیف کا باعث ہوتی ہیں۔ ان کا قلع قمع کرنے کے لیے یہ طلاء اکسیر الاثر ہے۔ ضرور تمند اصحاب ضرور بنا کر فائدہ حاصل کریں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : کچلہ و سہاگہ ہم وزن لے کر لیموں کے پانی میں رگڑیں۔ جب اچھی طرح پس کر مرہم کی مانند ہو جائیں۔ محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: بوقت ضرورت پانی ملا کر ضماد کریں۔

فوائد : بفضلہ ایک ہی دن میں کھرالی پھوٹ کر بہہ جاتی ہے۔ اور اس مرض سے نجات حاصل ہو جاتی ہے۔

(۳۵۸) دوائے خارش

یہ دوا خشک وتر ہر قسم کی خارش کے لیے مفید ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: گندھک آملہ سار ۶ ماشہ۔ پارہ ۶ ماشہ۔ مردار سنگ ۶ ماشہ۔ مازو ۶ ماشہ۔ کیلا ۶ ماشہ۔ سہاگہ ۶ ماشہ۔ نوشادر ۶ ماشہ گندھک اور پارہ کی کجلی بنائیں۔ پھر سب کو سفوف کر کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: ایک تولہ سفوف میں چار تولہ مکھن ایک سو ایک دفعہ دھویا ہوا ملائیں اور دن میں تین دفعہ لگائیں۔

فوائد: عجیب اکسیر الاثر مرہم ہے۔ استعمال پر آپ کو معلوم ہوگا کہ یہ کسی عمدہ چیز ہے۔

(۳۵۹) دواء الکبریت

خارش' داد' چنبل' ضعف معدہ وغیرہ کی عمدہ اور نفیس دوائی

گندھک کو اگر مصفیٰ و مدبر کر کے استعمال کیا جائے تو بہت سی بیماریوں کے لیے تریاق سے کم ثابت نہیں ہوتی۔ خصوصاً خرابی خون' بواسیر' ضعف معدہ کے لیے تو بہت ہی بہتر ہے مگر بلا تصفیہ گندھک کا استعمال نہ صرف غیر مفید بلکہ بے حد مضر ثابت ہوتا ہے۔ ذیل میں ہم ایک طریقہ بیان کرتے ہیں۔ بس بعد از تصفیہ اس کا مفرد استعمال ہی باعث کامیابی ثابت ہوتا ہے۔

ھوالشافی: گندھک آملہ سار کو لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر انگاروں پر رکھیں۔ جب پگھل جائے تو گائے کے پاؤ بھر دودھ میں ڈال دیں۔ اور ایک منٹ کے بعد نکال کر پھر دوبارہ آگ پر پگھلائیں۔ اور تازہ دودھ لے کر اس میں ڈال دیں۔ یہاں تک کہ گیارہ بجھاؤ دودھ میں دیے جائیں بعدہ گیارہ مرتبہ گائے کے گھی میں بجھاؤ دیں۔ بعدہ جوشاندہ تر پھلہ میں ۳ بجھاؤ دیں۔ بس گندھک مدبر یا دواء الکبریت تیار ہے۔ پیس کر سنبھال رکھیں۔

ترکیب استعمال: ۲ رتی سے ۳ رتی تک مکھن میں لپیٹ کر بوقت صبح کھلایا کریں۔

فوائد: خرابی خون' داد' چنبل' خارش' آتشک۔ بھوک نہ لگنا اور بواسیر وغیرہ کے لیے مفید ہے۔

(۳۶۰) دواء چنبل

حکیم ممتاز حسین صاحب ممتاز الاطباء چک ۲۱ ضلع نواب شاہ (سندھ)

اجزاء و ترکیب ساخت : پھٹکڑی ایک تولہ۔ طوطیا ۴ ماشہ۔ رائی کہنہ ڈھائی ماشہ پہلی دونوں دواؤں کو باریک کر کے روئی کے اوپر رکھ کر توا آہنی کے اوپر رکھ دیں اور اوپر مٹی کا پیالہ اوندھا رکھ دیں اور نیچے آگ جلادیں۔ جب سب کچھ پیالے کے اندر سوختہ ہو جائے تو اتار کر باریک پیس لیں۔ اور روغن سرسوں ڈھائی تولہ کو گرم کریں۔ جب جھاگ آ کر سرد ہو جائے تو اس میں مذکورہ دوا ملادیں۔ اور اس میں سفوف رائی شامل کریں۔

ترکیب استعمال : تین یوم تک روئی کے ذریعہ جائے ماؤف پر لگائیں۔

فوائد : گو یہ دوا ذرا تکلیف دہ ہے۔ لیکن بفضلہٖ چنبل کی جڑیں کاٹ کے رکھ دیتی ہے۔ پرانے سے پرانے چنبل کو دنوں میں فائدہ بخشتی ہے۔

(۳۶۱) دواء بھگندر

اجزا و ترکیب تیاری : مغز جمال گوٹہ ایک تولہ۔ سم الفار سفید ۴ رتی۔۔ دونوں کو باریک پیس کر رکھیں۔ پسی ہوئی دوا اضماد کی طرح ہونی چاہیے۔

ترکیب استعمال : ایک کپڑے پر یہ دوائی چپاں کر کے لاہور سور پر چسپاں کریں۔ کچھ وقفہ کے بعد اس میں سے پانی رسنا شروع ہو جائے گا۔ اسے صاف کرتے رہیں۔ دو تین روز تک اسی پھایہ کو رہنے دیں۔ دو تین روز کے بعد زخم بن جائے گا۔ جس میں آپ کو سفید رنگ کی جڑیں نظر آئیں گی۔ زخم کو صاف کر کے پھر یہ دوا لگائیں۔ دو دن کے بعد یہ پھایہ اتار دیں۔ اب زخم میں سے تمام جڑیں نکل کر زخم سرخ نظر آئے گا۔ تب کوئی سی مرہم زخم بھرنے کے لیے لگادیں۔ تین چار روز میں زخم بھر جائے گا۔

فوائد : چنبل' پھوڑا' جڑوں والا پھوڑا' اور نگ زہی پھوڑا وغیرہ کے لیے از حد مفید ہے لیکن اس مرہم کو سوائے دانا طبیب اور جراح کے کوئی شخص خود بخود استعمال کرنے کی جرات نہ کرے۔

(۳۶۲) دوائے برص

اس دوا سے برص خواہ بیس برس سے ہو بفضلہ دفع ہو کر بدن صاف ہو جاتا ہے

اجزا و ترکیب تیاری: دار قلفل ۳ ماشہ۔ پارہ ایک تولہ۔ باچی ۵ تولہ۔ تمام ادویہ کو شیر تھوہر ۵ تولہ۔ عرق بھنگرہ سیاہ ۵ تولہ میں کھرل کریں۔ خشک ہونے پر کو کنار صحرائی بنائیں دواء برص تیار ہے۔

ترکیب استعمال: بقدر ضرورت پانی میں گھس کر گاڑھا ہونے پر لیپ کریں۔

فوائد: برص (پھلبہری) کے لیے نہایت سریع الاثر دوا ہے۔ خواہ بیس سالہ پرانے داغ کیوں نہ ہوں۔ اس کے استعمال سے دور ہو جاتے ہیں۔

(۳۶۳) دواء مصفی خون

خارش' داد' چنبل' آتشک بلکہ جذام تک کو بفضلہ دور کر دینے والی لاجواب دوا

از جناب حکیم شہزادہ غلام محمد صاحب رئیس اعظم سرگودھا

اجزا و ترکیب تیاری: ہڑتال ورقیہ۔ شنگرف رومی۔ دار چکنا۔ رسکپور۔ گندھک آملہ سار۔ ہر ایک ایک تولہ۔ تمام ادویات کو پہلے جدا جدا باریک پیسیں۔ اور سب کو یک جا ملا کر اس قدر کھرل کریں کہ مانند غبار ہو جائیں۔

اب پاؤ بھر گائے کا گھی لے کر لوہے کی صاف کڑاہی میں ڈال کر آگ پر گرم کریں جب لال سرخ ہو جائے تو کڑاہی کو آگ سے نیچے اتار کر ادویات کو ذرا دور سے گھی میں ڈال دیں (تا کہ دھواں وغیرہ منہ کو نہ لگے) بعد ازاں گرم گرم حالت میں ہی کڑاہی کو ہلا کر مٹی کی ہانڈی میں جس میں ۵ سیر پانی ڈال رکھا ہوا انڈیل دیں۔ اور تمام رات ادویات کو ہنڈیا میں پڑی رہنے دیں۔ صبح ادویات کا کچھ حصہ اوپر روغن کی شکل میں جما ہوا ہو گا اور کچھ تہہ نشین ہو گا۔ ان ہر دو حصوں کو ملا کر رکھ لیں۔ ہمارا مقصود اس دوا سے نہیں۔ یہ مرہم ہے جو کہ زخموں اور چنبل وغیرہ کے لیے مفید ہے۔ ہمارا مقصود اس وقت اس پانی سے ہے جو ہانڈی میں ہے۔ اس کو چار تہہ کپڑا کر کے اس میں سے چھان کر بوتلیں بھر لیں۔

ترکیب استعمال: بقدر دو یا اڑھائی تولہ صبح و شام پلایا کریں۔

فوائد: خون کی خرابی کو دور کرنے کے لیے بفضلہ ایک خاص چیز ہے۔ جذام تک کو مفید ہے۔ آزمائش شرط ہے۔

(۳۶۴) دو احسن افزا

کہاں ہیں وہ لیونڈروں کریموں اور پوڈروں کے دلدادہ۔ آج ہم انہیں وہ چیز بتائیں جوان جملہ فضولیات سے بے نیاز کر دیتی ہے۔ اپنے کالے رنگ کو گورا بنانے والے وہ شوقین جو ولایتی ادویہ پر سینکڑوں روپیہ خرچ کرتے ہیں۔ اس غازے سے اپنے چہرے کو کیوں نہ چھائیوں سے پاک وصاف کرلیں۔ رنگ نکھر کر گلاب کی پتی ایسا ہو جاتا ہے

اجزا و ترکیب تیاری: صندل سرخ، صندل سفید، افیون، کنجد سیاہ، لودھ پٹھانی۔ ناگر موتھا۔ سنبل الطیب، زیرہ سفید۔ آردموز، آرد جو، آرد باقلا، ترمس، بڑ کی داڑھی، مجیٹھ، کافور، ہلدی، گل سرخ، مغز بادام ہر ایک ایک تولہ، سوڈا بائیکارب ۳ تولہ، زعفران ۶ ماشہ۔ صابون عمدہ انگریزی ۵ تولہ سب کو باریک کر کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: بوقت ضرورت تھوڑا سا دودھ لے کر اس میں یہ سفوف ڈال دیں۔ خوب اچھی طرح چہرے پر ملیں اور پھر چہرہ کو گرم پانی سے دھولیں۔ پھر چہرہ کو کسی نرم کپڑے سے صاف کر کے تھوڑا سا روغن بادام ملیں۔

فوائد: تھم، چھائیاں۔ کیل اور مہاسے سب بفضلہ چند دنوں میں دور ہو کر چہرہ خوب صاف اور سرخ و سفید ہو جاتا ہے۔

(۳۶۵) دو آتشک

حکیم اجمل خاں صاحب مرحوم کے والد ماجد حکیم محمود خاں صاحب دہلوی کا معمول نسخہ ہے، آتشک کتنا پرانا ہوان گولیوں کے استعمال سے بفضلہ جاتا رہتا ہے۔ بلکہ جذام تک کو نابود کر دیتی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: سیماب ۹ ماشہ۔ سم الفار ۹ ماشہ، کندر ۹ ماشہ۔ ریوند چینی ۶ ماشہ۔ عرق لیموں کاغذی ۴ عدد۔ گوند کیکر ۳ ماشہ۔ پتہ گوسفند دو عدد۔ سب کو اچھی طرح

کھرل کر کے مونگ کے دانہ برابر گولیاں بنالیں۔
ترکیب استعمال: ایک گولی صبح ایک دوپہر اور شام کو ہمراہ پانی استعمال کریں۔
فوائد: آتشک وجذام خواہ کتنے پرانے ہوں ان کے لیے از حد مفید ہے۔

(۳۶۶) دوا آتشک

اجزاء و ترکیب ساخت: پارہ مصفی ایک تولہ۔ آنا ملٹھی ۳ تولہ۔ گلقند ۳ تولہ۔ تینوں اجزا کو یہاں تک کھرل کریں کہ خشک ہو کر سفوف بن جائیں۔ پھر محفوظ رکھیں۔
ترکیب استعمال: ایک سے دو رتی گلقند میں لپیٹ کر کھلا دیں۔
فوائد: بے نظیر دوا اور آتشک حقیقی اور غیر حقیقی کے لیے اعلیٰ دواؤں میں سے ہے دوسرے درجہ تک کبھی خطا نہیں جاتی۔ تیسرے درجہ میں از حد مفید ہے۔

بخار

(۳۶۷) دوائے دق

شنگرف سے نکالا ہوا پارہ ۵ تولہ۔ گندھک آملہ سار مصفی ۵ تولہ۔ دونوں برابر سات روز تک کھرل کریں اور بعد از اں اس ٹکلی کو ایک لوہے کے کڑچھے میں ڈال کر آگ پر رکھیں جب خوب پگھل جائے تو اس کو سنبھالو کی لکڑی سے چلاتے رہیں۔ حتیٰ کہ کل گندھک جل کر دھواں نکلنا بند ہو جائے۔ پھر اس سیاہ رنگ کی دوا کو کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔
ترکیب استعمال: یہ دوائی نصف رتی سے ایک رتی تک ہمراہ شیرہ ذیل کھلائیں۔ شہد ۳ ماشہ۔ مرچ سیاہ ۵ عدد۔ برگ تلسی دو عدد۔ اور اوپر سے بکری کا دودھ نیم گرم شہد یا مصری ملا کر پلائیں۔
فوائد: یہ دوا بالفضلہ تپ دق اور دیگر مزمن بخارات کے لیے تریاق ہے۔ علاوہ ازیں ضیق النفس، قے آنا۔ ہچکی آنا اور دیگر امراض بھی رفع ہو جاتے ہیں۔ از حد مفید دوا ہے۔ ہر مطب میں تیار رہنی چاہیے۔

(۳۶۸) دوائے بخار

جو کہ اپنے خداداد اثرات کی بدولت کونین سے بہتر ثابت ہوتی ہے کونین ملیریائی

تپوں کے لیے لاکھ مفید سہی' مگر پھر بھی اس کا استعمال' نقصان سے خالی نہیں مگر دوائے بخار بفضلہ تعالیٰ ہر قسم کے نقصانات سے پاک ہوتی ہوئی کونین سے بدرجہا بہتر ہے۔ اس کی ایک خوراک ہی بڑھے ہوئے بخار کو کم کرنے اور اتارنے میں بمثل اکسیر ثابت ہوتی ہے۔ یہ دوا اس لائق ہے کہ ہر طبیب کے مطب میں تیار موجود ہو۔

ھوالشافی: نوشادر' شورہ قلمی ہر ایک ایک تولہ علیحدہ علیحدہ باریک پیس کر ملا لیں اور ایک لوہے کی کڑچھی میں ڈال کر انگاروں کی آنچ پر رکھیں اور اوپر سے قدرے شیر مدار ڈال کر لوہے کی سلاخ سے ہلاتے رہیں۔ جب دھواں نکل کر کنارے سے سیاہی مائل ہونے لگیں تو اور شیر مدار ڈالیں۔ اسی طرح چار تولہ۔ شیر مدار جذب کر دیں مگر یہ یاد رکھیں کہ جب دھواں بکثرت نکلنے لگے تو کڑچھی کو آگ سے اتار لیا کریں۔ اور سرد ہونے پر رکھ دیا کریں تاکہ دوا کا جوہر نہ جل جائے۔ دوا کا رنگ سیاہ سرخی مائل ہوگا۔ پیس کر شیشی میں سنبھال کر رکھیں۔

ترکیب استعمال: بخاروں کے لیے محض دو رتی دوا لے کر ۳ ماشہ کھانڈ میں ملا کر کھلائیں اور اوپر سے گرم پانی کے دو گھونٹ پلائیں۔ ان شاء اللہ فی الفور پسینہ آ کر بخار اتر جائے گا۔ علاوہ ازیں ذات الجنب' نمونیا اور قولنج کے لیے بھی بہتر و مفید دوا ہے۔ جو کہ حکیم کریم بخش مرحوم کو سیاحت چین کے دوران چین کے ایک سادھو سے ملی تھی۔

(۳۶۹) دوا تپ سہ روزہ

شربت بنفشہ۔ شربت سکنجبین۔ عرق سونف' ہر ایک آٹھ تولہ' کونین ۹ ماشہ۔ ان کو لے کر ایک بوتل میں ملا کر رکھ لیں۔ بخار کے دن قبل از بخار تین گھونٹ دوا مذکورہ بالا مریض کو پلا دیں اس دن مریض سوائے دودھ کے اور کوئی غذا نہ کھائے۔ بفضلہ تعالیٰ ضرور شفا ہو جائے گی۔

مردوں کی خاص بیماریاں

(۳۷۰) دوا مقوی اعضاء تناسل

اجزاء و ترکیب ساخت: کچلہ مدبر ۶ ماشہ' سم الفار ا ماشہ' شنگرف مدبر تین ماشہ'

جائفل ٦ ماشہ۔ کونین ٦ ماشہ‘ جاوتری ٦ ماشہ۔ مومیائی ٦ ماشہ۔ افیون ۹ ماشہ۔ جدوار خطائی ٦ ماشہ۔ آئرن فاسفیٹ ۹ ماشہ۔ زعفران ٦ ماشہ۔ ثعلب مصری ٦ ماشہ۔ شقاقل ٦ ماشہ۔ جملہ ادویات کوعلیحدہ علیحدہ باریک کر کے ملالیں۔ اور شہد کی مدد سے گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی روزانہ صبح و شام ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

فوائد: یہ دوائی نامرد کو مرد بنا دیتی ہے۔ خاص کر مخلوق کے لیے یہ دوا مانند آب حیات ہے۔ سستی‘ کجی وغیرہ کو دور کر کے عضو میں تندی اور چستی پیدا کرتی ہے۔

(۳۷۱) دوا نامردی

یہ سنیاسی اکسیر مایوس العلاج نامرد کو بفضلہ ایك ھی خوراك میں قابل رنك مرد بنا دینے کا موجب بنتی ھے

اجزاء و ترکیب ساخت: سم الفار‘ مشک کافور‘ ہر ایک ایک تولہ لے کر پیالوں میں رکھ کر حسب دستور جو ہر اڑائیں۔ بس جو ہر مذکور ٦ ماشہ۔ مشک خالص۔ زعفران۔ جاوتری ہر ایک ٦ ماشہ۔ لونگ۔ دار چینی‘ ہر ایک ۳ ماشہ۔ سب کو کھرل میں ڈال کر مانند غبار کر لیں اس کے بعد زہرہ (پتہ) سیاہ سانپ (پتہ سے مراد وہ کپلیاں ہیں جو زہر کی ہوتی ہیں) اور سانپ تمام سیاہ رنگ کا ہو‘ لے کر تمام ادویات کے ہمراہ کھرل کر کے اچھی طرح سے جذب کریں۔ اور خشک ہونے پر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: چاول کا چوتھائی حصہ لے کر بالائی میں لپیٹ کر نگل جائیں اور اوپر سے دودھ اور گھی جس قدر پیا جا سکے پئیں۔

فوائد: دودھ‘ گھی کو منٹوں میں ہضم کر دیتی ہے۔ قوت باہ میں اس قدر اضافہ کرتی ہے کہ سنبھالنا مشکل ہو جاتا ہے۔ طبیعت میں جوانی کی سی امنگیں پیدا ہو جاتی ہیں اور بدن میں ایک قسم کا سرور پیدا کرتا ہے۔

ایک خوراک کھلا کر کچھ دن کے بعد دوسری خوراک کھلا دیں۔ پس دو خوراکیں تمام عمر کے لیے بفضلہ تعالیٰ کافی ہیں۔

(۳۷۲) دواکثیرالقوۃ

مایوس سے مایوس مریض کو دنوں میں اپنا اثر دکھانے والی معجزنمایانہ دوا

اجزاء و ترکیب ساخت: سم الفار ۳ رتی۔ مرچ سیاہ ۶ ماشہ۔ میٹھا تیلیا ۶ ماشہ۔ گل دھتورہ ۶ ماشہ۔ مدھانی گل مدار ۶ ماشہ۔ گل ارنڈ ۶ ماشہ۔ گل ہرل ۶ ماشہ۔ پوست کیکر ۱ ماشہ۔ عقرقرحا ڈھائی ماشہ۔ دارچینی۔ ساڑھے چار ماشہ۔ سب کو علیحدہ علیحدہ کھرل کریں اور شہد کی مدد سے گولیاں بقدر موٹھ بنائیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی روزانہ ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

فوائد: جو شخص ہر طرف سے مایوس اور علاج کرا کے تھک گیا ہو۔ لیکن ہر طرف سے سوائے حرمان نصیبی کے کچھ حاصل نہ ہوا ہو۔ اس کے لیے یہ گولیاں ایک نعمت غیر مترقبہ ہیں اور جو شخص اپنے ہاتھوں اپنی زندگی کا ستیاناس کر کے زندگی کو موت پر ترجیح دیتا ہو۔ اس کے لیے مانند آب حیات ہیں۔ ان گولیوں کی وہ تعریف جس کی وجہ سے حیاء دامن گیر ہوتی ہے۔ نظر انداز کی جاتی ہے۔ اس نسخہ کے اندر وہ تمام خوبیاں پنہاں ہیں جو کہ ایک اعلیٰ اور اکمل نسخہ میں ہونی چاہئیں مثلاً مقوی باہ ہونے کے ساتھ ساتھ مقوی اعصاب' مقوی ہاضمہ اور مقوی جگر بھی ہے۔ ان خوبیوں کا حامل مقوی نسخہ ملنا محال ہے۔ دوسرے مقوی نسخوں میں جگر اور معدہ کی اصلاح کے لیے دوائیں استعمال کرائی جاتی ہیں۔ لیکن یہی ایک نسخہ ہے جس میں دوسری دواؤں کے استعمال کرانے کی ضرورت نہیں رہتی۔

(۳۷۳) دواجریان

یہ دوا جریان' سرعت انزال اور کثرت احتلام کے لیے اپنی قسم کی واحد دوا ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: ریش برگد جو شاخوں سے ماہ ساون میں نکلے۔ تین تولہ مقراض سے باریک کتر کر ۳ مرتبہ شیر برگد میں تر کر کے خشک کریں۔ پھر طباشیر۔ الائچی خورد۔ ثعلب مصری۔ ہر ایک ایک تولہ۔ کشتہ ابرک سیاہ۔ کشتہ قلعی ہر ایک ۶ ماشہ۔ مصری کالپی ۶ تولہ ملا کر سفوف بنا رکھیں۔

استعمال: ۲ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ بوقت صبح استعمال کریں۔

یہ دوا اعلیٰ درجہ کی مؤلد اور مغلظ منی ہے۔ منی میں جراثم تولید پیدا کرکے قابل ...ل ہے۔ کثرت جریان و احتلام کو چند دنوں میں نیست و نابود کردیتی ہے۔ نیز منی ...رض کے لیے یہ دوا ایک اعلیٰ چیز ہے۔ علاوہ ازیں جریان الرحم و سیلان الرحم کے لیے مفید شے ہے۔

۳۷)دواخاص

رطوبات کی زیادتی سے پیدا ہونے والے جریان کے لیے ایک مفید و مجرب دوا ہے

...اء، و ترکیب ساخت: مرچ سفید دکھنی ۲ تولہ۔ سیماب مصفی ٦ ماشہ۔ قلعی مصفی ...ا۔ میٹھا تیلیا مدبر ۳ ماشہ۔ قلعی کو پگھلا کر سیماب کو شامل کریں۔ بعدۂ میٹھا تیلیا ملا کر کھرل کریں۔ بعدۂ مرچ سفید ایک ایک دانہ ڈال کر کھرل کرکے سفوف بنائیں اور محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: دو چاول سے چار چاول تک کی مقدار میں یہ دواخاص مکھن میں رکھ کر استعمال کریں۔

فوائد: رطوبات کی زیادتی کی وجہ سے پیدا ہونے والے جریان کے لیے ایک عجیب چیز ہے۔ مختلف دواخانوں سے بکثرت فروخت ہوتا ہے۔ جو اس کے مفید و مجرب ہونے کی دلیل ہے۔ کئی نامدار اطباء اسے ذکاوت حس کی حالت میں بھی استعمال کراتے ہیں اور ان کا فرمان ہے کہ ذکاوت حس کی وجہ سے پیدا ہونے والے جریان کے لیے یہ نہایت مفید چیز ہے۔ قارئین اسے آزمائیں۔ تو خادم کو دعائے خیر سے یاد فرمائیں۔

(۳۷۵)دواسیلان

سیلان الرحم کی لاثانی دوا جو کہ اسرار مخفیہ میں سے ہے

اجزاء، و ترکیب ساخت: تخم کنگی۔ تخم بوپھل۔ مساوی الوزن لے کر سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک: ۳ ماشہ ہمراہ دودھ گائے۔

فوائد : سیلان الرحم کی بے خطا دواء ہے۔

(۳۷۶) دوانا موس

بعض عورتیں عرصہ تک ہم بستری نہ کرنے یا شادی شدہ نہ ہونے کی وجہ سے اپنی خواہش کو دبا کر طرح طرح کی بیماریوں میں مبتلا ہو جاتی ہیں۔ مثلاً اختناق الرحم وغیرہ کیونکہ عرصہ تک منی اندر رہ کر خارج نہیں ہو سکتی۔ اس لیے ان کو ایسی بیماریوں سے سامنا کرنا پڑتا ہے۔

لہٰذا اس کے تدارک اور جوش خواہش کو کم کرنے کے لیے مندرجہ ذیل دوائی استعمال کرانے سے جوش خواہش کم ہو کر آئندہ مرض سے حفاظت ہو جاتی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : بیخ نیلوفر خشک شدہ۔ تخم کاہو۔ تخم سداب۔ صندل سفید سہاگہ سفید۔ مشک کافور۔ مساوی الوزن باریک سفوف کر کے آب کشنیز سبز میں بقدر کنار صحرائی کے گولیاں بنا دیں۔

ترکیب استعمال : بوقت ضرورت ایک یا دو گولی صبح و شام ہمراہ شیر خرفہ کے کھلائیں۔

(۳۷۷) دوامضیق

یہ دوا ولادت کے بعد کی خرابی کو زائل کر کے مثل باکرہ کے بنا دیتی ہے

اجزاء و ترکیب ساخت : پھٹکری سفید ۶ ماشہ لے کر بریاں کر لیں۔ اور دو ماشہ افیون ملا کر خوب کھرل کریں۔ پھر کندر ۲ تولہ لے کر باریک سرمہ سا بنا کر شامل کریں۔ اور خوب کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال : بعد فراغت حیض بقدر ایک تولہ کی پوٹلی بنا کر اندر رکھا کریں۔

فوائد : چار پانچ روز پوٹلی رکھنے سے عورت مثل باکرہ کے ہو جائے گی۔

(۳۷۸) دوائے حمل

بفضلہ اس دوا کی بدولت سینکڑوں مایوس اولاد گھرانے اولاد جیسی نعمت سے مالا مال ہو چکے اور ہو رہے ہیں۔ نہایت ہی عجیب و غریب دواء ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : مشک اصلی ۲ رتی۔ افیون ایک رتی۔ جائفل اعدد۔ زعفران

ابدالمسک پونے دو ماشہ۔ چھالیہ ۳ عدد۔ لونگ ۴ عدد۔ پرانا گڑ ۵ ماشہ۔ جملہ دواؤں کو
باریک چھان کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔ اگر گڑ کی کمی سے نہ بن سکیں تو بقدر
ضرورت گڑ زیادہ شامل کر سکتے ہیں۔
ترکیب استعمال: حیض سے فراغت پانے اور غسل وغیرہ سے فارغ ہونے کے بعد
روزانہ ایک گولی صبح اور ایک گولی شام تازہ پانی سے استعمال کریں اور ۵ روز استعمال کرانے
کے بعد ترک کرا دیں اور مجامعت کریں۔ اس طرح دوسرے اور تیسرے مہینے عمل کریں۔
انشاء اللہ فضل خدا حمل قائم ہوگا۔
فوائد: جن عورتوں کو اندرونی خرابیوں کی وجہ سے حمل قرار نہیں پاتا اور اولاد کی نعمت سے
محروم رہتی ہیں۔ ان کے لیے یہ گولیاں نہایت مفید ہیں۔
اندرونی خرابیوں کو دور کر کے اولاد پیدا ہونے کے قابل بنا دیتی ہیں۔ بشرطیکہ حیض
باقاعدہ جاری ہو۔

بچوں کی بیماریاں

(۳۷۹) دوادق الاطفال

جو بچوں کے مرض سو کھیا مسان کے لیے ایک نادر تحفہ ھے

اجزاء و ترکیب ساخت: خاکسی مصفی ۱۰ تولہ بکری کے دودھ ڈیڑھ سیر میں جوش دیں
پھر چھان کر خاکسی کو سایہ میں خشک کریں اسی طرح تین مرتبہ جوش دے کر اور خشک کر کے
باریک پیس لیں۔
ترکیب استعمال: ایک ماشہ کی مقدار میں صبح ایک ماشہ کی مقدار میں شام کو ماں کے
دودھ میں گھول کر پلائیں۔ اور اس کے حیرت انگیز فوائد کا مشاہدہ کریں۔
فوائد: اپنے حیرت انگیز افعال و خواص کی وجہ سے یہ دوا اکسیر الاطفال کہے جانے کی
مستحق ہے۔ اس کے استعمال سے وہ سوکھتے ہوئے بچے جو سوکھ سوکھ کر صرف ہڈیوں کا
ڈھانچہ رہ گئے ہوں۔ چند روز میں سرسبز و شاداب ہو جاتے ہیں۔ بخار اور کھانسی کا نام و نشان

کہیں باقی نہیں رہتا۔ اور وہ بچہ جو موت کے منہ میں جانے والا معلوم ہوتا تھا۔ از سر نو ا
اور جوانی کی بہاریں لوٹنے کے لیے زندہ رہ جاتا ہے۔ آزمائیں اور اس کے
اوصاف و خواص کی قدر کریں۔

(۳۸۰) دوا آ ہک

بچوں کی بد ھضمی اور دستوں کے لیے یہ دوا نہایت مجرب المجرب ھے

اجزاء و ترکیب ساخت : بجھا ہوا چونا نصف چھٹانک۔ شکر مصفیٰ سفوف ایک
چھٹانک۔ شکر کو آب مقطر میں حل کر کے اس میں چونا گھول کر سبز رنگ کی بوتل میں ہفتہ
تک رکھیں۔ کبھی کبھی ہلاتے رہیں۔ اس کے بعد شفاف سیال کو قیف کے ذریعہ نتھار کر سبز
رنگ کی بوتل میں محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: بیس سے ساٹھ قطرے تک دودھ میں ملا کر دیں۔

فوائد : بچوں کو بدہضمی ہرے پیلے دست آنا۔ کھانسی وغیرہ دور ہو کر بچہ تندرست ہو جاتا
ہے۔ اگر بحالت صحت بچہ کو اس دوا کا استعمال کراتے رہیں تو بچہ تقریباً ہر ایک بیماری سے
بفضلہ محفوظ رہتا ہے۔ اگر اس کا شربت قوام کر کے بنا لیا جائے تو بھی یہی صفات رکھتا ہے
اور خراب بھی نہیں ہوتا۔

متفرقات

(۳۸۱) دوا ریح شکن

اس دوا کے استعمال سے ھر قسم کی ریاحی درد جاتی رھتی ھیں

اجزاء و ترکیب ساخت : رائی، چینی ہر ایک ۹ تولہ۔ رائی کو پیس کر چینی ملا کر رکھ لیں۔

ترکیب استعمال: ایک تولہ دوا۔ انڈے کی سفیدی ملا کر کپڑے پر لگاؤ اور درد کی جگہ
چپکا دو۔

فوائد : اس پلستر سے ہر قسم کے ریاحی درد موقوف ہو جاتے ہیں اور لگانے میں کسی قسم کی
تکلیف یعنی سوزش و جلن وغیرہ نہیں ہوتی۔

(۳۸۲) دوا جالینوس

جسے جالینوس نے سگ گزیدہ کے لیے بہت مفید و موثر پایا ہے

اجزاء و ترکیب ساخت : سرطان سوختہ دو تولہ۔ کندر ایک تولہ۔ مصری ڈیڑھ تولہ کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

ترکیب استعمال : سگ گزیدہ کو تین تین ماشہ کی مقدار میں صبح وشام کھلائیں۔

فوائد : سگ گزیدہ کے لیے اس دوا کو بہت مفید و موثر مانا جاتا ہے۔ مگر یہ دوا اب تک ہمارے تجربے میں نہیں آئی۔ اس لیے اس کے فوائد کے صحیح یا غلط ہونے کے متعلق یقینی طور پر کچھ نہیں کہہ سکتے۔ لیکن تاہم ہمارا خیال ہے کہ سگ گزیدہ کے لیے اس دوا کے فوائد پر زیادہ بھروسہ کرنا ٹھیک نہیں ہے۔ اپنے تجربے کی بنا پر ہم نے اس دوا کو زیادہ مفید و موثر پایا ہے جو کنز المفردات میں درج ہے۔ یہ سگ گزیدہ کے لیے ایک شرطیہ دوا ہے۔ جس سے قارئین کو ضرور فائدہ اٹھانا چاہیے۔

(۳۸۳) دوا سگ گزیدہ

مولانا حکیم محمد یوسف صاحب بگھیلوی کا اسراری نسخہ

یہ نسخہ مجھے جناب حکیم مولوی غلام محمد صاحب برنالوی نے ان تاکیدی الفاظ سے عطا فرمایا تھا کہ یہ نسخہ مولانا موصوف کا خاص الخاص اور اسراری تحفہ ہے۔ لہٰذا اس کو اخفاء میں رکھنا۔ مگر میں نسخے کے معاملے میں بہت کنز رسا واقع ہوا ہوں۔ دل چاہتا ہے کہ جو نسخہ ملے خواہ وہ کیسا ہی کیوں نہ ہو۔ لوگوں تک پہنچادوں۔ بہر حال نسخہ حاضر ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : فرفائی سلفاس ۳ ماشہ۔ تخم مولی ۲ تولہ۔ گڑ کہنہ ۲ تولہ۔ مکس سگ ۷ عدد۔ یعنی وہ مکھی جو کتے پر ہوتی ہے۔ حب الملوک ۲ تولہ ملا کر خوب پیسیں اور گولیاں بقدر نخود بنائیں۔

ترکیب استعمال : تین گولی سے ۵ گولی تک۔

فوائد : دست آ کر تمام زہریلہ مادہ خارج ہو جائے گا۔ اور بفضلہ مرض ہلکاؤ کے پیدا ہونے کا خوف دور ہو جائے گا۔

باب : ر

روغن

(۳۸۴) روغن لبوب سبعہ

خشکی دماغ کو دور کر کے دماغ کو قوی کرتا اور نیند لاتا ہے

اجزاء و ترکیب ساخت : مغز ریٹھہ۔ مغز پستہ۔ مغز بادام شیریں۔ تل مقشر۔ مغز چلغوزہ۔ مغز تخم کدو شیریں۔ مغز اخروٹ ہم وزن کوٹ کر گرم کر کے بطریق معروف نچوڑ کر روغن حاصل کریں۔

ترکیب استعمال: حسب ضرورت استعمال میں لائیں۔

فوائد : دماغ میں تری پیدا کر کے خشکی دور کرتا ہے اور گہری نیند لاتا ہے۔ تلک کے زخم بھرنے میں بھی سودمند ہے۔ سر پر مالش کر کے خوب جذب کریں۔

(۳۸۵) روغن اکسیر برائے فالج ولقوہ

از جناب حکیم گنگا دھر پرشاد صاحب مظفر پور

حکیم صاحب موصوف چونکہ میرے خاص دوست ہیں۔ اس لیے میرے لکھنے پر آپ نے مندرجہ ذیل عبارت کے آغاز سے بلا بخل یہ لاثانی اکسیری اور سوفی صدی مجرب نسخہ روانہ کر دیا۔ گو کتاب کے اصول کے خلاف نسخہ ذرا لمبا ہے۔ مگر نہایت زود اثر ہونے کی وجہ سے درج کیا جاتا ہے۔ (مؤلف)

اگر چہ کئی نسخے مالش اور کھانے کے بہتر سے بہتر میرے پاس موجود ہیں۔ لیکن ان تمام نسخوں کو بالائے طاق رکھ کر ایک ایسا نسخہ پیش کرتا ہوں جو کہ مجھے بڑی دقت اور لا انتہا کوشش سے حاصل ہوا ہے۔ جی تو نہیں چاہتا کہ کسی کو بتایا جائے لیکن کیا کروں آپ کے

اعمال سے مغلوب ہو کر آپ سے چھپا نہیں سکتا۔
یہ نسخہ ہزاروں نہیں تو سینکڑوں مریضوں پر استعمال کر چکا ہوں لیکن اس حکیم مطلق کے فضل و کرم سے سوائے کامیابی کے ایک دفعہ بھی مایوسی نہیں ہوئی۔ اور یہی وجہ ہے کہ اس علاج کے دو تین ضلعوں کے اندر فالج ولقوہ کے مریض ڈاکٹر وحکیموں سے علاج کرا کرا کر اور مایوس ہو کر آپ کے خادم کے پاس آتے ہیں۔ اور بفضلہ صحت یاب ہو کر ہنستے کھیلتے یہاں سے رخصت ہو کر اپنے گھر واپس جاتے ہیں۔ چونکہ میرا مجرب المجرب اور مایہ ناز نسخہ ہے اس لیے آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں ع

گر قبول افتد زہے عزو شرف!

اجزاء و ترکیب ساخت: کائپھل ایک تولہ۔ بالچھڑ ٦ ماشہ۔ تج پات ٦ ماشہ۔ ناخونا تولہ۔ برادہ کچلہ۔ طوطیا۔ لونگ۔ دارچینی۔ جاوتری ٦'٦ ماشہ۔ سورنجاں تلخ ایک تولہ۔ دانہ الائچی خورد ٦ ماشہ۔ برادہ صندل سفید ٦ ماشہ۔ نرکچور ۲ تولہ۔ جائفل ٦ ماشہ۔ تج ایک تولہ۔ دار ہلدی ۹ ماشہ۔ میدا لکڑی ٦ ماشہ۔ کٹائی خورد ایک سیر۔ برگ تلسی سیاہ ایک سیر۔ برگ حرمل ایک سیر۔ برگ ارنڈ ایک سیر۔ برگ دھتورہ سیاہ یا سفید ایک سیر۔ برگ سنبھالو ۲ سیر۔ برگ مدار ایک سیر۔ برگ سوہنجن ایک سیر۔ دودھی خورد یعنی ہزار دانی ایک سیر۔ کوٹھ تلخ ۲ تولہ۔ میٹھا تیلیا ٦ ماشہ۔ پیپلا مول ایک تولہ۔ خراطین خشک ایک تولہ۔ بیر بہوٹی ۱ تولہ۔ تخم حلبہ ایک تولہ۔ زعفران کشمیری درجہ اول ایک تولہ۔ کستوری ۳ ماشہ۔ مال کنگنی ایک پاؤ۔ افیون خالص ۱ تولہ۔ جدوار خطائی ایک تولہ۔ عاقر قرحا ۲ تولہ۔ گل بابونہ ۲ تولہ۔ دیودار لکڑی ایک تولہ۔ بھنگ ملتانی ایک تولہ۔ سونٹھ ایک تولہ۔ یوزیدان ایک تولہ۔ اجوائن خراسانی ایک تولہ۔ لہسن کا جوا ایک پاؤ۔ ناگ کیسر ایک تولہ۔ گھونگچی سرخ ایک پاؤ۔ روغن گل ایک سیر۔ روغن کنجد ایک سیر۔ روغن ارنڈ آدھ سیر۔ روغن مہوہ آدھ سیر۔

ترکیب تیاری: ہر قسم کے پتوں کو کوٹ کر اور ان کا عرق نکال کر الگ رکھ لیں بقیہ ادویات کو خوب جو کوب کر کے ایک ساتھ کر لیویں۔ اور ایک لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر اوپر سے ۵ سیر چشمہ دریا کا پانی اس میں ڈال کر پھولنے کے واسطے چھوڑ دیں اور ۲۴ گھنٹہ کے بعد اس میں جملہ روغنیات ملا کر نرم آنچ پر پکائیں۔ جب پانی بالکل جل جائے۔ تو اس میں تھوڑا

تھوڑا تھوڑا چوں کا رس ڈالتے جائیں۔ جب رس جل جائے تب اس میں افیون مہین کر کے ڈالیں۔ اس کے بعد کستوری ڈالیں۔ جب یہ بھی جل جائے۔ تب گھونگچی سرخ جو کہ پیس کر میدہ بنایا ہوا ہو اس کی روٹی بنا کر اس روغن میں ڈال دیں۔ جب روٹی پک کر سرخ رنگ کی ہو جائے۔ تب روٹی کو دست پناہ سے کنارہ کر دیں۔ تا کہ اس کے اندر کا کل روغن کڑاہی کے اندر روغن میں آ جائے۔ روٹی کو کنارہ کرنے کے بعد چولھے کے اندر سے کل آگ کو نکال کر باہر کر دیں۔ جب روغن ایک دم ٹھنڈا ہو جائے تب خوب مل کر ململ کے کپڑے سے روغن کو چھان لیں۔ اسے نچوڑیں ہرگز نہیں پھر اس روغن کو بحفاظت رکھ لیں اور وجع المفاصل پر صرف ضماد کر دینے سے ہی مرض وجع المفاصل کو بہت جلد آرام ہو جائے گا۔

ترکیب استعمال: دن کے وقت دھوپ میں اور رات کے وقت مکان کے اندر مریض کو کھڑا کر کے خوب مالش کریں۔ اور ڈیڑھ گھنٹہ تک مریض کو ہوا سے بچائیں۔

فوائد: یہ روغن ان آدمیوں کو بھی بفضلہ تندرست کر دیتا ہے جو بازو اوپر اٹھا کر سکھا لیتے ہیں۔

وجع المفاصل' فالج' لقوہ کے مریض لاعلاج بہت جلد بفضلہ اس سے شفایاب ہو جاتے ہیں۔ نہایت اکسیر الاثر اور سینہ کا راز ہے۔ جن مریضوں پر استعمال کیا گیا ہے بفضلہ آرام ہوا۔

(۳۸۶) روغن بصارت افروز

جس کے استعمال سے بفضلہ تعالیٰ آنکھوں کی بہت سی شکایات دور ہو کر نظر بہت تیز اور روشن ہو جاتی ہے

اجزاء: گلاب کے پھول۔ گلو ہر ایک ۵ ماشہ۔ لونگ کلاہ دار ۵ دانہ۔ اجوائن ایک ماشہ۔ صندل سفید۔ صندل سرخ۔ آملہ۔ ہلیلہ سیاہ۔ رتن جوت۔ کشنیز۔ برگ مہندی۔ ملٹھی گوکھرو۔ تیزپات۔ الائچی خورد۔ زیرہ سفید۔ تخم کاہو۔ منڈی بوٹی' ہر ایک ساڑھے ۳ ماشہ۔

ترکیب: تمام ادویات کو رات کے وقت دو سیر پانی میں بھگوئیں اور صبح کے وقت جوش دیں۔ جب آدھا پانی جل جائے تو چھان کر اس پانی میں گائے کا سیر بھر گھی ڈال کر خوب

جائیں۔ جب تمام پانی جل کر محض گھی باقی رہے تو گھی کو نتھار کر بحفاظت رکھیں۔
ترکیب استعمال: اس گھی میں سے روزانہ تین تولہ سے ۵ تولہ تک دودھ میں ملا کر استعمال کریں۔
فوائد: ضعف بصارت ضعف دماغ کو دور کرنے کے لیے اکسیری چیز ہے۔ علاوہ ازیں موتیا بند کے آپریشن کرانے کے بعد ۴۰ دن گزر جانے پر اگر اس گھی کو استعمال کرایا جائے تو بفضلہ تعالیٰ دماغ اور نظر کو بہت تقویت پہنچتی ہے۔
نوٹ: یہ نسخہ عالی جناب مفتی سلیم اللہ صاحب لاہوری کے مطب کا مایہ ناز ہے۔ جس کو آپ کے شاگرد رشید حکیم محمد یار صاحب سلطانی نے اپنی کتاب مجربات سلطانی میں بیان فرمایا ہے۔

(۳۸۷) روغن برائے درد گوش

اس روغن کے ایک دو قطرے ڈالنے سے درد سے جلاتا ہوا مریض بفضلہ فوراً سکون حاصل کر لیتا ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: روغن گل ۲۱ ماشہ۔ روغن بادام ساڑھے دس ماشہ۔ سرکہ انگوری ۳ تولہ۔ افیون خام پونے دو ماشہ ملا کر آگ پر جوش دیں۔ جب صرف روغن رہ جائے صاف کر کے شیشی میں رکھیں۔
ترکیب استعمال: روغن کو ذرا نیم گرم کر کے کان میں تقریباً تین قطرے ڈالیں۔
فوائد: کان میں جب صفراوی مادہ کی وجہ سے درد ہو یا گرم بخارات کان میں پہنچ کر درد کا باعث ہوں۔ اس وقت یہ روغن اپنے خداداد اثرات کی وجہ سے معجز نما ثابت ہوتا ہے۔ لیکن یاد رہے کہ سرد مواد کی وجہ سے جو تکلیف ہو۔ اس کے لیے یہ روغن کوئی زیادہ مفید نہیں۔ گرم علامات کے ساتھ جو درد ہو۔ اس کے لیے تریاق ہے۔ آزما کر فائدہ اٹھائیں۔

(۳۸۸) روغن برقی (تارے میرے والا)

ذات الجنب و نمونیا۔ فالج۔ لقوہ۔ عرق النساء۔ وجع الورک۔ وجع الصدر۔ گھٹیا۔ ایڑی کا درد۔ ٹخنے و گھٹنے کا درد وغیرہ کی ایک ہی جادو اثر دوا بنانا مطلوب ہو تو ذیل کی ترکیب

سے روغن بنائیے اور عجیب الاثر فائدہ اٹھائیے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : روغن ارنڈ۔ روغن السی۔ روغن تارا میرا۔ عاقرقرحا۔ اجوائن۔ مال کنگنی۔ تخم حرمل۔ ہر ایک ۵'۵ تولہ۔ پہلے خشک چیزوں کو جوکوب کرکے ڈیڑھ سیر پانی میں چار پہر تک بھگوکر آگ پر پکائیں۔ جب پانی جل کر محض پاؤ کے قریب باقی رہے تو اتار کرمل اور چھان لیں۔ اور اب اس چھنے ہوئے پانی میں ہر سہ روغن ملا کر نرم نرم آگ پر پکائیں۔ جب تمام پانی جل کر صرف روغن باقی رہ جائے تو اتار کر دوبارہ کپڑے سے چھان کر شیشی میں حفاظت سے رکھیں۔ بس بفضلہٖ تعالیٰ وقت پر حکیم حاذق کا کام دینے والا یہ روغن تیار ہے۔

ترکیب استعمال: جائے درد پر مالش کرکے گرم روئی باندھ دیں۔

فوائد : درد ہر قسم کے لیے بے حد زود اثر اور مفید ہے۔

(۳۸۹) روغن مقوی اعصاب

یہ روغن کمزوری اور درد اعصاب کے لیے نہایت اعلیٰ اور قوی الاثر ہے

اجزاء و ترکیب ساخت : مال کنگنی ۳ تولہ۔ قسط۔ سونٹھ۔ گل بابونہ۔ جائفل۔ لونگ۔ میٹھا تیلیا۔ کچلہ۔ عقرقرحا۔ تخم دھتورہ۔ بیخ کنیر سفید۔ گھونگچی سفید۔ مجیٹھ۔ زرنبور۔ تج۔ کابھل ہر ایک ایک تولہ۔ دارچینی۔ ہلدی۔ میدہ لکڑی مشک۔ زعفران۔ کلونجی۔ سنبل الطیب۔ سعدکوفی۔ افیون۔ ہڑتال طبقی۔ سم الفار سفید۔ ہر ایک ۶ ماشہ۔ روغن کنجد تین پاؤ۔ روغن بیدانجیر دیسی ایک پاؤ۔ تمام اشیاء کو نیم کوب کرکے رات کو دو سیر پانی میں بھگو رکھیں۔ اور صبح کو نرم نرم آنچ پر جوش دیں۔ جب پانی نصف رہ جائے تو روغن کنجد اور روغن بیدانجیر داخل کر دیں۔ جب تمام پانی جل جائے اور صرف تیل رہ جائے تو اتار کر نتھار کر بوتل میں محفوظ رکھیں۔ فضلہ گڑھے کے اندر دبا دیں۔

ترکیب استعمال: جب درد کا دورہ شروع ہو جائے۔ خوب اچھی طرح مالش کرکے اوپر نمدہ باندھ دیں سرد پانی اور سرد ہوا سے محفوظ رکھیں۔

فوائد : یہ روغن ہر قسم کے عصبی دردوں کے لیے اکسیر الاثر ہے۔ درد کی وجہ سے اگر مریض

قال پھر نہ سکتا ہو تو بفضلہٖ دو تین دن کے استعمال سے مریض چلنے پھرنے لگ جاتا ہے علاوہ ازیں سستی و تضیب کے لیے بھی بے حد مفید چیز ہے۔ حشفہ اور سیون چھوڑ کر اچھی طرح مالش کریں۔ اور برگ پان یا ارنڈ باندھ دیں۔ ہفتہ عشرہ تک سستی اور کمزوری جاتی رہے گی۔
(صدری بیاض)

(۳۹۰) روغن مقوی

اس روغن کے پندرہ دن کے استعمال سے ہر قسم کی بدنی اور تناسلی کمزوری دفع ہو جاتی ہے۔
اجزاء و ترکیب ساخت: پوست بیخ کنیر سفید۔ گھونگچی سفید، ہر ایک ۱۰ تولہ۔ قسط تلخ۔ حب السلوک ہر ایک ۴ تولہ۔ شیر گاؤ چھ سیر میں پکائیں۔ اور رات کو ضامن لگا کر دہی جمائیں صبح بلو کر مکھن نکالیں اور خوب صاف کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔
ترکیب استعمال: بوقت ضرورت ایک رتی پان میں کھلائیں اور قدرے عضو پر مالش کریں۔
فوائد: یہ روغن مقوی۔ حرارت غریزی کو برانگیختہ کرتا اور خفتہ طاقتوں کو بیدار کرتا ہے جو نوجوان اپنی حیات مستعار کو اپنی بعض نادانیوں کی وجہ سے قبل از وقت ختم کر دینے کے مجرم ہیں۔ ان کے لیے مسیحائی کا کام کرتا ہے۔ اور وہ اصحاب جو کثرت جماع سے طاقتوں کو کمزور کر چکے ہوں۔ ان کے لیے آب حیات ہے۔ اور لطف یہ کہ کھانے اور مالش دونوں کا کام دیتا ہے۔ اس کے مکمل فوائد حاصل کرنے کے لیے کم از کم پندرہ روز ضرور استعمال کریں پھر آپ کو خود بخود معلوم ہو جائے گا کہ اس روغن میں قدرت نے کیا جادو رکھا ہے۔
(بیاض قلمی حکیم نور الدین صاحب بھیروی)

(۳۹۱) روغن بلادر

خارش خشک و تر و چھپاکی کے لیے بالکل مختصر روغن
اجزاء و ترکیب ساخت: عسل بلادر دو قطرے۔ سرسوں کا تیل دس تولہ ملا کر محفوظ رکھیں، بس روغن بلادر تیار ہے۔
ترکیب استعمال: اس کی مالش کرنے سے بفضلہٖ خارش خشک ہو یا تر اور چھپاکی سے

بفضلہ نجات مل جاتی ہے۔

عسل بلادر حاصل کرنے کی ترکیب: یہ ہے کہ زنبور (سنڈاسی) کو آگ میں گرم کرکے اس سے ایک دانہ بلادر کا پکڑ کر دبائیں۔ عسل بلادر نکل آئے گا۔ مگر یہ معلوم رہے کہ عسل بلادر ایک نہایت زہریلی شے ہے۔ لہٰذا احتیاط رہے کہ کہیں جلد پر نہ لگنے پائے۔ ورنہ بدن سوج جائے گا۔

(۳۹۲) روغن مدار

وجع المفاصل ذات الجنب اور تمام عصبی دردوں کے لیے مفید ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: آب برگ مدار یعنی آک کے سبز پتوں کا پانی آدھ سیر سرسوں کا تیل پاؤ بھر۔ ہر دو کو ملا کر آگ پر رکھیں۔ جب تمام پانی جل کر صرف تیل باقی رہ جائے تو اتار کر چھان لیں۔ بس یہی روغن مدار ہے۔

ترکیب استعمال: ذات الجنب گٹھیا وغیرہ کے لیے بوقت[1] صبح دو بوند نیم گرم کرکے کان میں ڈالیں۔ چنبل پر دن میں دو مرتبہ لگایا کریں۔

(۳۹۳) روغن برائے جھولا

اجزاء و ترکیب ساخت: برگ دھتورہ آدھ سیر۔ برگ ارنڈ آدھ سیر۔ برگ مولی۔ برگ مدار۔ ہر ایک آدھ سیر۔ پانی دو سیر میں ڈال کر پکائیں۔ جب پانی نصف سیر رہ جائے تو مل چھان کر روغن ارنڈ ۵ تولہ۔ روغن کنجد ۲۰ تولہ میں ڈال کر پکائیں۔ جس وقت تیل خالص رہ جائے تو سرد کرکے کٹھ ۶ ماشہ۔ سونٹھ ۵ ماشہ۔ موم دو تولہ ملالیں تیار ہے۔

ترکیب استعمال: بوقت ضرورت اس تیل کی مالش کریں اور اوپر روئی باندھ دیں اور گھنٹہ کے بعد کھول دیں۔ لیکن ہوا نہ لگنے پائے۔

فوائد: جھولا کے مایوس سے مایوس مریض کو بھی بفضلہ صحت ہو جاتی ہے۔ ہر مطلب میں تیار موجود رہنے کے لائق لاثانی روغن۔

---

[1] بیرونی طور پر مالش کرکے اوپر سے گرم روئی سے سینک دیں۔ دردکان و کم سنائی دینے کے لیے مفید ہے۔

(۳۹۴) روغن درد ہر قسم

روغن ہر قسم کے درد چوٹ وغیرہ کے لیے ٹنکچر آیوڈین سے بہتر اور زود اثر ہے

اجزاء و ترکیب ساخت : تیل مٹی ۸ تولہ۔ کافور ۲ تولہ۔ دونوں کو ایک شیشی میں ڈال کر رکھ دیں۔ ۲۴ گھنٹہ تک دونوں اشیاء حل ہو جائیں گی۔

ترکیب استعمال : جہاں درد ہو روئی سے لگائیں اور اوپر روئی باندھ دیں۔

فوائد : بفضلہ تعالیٰ منٹوں میں درد کافور ہو جائے گا۔ خواہ کسی قسم کا درد ہو دفع ہو جائے گا۔

نوٹ : اگر زیادہ تیز کرنا ہو تو اس کے اوپر نمک شیشہ اور پھٹکڑی سفید ہم وزن لے کر پیس لیں اور چھڑک دیں۔ علاوہ ازیں بھڑ، مکھی، بچھو وغیرہ کے کاٹے پر مل دینے سے تسکین ہو جاتی ہے۔ چنبل اور داد پر روزانہ لگواتے رہنے سے بھی قلع قمع کر دینے کا موجب بنتا ہے۔

(۳۹۵) روغن ہڑتال

یہ تیل جملہ امراض باردہ کے لیے از حد مفید ہے

اجزاء و ترکیب ساخت : ہڑتال زرد ۲ تولہ باریک پیس کر روغن بیدانجیر ۱۰ تولہ میں پکائیں۔ جب روغن سرخ ہو جائے تو عرق بیدانجیر ۱۰ تولہ ڈال کر پکائیں۔ جب پانی جل جائے عرق بھنگرہ سفید ۱۰ تولہ ملا کر پکائیں۔ تاکہ صرف روغن باقی رہ جائے۔

ترکیب استعمال : مقام ماؤف پر مالش کر کے برگ بیدانجیر یا پرانی روئی باندھ دیں۔

فوائد : سردی کی وجہ سے کوئی مرض پیدا ہو اس کے لیے یہ روغن ہڑتال مانند اکسیر ہے۔ ذات الجنب۔ نمونیا اور ہر قسم کے اوجاع کے لیے یہ روغن ایک قسم کا تریاق ہے۔ چوٹ وغیرہ کے لیے بھی نہایت اعلیٰ ہے۔ کئی بار اس کا تجربہ کر کے لوگوں نے از حد مفید پایا ہے۔

(۳۹۶) روغن بیخ احمر

بیخ احمر یا اصل الاحمر ایک نہایت لاجواب فوائد کی سرمایہ دار بوٹی ہے کہ ریگستانی علاقہ میں بکثرت پیدا ہوتی ہے۔ حتیٰ کہ اونٹوں کے چارہ کے کام آتی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: اس کی لال لال جڑوں کولے کر ذرا کوٹ کر شیشی میں ڈال کر اوپر سے روغن سرسوں اتنا ڈالیں کہ جڑوں سے کم از کم چار انگل تک اوپر آ جائے۔اس بوتل کو دھوپ میں رکھ دیں۔

دو تین یوم دھوپ میں رکھنے سے بیر بہوٹی کی طرح سرخ رنگ کا روغن تیار ہو جائے گا۔ چھان کر شیشی میں سنبھال رکھیں۔

ترکیب استعمال: گونہایت آسانی سے بلا قیمت تیار ہو جانے والا روغن ہے مگر فوائد کے لحاظ سے گراں قیمت روغنوں سے بازی لے جاتا ہے۔

نزلہ وزکام کے لیے سر پر مالش کریں۔

ذات الجنب و نمونیا کے لیے اس کی مالش نہایت مفید ثابت ہوتی ہے۔علاوہ ازیں جوڑوں کا درد۔عرق النساء وغیرہ کو بھی مفید ہے۔

مکمل فوائد اور بیخ احمر بوٹی کا علم حاصل کرنے کے لیے کتاب ''پاکستان و ہندوستان کی جڑی بوٹیاں'' نامی کتاب کا مطالعہ فرمائیں۔ جس میں چہار رنگی تصویر کے ذریعہ بوٹی کو اصلی شکل و صورت میں پیش کیا گیا ہے۔

(۳۹۷) روغن محمر

جو کہ اندرونی و بیرونی طریقہ سے استعمال ھو کر بفضلہ بے شمار امراض کے دفعیہ کا موجب بنتا ھے

اجزاء و ترکیب ساخت: روغن حب السلوک ایک تولہ۔ روغن مدار ۳ تولہ۔ روغن اسود۔یعنی سرسوں کا تیل ۱۰ تولہ ایک بڑی شیشی میں ملا کر خوب ہلائیں اور سنبھال رکھیں۔

ترکیب استعمال بطریقہ خوردنی: وجع المفاصل۔استسقاء۔آتشک۔برص۔ جذام وغیرہ کے لیے جب جلاب دینے کی ضرورت پیش آئے تو یہ بہترین جلاب ہے۔اس جلاب سے مرض کا زور ٹوٹ جاتا ہے۔اور اس کے بعد علاج نہایت آسانی سے کیا جا سکتا ہے۔ترکیب یہ ہے کہ اس روغن سے ۸ سے ۱۲ قطرے دودھ یا شربت وغیرہ میں ملا کر پلا دیں کافی دست آئیں گے۔

زیتونی طور پر: عرق النساء، وجع الورک۔ (سرین کا درد) ذات الجنب۔ وجع المفاصل وغیرہ کے لیے اس کی مالش بہت ہی مفید ثابت ہوتی ہے۔

نوبتی بخاروں: اور نوبت سے ہونے والے دردوں میں نوبت سے ایک گھنٹہ پیشتر مالش کی جائے۔ تو بفضلہ بسااوقات دورہ رک جاتا ہے۔

کھانسی کے لیے سینہ پر مالش کرنے سے بفضلہ آرام ہو جاتا ہے۔

(۳۹۸) روغن دفلی

بے شمار امراض کے لیے ایک بیش بہا اکسیری تیل جو کہ انجمن خادم الحکمت والوں کی مایہ ناز ایجاد ہے۔ یہ ایک نہایت ہی نفیس اور مفید ایجاد ہے۔ کیونکہ اس کی ایک چھوٹی سی شیشی بے شمار مرضوں کے ازالہ کے لیے اکسیری صفت رکھتی ہے اور پھر لطف یہ کہ اس کی قدر خوراک نہایت ہی قلیل ہے۔ نیز اندرونی و بیرونی طور پر استعمال کی جاتی ہے۔ میں پر زور سفارش کروں گا کہ کوئی گھر بلکہ کوئی جیب اس لاثانی دوا سے خالی نہیں ہونی چاہیے۔ ورنہ کم از کم کسی طبیب کا صندوقچہ اس مبارک دوا سے خالی نہ رہنا چاہیے کیونکہ میں نے اس کو بارہا آزما کر مفید پایا ہے۔

ھوالشافی: پوست بیخ کنیر سفید۔ پوست بیخ کنیر سرخ۔ ہر ایک ۵-۵ تولہ۔ ہر دو تازہ حاصل کر کے کچل ڈالیں۔ اور دو سیر گائے کے دودھ میں جوش دیں۔ اور بدستور معروف دہی جما کر مکھن نکالیں۔ اور اس مکھن کو کھرل میں ڈال کر اس میں تھوڑا تھوڑا شیر مدار ملاتے اور کھرل کرتے جائیں۔ یہاں تک کہ ملاتے ملاتے پورا دس تولہ شیر مدار شامل ہو جائے بعد ازاں دھتورہ کے پتوں کا پانی ۱۰ تولہ۔ روغن کنجد ۱۰ تولہ ملا کر آگ پر رکھیں۔ جب پانی جل کر محض تیل باقی رہ جائے تو اس کو مکھن والی دوا کے اندر ملا کر پھر آگ پر رکھیں۔ یہاں تک کہ پانی جل کر صرف تیل رہ جائے۔

ترکیب استعمال: چونکہ یہ دوا بے شمار مرضوں کے لیے مفید ہے۔ اس لیے ذیل میں ترکیب استعمال عام فہم طریقہ میں عرض کی جاتی ہے۔ جس سے استعمال کرنے میں سہولت ہو۔

امراض دماغ: مرگی' دردشقیقہ۔ بندنزلہ وغیرہ کے لیے کاپھل میں ملا کر یا ویسے ہی الٹا
نسوار کے استعمال کرائیں مفید ہے۔

امراض چشم: بتی کو روغن دفلی میں بھگو کر بدستور کاجل حاصل کریں اور سرمہ کے طور پر
آنکھوں میں لگائیں۔ تو باہمی چشم پلکوں کے بال اگانے میں بےحد مفید ہے۔

امراض کان: کان درد' پیپ آنا' بہرہ پن وغیرہ میں قدرے تیل ملا کر نیم گرم کر کے ۱۰۱
قطرے ہمیشہ ڈالا کریں۔

امراض فساد خون: داد۔ خارش۔ چنبل۔ پھوڑے۔ پھنسیوں کے لیے اوپر لگائیں۔
نیز اندرونی طور پر ایک قطرے سے تین قطرے تک کھانڈ یا حلوے میں دیں۔

بفضلہٖ تعالیٰ چند یوم کے استعمال سے فساد خون دور ہو کر خون صاف ہو جائے گا۔
جذام تک کو مفید ہے۔

ورم طحال' ورم جگر' باد گولہ' سوء القنیہ' استسقیٰ' کرم شکم' ہیضہ کے لیے ایک سے دو بوند
حد تین بوند بتاشہ میں کھلا کر اوپر سے مناسب عرق یا شربت پلا دیا کریں۔ مثلاً ورم جگر میں
عرق کاسنی یا مکو اور ہیضہ میں عرق اجوائن یا پودینہ وغیرہ دیں۔

عصبی امراض: فالج' لقوہ' خدر' رعشہ' تشنج وغیرہ میں مالش کرائیں اور کھلائیں ان شاء
اللہ ضرور بالضرور مفید ثابت ہوگا۔

بواسیر: بواسیر کے لیے دو قطرے یومیہ بالائی یا مکھن میں دیا کریں۔ اور روزانہ قضائے
حاجت کے بعد اوپر ملا کریں۔ ان شاء اللہ چند یوم میں سے بالکل نیست و نابود ہو جائیں
گے۔

بخار: وہ بخار جو لرزے سے آتے ہوں۔ یا نوبت سے تیسرے یا چوتھے روز آتے ہوں۔
ان سب کے لیے بخار آنے سے دو گھنٹہ پیشتر دے دینے سے بفضلہٖ شرطیہ بخار رک جاتا
ہے۔

زخم: روغن دفلی ایک حصہ۔ روغن کنجد تین حصہ ملا کر رکھیں۔ اور زخموں پر لگایا کریں ان شاء
اللہ بگڑے سے بگڑے زخم مندمل ہو جائیں گے۔

درد ہر قسم: اگر کسی متورم جگہ پہ روغن دفلی کی مالش کر لی جائے تو اگر ورم تحلیل ہونے

ہو تحلیل ہو جاتا ہے ورنہ بہت جلد پھٹ جاتا ہے۔

ا لو: بھڑ، تتیا، مکھی، بچھو وغیرہ کے کاٹنے کی جگہ مالش کر دینے سے نہ صرف یہ کہ ور ہو جاتی ہے بلکہ ورم بھی نہیں ہونے پاتا۔

کی غلط کاریاں: جلق وغیرہ کی وجہ سے جو حضرات اپنی طاقت کو برباد کر چکے ایسے حضرات عضو مخصوص پر مالش کریں۔ اور پھر اوپر برگ پان یا برگ ارنڈ باندھ اور صبح کھول کر گرم پانی اور صابون سے دھو کر تولیہ سے صاف کر دیا کریں۔ اسی طرح مالش کرتے رہیں۔

: خواہ گردہ میں ہو، خواہ مثانہ میں۔ اس کی دو سے تین بوند جوکھار اصلی میں رکھ کر لانے سے اوپر مالش کرنے سے بفضلہ چند روز میں ٹوٹ کر نکل جائے گی۔ غرضیکہ یہ لا جواب چیز ہے۔

باب : س

سرمہ جات

اشتہاری دنیا میں آج کل سرموں کی بھرمار ہے۔ جدھر دیکھو اخباروں اور رسالوں میں سرمے کے اشتہار دیواروں پر پوسٹر اور سپیشل سرمے کی تعریف میں لکھے ہوئے دور سے نظر آتے ہیں۔ اگر ایک موٹی سرمہ کے نام سے معنون کیا جاتا ہے تو دوسرے کو ماہیرے کا سرمہ مشہور کیا جاتا ہے۔ ایک کا کام اگر نابینا کو بینا کرنا ہے۔ تو دوسرے کا فعل دن کو ستارے دکھانا ہے۔

بہر کیف اشتہارات میں ان مبالغہ آرائیوں و لفاظیوں سے کام لیا جاتا ہے کہ بس توبہ ہی بھلی۔ حالانکہ ایسے لوگ بہت کم ہیں جو بیش بہا ادویات ڈال کر سرمہ کو تیار کریں ورنہ سب ہاتھی کے دانت کی طرح کھانے کے اور دکھانے کے اور والا معاملہ ہوتا ہے۔

مجھے ایک مشہور آدمی کی نسبت معلوم ہوا کہ وہ محض پسا ہوا سرمہ سیاہ شیشوں میں بند کر کے خوبصورت لیبل لگا کر اس زور سے فروخت کر رہا ہے کہ ملک میں ان کے ہزار ایجنٹ ہیں۔ اشتہار میں نامعلوم کن گراں بہا ادویات کا مرکب بتایا جاتا ہوگا۔ لہٰذا چاہیے کہ جہاں تک ہو سکے دوا کو خود تیار کرنا چاہیے تاکہ دوا بھروسہ کی تیار ہو اور اس میں نقصان کا بھی اندیشہ نہ ہو۔

دوسرے ایرے غیرے کی دواخصوصاً سرمہ پر کیا بھروسہ کیا جا سکتا ہے۔ ممکن ہے وہ ایسی مضر چیز ہو جس کے لگانے سے خدانخواستہ نظر کو نقصان پہنچ جائے۔

بنا بریں ہم ذیل میں بہتر سے بہتر سرموں کے نسخے پیش کرتے ہیں۔ جو دل چاہیے بنائیں ایسے عمدہ اور ایسے نفیس نسخے آپ کو یک جا طور پر کہیں نہ مل سکیں گے۔

(مؤلف)

(۳۹۹) سرمہ جواہرات (کحل الجواہر)

فوائد بصارت کو بے حد قوت دے کر عینک کی عادت چھڑانے والا لا جواب سرمہ

اجزاء و ترکیب ساخت: عقیق یمنی ایک ماشہ، زمرد سبز ایک ماشہ، ورق نقرہ ۶ ماشہ، ورق طلاء ۹ ماشہ، مروارید ناسفتہ ایک ماشہ، یاقوت رمانی ایک ماشہ۔ فیروزہ سبز ایک ماشہ۔ ممیرا چینی ایک ماشہ، خبث الحدید ایک ماشہ، چاکسو مقشر ایک ماشہ۔ برادہ مس ایک ماشہ و الاروت ایک ماشہ۔ دانہ افرنگ ایک ماشہ، کھرل ساق میں سونف کے پانی کے ساتھ کھرل کریں۔

ترکیب استعمال: سونے یا چاندی کی سلائی کے ساتھ بطور سرمہ لگائیں۔

فوائد: یہ جواہراتی سرمہ ضعف بصر کے لیے نہایت عمدہ اور کئی بار آزمودہ ہے۔ چند روز کے استعمال سے عینک کی عادت چھڑا دیتا ہے۔ اس کے اجزا سے ہی آپ معلوم کر سکتے ہیں کہ یہ سرمہ کس قدر فوائد کا حامل ہے۔

تندرست حضرات بھی اگر اس مبارک سرمہ کا استعمال کرتے رہیں تو بفضلہٖ دولت بصارت سے تمام عمر مالا مال رہیں۔

(۴۰۰) سرمہ سلیمانی

یہ سرمہ بفضلہٖ تعالیٰ آنکھوں کے تمام امراض کی بے خطا دوا ہے۔ دھند، جالا، پھولا، آنکھوں سے پانی بہنا۔ پڑوال۔ ابتدائی موتیا بند کرنے کے لیے بے حد مفید ہے۔ نظر کو تیز کر دیتا ہے۔ تقریباً پہلے روز ہی فائدہ معلوم ہونے لگتا ہے۔

ھوالشافی: سیسہ مصفیٰ ۵ تولہ کڑاہی میں رکھ کر پگھلا دیں۔ اور فوراً ہی پارہ مصفیٰ شامل کر دیں۔ گندھک مصفیٰ باریک شدہ کی چٹکی دیتے رہیں۔ یہاں تک کہ سات تولہ خرچ ہو جائے۔ سیسہ و پارہ سیاہ رنگ کا کشتہ ہو جائے گا۔ اب تھوڑی دیر اور آگ جلاتے رہیں تا کہ گندھک کی بو ذرا سی بھی نہ رہ جائے۔ پھر ذرا سرد کر کے کپڑے میں چھان لیں اور پھر

ل نیم کی سبز لکڑی جو انگوٹھے کے برابر موٹی ہو پھراتے رہیں اور باری باری چٹکی دیتے رہیں۔

حسب ذیل ادویات بہت خالص دمحمہ ملا کر کھرل کرتے رہیں۔بس تیار ہے۔ا
ہیں:

قلفل دراز ایک ماشہ۔تخم سرس سیاہ ۶ ماشہ۔تخم نیل ۶ ماشہ۔ مامیرا چینی ۶ ماشہ۔
خالص ایک ماشہ۔ ورق سونا دو رتی۔ ورق چاندی ایک ماشہ۔ اور خوب باریک ہو
کافور بھیم سینی بڑھایا یا کافور دیسی ملا کر شیشی حفاظت سے رکھیں۔

ترکیب استعمال: رات کو سوتے وقت تین تین سلائی اللہ کا نام لے کر ڈال کر
رہیں۔

فوائد: تمام سرموں کا بادشاہ ایک ہی دن میں اثر دکھانے والا سرمہ ہے جو کہ دواخا
سلیمانی میں ہر وقت تیار ملتا ہے۔خود تیار کریں یا ہمارے دواخانہ سے طلب فرمالیں۔ ہا
ہم خالص ہونے کے ذمہ دار ہیں۔ (کنزالمجربات جلد اول)

(۴۰۱) سرمہ حمیدیہ

اس نام سے ایک سرمہ ہمارے دواخانہ سلیمانی سے مشتہر ہو کر خاص خاص لوگوں
کے لیے تیار ہو رہا ہے۔جو کہ بھیم سینی کافور۔ جو ہرا ربعہ۔ سرمہ اصفہانی۔ مامیرہ خالص۔
مروارید ناسفتہ ایسے بیش قیمت اجزا سے مرکب ہے۔اس نسخہ کے لیے ملاحظہ ہو
(کنزالمجربات جلد دوم)

(۴۰۲) سرمہ جواہر

**ضعف بصر - نزول الماء - دھند - جالا - ککرہ - آنکھوں کی جلن - ناخونہ
وغیرہ کے لیے اکسیر الاثر ھے**

اجزاء و ترکیب ساخت: سرمہ سیاہ دو تولہ۔ شورہ قلمی ا تولہ۔ سرد چینی۔ دانہ الائچی
خورد۔ سمندر جھاگ۔ نوشادر۔ طباشیر۔ ورق نقرہ۔ ہر ایک تین ماشہ۔ جوکھار ۳ ماشہ۔
عقرقرحا ۳ ماشہ۔ پھٹکوی سفید ۶ ماشہ۔ مصری کوزہ ۶ ماشہ۔ نمک سفید ۶ ماشہ۔ مروارید
ناسفتہ ایک تولہ۔ جملہ ادویات کو ۱۲ یوم تک ہمراہ عرق گلاب کھرل کریں۔

ترکیب استعمال: رات کو سوتے وقت ہمراہ سلائی چاندی لگایا کریں۔

فوائد : مذکورہ بالا امراض کے لیے اسراری سرمہ ہے۔

(۴۰۳) سرمہ نوری

یہ عجیب و غریب اور آنکھوں کو منور کرنے والا سرمہ حکیم نور الدین صاحب قادیانی کے خاص مجربات سے ہے

اجزاء و ترکیب ساخت : زعفران خالص۔ افیون خالص ہر ایک ڈیڑھ ماشہ۔ زنگار۔ سرمہ سیاہ۔ لونگ۔ سمندر جھاگ۔ سبز کانچ۔ میل سونا۔ میل چاندی۔ ہر ایک ۳ ماشہ۔ ہست کا پھول عمدہ سوا نو تولہ۔ سب اجزا کو الگ الگ باریک پیس چھان کر آپس میں ملا لیں اور محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال : صبح و شام دو سلائی آنکھوں میں ڈالیں۔

فوائد : آنکھوں کو بفضلہٖ ہر بلا سے محفوظ رکھتا ہے۔ علاوہ ازیں ککرے، خارش چشم اور سفیدی چشم کے لیے خصوصاً مجرب اور اعلیٰ چیز ہے۔

(۴۰۴) سرمہ نظر افزا (غریبانہ)

اجزاء و ترکیب ساخت : ہلدی خام ۴ تولہ۔ شورہ قلمی ۱ تولہ۔ ہر دو ادویہ کو باریک مثل سرمہ کرلیں۔

ترکیب استعمال : رات کو سوتے وقت دو سلائی ڈالیں۔

فوائد : دھند، جالا و پھولا وغیرہ کو دور کر کے نظر کو تیز اور آنکھوں کو صاف کرتا ہے یہ سرمہ گویا آنکھوں کے جملہ امراض کے لیے تیر بہدف ہے۔ غریب لوگ بنا کر ضرور فائدہ اٹھائیں۔

(۴۰۵) سرمہ نافع الغربا

یہ سرمہ آنکھوں کی خارش کی لیے اکسیر صفت ہے

اجزاء و ترکیب ساخت : کوئلہ درخت کیکر۔ مرچ سیاہ۔ نیلا تھوتھا۔ سرمہ سیاہ۔ مساوی الوزن باریک مانند غبار کرلیں اور شیشی میں محفوظ رکھیں یا اگر ہو سکے تو شیشی کو چالیس روز میں دفن کر کے نکال کر استعمال کریں۔

ترکیب استعمال: دن میں دو بار سلائی سے آنکھوں میں لگائیں۔ آنکھوں کو لگانے کے بعد جب لگنے سے ذرا آرام ہو۔ سرد پانی کے چھینٹے مار کر آنکھوں کو صاف کر لیں۔

فوائد: آنکھوں کو تمام آلائش سے پاک وصاف کر کے روشن کر دیتا ہے۔ اس کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ غریب بھائیوں کے لیے ایک نادر تحفہ ہے۔ ذرا سے وقت میں تھوڑی محنت کے ہر وقت تیار ہونے والا اکسیر الاثر سرمہ ہر گھر میں ضرور موجود رہنا چاہیے۔ آنکھوں کی تمام بیماریاں مثلاً پھنسیاں پیدا ہونا۔ گندہ پانی جاری رہنا وغیرہ دو تین روز میں سب علامتیں موقوف ہو جاتی ہیں۔ علاوہ ازیں دھند، جالا، ککرہ، ضعف بصارت کے لیے بھی اکسیر صفت ہے۔

خواہش مند ثواب دارین اس سرمہ کو بنا کر مفت تقسیم کریں۔ اور غیر مستطیع لوگوں سے دعائیں لے کر عاقبت کے لیے ذخیرہ جمع کریں۔

(۴۰۶) سرمہ شفاء العین

یہ سرمہ ضعف بصارت کو دور کر کے نظر کو تیز اور آنکھوں کو روشن کرتا ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: کشتہ جست ۲ تولہ۔ پھٹکری سوختہ ایک تولہ۔ صدف کلاں سوختہ ۵ تولہ۔ مصری کوزہ ۵ تولہ۔ کشتہ مرجان ۶ ماشہ۔ ورق نقرہ ۵ عدد۔ عرق گلاب ۵ تولہ۔ عرق سونف ۵ تولہ۔ سب کو کھرل کر کے خشک کریں۔

ترکیب استعمال: تین سلائی ہر دو جانب روزانہ استعمال کرائیں۔

فوائد: اگر اس سرمہ کو روزانہ بلاناغہ استعمال میں لایا جائے تو نظر کو تیز کر کے بفضلہ عینک کی عادت چھڑا دیتا ہے۔ امیر وغریب سب اس کو بنا کر فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

(۴۰۷) سرمہ رفیق چشم (امیرانہ)

اجزاء و ترکیب ساخت: سرمہ سیاہ مصفی ۱۰ تولہ۔ مروارید ناسفتہ ایک تولہ۔ مشک خالص ۳ ماشہ کشتہ جست ۱ تولہ۔ کشتہ تانبا ۱ تولہ۔ سرد چینی ایک تولہ۔

جملہ اشیاء کو باریک پیس کر عرق گلاب، آب برگ کیلا۔ آب سرس مقطر۔ آب برگ چنبیلی میں برابر سات روز کھرل کریں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔

ئد : یہ سرمہ اگرچہ محنت طلب اور قیمتی ہے۔لیکن فوائد میں لاثانی ہے۔ ہر قسم کے ں چشم کو دور کرتا ہے۔امیر لوگ اسے ضرور تیار کر کے استعمال کریں۔

(۴۰۸) سرمہ بصارت افروز (طلائی لولوی)

اجزاء و ترکیب ساخت : مروارید ناسفتہ ۳ تولہ۔ ورق طلاء ایک تولہ نہایت عمدہ کھرل ڈال کر بائیس روز خشک ہی کھرل کریں۔اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: بطور سرمہ آنکھوں میں لگائیں۔

فوائد : اگرچہ یہ سرمہ قیمتی اجزا کا مرکب ہے۔لیکن یہ بات بھی ہے کہ فوائد میں اپنا ثانی نہیں رکھتا۔موتیابند۔ضعف بصر کے لیے لاثانی سرمہ ہے۔

(۴۰۹) سرمہ تسکین چشم

یہ سرمہ گرم مزاج آدمیوں کے لیے نہایت مفید ھے

اجزاء و ترکیب ساخت : سرمہ سفید ۵ تولہ۔ پھٹکڑی بریاں ۶ ماشہ۔قلمی شورہ ۶ ماشہ۔ سرد چینی ۶ ماشہ۔ سمندر جھاگ ایک تولہ۔ جملہ ادویات کو باریک پیس کر عرق گلاب میں قدرے ڈال ڈال کر تین روز تک کھرل کریں۔

ترکیب استعمال: روزانہ رات کو سوتے وقت آنکھوں میں لگائیں۔

فوائد : جن لوگوں کی آنکھیں جلتی رہتی ہوں یا گرمیوں میں جن اصحاب کو آشوب چشم کا عارضہ ہو جاتا ہے۔ان کے لیے یہ سرمہ نہایت عجیب و غریب نعمت ہے۔

(۴۱۰) سرمہ بیاض

یہ سرمہ بیاض (آنکھوں کی سفیدی) کے لیے بلا شا کا مجرب ھے

اجزاء و ترکیب ساخت : پرانی چینی ایک تولہ لے کر ثمر نیم پختہ کے رس ۵ تولہ میں آٹھ روز کھرل کریں اور شیشی میں بھر کر رکھ لیں۔

ترکیب استعمال: بوقت ضرورت ایک ایک سلائی آنکھوں میں لگائیں۔

فوائد : اس سرمہ سے جالا پھولا ایک دن میں کٹ جاتا ہے۔دیگر امراض چشم میں بھی بے حد مفید ہے۔

(۴۱۱) سرمہ نور چشم

اس سرمہ کا متواتر استعمال عینک چھڑا دیتا ھے

اجزاء و ترکیب ساخت: سرمہ کو چاندی کی طرح ڈھلوائیں۔ اس طرح صاف ہو جائے گا پھر تمام روز خشک کھرل کریں۔ رات کو کھرل پانی سے بھر کر رکھیں۔ صبح نتھارلیں۔ اسی طرح تین روز کریں۔ پھر بحساب فی تولہ ایک ماشہ سیماب ملا کر کھرل کریں۔ پھر ورق نقرہ ۱۰ عدد۔ ورق طلاء ۵ عدد ملائیں۔ اخیر میں مروارید ناسفتہ ایک ماشہ ملا کر کھرل کریں۔ سب ادویہ بحساب ایک تولہ سرمہ کے ہونی چاہئیں۔

ترکیب استعمال: رات کو سوتے وقت ایک ایک سلائی آنکھوں میں لگائیں۔

فوائد: نہایت درجہ کا مقوی بصر۔ آنکھوں کو روشن اور گرد و غبار سے پاک کرتا ہے۔ اس کا روزانہ استعمال عینک کی عادت چھڑا دیتا ہے۔ نہایت عمدہ اور لاجواب سرمہ ہے۔

(۴۱۲) سرمہ شفاء العین

یہ سرمہ بے نظیر آنکھوں کی خارش- جرب الاجفان و سرخی چشم وغیرہ کے لیے لاجواب نسخہ ھے

اجزاء و ترکیب ساخت: سمندر جھاگ، کشتہ جست، سفیدہ ہم وزن۔ ہر سہ کو باریک کھرل کریں۔ اور زنگار تھوڑا تھوڑا سا ڈال کر دوبارہ کھرل کریں۔ حتیٰ کہ رنگ سبزی مائل ہو جائے۔

ترکیب استعمال: ایک یا زیادہ سے زیادہ دو سلائی ایک آنکھ میں ایک وقت لگائیں بس کافی ہے۔

فوائد: یہ سرمہ جرب الاجفان (پپوٹوں کی پھنسیاں) خارش و سرخی چشم، دمعہ اور ڈھلکہ وغیرہ کے لیے بے حد مفید ہے۔

(۴۱۳) سرمہ مقوی بصر بے نظیر

یہ سرمہ لاہور کے مشہور و معروف حکیم جناب مفتی سلیم اللہ خاں صاحب مرحوم کا معمول و مجرب ہے۔ آنکھوں میں روشنی پیدا کر کے عینک کو چند روز میں چھڑا دیتا ہے۔

...ں میں ٹھنڈک پیدا کرتا ہے۔ اس کے فوائد اس کے استعمال سے خود بخود معلوم ہو ... ہیں۔ اگر اس کا روزانہ بلا ناغہ استعمال کیا جائے تو آنکھوں کو ہر مرض سے محفوظ رکھتا ...

اجزاء و ترکیب ساخت: سرمہ اصفہانی ۲ تولہ۔ تخم ٹیل۔ کباب چینی۔ ہر ایک ۶ ... سیماب ۲ ماشہ۔ تمام ادویہ کو کھرل کر کے کافور ۲ ماشہ۔ اور روح کیوڑہ ۲ تولہ کے ساتھ ... مناسب وقت تک دوبارہ کھرل کریں۔

ترکیب استعمال: صبح اور رات کو سوتے وقت منہ اور آنکھوں دھو کر ایک ایک سلائی ہر ... استعمال کریں۔

فوائد: آنکھوں کے جملہ امراض کے لیے بے نظیر سرمہ ہے۔

(۴۱۴) سرمہ اصفہانی خاص

از جناب حکیم محمد عالم زیب صاحب' لال کنواں' لکھنؤ

اس سرمہ کے استعمال سے بفضلہ نابینا بھی بینائی جیسی نعمت سے مالا مال ہو جائے گا۔

اجزاء و ترکیب ساخت: توتیا ہندی ۳ ماشہ۔ سرمہ اصفہانی ۷ ماشہ۔ کافور قیصوری ۳ ماشہ۔ نمک اندرانی ایک ماشہ ۲ رتی۔ بلیلہ زرد ۵ عدد۔ کافور۔ زعفران اور نمک کے سوا تمام اشیاء علیحدہ علیحدہ باریک کر کے طشتری کانچ یا خالص چینی میں رکھ کر اس قدر پانی ڈالیں کہ تین تین انگل اوپر آ جائے۔ صبح کو مل چھان کر باریک شدہ ادویہ میں ملا کر قلعی والے برتن میں پکائیں حتیٰ کہ تین حصہ پانی جل کر ایک حصہ رہ جائے تو اتار لیں۔ اور کھرل میں ڈال کر خوب کھرل کریں خشک ہونے کے بعد پہلے زعفران ڈال کر گھوٹیں۔ بعدۂ مشک ڈالیں۔ ... کافور قیصوری ڈال کر متواتر آٹھ روز تک کھرل کریں۔ اس کے بعد تیار رہے۔

ترکیب استعمال: صبح و شام دو دو سلائی خدا کا نام لے کر لگائیں۔

فوائد: اللہ تعالیٰ اس بے نظیر سرمے کے استعمال سے بہت جلد شفا دے گا۔ اور نابینا بھی بینائی جیسی نعمت حاصل کرے گا۔

یہ نسخہ ایک بزرگ ہستی کا ہے۔ اگر چہ وہ خود تیار نہیں کرتے۔ لیکن ان کے اکثر مریدوں

نے بارہا اس سرمہ کا تجربہ مختلف لوگوں پر کر کے از حد اکسیر صفت پایا ہے۔ تجربہ کریں۔

(۴۱۵) سرمہ منظور چشم

اس سرمہ کے استعمال سے آنکھوں میں روشنی پیدا ہو کر عینک کی عادت چھوٹ جاتی ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: توتیا ہندی ساڑھے ۳ ماشہ۔ نمک لاہوری ساڑھے چار چاول۔ کافور بھیم سینی اعلیٰ ڈیڑھ ماشہ۔ ہلیلہ زردہ ۵ عدد۔ سرمہ اصفہانی ۷ ماشہ۔ بوقت شب ہلیلہ کو جوکوب کر کے چینی کی پیالی میں ڈال کر اس پر پانی اس قدر ڈالیں کہ تین انگلی تک اوپر آ جائے۔ صبح کو چھان کر رکھیں باقی سب اشیاء کو علیحدہ علیحدہ خوب باریک پیس کر ملا لیں۔ اور ایک قلعی برتن میں ڈال کر اوپر سے آب مقطر ہلیلہ ڈال کر نہایت نرم آنچ سے پکائیں۔ جب تین حصہ پانی جل جائے۔ تب اتار کر چھان لیں۔ اور کھرل کرتے جائیں۔ اسی طرح ایک ہفتہ کھرل کرنے کے بعد حریر کے کپڑے میں ۹ مرتبہ چھان لیں۔ بس تیار ہے۔ محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: صرف غروب آفتاب کے وقت آنکھوں میں لگائیں۔

فوائد: اگر آنکھ میں پانی اتر آیا ہو گا تو فوراً رک جائے گا۔ اور اللہ تعالیٰ آنکھوں کی روشنی کو واپس کر دے گا۔ اور آنکھ بفضل مثل جوانوں کے تندرست ہو جائے گی۔ دھند' جالا' ناخونہ اور ضعف بصر کو بھی مفید ہے۔

نوٹ: یہ سرمہ شاہان سلف سے سینہ بہ سینہ پہنچتا ہوا ہمیں بھی کسی طرح مل گیا ہے۔ اور بدیہ قارئین ہے۔

(۴۱۶) سرمہ جواہر سلطانی

از جناب حکیم محمد عالم زیب صاحب لال کنواں' لکھنؤ

یہ سرمہ دواخانہ سلطانی لکھنؤ سے بکثرت نکلتا ہے۔ بلحاظ فوائد یہ سرمہ اپنی نظیر آپ ہے' تجربہ خود بتادے گا کہ یہ کسی عجیب وغریب چیز ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: لعل بدخشی۔ فیروزہ نیشاپوری۔ مارقیشیا ذہبی۔ ورق طلاء

گلاب محلول۔ دہنہ فرنگ۔ صمغ عربی (گوند کیکر) سادہ نخ عددی مغسول۔ توتیائے کرمانی۔
آب غورہ پرورده۔ اس کا بدل سنگ بصری مدبر ہے۔ اقاقیا مغسول۔ حضض مکی۔ رسوت
مکی۔ پوست ہلیلہ زرد۔ انزروت سفید مدبر بہ شیر خر۔ ہر ایک ایک تولہ۔ چینی سفید ۷
ماشہ۔ سرمہ مدبر و مغسول ۱۱ تولہ ۸ ماشہ۔ اول عرق سبز برگ سونف ایک سیر۔ گلاب قند پاؤ
بھر۔ عرق کیلا پاؤ بھر۔ بلیلہ، بلیلہ، آملہ۔ ہر ایک چھٹانک سب کو کوٹ کر ہر سہ عرق میں بھگو
دیں۔ صبح کو اس کا عرق کشید کرلیں۔

کشید کردہ عرق سے ڈیڑھ پاؤ عرق لے کر سرمہ سیاہ مدبر مغسول ۱۱ تولہ لے کر کھرل
ساق میں ڈال کر کھرل کرتے جائیں۔ اور قطرہ قطرہ عرق مذکور ڈالتے جائیں۔ اسی طرح
۱۲ گھنٹہ تک روزانہ کھرل کریں۔ بیس روز کے بعد جواہرات بدستور جدا جدا صلایہ کر کے باقی
جملہ ادویات کو کوٹ کر باریک کر کے کپڑا حریر سے چھان لیں۔ پھر سب کو ملا کر خوب کھرل
کریں ۷ روز کے بعد تیار سمجھیں۔

نوٹ: عرق بیس روز میں جس قدر سرمہ میں جذب ہو جائے کافی ہے باقی محفوظ رکھیں۔

فوائد: یہ سرمہ سب امراض چشم کے لیے اکسیر اعظم ہے۔

ترکیب استعمال: بوقت شب سونے سے قبل ۲۔۳ سلائی لگایا کریں۔ دو ہی روز میں
فائدہ معلوم ہوگا۔

(۴۱۷) سرمہ سیماب نوشادری

یہ سرمہ بفضلہ جملہ امراض چشم کے لیے تیر بہدف اور مجرب ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: پھٹکڑی سفید ۳ تولہ۔ سیماب ۱ تولہ۔ نوشادر ایک تولہ۔ توتیا
سبز ۳ ماشہ پہلے پھٹکڑی کو توے پر رکھ کر نیچے آگ جلائیں۔ جب پگھلنے لگے تو پارہ ڈال
دیں۔ بعدہ نوشادر باریک شدہ ڈال دیں۔ بعدۂ توتیا باریک شدہ ڈال دیں۔ اور ایک منٹ
کے بعد پھٹکڑی والی ٹکیہ کو اتار دیں۔ جب پھول جائے کھرل کر کے شیشی میں نگاہ رکھیں۔

ترکیب استعمال: بوقت ضرورت بذریعہ سلائی یا چٹکی آنکھ میں ڈال دیں۔

فوائد: جملہ امراض کو از حد مفید ہے۔ مثلاً دھند۔ جالا۔ سرخی۔ آشوب چشم وغیرہ کیلئے۔

(۴۱۸) سرمہ محبوب العین

از جناب حکیم غلام محمد صاحب برناله

اجزاء و ترکیب ساخت : بلیلہ سیاہ ایک عدد لے کر ایک حنظل میں رکھیں۔ جب ۱۱ حنظل خشک ہو جائے تو دوسرے حنظل میں رکھیں۔ حتیٰ کہ سیاہ رنگ کا ہو جائے۔ بعد ازاں گرم سے دھو کر خوب کھرل کریں۔ اور دوران کھرل میں مندرجہ ذیل اشیاء شامل کر لیں۔ اور خوب سحق کر کے سرمہ بنائیں۔

کف دریا ۳ ماشہ۔ تخم سرس ۳ ماشہ۔ سرمہ اصفہانی ۳ ماشہ۔

ترکیب استعمال : بوقت ضرورت ۲۔ ۳ سلائی ہر دو آنکھ میں لگائیں۔

فوائد : جملہ امراض چشم کے لیے نافع ہے۔ ضعف بصر کو خصوصاً مفید ہے۔

(۴۱۹) تحیر خیز سرمہ

اکسیر الاثر۔ تحیر خیز اعجوبات میں سے سرسام کی عجوبہ روزگار دوائی

اجزاء و ترکیب ساخت : مور کی دم کے پر (جو کناروں پر ہوتے ہیں) ۵ تولہ۔ سنبل کی روئی ۵ تولہ۔ روغن گل ۵ تولہ۔ گل چنبیلی ایک رتی۔ مرچ سیاہ ایک رتی۔ گل کنجد ایک رتی۔ بچ ایک رتی۔ کنگی ایک رتی۔ مشک سفید ایک رتی۔ اول مور کی دم کو سنبل روئی میں لپیٹ کر روغن گل سے کاجل اتاریں۔ اور باقی اشیاء کے ساتھ کھرل کریں۔

ترکیب استعمال : بوقت ضرورت سلائی کے ساتھ آنکھ میں لگائیں۔

فوائد : آنکھوں کا دماغ کے ساتھ ایک زبردست تعلق ہے۔ چنانچہ یہ سرمہ دماغ میں پہنچ کر دماغ کے ورم کو کم کر کے مریض کے ہذیان کو کم کر دیتا ہے۔ اور ایک دو بار کے استعمال سے دماغ صحیح ہو کر مریض بالکل تندرست ہو جاتا ہے۔ طب یونانی کا یہ معجزہ مجربہ ہر جگہ کامیاب ہوتا ہے۔ سنیاسیوں اور یوگیوں کا معمول اور مجرب ہے۔

(۴۲۰) سرمہ طلسماتی

اس سرمہ کے آنکھ میں ڈالنے سے بخار اور سر سام کو آرام ہو جاتا ہے

اجزاء و ترکیب ساخت : مغز جمال گوٹہ مدبر مقشر ۱۰ ماشہ۔ فلفلین۔ سیماب۔ آملہ

ہر ایک ۴ ماشہ۔ سب کو خوب باریک پیس کر پانی اس قدر ڈالیں کہ دو انگل اوپر آ جائے کر کے خوب باریک کر کے بطور سرمہ لگائیں۔

فوائد: جس طرف آنکھ میں لگائیں گے۔ اس طرف کا بخار اور سرسام دور ہو جائے گا۔

(بیاض قلمی حکیم نوردین صاحب)

(۴۲۱) سرمہ بخار

یہ نعیر خیز سرمہ بخار۔ تجاری بخار کے لیے تیر بہدف اور مجرب ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: جالا عنکبوت سفید رنگ جو عام گھروں میں دیواروں اور کواڑوں پر لگے ہوتے ہیں۔ یہ جس قدر دستیاب ہوں۔ ہر ایک جالا علیحدہ علیحدہ روغن گاؤ میں آلودہ کر کے ایک کوزہ میں تہ جماتے جائیں۔ سب جما کر منہ کوزہ پر سرپوش و گل حکمت کر کے خفیف آگ دیں۔ بعد سرد ہونے کے نکالیں۔ سیاہ راکھ ہو گی۔ پیس کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: مریض بخار تجاری کی آنکھ میں سرمے کی طرح لگائیں۔ اول تو امید ہے پہلی دفعہ لگانے سے بخار کا فور ہو جائے گا۔ ورنہ حد تین دفعہ لگانے سے بخار دور ہو جائے گا۔

سفوف

تعریف: سفوف اس کو کہتے ہیں جو خشک حالت میں ہو اور ایک یا چند ادویہ کو باریک پیس کر تیار کی جائے۔ ویدک میں سفوف کو چورن کہتے ہیں۔

سفوف کی قوت کتنی مدت قائم رہتی ہے؟

اس کے متعلق حکماء کا اختلاف ہے۔ بعض کا خیال ہے کہ دو ماہ کا عرصہ گزرنے کے بعد سفوف میں قوت کم ہو جاتی ہے۔ مگر ارسطاطالیس ایک سال تک سفوف کی قوت باقی رہنے کے قائل ہیں۔ واللہ اعلم بالصواب

بہر کیف سفوف کو بہت زیادہ مقدار میں نہ بنانا چاہیے۔ خصوصاً موسم برسات کے

دنوں میں تو چونکہ بہت جلد سفوف کی قوت زائل ہو جاتی ہے۔لہٰذا ان ایام میں اتنی ہی بنائی جائے جو ہفتہ عشرہ میں استعمال کرائی جائے۔

سفوف کی تیاری کے متعلق چند ھدایات

(۱) اگر سفوف میں سخت ادویہ از قسم حجریات وغیرہ ملانا مقصود ہوں تو ان کو پہلے علیحدہ کھرل میں باریک پیس لیں، پھر دوسری ادویات باریک شدہ ملالیں۔

(۲) رومی مصطگی کو شامل کرنا ہو تو اس کو تنہا کھرل میں ڈال کر بالکل ملائم ہاتھ سے کھرل کریں، ورنہ زور دار ہاتھوں سے کھرل کرنے کی صورت میں بجائے باریک ہونے کے کھرل کے ساتھ ہی چٹ کررہ جائے گی۔

(۳) زعفران، کافور یا مشک، زرشک وغیرہ سفوف میں ملانا چاہیں۔تو پہلے دوسری ادویات کا سفوف تیار کرکے پھر ان کو شامل کریں۔اور اس حد تک کھرل کریں کہ باہم خوب مل جائیں۔(مؤلف)

(۴۲۳)سفوف تریاق دماغ

زود اثر، بر تاثیر عجیب و غریب مقوی دماغ سفوف

اجزاء و ترکیب ساخت : تخم خشخاش۔مغز تربوز۔مغز خیار۔مغز کدو۔مغز بادام ۵۔ ۵ تولہ۔کتیرا۔گاؤ زبان۔گل سرخ، اسطوخودوس۔طباشیر۔الائچی خورد۔الائچی کلاں، تخم سونف۔تخم کشنیز ہر ایک ایک تولہ۔ہلیلہ۔ہر سہ قسم ہر ایک ۴تولہ۔بلیلہ ۴تولہ۔آملہ چار تولہ۔ ورق نقرہ دفتری۔جملہ ادویات کو کوٹ چھان کر بدستور سفوف بنائیں۔

ترکیب استعمال: ایک تولہ ہمراہ شیر گاؤ بوقت صبح۔

فوائد : یہ بے نظیر سفوف اپنے فوائد کے لحاظ سے اپنا ثانی نہیں رکھتا۔دماغ کے جملہ امراض مثلاً نسیان، ضعف دماغ، سر چکرانا وغیرہ دور ہو کر چہرہ ہشاش بشاش اور سوچنے کی قوت پیدا ہو جاتی ہے۔ہر لحاظ سے بفضلہٖ یہ سفوف اپنا ثانی نہیں رکھتا۔علاوہ ازیں نزلہ، زکام کو دور کرنے کے لیے بھی بہترین دوا ہے۔

(۴۲۳) سفوف اصل السوس

جو کہ نزلہ، زکام، کھانسی اور دمہ کو دور کرنے میں بفضلہ تعالیٰ بلا ضرر اور آسان نسخہ ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: اصل السوس مقشر (ملٹھی چھلی ہوئی) ۲ تولہ۔ سونف ایک تولہ، شکر سفید ۳ تولہ۔ جملہ ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

ترکیب استعمال: نو ماشہ ماہ بیساکھ میں شروع کریں۔ اور ماہ ساون تک کھاتے رہیں۔

فوائد: دائمی نزلہ وزکام کو دور کرتا ہے۔ دماغ کو قوی کرتا ہے۔

اگر تندرست حضرات استعمال کریں تو بفضلہٖ نزلہ وزکام وضعف دماغ کے ہونے سے بچے رہیں گے۔

(۴۲۴) سفوف کشنیز

نزلہ کے لیے از حد مفید ہے۔ دماغ کی خشکی کو زائل کرتا ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: کشنیز خشک مقشر۔ تخم کاہو۔ تخم خشخاش ہر ایک نو ماشہ۔ ملٹھی۔ سونف۔ دار چینی۔ ہر ایک ساڑھے چار ماشہ۔ سب کو کوٹ کر چھان کر سفوف بنائیں۔

ترکیب استعمال: ۹ ماشہ ہمراہ دودھ بوقت صبح کھلائیں۔

فوائد: دماغ کو قوی کرنے اور خشکی دور کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

(۴۲۵) سفوف مقوی دماغ

جو قوت حافظہ کو تیز کرنے اور دماغ کو قوت پہنچانے میں عجیب الاثر ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: چاول سونف ۵ تولہ۔ چاول کشنیز ۵ تولہ۔ دانہ الائچی کلاں ۵ تولہ۔ مغز بادام مقشر ۵ تولہ۔ مصری ۵ تولہ۔ سب کو باہم ملا کر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: ایک تولہ روزانہ رات کو سوتے وقت ہمراہ دودھ دیں۔

فوائد: یہ دوا مقوی دماغ، مقوی حافظہ، ہاضمہ کو درست کرتی اور بھوک بڑھاتی ہے ایسے

لوگ جو دماغی کام کرتے رہتے ہیں۔ان کے لیے ایک نعمت غیر مترقبہ ہے۔

(۴۲۶) سفوف فلفل کندش والا دافع نسیان

یہ سفوف دماغ کو تقویت دینے اور حافظہ درست کرنے میں اکسیر ھے

اجزاء و ترکیب ساخت : مرچ سیاہ ایک سیر سفوف بنائیں اور روغن گاؤ (گھی) اسیر میں بریاں کر کے سرخ کر لیں۔ بعدۂ شکر تری ایک سیر ملائیں اور نیچے اتار کر آدھ پاؤ کندش کے سفوف کا اضافہ کریں۔

ترکیب استعمال : ۶ ماشہ صبح وشام موسم سرما میں استعمال کریں۔

فوائد : موسم سرما میں استعمال کرنے والا یہ سفوف دماغ کی جملہ بیماریوں کو دور کر کے دماغ کو قوت اور حافظہ کو قوی کرتا ہے۔ نزلہ زکام نسیان وغیرہ کی عجیب وغریب دوا ہے۔

(۴۲۷) سفوف زنجبیل دافع نسیان

یہ سفوف دماغ کو تقویت دینے اور حافظہ بڑھانے میں بے عدیل ھے

اجزاء و ترکیب ساخت : فلفل دراز ڈیڑھ پاؤ کو دھو کر شیر گاؤ خالص ایک سیر میں جوش دیں۔ تا کہ تمام شیر جذب ہو جائے۔ پھر سایہ میں خشک کر لیں۔ زنجبیل (سونٹھ) مرچ سیاہ ہر ایک ایک پاؤ۔ مصری سفید ایک سیر۔ سب کو کوٹ کر سفوف بنائیں۔

ترکیب استعمال : ۹ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ بوقت صبح استعمال کریں۔

فوائد : دماغ کو قوت پہنچانے اور حافظہ بڑھانے میں بہت عمدہ ہے۔ ضرور استعمال کر کے دیکھیں۔

(۴۲۸) سفوف زہر مہرہ

اجزاء و ترکیب ساخت : صندل سفید ۲ تولہ کو ۶ تولہ عرق کیوڑہ میں حل کر کے خشک کریں۔ بعدۂ سوف دھنیا خشک۔ زیرہ سفید۔ تخم کاسنی۔ تخم خرفہ ہر ایک ایک تولہ۔ طباشیر زہر مہرہ خطائی۔ یشب سبز ہر ایک ۹ ماشہ۔ مصری سب کے برابر ملا کر سفوف بنائیں۔

ترکیب استعمال : ایک تولہ روزانہ بوقت صبح ہمراہ عرق گاؤزبان استعمال کریں۔

فوائد : مالیخولیا صفراوی میں جب کہ مریض بالکل مجنون ہو گیا ہو۔ اس سفوف کا استعمال

بلفضلہ بہت جلد کھوئی ہوئی دولت پھر سے پالیتا ہے۔

(۴۳۹)سفوف محلل

یہ سفوف بحکمہ بہت جلد دنوں میں خنازیر کو تحلیل کرتا ھے

اجزاء و ترکیب ساخت : تربوی۔سونٹھ۔مصطگی۔شکر برابروزن لے کرکوٹ چھان کرسفوف بنائیں۔

ترکیب استعمال: ۲ ماشہ روزانہ بوقت صبح ہمراہ عرق سونف استعمال کریں۔

فوائد : خنازیر کے مواد کو اکھٹا کر کے آہستہ آہستہ چند دنوں میں خارج کر دیتا ہے۔گو معمولی نسخہ ہے۔لیکن فوائد میں بےنظیر ہے۔

(۴۳۰)سفوف برائے کالی کھانسی

مستری کیسر سنگھ صاحب گلوٹیاں خورد

مستری صاحب نے حصول نسخہ کے متعلق لکھا ہے کہ میں اپنے بھائی کے ساتھ جموں وکشمیر سیر کے لیے گیا۔میرے بھائی کو اس قدر کھانسی کی تکلیف تھی کہ خدا پناہ۔سب ڈاکٹروں حکیموں سے مایوس ہو گئے تو معلوم ہوا کہ ایک سنار اس کھانسی کا شرطیہ علاج کرتا ہے۔چنانچہ اس کے پاس گئے تو اس نے ہمیں سات پڑیاں بنادیں۔بس کھلاتے ہی کھانسی کا نام ونشان مٹ گیا۔چنانچہ ہم اس نسخہ کے حصول کے لیے اس کے پیچھے لگ گئے۔اور ایک نسخہ کے تبادلہ میں ہم نے اس سے یہ نسخہ لے لیا۔خود بھی کئی دفعہ ہم نے یہ نسخہ بنا کر آزمایا۔اور ویسا ہی تیر بہدف پایا۔ہم کھانسی کے موسم میں اسے بنا کر رکھا کرتے تھے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : سہاگہ۔نوشادر ٹھیکری۔پھٹکری۔سونچل نمک۔رسوت مصفی ہرایک دو تولہ۔پہلے چاروں چیزیں علیحدہ علیحدہ باریک کرلیں۔اور پھر رسوت مصفی جو کہ ابھی نرم ہی ہو ملا کرخوب حل کریں۔پھر مکئی کے بھٹے (جو دانے اتارنے کے بعد باقی رہ جاتے ہیں) پرانے لے کران کے انگل انگل کے قریب ٹکڑے ٹکڑے کرلیں اور حل شدہ دوائی کا ٹکڑوں پر لیپ کر دیں بعد ازاں خشک کر کے کوزہ گلی میں بند کر کے ۱۰ سیر اپلوں کی آگ دیں۔اور سرد ہونے پر سفوف کرلیں۔

ترکیب استعمال: بلغمی کھانسی والے کو دن میں ۳ مرتبہ تین رتی تک ہمراہ کھانڈ دیں بچوں کو بھی صرف کھانڈ میں کھلا دیں۔ اور خشک کھانسی والے کو ہمراہ بالائی یا مکھن کے کھلائیں۔

فوائد: خشک وتر کھانسی نیز کالی کھانسی بلکہ دمہ تک کو مفید ہے۔

(۴۳۱) سفوف مسلول

یہ سفوف مریضان سل کے لیے آب حیات کا کام دیتا ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: طباشیر۔ دانہ الائچی کلاں۔ نشاستہ۔ گوند کیکر۔ کتیرا۔ شکر تیغال۔ ست ملٹھی۔ خاکستر سرطان سنہری ہر ایک ۹ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد ۴ ماشہ۔ مغز کشنیز ۱۱ ماشہ۔ ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ اور پوست اسپغول میں ملا کر کھرل میں ڈالیں اور ورق نقرہ ۱۵ عدد ملائیں۔

ترکیب استعمال: ۶ ماشہ کی پڑیا بنا کر ایک پڑیا ہر روز علی الصبح گدھی کے دودھ کے ہمراہ دیں۔

فوائد: مسلول کو چند دنوں میں فائدہ معلوم ہونے لگتا ہے۔ پھیپھڑے میں زخم بھی پڑ گئے ہوں۔ تو بفضلہٖ اس کا استعمال تسلی بخش ثابت ہوتا ہے۔

(۴۳۲) سفوف مروارید

یہ سفوف مقوی دل و جگر و معدہ ہونے کے علاوہ مالیخولیا کو بھی از حد مفید ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: مروارید۔ کہربا۔ خولنجان۔ مغز کشنیز۔ آملہ مقشر۔ گردساق۔ انار دانہ۔ بادرنجبویہ۔ دارچینی۔ مصطگی۔ الائچی خورد۔ طباشیر۔ سعد کوفی۔ زیرہ کرمانی (مدبر بسرکہ) پوست۔ اترج۔ سازج ہندی۔ زرشک۔ سوف۔ درونج عقربی ہر ایک ساڑھے ۴ ماشہ۔ مشک۔ عنبر۔ ورق طلاء۔ ہر ایک ڈیڑھ ماشہ۔ مصری۔ سفید ۱۰ تولہ۔ جملہ ادویہ کو باریک کوٹ کر چھان کر سفوف بنائیں۔

ترکیب استعمال: سوا دو ماشہ صبح ہمراہ عرق گاؤزبان استعمال کریں۔

فوائد : یہ سفوف مقوی دل و دماغ جگر و معدہ ہے۔ ہر قسم کے تپوں کے لیے از حد مفید ہے۔ جریان واحتلام کے لیے بھی از حد مفید ہے۔

(۴۳۳) سفوف زعفرانی

یہ سفوف وجع الورک۔ وجع الفواد (کوٹھی کی درد) کی لاثانی اور شرطیہ دوا ھے

اجزاء و ترکیب ساخت : اونٹنی کا دودھ ۵ سیر لے کر ایک برتن میں ڈال کر آگ پر چڑھائیں اور نمک لاہوری ۸ تولہ باریک پیس کر داخل کریں اور نہایت نرم آنچ پر پکاتے رہیں۔ اور ساتھ ہی نیم کی لکڑی سے حرکت دیتے رہیں کہ اس کی جھاگ ابھرنے نہ پائے اگر ذرا کسی اور طرف دھیان ہوا تو جوش میں آ کر دودھ باہر گر جائے۔ جب دودھ لئی کی طرح ہو جائے تو کیسر خالص ۳ ماشہ جس کو پہلے دودھ میں رگڑ لیا گیا ہو۔ ملا کر پکائیں۔ لیکن اب آنچ بہت ہی کم کر دیں۔ جب کھویا زرد رنگ کا ہو جائے۔ مگر کسی قدر نرم ہو تو اتار لیں کہ خود بخود جذب ہو کر جم جائے گا۔ اور تیسرے روز تک خشک ہو جائے گا۔ باریک کر لیں۔

ترکیب استعمال: بوقت ضرورت ایک ماشہ سرد پانی سے دے دیں۔ بفضلہ تعالیٰ درد سے اسی وقت آرام ہو جائے گا۔

فوائد : اس مبارک سفوف کے کھلاتے ہی ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کبھی درد نہیں تھا اور چند روز کے استعمال سے اس درد کا ہمیشہ کے لیے خدشہ جاتا رہتا ہے۔ خدا کے فضل و کرم سے آپ اس کے استعمال کے بعد کبھی ناکامی کا منہ نہ دیکھیں گے۔ سینکڑوں نسخوں کا سرتاج ہے۔

فی الحقیقت یہ نسخہ جناب حکیم اللہ بخش صاحب سنیاسی فیروز پوری کا ہے جو آپ نے اپنے گلدستہ مجربات میں درج فرمایا ہے۔ بعد ازاں اطبانے مفید ثابت ہونے پر اپنی اپنی تالیفات میں شامل فرمایا ہے۔ چنانچہ ہم نے بھی بعد ازاں تجربہ مفید پا کر تحریر کیا ہے۔ (مؤلف)

(۴۳۴) سفوف ہاضم خوش ذائقہ

اجزاء و ترکیب ساخت : دانہ الائچی۔ فلفل گرد۔ فلفل دراز۔ ہر ایک تین ماشہ۔

نوشادر ۶ ماشہ۔ نمک سانبھر ۶ ماشہ۔ ست پودینہ ا ماشہ۔ نمک سیاہ ۶ ماشہ۔ دانہ الائچی کلاں ۶ ماشہ۔ انار دانہ ایک تولہ۔ انجور ۶ ماشہ۔ پودینہ ۶ ماشہ۔ نمک لاہوری ۳ ماشہ۔ اجوائن ۶ ماشہ۔ سونف ۶ ماشہ۔ مصری کوزہ ۵ تولہ۔ ست اجوائن ایک ماشہ۔ سب ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کرلیں۔

ترکیب استعمال: بوقت ضرورت کھانا کھانے کے بعد بقدر ایک ماشہ منہ میں گھلا کر پانی کے ہمراہ پھانک لیں۔

فوائد: یہ سفوف نہایت خوش ذائقہ اور لذیذ ہے۔ سخت سے سخت غذا کو فوراً ہضم کرتا ہے۔ بچے جو کہ دوا کے نام سے کوسوں دور بھاگتے ہیں۔ اس لذیذ چورن کو بڑی خوشی سے کھا لیتے ہیں۔ جس سے ان کا ہاضمہ کثرت غذا سے خراب ہونے نہیں پاتا۔ یہ وہی چورن ہے جسے مختلف ناموں سے فروخت کر رہے ہیں۔ اس کا ہر گھر میں ہونا نہایت ضروری ہے۔ ہیضہ کے لیے بھی اکسیر ہے۔

(۴۳۵) سفوف نمک شیخ الرئیس

پیٹ اور معدہ کی جملہ امراض کیلئے اس سے بڑھ کر کوئی چورن نہیں مل سکتا

اجزاء و ترکیب ساخت: نمک طعام ا سیر۔ مرچ سفید ساڑھے سات تولہ۔ نوشادر۔ سونٹھ۔ مرچ سیاہ۔ پودینہ خشک ہر ایک ۵ تولہ۔ تخم کرفس بری پونے چار تولہ۔ افیون۔ تیرہ تیزاک (تارامیرا) اجوائن۔ بالچھڑ ہر ایک ڈھائی تولہ۔ کوٹ چھان کر سفوف تیار کرلیں۔

ترکیب استعمال: ایک ماشہ سے دو ماشہ تک ہمراہ پانی کے سونے کے وقت کھا لیا کریں۔

فوائد: یہ سفوف معدہ اور جگر کے لیے مفید ہے۔ بھوک بڑھاتا۔ ریاح کو تحلیل کرتا معدہ اور جگر کو بفضلہ قوت دیتا۔ اور خون صالح بکثرت پیدا کرتا اس کے خصوصی فوائد ہیں۔ دہلی کے مشہور دواخانوں سے بکثرت نکلتا ہے۔

(۴۳۶) سفوف مقوی معدہ۔

اجزاء و ترکیب ساخت: دارچینی۔ سونف۔ مصطگی۔ الائچی کلاں ہم وزن۔ مصری

سب کے برابر سفوف بنالیں۔

ترکیب استعمال: کھانا کھانے کے بعد ۳ ماشہ ہمراہ آب

فوائد: معدے کو تقویت دیتا اور بھوک کو چمکاتا ہے۔ ہر قسم کے دست و پیچش کے لیے بھی عمدہ شے ہے۔

(۴۳۷) سفوف ہاضم

اجزاء و ترکیب ساخت: سونف۔ پودینہ۔ اجوائن دیسی۔ فلفل گرد۔ لونگ۔ شیطرج ہندی۔ دار چینی۔ زیرہ سیاہ۔ عود۔ الائچی کلاں۔ فلفل دراز۔ سہاگہ بریاں۔ نمک دیسی۔ نمک سانبھر۔ ہر ایک تولہ تولہ۔ نوشادر ۵ تولہ۔ عرق لیموں کاغذی میں کھرل کر کے پارچہ بیز کر لیں۔ اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: ایک ماشہ صبح و شام ہمراہ پانی کے استعمال کریں۔

فوائد: مقوی اور معدہ اور ہاضم طعام ہے بھوک لگاتا اور معدہ کو فضلات ردیہ سے پاک و صاف کرتا ہے۔

(۴۳۸) سفوف دافع درد شکم

اجزاء و ترکیب ساخت: پیپل ۴ ماشہ۔ الائچی خورد ۲ ماشہ۔ الائچی کلاں ۴ ماشہ۔ پیپلا مول ۴ ماشہ۔ دار فلفل ۹ ماشہ۔ سونٹھ ۴ ماشہ۔ زیرہ سیاہ و سفید ۴-۴ ماشہ۔ نمک سیندھا ۴ ماشہ۔ نمک طعام ۴ ماشہ۔ نمک لاہوری ۴ ماشہ۔ مصطگی ۶ ماشہ۔ جملہ ادویہ کو کوٹ کر سفوف بنائیں۔

ترکیب استعمال: ۳ ماشہ ہمراہ عرق سونف یا آب نیم گرم۔

فوائد: پیٹ کے جملہ امراض کو دور کرنے میں یہ سفوف اپنا ثانی نہیں رکھتا۔ درد خواہ کسی وجہ سے ہو۔ ریح پھر رہی ہو یا سدہ کی وجہ سے ہو۔ بفضلہ اس کی پہلی خوراک سے ہی درد فوراً بند ہو جاتا ہے۔

(۴۳۹) سفوف نوشادر

اجزاء و ترکیب ساخت: ہر مچی۔ فلفل۔ دھتورہ۔ نوشادر ہم وزن لے کر سفوف بنائیں۔

ترکیب استعمال: ایک رتی ہمراہ عرق سونف یا نیم گرم پانی سے کھلائیں۔
فوائد : دردِ شکم خواہ کسی وجہ سے ہو ایک آن میں بند کرتا ہے۔ علاوہ ازیں ہاضم طعام بھی اعلیٰ درجہ کا ہے۔ گو دیکھنے میں معمولی ہے لیکن فوائد میں بہترین فوائد کا مظہر ثابت ہوتا ہے۔

(۴۴۰) سفوف الاملاح

معدہ کی گرانی، بھوک نہ لگنا، قبض وغیرہ کی اکسیری دوا ھے

یہ دوا ہندوستانی دواخانہ۔ ہمدرد دواخانہ۔ یونانی دواخانہ وغیرہ میں بکثرت بنتی اور گراں داموں میں فروخت ہوتی ہے۔
اجزاء و ترکیب ساخت : نمک قتب۔ نمک تک چکنی۔ نمک پودینہ۔ نمک مولی۔ نمک برگ کٹائی۔ نمک اجوائن۔ ۶ نمک برابر وزن لے کر ملالیں۔ بس سفوف املاح تیار ہے۔
ترکیب استعمال: ۲ رتی سے ۴ رتی تک استعمال کریں۔ اور ثقیل اور بادی چیزوں سے پرہیز کریں۔
فوائد : بھوک خوب لگاتا ہے۔ کھانے کو ہضم کرتا ہے اور ریاح کو خارج کرتا ہے۔

(۴۴۱) سفوف نعناع

معدے کی گرانی، بھوک نہ لگنا، قبض وغیرہ کی اکسیری دوا جو ریاح کو خارج کرنے اور پھولے ہوئے شکم کو درست حالت پر لانے کے لیے بفضلہٖ اکسیر ہے۔
یہ سفوف بھی دہلی کے مشہور دواخانوں سے اس نام سے بکثرت فروخت ہوتا ہے اور خداداد اثرات کی وجہ سے کافی بکتا ہے۔
اجزاء و ترکیب ساخت : نعناع خشک (پودینہ) ۳ تولہ۔ ساق۔ نمک سیاہ ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ مرچ سیاہ ۷ ماشہ۔ سب کو کوٹ چھان کر سفوف بنالیں اور ڈبے میں بند کر کے رکھیں۔
ترکیب استعمال: کھانا کھانے کے بعد ۳ ماشہ کی مقدار میں کھلائیں۔
فوائد : بفضلہٖ تعالیٰ بھوک پیدا کرتا ہے۔ معدے کو قوت دیتا اور ریاح کو خارج کرتا اور

پھولے ہوئے شکم کو درست حالت پر لاتا اور پیٹ کی دوسری خرابیوں کو بھی دور کرتا ہے۔

(۴۴۲) سفوف کرامت

جب دستوں سے مریض قریب المرگ ہو چکا ہو تو اس وقت یہ سفوف بفضلہ تعالیٰ مسیحائی اثر دکھاتا ہے

اجزاء و ترکیب ساخت : دانہ الائچی خورد۔زرورد۔طباشیر کبود۔زہر مہرہ خطائی۔گرد ساق زرشک۔گل ارمنی ہر ایک ۳ ماشہ۔نرکچور۔سونف ہر ایک ایک ماشہ باریک پیس کر سفوف بنائیں۔

ترکیب استعمال: ۵ ماشہ ہمراہ عرق سونف ۵ تولہ۔

فوائد : اسہال کو بند کرنے میں اس سے بڑھ کر آج تک کوئی دوا دیکھنے میں نہیں آئی اسہال خواہ جگری ہوں یا معدی ہوں یا زہر بائی سب کو بند کر دیتی ہے۔

افیونیوں کو جب دست لگ جائیں تو بند ہونے میں نہیں آیا کرتے۔مگر بفضلہ اس سفوف سے افیونیوں کے دست بھی بند ہو جایا کرتے ہیں۔

(۴۴۳) سفوف پیچش

یہ سفوف بفضلہ ہر قسم کی پیچش کو بند کرنے میں لاجواب ہے

اجزاء و ترکیب ساخت : رال عمدہ ۴ تولہ۔کوکنار ۲ تولہ۔گوند کیکر ڈیڑھ تولہ۔شکر تری ۵ تولہ علیحدہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

ترکیب استعمال: ۳ ماشہ ہمراہ پانی۔

فوائد : خواہ آنتوں میں زخم پڑ گئے ہوں۔بفضلہ تعالیٰ اس سفوف کے استعمال سے مریض کو قلیل عرصہ میں صحت ہو جاتی ہے۔اور معمولی پیچش تو بفضلہ ایک ہی خوراک سے دور ہو جاتی ہے۔

(۴۴۴) سفوف مصطگی (دافع ہچکی)

اجزاء و ترکیب ساخت : سونف۔زیرہ سیاہ۔زیرہ سفید۔الائچی خورد۔الائچی کلاں۔پودینہ خشک۔مصطگی۔افیون۔ساذج ہندی۔زرنباد (کپور کچری) کوٹ چھان کر

سفوف بنائیں۔

ترکیب استعمال: بقدر ۴ ماشہ گلقند کے ہمراہ دیں۔

فوائد: ہچکی کو فی الفور بند کرتی ہے۔ علاوہ ازیں مقوی معدہ اور ہاضم طعام ہے۔

(۴۴۵) سفوف انار دانہ (دافع قے ہر قسم)

اجزاء، و ترکیب ساخت: انار دانہ ترش۔ مویز۔ ہر ایک ساڑھے ۱۷ ماشہ۔ زیرہ سیاہ ساڑھے ۳ ماشہ سب کو کوٹ پیس کر سفوف بنائیں۔

ترکیب استعمال: بوقت ضرورت ۴ ماشہ ہمراہ شربت انار استعمال کرائیں۔

فوائد: بفضلہ ہر قسم کی قے اور ابکائیوں کو یہ سفوف فی الفور بند کرتا ہے۔

(۴۴۶) سفوف جلاب

اجزاء، و ترکیب ساخت: سنا کی عمدہ۔ تربد سفید۔ حب النیل ہر ایک ایک تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۶ ماشہ۔ نمک ہندی۔ زنجبیل۔ کتیرا ہر ایک ڈیڑھ ماشہ۔ سب باریک کر کے بادام روغن یا گھی سے چرب کر کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: بوقت ضرورت ایک تولہ مصری کے نیم گرم شربت سے پلائیں۔

فوائد: یہ سفوف اسہال بلا ملال لاتا ہے۔ اور ہر سہ اخلاط کا عمدہ مسہل ہے۔ جس سے جملہ بدنی شکایات دور ہو جاتی ہے۔

(۴۴۷) سفوف مروارید

یہ سفوف معدہ اور جگر کی گرم امراض کے لیے بے حد مفید و مجرب ھے

اجزاء، و ترکیب ساخت: ابریشم۔ ورق طلاء۔ ورق نقرہ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ۔ ہنسلوچن سفید۔ صندل سفید۔ پوست ساق۔ ہر ایک سات ماشہ۔ مروارید ناسفتہ۔ دھنیا خشک چھلا ہوا۔ آملہ گٹھلی نکالا ہوا۔ ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ غنچہ گل سرخ دو تولہ ۱۱ ماشہ۔ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

ترکیب استعمال: ایک رتی بالائی میں رکھ کر بوقت صبح کھلائیں۔

فوائد: جگر کی حرارت کو دور کر کے بدن میں ٹھنڈک اور قلب میں سکون پیدا کرتا ہے

سوداوی وسواس کو زائل کر کے طبیعت کو خوش رکھتا ہے۔ ہر قسم کے اسہال و پیچش بند کرتا ہے۔
مقوی معدہ۔ مقوی جگر اور مقوی قلب اعلیٰ درجہ کا ہے۔ مثانے کے زخموں کو بند کرتا ہے۔ گرم امراض کے لیے نہایت مفید اور عمدہ سفوف ہے۔ خصوصا معدہ، جگر اور قلب کی گرمی کے لیے فوری اثر ہے۔ ہاتھ پاؤں کی تلیاں جلنا وغیرہ بند ہو کر طبیعت میں ٹھنڈک پیدا ہو جاتی ہے۔

(۴۴۸) سفوف فولاد

بواسیر کے جملہ عوارض کو دور کرنے میں اس سفوف کے ہوتے ہوئے اور دوا کی ضرورت نہیں ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: برادہ فولاد۔ اول آب ترپھلہ میں تر کر کے خشک کریں۔ پھر سرکہ دھکیوار کے پانی میں خشک کریں۔ بعد ازیں دہی کے پانی میں۔ اور اس کے بعد اناروں کے پانی میں۔ پھر جامن کے پانی میں خشک کر کے گندھک آملہ سار میں ملا کر آگ دیں۔ پھر باریک پیس کر تخم کاسنی۔ ریوند چینی۔ مغز تخم خربوزہ۔ کرفس۔ کثوت۔ الائچی خورد۔ سنبل الطیب۔ طباشیر سب ہم وزن ملا کر سفوف بنائیں۔

ترکیب استعمال: اول روز سفوف فولاد ایک ماشہ۔ خبث الحدید بر ۴ رتی ملا کر رات کو بھگودیں۔ اور صبح پھانک لیں۔ اس کے بعد سفوف فولاد ۳ رتی۔ خبث الحدید ایک رتی روزانہ بڑھا کر استعمال کرتے رہیں حتیٰ کہ سفوف فولاد کی مقدار ۶ ماشہ اور خبث الحدید کی مقدار ۳ ماشہ مجموعہ ۹ ماشہ تک پہنچ جائے۔ پھر اس کے بعد اس مقدار سے روزانہ کم کرتے رہیں حتیٰ کہ دونوں چیزیں پہلے روز کی مقدار پر آ جائیں۔ اس طرح چالیس روز مریض مذکورہ بالا دوا استعمال کریں۔

فوائد: تمام اقسام کے امراض جو بواسیر سے پیدا ہوتے ہیں۔ سب کے لیے بہت عمدہ چیز ہے۔ مرض کی حالت میں اس کا چند روزہ استعمال صحت و توانائی کا منظر دکھا دیتا ہے چہرے پر سرخی اور جسم میں خون کی زیادتی کے آثار کھلے طور پر نظر آتے ہیں۔ (جبھی فارماکوپیا)

(۴۴۹) سفوف بواسیر مختصر

بواسیر خونی کے لیے لاجواب تحفہ

ھوالشافی: تخم نیب۔ گوگل۔ رسوت۔ کالی مرچ۔ گندھک مصفیٰ۔ ہر ایک ہم وزن

پیس کر سفوف بنالیں۔

ترکیب استعمال: خوراک ۳ ماشہ ہمراہ شربت انار

فوائد: بواسیر کا خون خواہ سیروں آتا ہو۔ منٹوں میں بند کرتی ہے۔ اور مسلسل استعمال سے بواسیر کا نام ونشان نہیں رہتا۔

(۴۵۰) سفوف محلل اورام

یہ سفوف جگر کے ورم کو تحلیل کرکے نیست و نابود کر دیتا ھے

اجزاء و ترکیب ساخت: پیپل خورد۔ نوشادر۔ اجوائن دیسی۔ سہاگہ بریاں۔ نمک سنگ۔ جوکھار ولایتی۔ نمک شور۔ تخم کرفس۔ تخم کوث۔ تخم کاسنی۔ ہم وزن کوٹ چھان کر رکھ چھوڑیں۔

ترکیب استعمال: تین تین ماشہ صبح وشام ہمراہ آب کوسبز یا عرق کاسنی کے کھلائیں۔

فوائد: جگر میں خواہ ورم کتنا ہی ہو گیا ہو۔ اس سفوف کے چند روزہ استعمال سے بالکل نابود ہو جاتا ہے۔ جگر کے لیے عجیب وغریب چیز ہے۔

(۴۵۱) سفوف استسقاء

اجزاء و ترکیب ساخت: ریوند خطائی۔ تربد۔ ہر ایک ایک حصہ۔ پوست بلیلہ زرد ڈیڑھ حصہ۔ شکر سفید۔ سب کے برابر۔ سب کو باریک پیس کر سفوف بنائیں۔

ترکیب استعمال: ۶ ماشہ سفوف ہمراہ شیر شتر استعمال کریں۔

فوائد: پانی کو پیٹ سے نکالتا ہے۔ اور جگر کی حوالی رگوں کو خوب صاف کرتا ہے۔ دوبارہ پانی جمع ہونے کا خدشہ نہیں رہتا۔

(۴۵۲) سفوف سلسل بول

اجزاء و ترکیب ساخت: گل ارمنی۔ تل سیاہ۔ اجوائن۔ مغز جوز بریاں۔ ہر ایک ایک تولہ۔ کشتہ پوست بیضہ مرغ ۶ ماشہ۔ گلنار۔ مائیں۔ آرد سنگھاڑا۔ ہر ایک ۲ تولہ۔ تخم کشنیز۔ گوند کیکر۔ ہر ایک تین تولہ۔

ترکیب استعمال: تین تین ماشہ بوقت صبح وشام آب تازہ سے کھلائیں۔

فوائد : اس مرض میں مریض کمزوری مثانہ کی وجہ سے پیشاب ضبط نہیں کرسکتا۔ اور بعض دفعہ بلا ارادہ پیشاب نکل جاتا ہے۔ اس کے لیے یہ دوائی نہایت مفید و مجرب اور عمدہ ہے۔ ایک ہفتہ عشرہ کے استعمال سے جملہ شکایات دور ہوکر پوری صحت حاصل ہو جاتی ہے۔

(۴۵۳) سفوف ذیابیطس مرواریدی

حرارت جگر کو دور کرکے بفضلہ مرض ذیابیطس کو دور کرنے والا واحد سفوف

اجزاء و ترکیب ساخت : ست برگ جامن۔ کشتہ قلعی۔ خاکستر مرجان۔ صدف سوختہ۔ ملٹھی۔ گوند کیکر۔ کتیرا۔ طباشیر۔ گل گاؤ زبان۔ مروارید۔ گل سرخ۔ کشنیز خشک۔ تخم خرفہ سیاہ۔ صندل سفید۔ کافور۔ گل ارمنی۔ گلنار۔ تخم خشخاش۔ مغز چلغوزہ۔ ست گلو۔ موصلی سیاہ۔ تخم سروالی ہر ایک ۶ ماشہ۔ باریک سفوف بنالیں۔

ترکیب استعمال : ۶ ماشہ ہمراہ توڑ دہی۔

ذیابیطس کے لیے یہ سفوف تمام سفوفوں سے اعلیٰ اور اکمل ہے۔ گردوں کو تقویت پہنچانے اور جگر کی حرارت کو دور کرنے کے لیے اس سے زیادہ اکسیر الاثر سفوف کوئی نہیں ذیابیطس کے لاعلاج مریض اس سفوف کو استعمال کرکے دیکھیں اور صحت ہونے کے بعد ہمیں بھی اپنی دعاؤں میں شامل کرلیں۔

(۴۵۴) سفوف مدر بول

اجزاء و ترکیب ساخت : شورہ قلمی۔ جوکھار۔ ریوند چینی۔ مساوی الوزن باریک سفوف کرلیں۔ اور سفوف کے ہم وزن مصری باریک کرکے ملالیں۔

ترکیب استعمال : ۶ ماشہ دن میں تین بار دودھ کی لسی کے ہمراہ کھلائیں۔

فوائد : بفضلہ اس کی دو تین خوراکوں سے پیشاب فوراً جاری ہو جائے گا۔

(۴۵۵)

اجزاء و ترکیب ساخت : قلمی شورہ۔ خردل (رائی) مساوی الوزن باریک سفوف بنا لیں۔

ترکیب استعمال: نہار منہ بقدر ایک تولہ پانی یا لسی کے ہمراہ کھلائیں۔
فوائد: حبس البول۔ تقطیر البول کے لیے بے حد نافع اور مجرب ہے۔ ضرور بنا کر فائدہ اٹھائیں۔

(۴۵۶)

اجزاء، و ترکیب ساخت: شورہ قلمی ۱۲ تولہ۔ گندھک آملہ سار ۱۳ ماشہ۔ دونوں کو مٹی کے کوزے میں بھر کر آگ پر رکھیں۔ تاکہ دونوں دوائیں مثل پانی ہو جائیں۔ جب دھواں اٹھنا بند ہو جائے تو آگ سے اتار کر کسی برتن میں پھیلا دیں اور ٹھنڈا ہونے پر باریک کر کے سفوف کر لیں۔
ترکیب استعمال: ایک ماشہ سے ۳ ماشہ تک دودھ کی لسی سے کھلاتے رہیں۔
فوائد: قرحہ سوزاک کے زخم کو دنوں میں دھو دھا کر صاف کر دیتا ہے۔ بند شدہ پیشاب بہت جلد جاری ہو جاتا ہے۔

(۴۵۷) سفوف اندری جلاب

سوزاک کا علاج شروع کرنے سے پیشتر اگر اندری جلاب کا استعمال کیا جائے۔ تو بفضلہٖ شرطیہ علاج میں کامیابی ہوتی ہے کیونکہ اس جلاب سے وہ تمام غلیظ مواد جو سوزش، جلن پیدا کرنے میں ممد و معاون ہوتے ہیں۔ پیشاب کے رستہ بہہ کر خارج ہو جاتے ہیں۔ اور زخم بالکل صاف ہو جاتا ہے۔ اور پھر اگر اس کے بعد زخم بھرنے والی دوائیں کھلائیں جائیں۔ تو بفضلہٖ یقینی کامیابی ہے۔
اجزاء، و ترکیب ساخت: کاسنی ایک تولہ۔ کاہو ایک تولہ۔ خرفہ۔ مغز خیار۔ مغز خربوزہ۔ مغز ککڑی ۶-۶ ماشہ۔ قلمی شورہ ۴ ماشہ۔ خارخسک (گوکھرو) ایک تولہ تمام اشیاء کو باریک پیس کر چھان لیں۔ اور ۹ پڑیاں تیار کریں۔
ترکیب استعمال: گائے کے دودھ کی لسی سے ایک پڑیا صبح اور ایک شام اور ایک دوپہر استعمال کریں۔ متواتر تین روز تک۔
فوائد: اس سفوف سے اندری جلاب ہو کر درد، ٹیس، جلن دور ہو جائے گی۔ اور اس کے

ہمراہ زخم بھرنے والی اور حرارت جگر کم کرنے والی دوائیں کھلائیں۔

(۴۵۸)

اجزاء، و ترکیب ساخت : کباب چینی۔ سرد چینی۔ چوب چینی۔ ریوند چینی۔ قلمی شورہ۔ زیرہ سفید۔ الائچی خورد۔ ہر ایک ۶ ماشہ۔ جملہ ادویہ کو کوٹ چھان کر ۳ پڑیاں تیار کریں۔

ترکیب استعمال: دودھ کی لسی کے ہمراہ دن میں تین دفعہ استعمال کریں۔

فوائد : یہ اندری جلاب کا لاثانی اور فوری اثر نسخہ ہے۔ دوسرے فوائد سفوف نمبرا کے برابر ہیں۔ آزمائش کرلیں۔

(۴۵۹) سفوف اکسیر سوزاک

اجزاء، و ترکیب ساخت : قلمی شورہ ۲ تولہ۔ جوکھار ایک تولہ۔ الائچی خورد ۲ تولہ۔ زیرہ سفید ایک تولہ۔ کشنیز ایک تولہ۔ بروزہ در آب کیلا ۴ تولہ۔ مصری کوزہ ۵ تولہ۔ کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔

ترکیب استعمال: ڈھائی ماشہ ہمراہ لسی کے کھلائیں۔

فوائد : سوزاک کے ابتدائی درجہ کے لیے نہایت عمدہ چیز ہے۔ پیشاب کو کافی مقدار میں خارج کر کے مثانہ وغیرہ کو صاف کر دیتا ہے۔

اگر پیپ پڑ گئی ہو تو یہ سفوف چنداں کار آمد ثابت نہیں ہوتا۔ البتہ اتنا ہے کہ زخم وغیرہ کو صاف کر دیتا ہے۔ بعد میں زخم کو مندمل کر دینے والی ادویات استعمال کرانی چاہیں۔

(۴۶۰) سفوف تواکھیر

یہ سفوف پرانی سوزاک اور جریان میں بے حد مفید ہے

اجزاء، و ترکیب ساخت : ست سلاجیت۔ ست گلو تازہ۔ الائچی کلاں۔ کتھہ سفید۔ لسوڑا تواکھیر۔ خس۔ جملہ ادویہ برابر وزن لے کر کوٹیں اور سفوف بنا کر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: ۴ ماشہ سفوف لے کر ہمراہ آب برگ کیلا یا دودھ خام صبح کے وقت استعمال کرائیں۔

فوائد : سوزاک خواہ کتنا پرانا ہو بفضلہٖ چند یوم میں کلی آرام ہو جاتا ہے۔ اور زخم صاف ہو کر پیپ بحکمہٖ چند یوم کے استعمال سے بالکلیہ بند ہو جاتی ہے۔

(۴۶۱) سفوف سلاجیت خاص

قوام منی کو غلیظ کر کے قدرتی امساک پیدا کرنے کی لیے بیش بہا سفوف

اجزاء و ترکیب ساخت : تال مکھانہ۔ خستہ تمر ہندی۔ بیج بند۔ شقاقل مصری۔ الائچی خورد۔ طباشیر۔ کبود۔ سلاجیت خالص۔ ثعلب مصری ہر ایک ایک تولہ۔ ست گلو۔ کشتہ مرجان۔ ہر ایک ۶ ماشہ۔ سب دواؤں کو کوٹ چھان لیں۔ اور مصری تمام ادویہ کے برابر وزن پیس کر ملا لیں۔

ترکیب استعمال : ۴ ماشہ صبح ۴ ماشہ شام ہمراہ دودھ۔

فوائد : منی کو غلیظ اور سرعت کو دور کرنا اس کا خاص فعل ہے۔ مقوی باہ بھی حد درجہ کا ہے۔ جریان کو دنوں میں ناپید کرتا ہے۔ پانی سی پتلی دھات کو شہد کی طرح گاڑھا کرتا ہے۔ نہایت عجیب و غریب دوا ہے۔ جو کہ دافع جریان مغلظ اور ممسک بھی ہے۔

(۴۶۲) سفوف جریان فقیرانہ

یہ سفوف حد درجہ مقوی باہ اور بفضلہ تعالیٰ یقینی طور پر دافع جریان ہے

اجزاء و ترکیب ساخت : پھلی سرس میں سے دانے نکال کر سایہ میں خشک کر لیں۔ اور اس کے ہم وزن چھوٹی الائچی لیں۔ اور دونوں کو اکٹھا کوٹ چھان لیں۔ اور پھر دونوں کے ہم وزن مصری ملا لیں۔

ترکیب استعمال : اڑھائی ماشہ ہمراہ دودھ تازہ بوقت صبح نہار منہ کھلائیں۔

فوائد : پندرہ روز میں بفضلہٖ جریان کی جڑیں اکھڑ جاتی ہیں۔ قوت باہ میں بے حد اضافہ ہو جاتا ہے۔ اور منی غلیظ ہو کر قدرتی امساک پیدا ہو جاتا ہے۔

(۴۶۳) سفوف مغلظ دافع جریان

اس سفوف سے بفضلہ دس سال کا پرانا جریان بھی دفعہ ہو جاتا ہے

اجزاء و ترکیب ساخت : بیج بند سیاہ۔ موصلی سیاہ۔ موصلی سفید۔ تخم تال مکھانہ۔ سمندر

سوکھ۔ تخم سروالی۔ چھال سنبھل۔ چھال مونسری۔ گوند۔ سنبھل۔ مغز تخم اونٹگن۔ سپستان۔ خام برہمڈنڈی۔ بوپھلی۔ میدہ لکڑی ایک ایک تولہ۔ پھلی بول۔ گوکھر و خورد۔ ہر ایک ۵۔۵ تولہ۔ کوٹ چھان کر ہم وزن شکر سفید ملائیں۔

ترکیب استعمال: ۹ ماشہ صبح دودھ کے ہمراہ کھائیں۔ ترشی۔ گڑ۔ تیل۔ سرخ مرچ سے پرہیز۔

فوائد: جریان کو دنوں میں دور کر کے قدرتی امساک پیدا کرنے اور قوت باہ بڑھانے کے آرزومند اس کو ضرور استعمال کر کے فیض یاب ہوں۔

(۴۶۴) سفوف مغلظ دافع جریان جدید

جریان و احتلام کا قلع قمع کر کے بدن میں از سر نو شباب کی سی لہریں دوڑنے لگتی

اجزاء و ترکیب ساخت: ستاور۔ بیج برہم ڈنڈی۔ تال مکھانہ۔ سمندر سوکھ۔ سریالہ سپستان۔ موچرس۔ سنگھاڑا۔ گوکھرو ہر ایک ایک تولہ۔ کشتہ قلعی۔ کشتہ مرجان۔ کشتہ صدف ہر ایک ۹ ماشہ باریک پیس کر سفوف بنائیں۔

ترکیب استعمال: ۳۔۳ ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ۔

فوائد: جریان و احتلام کی اگر کوئی شرطیہ دوا ہے۔ تو بفضلہ یہی سفوف ہے اعضائے مطویہ کو درست کر کے بدن کی عام صحت میں بھی ایک قسم کی ترو تازگی پیدا کرتا ہے۔ رقیق منی کو گاڑھا کرنے میں یہ سفوف سب سفوفوں سے ایک امتیازی حیثیت رکھتا ہے۔

(۴۶۵) سفوف جریان (لبتہ البقر والا)

یہ نسخہ حکیم نور دین صاحب قادیانی کا ھے جو جریان کے لیے از حد مفید اور ھزار ھا اطباء کا مجرب و معمول ھے

اجزاء و ترکیب ساخت: لبتہ البقرہ (گائے کا کیس) خصوصاً اس گائے کا جو سرخ رنگ ہو۔ اور پہلی مرتبہ بچھڑا جنا ہوا) ایک تولہ۔ تخم سپستان خام ۵ تولہ۔ پھلی بول خام ۵ تولہ۔ گوندنی خام ۵ تولہ۔ الگ الگ باریک پیس کر شکر سفید ۰ا تولہ ملا کر سفوف بنالیں۔

ترکیب استعمال: ٦ ماشہ صبح و ٦ ماشہ شام ہمراہ شیر گاؤ یا آب تازہ استعمال کریں۔
فوائد: منی کے رقیق قوام کو گاڑھا بناتا ہے۔ اور سرعت کو ہمیشہ ہمیشہ کے لیے دور کر کے قدرتی امساک پیدا کرتا ہے۔ جریان کی واحد اور لاثانی دوا ہے۔ اس کے استعمال سے فائدہ اٹھایئے۔

(۴٦٦) سفوف یشب صدف مروارید والا

جریان' احتلام کو دور کرنے اور اعضائے رئیسہ کو قوت دینے والا بہترین سفوف

اجزاء و ترکیب ساخت: صدف مرواریدی۔ یشب سبز۔ طباشیر۔ کہرباء۔ دانہ الائچی خورد۔ ناگر موتھا۔ خولنجاں۔ تج۔ ستاور۔ بیج بند۔ تخم گاجر۔ موصلی۔ سنبھل۔ تودریین۔ ختہ خرما۔ ہر ایک ایک تولہ۔ زعفران ٦ ماشہ۔ کوٹ چھان کر ہم وزن مصری ملالیں۔
ترکیب استعمال. ایک تولہ شام کے وقت شیر گاؤ کے ساتھ استعمال کیا کریں۔
فوائد: ہر قسم کے جریان کو بند کرتا ہے۔ علاوہ اس کے مقوی اعضائے رئیسہ بھی ہے۔

(۴٦۷) سفوف عقیق مرواریدی

اجزاء و ترکیب ساخت: مغز املی بریاں۔ گوند کیکر۔ نشاستہ۔ سمندر سوکھ۔ ثعلب۔ شقاقل کشتہ سہ دھاتہ۔ ہر ایک ایک تولہ۔ سبوس اسپغول۔ ستاور۔ سنگ جراحت' ہر ایک ۵ تولہ۔ کشتہ عقیق۔ کشتہ قلعی ہر ایک دو تولہ۔ کشتہ صدف مرواریدی۔ کشتہ مروارید۔ ہر ایک ۴ ماشہ۔ مصری سفید ۴ تولہ۔ ادویہ کو دو روز حق کر کے رکھ دیں۔
ترکیب استعمال: ٦-٦ ماشہ صبح و شام ہمراہ دودھ گاؤ تازہ استعمال کریں۔
فوائد: اس سفوف کا استعمال چند روز میں جریان کو بند کرنے میں اپنا ثانی نہیں رکھتا۔ علاوہ ازیں ضعف دماغ' ضعف قلب اور ضعف گردہ کے لیے بھی مجرب اور بے نظیر ہے۔ مفرح قلب اور مقوی دماغ ہونے کے ساتھ ساتھ پانی جیسی پتلی منی کو شہد جیسا گاڑھا کر کے قدرتی امساک پیدا کرنے میں بے مثل ہے۔

(۴۶۸) سفوف مغز ناریل شیر برگد والا

جریان' احتلام اور کھوئی ہوئی قوتوں کو واپس لانے والا بے نظیر سفوف

اجزاء و ترکیب ساخت : ایک ناریل عمدہ لے کر اس میں نصف حصہ میں بڑ کا دودھ ڈال دیں۔ باقی ماندہ حصہ میں مصطگی۔ ثعلب مصری۔ تال مکھانہ۔ ہم وزن خوب باریک پیس کر جس قدر سما سکے بھر دیں۔ پھر ناریل کا منہ بند کر کے آٹے کا لیپ کر دیں اور بھوبل میں پکائیں۔ تاکہ آٹا سرخ ہو جائے سرد کر کے معہ ناریل ادویہ کو کوٹیں اور اس کے برابر مغز بادام مقشر اور دونوں کے برابر چینی سفید شامل کریں۔ اس میں سے ۳۸ تولہ لے کر اس میں کشتہ قلعی ملائیں۔

ترکیب استعمال : ایک تولہ ہر صبح شیر گاؤ نیم گرم کے ساتھ استعمال کریں۔

فوائد : تین ہفتہ میں ضائع شدہ قوت واپس آ جاتی ہے۔ جریان۔ سرعت انزال۔ کثرت احتلام دور ہو کر قدرتی امساک پیدا ہوتا ہے۔ چہرے کا رنگ سرخ عنابی ہو جاتا ہے۔ استعمال کرنے کے لائق بہت عمدہ سفوف ہے۔

(۴۶۹) سفوف جریان

اجزاء و ترکیب ساخت : دانہ الائچی خورد۔ کشتہ قلعی درجہ اول۔ مغز تخم کونچ ہر ایک ا تولہ۔ کشتہ سہ دھاتہ ۹ ماشہ۔ آرد تخم تمر ہندی (بہ شیر برگد پروردہ) بیج بند سرخ۔ تخم سروالی۔ سمندر سوکھ ست سلاجیت۔ خار خسک ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ مصری کالپی دو چند اور یہ سفوف بنا لیں۔

ترکیب استعمال : ۶ ماشہ سے ۹ ماشہ تک ہمراہ دودھ یا ہمراہ بدرقہ مناسبہ کے استعمال کریں۔

فوائد : یہ سفوف جریان منی' کثرت احتلام وضعف مثانہ کے لیے نہایت ہی سریع التاثیر اور کئی دفعہ کا مجرب ہے۔ منی کو گاڑھا کرنے اور سرعت کو زائل کرنے میں بے نظیر شے ہے۔

(۴۷۰) سفوف احتلام

یہ سفوف جریان و احتلام اور سرعت و ذکاوت کے لیے مجرب ہے

اجزاء و ترکیب ساخت : اسگندھ ناگوری ۵ تولہ۔ بدھارا ۵ تولہ۔ دونوں کو باریک

پیس کر کپڑ چھان کریں۔ اور اس میں برابر مصری کوزہ بھی پیس کر ملالیں۔

ترکیب استعمال: ۳ ماشہ سے ٦ ماشہ تک صبح و شام ہمراہ آب تازہ یا دودھ تازہ کے کھلا دیں۔

فوائد: اگر چہ یہ نسخہ بالکل سادہ ہے۔ لیکن فوائد میں سب نسخوں سے اعلیٰ وارفع ہے۔

لیکن طبیب اگر بہ لحاظ استعمال طبیعت کرائے تو شرطیہ فائدہ دیتا ہے۔ اگر ایسے بغیر تشخیص بھی استعمال کرایا جائے تو ستر فی صدی کامیابی ہوتی ہے۔ کئی حضرات کا ہزار ہا دفعہ کا مجرب اور بے خطا نسخہ ہے۔

(۴۷۱) سفوف خمسہ تمر ہندی طباشیر والا

هوالشافی: مغز تخم املی ۵ تولہ۔ طباشیر اڑھائی تولہ۔ کشتہ قلعی تیار شدہ در بھنگ یا مہندی سوا تولہ۔ مصری ۱۰ تولہ۔ تمام ادویات کو باریک پیس کر ملالیں اور شیشی یا ڈبیہ وغیرہ میں سنبھال رکھیں۔

ترکیب استعمال: ۳ ماشہ سفوف ہمراہ دہی ۱۲ تولہ جس کو سوا تولہ مصری سے شیریں کر لیا گیا ہو۔

فوائد: سرعت انزال احتلام اور جریان منی کو بے حد مفید دوا ہے۔

(۴۷۲) سفوف سلاجیت کشتہ قلعی والا

اجزاء و ترکیب ساخت: ملٹھی۔ الائچی خورد۔ ست گلو۔ طباشیر۔ تال مکھانہ ٦-٦ ماشہ۔ کشتہ قلعی ڈیڑھ تولہ۔ سلاجیت۔ پکھان بید۔ چینی ٦-٦ ماشہ کوٹ چھان کر سفوف بنا لیں۔

ترکیب استعمال: ٦ ماشہ صبح و شام ہمراہ دودھ

فوائد: جریان واحتلام وسرعت کا حکمی علاج ہے اس کے دو ہفتہ استعمال سے جریان نابود ہو جاتا ہے۔ مولد ومغلظ منی ہے۔ آزما کر فائدہ حاصل کریں۔

(۴۷۳) سفوف مصطگی

اجزاء و ترکیب ساخت: ثعلب مصری۔ تال مکھانہ۔ اسگندھ ناگوری۔ بہتر بالا۔

مصطگی رومی۔ دانہ الائچی خورد۔ نشاستہ۔ بوپھلی۔ کشتہ قلعی۔ تج۔ ہر ایک مساوی الوزن کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔ اور سفوف کے ہم وزن چینی سفید ملائیں۔

ترکیب استعمال: ۵ ماشہ دودھ کے ہمراہ استعمال کریں بوقت صبح۔

فوائد: احتلام رقت وسرعت کو دور کر کے قدرتی امساک پیدا کرتا ہے۔ اس سفوف کی یہ خوبی خاص ہے کہ قبض کو زائل کرتا ہے۔ منی کو گاڑھا اور قوت کو زیادہ کرتا ہے۔ ایسے مریض جن کو جریان واحتلام کے ساتھ قبض کی بھی شکایت ہو اس سفوف کو استعمال کر کے فیض یاب ہوں۔

(۴۷۴) سفوف مردمی

اجزاء و ترکیب ساخت: گوندھ ڈھاک۔ گوند کیکر۔ پھلی ببول خام۔ چھال ببول۔ موصلی سفید۔ موصلی سیاہ۔ بیج سنبل۔ تال مکھانہ۔ اندر جو شیریں۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ مساوی وزن لے کر باریک سفوف بنالیں۔ اور سب کے ہم وزن کھانڈ ملا کر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: ایک تولہ صبح اور ایک تولہ شام ہمراہ دودھ گاؤ۔

فوائد: اس کے استعمال سے سرعت ورقت دور ہو کر منی کا قوام گاڑھا ہو جاتا ہے ضعف اعضائے رئیسہ اس کے چند روزہ استعمال سے مطلقاً دور ہو کر قوت باہ بے اندازہ بڑھ جاتی ہے۔

(۴۷۵) سفوف کونپل (غریبانہ)

یہ سفوف کم خرچ بہ اثر مقوی باہ مقوی مثانہ ہونے کے ساتھ ساتھ منی کو گاڑھا کرتا ہے اور امساک پیدا کرتا ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: کونپل درخت برگد۔ کونپل برگ پلاس۔ پوست بیخ کھرنی۔ پوست انجیر باغی۔ بیخ سنبھل۔ پھلی ببول۔ ختہ انبہ۔ سپستان۔ بجرونتی۔ سب کو برابر وزن لے کر کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔

ترکیب استعمال: ۵ ماشہ صبح کو گائے کے دودھ یا پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

فوائد: یہ سفوف جریان کو دور کر کے منی کا قوام درست کر دیتا ہے۔ علاوہ ازیں محرک د

مقوی باہ بھی از حد ہے۔ غریب لوگ بنا کر ضرور فائدہ اٹھائیں۔

(۴۷۶)

یہ سفوف جوانی کی سرجھانی ہو کلیوں پر بہلہ تازہ لانے میں بے عدیل ھے

اجزاء و ترکیب ساخت : نک چھکنی ۳ ماشہ۔ کائے پھل ۶ ماشہ۔ لونگ۔ مازو۔ افیون۔ شنگرف۔ ورق طلاء۔ ہر ایک ۴ ماشہ۔ دار چینی۔ ماہی روبیاں۔ ہر ایک ۸ ماشہ۔ مشک ۹ ماشہ۔ ورق نقرہ بقدر حاجت سفوف بنائیں۔

ترکیب استعمال: ۲ ماشہ سفوف آدھ سیر دودھ جوش دیا ہوا کے ہمراہ کھائیں۔

فوائد : اپنی جوانی کو اپنے ہاتھوں ستیاناس کرنے والوں کے لیے یہ سفوف بفضلہٖ مسیحائی کا حکم رکھتا ہے۔ ہر قسم کے نقائص کو دور کر کے جسم کو فربہ اور قوت باہ کو ہیجان میں لاتا ہے۔ سرعت و جریان کے وہ مریض جنہیں تصور سے ہی انزال ہو جاتا ہو اس کے استعمال سے بحکمہ قابل رشک امساک پیدا ہو جاتا ہے۔

اس سفوف سے ۴ سیر دودھ ہضم کر لینا بڑی بات نہیں۔ برسوں کے کمزور و ناطاقت اور بے مراد لوگ اس سفوف سے ضرور فائدہ حاصل کریں۔

(۴۷۷) سفوف قافلہ

یہ سفوف غذا کو جزو بدن بنا رہ وح میں سرور اور خون پیدا کرنے میں اعلیٰ درجہ کا ھے

اجزاء و ترکیب ساخت : دانہ الائچی خورد۔ سلیخہ۔ ساذج۔ ناگ کیسر۔ لونگ۔ جائفل۔ زیرہ سفید۔ زیرہ سیاہ۔ کالی زیری۔ بیلگری۔ شیطرج۔ گل دھاوا۔ سہاگہ۔ مسور کوٹی۔ مائیں خورد۔ پکھان بید۔ نیتر بالا۔ پارہ۔ گندھک۔ اجوائن۔ اسارون۔ ہنسلوچن۔ اشخار۔ جوا کھار۔ اجمود۔ ہینگ۔ کشنیز۔ ترکہ بادیان۔ غنچہ انار۔ پوست کڑا۔ اندر جو شیریں۔ رال۔ لودھ۔ ہلیلہ سیاہ۔ بریاں۔ موچرس۔ وج سب کو برابر وزن لے کر اول پارہ و گندھک کی کجلی کر لیں پھر ادویہ کوٹ چھان کر ملائیں۔

ترکیب استعمال: ۳ ماشہ صبح کو دودھ یا پانی سے استعمال کرائیں۔

فوائد : یہ سفوف غذا کو جزو بدن بنانے میں بے عدیل اور کمیاب نسخوں میں سے ایک ہے۔ بدبوئے دہن کو زائل کر کے خوشبو پیدا کرتا ہے۔ امساک طبعی پیدا کرنے میں اسے خاص حصہ ملا ہے۔ غلیظ ریاح کو توڑنے اور خارج کرنے میں قدرتی طور پر موثر ہے۔ پس جہاں ضعف باہ و جریان وغیرہ کے مریض کو ضعف معدہ کی بھی شکایت ہو۔ کھانا ہضم نہ ہوتا ہو یا بھوک نہ لگتی ہو تو ایسی صورت میں اس سفوف کو استعمال کرائیں۔

(۴۷۸) سفوف برائے کثرت حیض

اجزاء و ترکیب ساخت : گل ملتانی۔ نخود بریاں ہم وزن لیں اور دونوں کے برابر مصری سفید لے کر ملائیں اور سفوف بنالیں۔

ترکیب استعمال : ۹ ماشہ لے کر بکری یا گاؤ کے دودھ ایک پاؤ کے ہمراہ مریضہ کو کھلائیں۔

فوائد : دو تین روز کے استعمال سے نہ صرف خون حیض کی زیادتی بلکہ قے الدم نفث الدم۔ بواسیر وغیرہ کے خون کو بند کرنے میں بھی سہل اور مفید دوا ہے۔

(۴۷۹)

اجزاء و ترکیب ساخت : گل ارمنی۔ گل مختوم۔ مازو زرد۔ دم الاخوین۔ کہربا۔ گوکھرو۔ انجبار ہر ایک ایک تولہ۔ کوٹ کر سفوف بنالیں۔

ترکیب استعمال : ۳ ماشہ ہمراہ شربت انجبار دن میں تین مرتبہ دیں۔

فوائد : کثرت حیض کو روکنے کے لیے نہایت مفید دوا ہے۔ (بیاض قلمی حکیم نوردین)

(۴۸۰) سفوف عجیب

اس سفوف میں یہ خاص صفت ہے کہ خاص عورتوں کے اسہال زحیر اور خونی دست بند کرنے میں مخصوص اور مجرب ہے۔ یہ بیماریاں خواہ کسی قسم سے ہوں۔ بفضلہ یقیناً زائل ہو جاتی ہے۔ عجیب و غریب چیز ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : خرنوب مقشر۔ گلنار۔ دم الاخوین۔ مائیں بریاں۔

مازو بریاں آملہ بریاں۔ تخم حماض۔ گل ارمنی۔ کتھ۔ مغز بیل خشک۔ کشنیز بریاں۔ خس سفید۔ شاہ بلوط۔ انار دانہ گوند کیکر۔ کتیرا۔ ست ملٹھی۔ پوست خشخاش۔ موچرس بریاں۔ رسوت۔ حب الآس۔ نشاستہ بریاں۔ طباشیر۔ گل نیلوفر۔ گل داغستانی ہر ایک ۵ ماشہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

ترکیب استعمال: ۳ ماشہ سے ۹ ماشہ تک ہمراہ آب تازہ۔ ایک بجے دن سے لے کر ۱۲ بجے رات تک کھلا سکتے ہیں۔

فوائد: عورتوں کی پیچش اور اسہال کے لیے قدرت نے اس میں خاص صفت رکھی ہے۔ بہت کم نسخے ایسے ہیں جو کہ عورتوں مردوں کی مشترک بیماریوں میں صرف عورتوں پر اثر کریں اور یہی دوا اسی بیماری میں مردوں پر اثر نہ کرے۔ عجیب و غریب بات ہے۔

(۴۸۱) سفوف حافظ الجنین

یہ سفوف بفضلہ اسقاط حمل کو روکنے اور جنین کی حفاظت کرنے میں مفید و عمدہ ھے

اجزاء و ترکیب ساخت: اصل السوس مقشر (ملٹھی) گل نیلوفر۔ لودھ پٹھانی۔ صندل سفید۔ چینی ہر ایک ایک تولہ۔ سب کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

ترکیب استعمال: روزانہ ایک تولہ یہ سفوف تازہ پانی کے ساتھ حاملہ کو کھلاتے رہیں۔

فوائد: اس سے سہل اور کم خرچ پر تاثیر نسخہ ملنا محال ہے۔ اسقاط کو روکتا اور جنین کی حفاظت کرتا ہے۔ ضرور آزمائیں۔ گو معجون حافظ الجنین وغیرہ متذکرہ بالا امراض کے لیے مسلمہ تریاق ہے۔ مگر وہ صاحب دولت وحشمت حضرات کے لیے ہیں۔

(۴۸۲) سفوف سیلان الرحم

ھوالشافی: گل دھاوا۔ گل سپاری۔ موچرس۔ گوند مولسری۔ ہر ایک تولہ تولہ۔ کھانڈ ۴ تولہ کوٹ چھان کر سنبھال رکھیں۔

ترکیب استعمال: بوقت صبح ۶ ماشہ پانی سے استعمال کرائیں۔

فوائد : سیلان الرحم کے ازالہ کے لیے آسان اور کم خرچ نسخہ ہے۔

(۴۸۳) سفوف مروارید

جس کے استعمال سے بفضلہ تعالیٰ اولاد نرینہ پیدا ہوتی ہے
ان حضرات کے لیے جن کے ہاں لڑکیاں ہی لڑکیاں پیدا ہوتی ہوں اور اولاد نرینہ کے دیکھنے کو ترستے ہوں۔ یہ دوا بفضلہٖ مسیحائی اثر رکھتی ہے۔ گو ذرا محنت اور قیمت سے تیار ہوتی ہے مگر اولاد کے مقابلہ میں ایسی محنتیں اور قیمتیں لاشے محض ہیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : کشتہ صدف مروارید ی۔ کشتہ سنگ یشب۔ کشتہ مرجان۔ زہرہ مہرہ خطائی بڑھیا (خام) دودھی بوٹی سایہ میں خشک کردہ۔ ہر ایک مساوی الوزن لے کر عمدہ اور نفیس کھرل میں ڈال کر سرمہ کی طرح باریک سفوف بنالیں اور نہایت حفاظت سے رکھیں۔

ترکیب استعمال : جب معلوم ہو کہ حمل ہو چکا ہے۔ یعنی جب اجزا خون حیض کے وقت سے پانچ سات دن اوپر گزر جائیں تو اسی وقت سے سوا رتی روزانہ گائے کے دودھ سے نہار منہ کھلانا شروع کریں۔ اور تا وضع حمل یعنی آٹھ ماہ کے قریب کھلاتے رہیں۔ نیز دودھ بھی ایسی گائے کا لیا کریں جس نے بچھڑا دیا ہو۔

نوٹ : نہ صرف یہ کہ ان شاء اللہ لڑکا پیدا ہو گا بلکہ خدا کی مہربانی سے تندرست طاقتور اور صاحب فہم و فراست بھی ہو گا۔

فوائد : کشتہ جات کی ترکیبیں کشتہ جات کے حصہ میں ملاحظہ فرمائیں۔ اگر خود نہ تیار فرما سکیں تو دواخانہ سلیمانی سے طلب فرمائیں۔

(۴۸۴) سفوف بار آور

جس کے استعمال سے بفضلہ نوے فی صدی عورتیں حاملہ ہو جاتی ہیں
اگر حیض کے نقائص یعنی حیض کی تنگی یا زیادتی اور سیلان الرحم کا پہلے علاج کر کے مندرجہ ذیل مروارید ی سفوف کا استعمال کرایا جائے تو بفضلہ تعالیٰ ایسی مستورات جو مدت مدید سے اولاد ایسی انمول و بے بہا نعمت سے محروم ہوں۔ اولاد اور وہ بھی بفضلہٖ نرینہ اولاد

کی دولت سے مالا مال ہو جاتی ہیں۔نہایت عمدہ اعلیٰ اور کامل نسخہ کی اگر تلاش ہو تو وہ یہی نسخہ ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: رومی مصطگی نہایت اعلیٰ ۳ تولہ۔ طباشیر کبود ۲ تولہ۔ الائچی خورد ایک تولہ۔ مروارید ناسفتہ ۲ ماشہ۔ کوزہ مصری ۸ تولہ۔ تمام ادویات کو باریک پیس کر چھ ماشہ کی اٹھائیس پڑیاں تیار کریں۔

ترکیب استعمال: جب عورت حیض سے فارغ ہو کر نہا دھو لے تو اسے ہدایت کر دیں کہ روزانہ ایک پڑیہ صبح کے وقت اور ایک شام کے وقت بکری کے دودھ کے ہمراہ کھالیا کرے نیز روزانہ خاوند کے پاس جائے۔حمل قرار پا جائے گا۔ دوسرے مہینہ استعمال کرانے کی نوبت بہت کم پڑتی ہے۔

(۴۸۵) سفوف اطفال

اس کے استعمال سے بچوں کی ہر قسم کی امراض مثلاً قبض' بدھضمی کھانسی دمہ وغیرہ دور ہو جاتے ہیں

اجزاء و ترکیب ساخت: طباشیر۔ دانہ الائچی۔ گل زنگی۔ انیس۔ مرچ سیاہ۔ ناگر موتھا۔ برابر وزن لے کر خوب کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک مہینے کے لڑکے کو ایک رتی اور چھ مہینے کے بچے کو چار رتی' صرف شہد میں ملا کر چٹائیں۔ زیادہ عمر کے لیے اسی طرح بڑھاتے چلے جائیں۔

فوائد: بچوں کے جملہ امراض کے لیے یہ سفوف مانند تریاق ہے۔ دست۔ بخار۔ ہچکی۔ دمہ۔ بدہضمی وغیرہ کے لیے نہایت نافع ہے۔

(۴۸۶) سفوف کہرباء

یہ سفوف بچوں کی پیچش اور خون کی لیے از حد مفید ھے

اجزاء و ترکیب ساخت: گل ارمنی۔ کہرباء۔ طباشیر۔ ہر ایک ۵ ماشہ کوٹ چھان کر سفوف بنالیں تیار ہے۔

ترکیب استعمال: ۲ سال کے بچہ کو ۳ ماشہ لعاب بہدانہ کے ساتھ اور شیر خوار بچے کو ۲

رتی ماں کے دودھ میں حل کر کے دیں۔

فوائد : بچوں کی پیچش کو بند کرتا ہے۔ علاوہ ازیں نکسیر اور ہر قسم کے خون کو روکنے میں ایک مؤثر دوا ہے۔

(۴۸۷) سفوف خاص

یہ سفوف بچوں کے دانت نکلنے کے زمانہ میں بفضلہ تعالیٰ ہر تکلیف اور درد سے محفوظ رکھتا ھے

اجزاء و ترکیب ساخت : تخم خشخاش، کندر، حب الآس ہر ایک پونے دو ماشہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

ترکیب استعمال: انڈے کی زردی میں بقدر ۳ رتی حل کر کے بچہ کو آہستہ آہستہ کھلائیں۔

(۴۸۸) سفوف چٹکی

یہ سفوف بچوں کے معدے کو درست رکھتا ھے

اجزاء و ترکیب ساخت : ہلیلہ سیاہ۔ پودینہ خشک۔ مرچ سیاہ۔ نمک طعام، زرکچور۔ سہاگہ بریاں۔ ہر ایک ۳ ماشہ سب کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

ترکیب استعمال: بچوں کو ۴ رتی پانی کے ساتھ استعمال کرائیں۔

فوائد : معدے کی اصلاح کر کے غذا کو ہضم کرتا ہے۔ بدہضمی اور دستوں کے لیے نہایت عمدہ چیز ہے۔

ہر بال بچے والے گھر میں اس دوا کا موجود رہنا ضروری ہے۔ ہیضہ کے لیے بھی بہت عمدہ دوا ہے۔

(۴۸۹) سفوف زہر مہرہ خطائی

تپ محرقہ والوں اور دوسرے ہر قسم کے تیز تپوں کے لیے بہترین دوا

اجزاء و ترکیب ساخت : صندل سرخ ۱۰ تولہ۔ کافور ۸ ماشہ۔ زہر مہرہ ۵ تولہ۔ گیرو ۵ تولہ باریک کر کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: ایک سے دو رتی ہمراہ بدرقہ مناسب دیں۔

فوائد: تپ محرقہ۔ تپ طاعون اور دیگر اقسام کے تیز تپوں کے لیے اکسیر الاثر ہے۔ گھبراہٹ۔ پیاس۔ بے چینی۔ وغیرہ دور ہو جاتے ہیں۔ مریض کو دوا دیتے ہی تسکین ہو جاتی ہے۔ ہر مطب میں رہنے کے لائق یہ بے نظیر تحفہ ہے۔

(۴۹۰) سفوف درد بند

جو ہر قسم کے دردوں کی لاجواب اکسیر خصوصاً ذات الجنب کے لیے تریاق ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: چھلکا مدار یعنی آک ۶ ماشہ۔ افیون ۴ ماشہ۔ شورہ قلمی ۳ تولہ۔ کشتہ بارہ سنگا ۴ ماشہ۔ باریک کھرل کر کے سفوف تیار کر لیں۔

ترکیب استعمال: بقدر اڑھائی رتی بتاشہ یا کھانڈ میں رکھ کر اوپر سے چائے پلائیں۔ بچوں کو بقدر عمر دیں۔ حاملہ کو یہ دوا استعمال نہ کرائیں۔

فوائد: یہ دوا ہر قسم کے درردوں کے لیے اکسیری حکم رکھتی ہے۔ خصوصاً پھیپھڑے اور چھاتی کے درد نمونیا کے لیے ایک کم خرچ بے بہا تریاق ہے۔

(۴۹۱) سفوف جامع النفع

بہت سے امراض میں یہ سفوف اکثر کمال دکھانے میں بے مثال ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: جدوار ۳ تولہ۔ کافور ایک تولہ۔ افیون ۲ تولہ۔ اجوائن خراسانی ۲ تولہ۔ تخم دھتورہ سیاہ ۲ تولہ۔ ریوند چینی ۲ تولہ۔ کھانڈ ایک سیر۔ جملہ ادویہ کو خوب باریک کر لیں۔

ترکیب استعمال: دو سے تین رتی دن میں تین دفعہ

فوائد: مسکن۔ مخدر۔ منوم۔ قابض اور حابس رطوبت ہے۔ درد اعصاب۔ وجع المفاصل۔ قولنج۔ ورم معدہ۔ پیچش غیر سدی۔ سرطان معدہ۔ نزلہ۔ زکام۔ کھانسی۔ وجع الکبد۔ درد گردہ۔ عرق النساء۔ وجع الرحم۔ اسقاط حمل۔ اسہال۔ صدع۔ شقیقہ و ذیابیطس۔ بول فی الفراش۔ سلسل بول۔ جریان خون۔ سیلان الرحم۔ جریان بہ حالت تپ۔ جریان۔

احتلام۔سرعت وغیرہ سب امراض کو دور کرتی ہے۔

نوٹ : جب غذا معدے میں نہ ہضم ہو تو یہ دوا ہرگز نہ دینی چاہیے اور بچوں کو بھی ہرگز نہ دیں۔نیز امراض قلب کے مریضوں کو بھی ہرگز استعمال نہ کرائیں۔

(۴۹۲) سفوف الدم

یہ سفوف ھر جگہ سے خون کی آمد کو بند کرنے میں معجز نما اثر رکھتا ھے

اجزاء و ترکیب ساخت : اعلیٰ وعمدہ سنگ جراحت نصف چھٹانک لے لیں اور نصف چھٹانک ہڑتال گوڈنتی جو ابرک کی طرح چمک دار ہو۔دونوں کو کھرل میں ڈال کر اچھی طرح کھرل کر کے یک جان کر لیں۔اب اس میں آب بھتل بوٹی جس کا دودھ سرخ یا زرد رنگ کا ہو۔دواؤں سے دوگنی مقدار ڈال کر یہاں تک کھرل کریں کہ شیرہ خشک ہو جائے۔اب اس کی ایک ٹکیہ بنا لیں اور ایک کوزہ گلی میں مضبوط گل حکمت کر کے دس سیر اپلوں میں آگ دیں۔سرد ہونے پر پیس لیں۔پھر دو دن برگ نیم کے پانی میں کھرل کر کے بدستور پھر آگ دیں۔اور اب اسے نکال کر کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال : ۴ رتی سے ایک ماشہ تک شربت انجبار یا مکھن میں رکھ کر کھلائیں تین روز میں بالکل آرام ہو جائے گا۔

فوائد : ہر قسم کے خون کو بند کرتی ہے۔خواہ حلق سے آتا ہو یا دماغ سے آئے۔بواسیر کا خون ہو یا حیض کا تے الدم ہو یا خونی دست۔غرضیکہ جسم کے کسی حصہ یا کہیں سے آئے فی الفور بفضلہ بند ہو جاتا ہے۔

نوٹ : بھتل ایک بوٹی ہے۔جس کے برگ لمبے ہوتے ہیں۔اور زمین پر بچھے ہوئے ہوتے ہیں۔ان کے درمیان سے ایک سیدھی شاخ اوپر کو جاتی ہے اور اس میں زرد رنگ کا پھول نکلتا ہے۔اس کا پتہ یا ٹہنی توڑنے سے زرد دودھ نکلتا ہے۔علاقہ پنجاب میں بکثرت ملتی ہے۔

باب : ش

شربت

اس شیریں سیال مرکب کو کہتے ہیں جو کہ میوہ جات کے پانی یا دیگر ادویات کے جوشاندہ یا خیسانده میں مصری یا کھانڈ ملا کر تیار کیا جاتا ہے۔
شربت طب یونانی کی بہت قدیم ایجاد ہے۔ لکھا ہے اس کا پہلا موجد فیثا غورث ہے۔

شربت کی ضرورت اور فائدے

بعض ادویات جن کا ذائقہ کسیلا یا کڑوا ہوتا ہے ان کو شربت کی صورت میں تیار کر لینے سے ایک حد تک خوش مزہ ہو جاتا ہے نیز دیگر مرکبات کی نسبت شربت بہت سریع النفوذ مرکب ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

ہدایات

1. اگر ایسے میوہ جات کا شربت بنانا مقصود ہو جس کو نچوڑنے سے بآسانی پانی نکالا جا سکتا ہو مثلاً انار، سیب، انگور وغیرہ تو ان میں سے جس قدر پانی برآمد ہو اس سے تین گنا مصری شامل کر کے قلعی دار دیگچی میں ڈال کر ہلکی ہلکی آنچ پر قوام تیار کرنا چاہیے۔
2. اگر ایسے ترش میووں سے شربت بنانا درکار ہو جن کو نچوڑنے سے پانی بالکل نہیں نکلتا جیسے املی۔ آلو بخارہ۔ زرشک تو گرد وغیرہ سے پاک وصاف کر کے ۳ حصہ پانی میں بھگو دیں اور مل کر باریک اور صاف کپڑے سے چھان لیں۔ بعدہٗ قوام بنائیں۔

- اگر ایسے شیریں میووں سے شربت بنانا ہو جن میں سے پانی نہیں نکل سکتا جیسے انجیر عناب وغیرہ تو ان کو چھ گنا پانی میں جوش دے لیں اور نصف باقی رہنے پر چھان کر بدستور مصری ملا کر شربت تیار کریں۔
- اگر خشک ادویات سے شربت بنانا چاہیں تو ادویات سے آٹھ گنا پانی میں رات کے وقت بھگو چھوڑیں اور بوقت صبح آگ پر پکائیں۔ جب تین گنا پانی باقی رہ جائے تو معمولی مل چھان لیں اور تین گنا میٹھا ل کر شربت تیار کریں۔
- اگر شربت میں دم الاخوین یا کتیرا طباشیر وغیرہ ایسی ادویات ملانا درکار ہوں جو پانی میں حل نہیں ہوسکتیں تو ان کو پیس کر شربت کے قوام بننے کے بعد آگ سے اتار کر ملانا چاہئے۔

شربت کا نکھار

گو دانہ دار کھانڈ اور مصری خود ہی صاف اور مصفّی ہوتی ہے مگر تا ہم اگر شربت کو نکھارنے کا طریقہ معلوم نہ ہو تو شربت خوش رنگ نہیں بنا کرتا لہذا ذیل میں اس کا نکھار عرض کیا جاتا ہے۔

گاؤزبان حسب ضرورت لے کر پانی میں ایک گھنٹہ بھگو چھوڑیں اور عین ایسے وقت جب شربت پکایا جارہا ہو۔ لعاب گاؤزبان کا زور سے چھینٹا دے دیں۔ میل تمام کا تمام چھنٹ کر اوپر آ جائے گا۔ اس کو کسی چمچ وغیرہ سے جس میں سوراخ ہوں نے کر علیحدہ کر دیں۔ اگر کچھ کسر باقی رہے تو تھوڑا آب گاؤزبان اور ڈال دیں۔ اسی طرح دودھ کی لسی سے بھی کھانڈ نکھر آتی ہے۔

شربت کا قوام

شربت کی تیاری میں سب سے ضروری اور نازک مرحلہ قوام کی درستی کا ہے کیونکہ اگر قوام رقیق (پتلا) رہ جائے تو شربت بہت تھوڑے عرصہ میں بگڑ جاتا ہے اور غلیظ (گاڑھا) ہو جانے کی صورت میں جم جاتا ہے بہتر تو یہ ہے کسی شربت ساز کو بناتے دیکھ لے ورنہ اندازا پہچان یہ ہے کہ قوام ایسا ہو جس کا قطرہ ناخن پر دانہ کی طرح ٹک جائے پھیلے نہیں۔

واللہ اعلم۔

(۴۹۳) شربت مغزیات

خشکی دماغ سے اگر نیند نہ آتی ہو تو اس شربت کے پینے ہی بفضلہ مہینوں سے نیند کا متلاشی مریض سو کر سکون حاصل کر لیتا ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: مغز بادام شیریں' مغز کدو شیریں' مغز خیارین' ہر ایک نصف چھٹانک' پوٹاشیم برومائیڈ سوا تولہ' کلورل ہائیڈریٹ ۶ ماشہ۔ مغزیات کو سردائی کی طرح خوب اچھی طرح عرق گاؤزبان و عرق بید مشک ایک پاؤ میں گھوٹ کر شیرہ نکالیں اور باریک ململ کے کپڑے سے پن کر اس شیرے میں پوٹاشیم برومائیڈ اور کلورل ہائیڈریٹ ڈال کر اچھی طرح سے حل کر لیں دونوں چیزیں شیرہ میں بخوبی حل ہو جائیں گی۔ اس کے بعد مصری تین پاؤ لے کر قدرے پانی ملا کر قوام کریں۔ اب اس میں شیرہ مغزیات مذکورہ بالا ملا کر ایک جوش دے کر شربت کر کے آگ سے اتار لیں اور سرد کر کے بوتل میں بھر لیں۔

(۴۹۴) شربت تریاق نزلہ

یہ شربت مواد کو پکا کر خشک کر دیتا ہے

اجزا و ترکیب تیاری: گل بنفشہ' نیلوفر' گاؤزبان' گل سرخ' ہر ایک دو تولہ' دارچینی' سونف' تخم کاسنی' زیرہ سفید' کشنیز خشک' خشخاش' تخم خرفہ' ہر ایک ایک تولہ' الائچی کلاں' الائچی خورد ہر ایک ۹ ماشہ' ملٹھی ۷ ماشہ' عناب ۵ تولہ' مصری ۳ پاؤ۔ جو دوائیں کوٹنے والی ہیں انہیں کوٹ کر اور سب کو ملا کر رات کو ڈیڑھ سیر پانی میں بھگو دیں اور صبح مصری ملا کر قوام کریں۔

ترکیب استعمال: ڈھائی تولہ سے ۵ تولہ تک صبح و شام پانی ملا کر استعمال کرائیں۔

فوائد: پانی کی طرح بہتے ہوئے زکام اور اندر گرتے ہوئے نزلہ کو غلیظ بنانے اور پکانے کے لیے بفضلہ یہ شربت بہترین شے تسلیم کیا جاتا ہے۔

(۴۹۵) شربت بنفشہ

جو نزلہ کو صاف کرنے اور بخار و درد سر و درد چشم وغیرہ کے لیے بہت ہی نفع بخش چیز ہے

اجزا و ترکیب تیاری: گل بنفشہ ۱۰ تولہ کو پانی میں جوش دے کر چھان لیں بعد؛

صندل سفید شامل کر کے قوام بنالیں۔ بس شربت بنفشہ تیار ہے۔

ترکیب استعمال: ۲ تولہ سے ۴ تولہ تک کی مقدار میں یہ شربت حسب ضرورت پانی کے اضافہ کے ساتھ دن میں ایک دو مرتبہ استعمال کریں اور اس کے حیرت انگیز فوائد دیکھیں۔

فوائد: گرم نزلہ اور زکام اور اس نزلہ وزکام سے پیدا ہونے والے بخار' کھانسی اور دردسر اور درد چشم کے لیے یہ شربت اکسیری فوائد کا حامل ثابت ہوا ہے۔ اس کی چند ہی خوراکوں کے استعمال سے تمام شکایات کا ازالہ ہو جاتا ہے۔ ذرا بنا کر استعمال تو کریں کہ کیسی لاجواب چیز ہے جو مندرجہ بالا امراض کے علاج میں ضروری ہے۔

(۴۹۶) شربت احمد شاہی

جو مالیخولیا کی تمام اقسام کیلئے ایک مفید و موثر اور شاہی دوائی ہے

اجزا و ترکیب تیاری: گاؤزبان ۲ تولہ' برگ بادرنجبویہ' گل نیلوفر' تخم فرنجمشک' بلیلہ سیاہ' افتیمون ولایتی' بسفائج فستقی' برگ فرنجمشک' اسطوخودوس' برگ سنا کی' ہر ایک ۹ ماشہ' گل بنفشہ ۶ ماشہ' گل سرخ ساڑھے نو ماشے' دواؤں کو رات کے وقت پانی میں بھگو دیں۔ صبح کو جوش دے کر مل چھان کر مصری پاؤ بھر' عرق گلاب پاؤ بھر شامل کر کے قوام بنائیں۔

ترکیب استعمال: دو تولہ سے چار تولہ تک کی مقدار میں دن میں ایک یا دو مرتبہ شربت حسب ضرورت پانی ملا کر استعمال کرنا چاہیے۔

فوائد: مالیخولیا کے تمام اقسام کے لیے یہ شربت خاص طور پر مفید و مؤثر دوا ہے۔ ایک دفعہ احمد شاہ مالیخولیا میں مبتلا ہو گیا تھا تو شاہی حکیموں نے اس کے لیے یہ شربت تجویز کیا تھا اور اسی شربت سے احمد شاہ کو شفا ہوئی تھی۔ اس سے آپ اندازہ کر سکتے ہیں کہ یہ شربت مالیخولیا کے لیے کس قدر اعلیٰ درجہ کی فائدہ رساں چیز ہے۔ بنا کر آزمائش کیجیے۔ ان شاء اللہ بہت مفید ثابت ہوگا۔

(۴۹۷) شربت اسطوخودوس

جو سوداوی اور بلغمی مادہ کو نکالنے اور دماغ کو فضلات سے صاف

کرنے کے لیے اعلیٰ دوا ھے

اجزا و ترکیب تیاری: ملٹھی مقشر، پرسیاوشاں، اسطوخودوس، عودصلیب، گاؤزبان، تخم بادیان، تخم کرفس، تخم خطمی، ہرایک ۵ تولہ، گل بنفشہ، گل سرخ، ہرایک ۷ تولہ، مویز منقیٰ بیس تولہ، سپستان ۵ عدد، قند سفید ڈھائی سیر، شہد خالص ڈھائی سیر۔ دواؤں کو جوش دے کر مل چھان کر قند اور شہد کا قوام بنائیں۔

ترکیب استعمال: دو تولہ سے چار تولہ تک کی مقدار میں یہ شربت دن میں ایک یا دو مرتبہ حسب ضرورت پانی ملا کر پئیں۔ حیرت انگیز فوائد کا حامل ہے۔

فوائد: یہ شربت دماغ کی بیماریوں کے لیے ایک مخصوص چیز ہے۔ اکثر نامدار اطباء بڑے وثوق سے اپنے مریضوں کے لیے تجویز کرتے ہیں اور کوئی شبہ نہیں کہ اکثر دماغی امراض جو فضلات کی کثرت سے پیدا ہوئے ہوں اس شربت کے استعمال سے دور ہو جاتے ہیں۔ سوداوی اور بلغمی مادوں کو پکانے کے لیے ایک مفید و مؤثر شے ہے۔ نسیان اور عقل کے فساد کی شکایت کو دور کرنے کے لیے اکثر مستعمل ہے بہر حال ایک قابل قدر چیز ہے۔ بنا کر آزمائش کیجیے۔

(۴۹۸) شربت توت سیاہ

جو گلے کی درد، خراش ورم کو زائل کرنے کے لیے ایک مشہور چیز ھے

اجزا و ترکیب تیاری: توت کو نچوڑ کر پانی نکال لیں اور ایک سیر پانی میں ڈیڑھ سیر چینی شامل کر کے قوام بنا لیں شربت توت سیاہ تیار ہے۔

ترکیب استعمال: دو تولے سے چار تولے کی مقدار میں یہ شربت حسب ضرورت پانی کا اضافہ کر کے دن میں دو ایک مرتبہ استعمال کریں یا اس سے بھی بہتر یہ ہے کہ پانی کا اضافہ کرنے کی بجائے محض شربت کو بطور چٹنی چاٹیں۔

فوائد: گلے کے درد، خراش و ورم کے لیے مفید اور مجرب چیز ہے۔

(۴۹۹) شربت فریادرس

کھانسی اور نزلہ کے لیے ایک مشہور اور قوی الفائدہ چیز ھے

اجزا و ترکیب تیاری: صندل سفید، پرسیاوشاں، عودصلیب، دانہ خشخاش سفید، ہرایک

۲ تولہ ملٹھی مقشر، سونف، تخم خطمی، گل سرخ، ہر ایک تولہ تولہ، مویز منقی ۲۵ عدد، پوست خشخاش مسلم ۵ عدد، سب دواؤں کو جوش دے کر اور مل چھان کر قند شامل کر کے قوام بنائیں۔

ترکیب استعمال: ۲ تولہ سے چار تولہ تک کی مقدار میں یہ شربت ۱۲ تولہ عرق گاؤزبان اور حسب ضرورت پانی میں ملا کر دن میں ایک سے دو مرتبہ تک استعمال کریں۔

فوائد: یہ شربت سینہ سے بلغم کو صاف کرتا ہے۔ اس کی چند ہی خوراکوں سے بلغم نہایت آسانی سے خارج ہو کر کھانسی اور نزلہ کر بہت تسلی بخش فائدہ ہوتا ہے۔

(۵۰۰) شربت زوفائے معتدل

اجزا و ترکیب تیاری: بہدانہ، نیلوفر ہر ایک ایک تولہ، میتھی دو تولہ، بنفشہ، پوست خشخاش، تخم السی، تخم خطمی، ہر ایک تین تولہ، پرسیاوشاں، زوفائے خشک، ہر ایک ۵ تولہ، تخم خشخاش ۱۰ تولہ، انجیر زرد ۳۵ دانہ، عناب، سپستان، مویز منقی، ہر ایک سو دانہ، شہد سفید ۳۸ تولہ، شکر سفید ایک سیر گیارہ چھٹانک۔ بدستور شربت بنائیں۔

ترکیب استعمال: ۲ تولہ ہمراہ عرق گاؤزبان استعمال کریں۔

فوائد: نزلہ وزکام کے لیے از حد مفید ہے۔ کھانسی کے لیے ایک مسلمہ دوا ہے۔

(۵۰۱) شربت خشخاش

کھانسی اور گرم نزلہ کے لیے مفید و مجرب

اجزا و ترکیب تیاری: کوکنار مسلم معہ دانوں کے ایک سیر لے کر پانی میں جوش دیں بعدہ چھان کر چینی دو سیر شامل کر کے قوام بنائیں بس شربت خشخاش تیار ہے۔

ترکیب استعمال: ۲ تولہ سے لے کر چار تولہ تک کی مقدار میں یہ شربت دن میں دو ایک مرتبہ استعمال کریں اور اس کے حیرت انگیز فوائد کا مشاہدہ کریں۔

فوائد: یہ شربت دل و دماغ کو تقویت دیتا ہے، سینہ کو بلغم سے خالی کرتا ہے کھانسی کی شکایت اس کے استعمال سے دور ہو جاتی ہے۔ گرم نزلہ وزکام کے لیے بہت مفید اور مجرب شے ہے۔ آزما کر ملاحظہ فرمائیں۔

(۵۰۲) شربت خشخاش مرکب

اجزا و ترکیب تیاری: تخم کاہو، اجوائن خراسانی ہر ایک پونے نو تولہ، خشخاش سفید و سیاہ ہر ایک ۲۹ تولہ دو ماشہ۔ ملٹھی ساڑھے تین تولہ۔ جملہ ادویہ کو دو سیر پانی میں پکائیں۔ یہاں تک کہ تہائی رہ جائے اس کے بعد صاف کر کے لعاب اسپغول پندرہ تولہ اور ترنجبین یا مصری ۳۰ تولہ داخل کر کے جوش دیں یہاں تک کہ شربت کا قوام بن جائے۔ تیار ہے۔

ترکیب استعمال: دو تولہ سے تین تولہ تک ہمراہ پانی کے کھلائیں۔

فوائد: خشک کھانسی اور سل کے لیے مجرب ہے۔

(۵۰۳) شربت اعجاز

جو سل اور دق تک کی کھانسی کے لیے اعجاز نما فوائد کا حامل ثابت ہوا ہے

اجزا و ترکیب تیاری: عناب ولایتی ۲۰ دانہ۔ سپستان ۶۰ دانہ، کتیرا، گوند کیکر، ہر ایک ساڑھے دس ماشہ، بہدانہ ڈیڑھ تولہ۔ ملٹھی مقشر، تخم خبازی، تخم خطمی، گل نیلوفر، گل بنفشہ۔ ہر ایک دو تولہ، برگ اڑوسہ نصف سیر، گوند اور کتیرا کے علاوہ سب دواؤں کو پانی میں جوش دے کر مل چھان لیں اور چینی ایک سیر شامل کر کے قوام بنا لیں۔

ترکیب استعمال: دو تولہ کی مقدار میں یہ شربت لے کر حسب ضرورت پانی ملا کر دن میں ایک یا دو مرتبہ استعمال کریں۔

کھانسی کے لیے یہ شربت مسیحائی تاثیر کا حامل ہے۔ اس کی چند ہی خوراکوں کے استعمال سے شکایت میں نمایاں کمی واقع ہو جاتی ہے اور چند روز میں پورا پورا فائدہ ہو جاتا ہے۔ یہ شربت اس قدر مفید و مجرب شے ہے کہ اسے سل و دق تک کی کھانسی کے لیے ایک قابل اطمینان دوا سمجھا جا سکتا ہے۔

اکثر تجربہ کار حکیم اور وید جو اسے بکثرت استعمال کرتے ہیں ان کا تجربہ ہے کہ یہ دوا نہیں بلکہ جادو ہے۔ آپ بھی اس شربت کو تیار کریں اور پھر اس کے اعجاز نما فوائد کا مشاہدہ کریں۔

(۵۰۴) شربت انار شیریں

دل و جگر کو تقویت بخشنے اور تشنگی کو زائل کرنے والی لاجواب دوا

اجزا و ترکیب تیاری: آب انار شیریں ایک سیر لے کر جوش دیں۔ جب نصف پانی رہ جائے تو اس وقت چینی شامل کر کے قوام بنالیں۔

ترکیب استعمال: دو تولہ سے چار تولہ تک کی مقدار میں یہ شربت لے کر اس میں حسب ضرورت برف اور پانی ملا کر استعمال کریں۔

فوائد: گرمی کی وجہ سے جب بھوک زائل ہوگئی ہو تو اس شربت کی پہلی ہی خوراک کے استعمال سے بسا اوقات خوب کھل کر بھوک لگتی ہے۔

دل و جگر کو تقویت بخشنے کے لیے یہ شربت ایک اچھی اور قابل قدر شے ثابت ہوا ہے۔ گرمی کی وجہ سے جب بار بار پیاس لگتی ہو اس وقت اس کا استعمال پیاس کو فوراً بند کر کے طبیعت کو تسکین دیتا ہے۔ متلی کو کم کرتا ہے۔ قے کی شکایت میں بھی بکثرت مستعمل ہے۔ گرمی کی زیادتی سے جب قے اور اسہال دونوں کی شکایت ہو کچھ کھایا ہضم نہ ہوتا ہو اس وقت اس کا استعمال بے حد مفید ثابت ہوا ہے۔

(۵۰۵) شربت یاقوت

اجزا و ترکیب تیاری: آب انار شیریں' آب بہی' آب امرود' آب سیب' ہر ایک ۵ تولہ۔ چینی ڈیڑھ سیر' گلاب میں قوام کر کے اتار کر مروارید ناسفتہ' کہربا' لعل' ہر ایک تین ماشہ' یاقوت رمانی ۹ ماشہ' ورق طلاء دو ماشہ' عنبر ۳ ماشہ کافور ایک ماشہ' حل کر کے شربت تیار کریں۔

نوٹ: حجریات کو عرق گلاب یا کیوڑہ میں حل کر کے داخل کریں اور ورق طلاء کو بھی اسی میں خوب حل کر کے داخل کریں۔

ترکیب استعمال: ایک تولہ سے دو تولہ تک ہمراہ عرق کیوڑہ استعمال کریں۔

فوائد: تقویت قلب کے لیے اس سے بڑھ کر کوئی شربت نہیں ہو سکتا۔

(۵۰۶) شربت انار ترش

جو کہ گرمی کی شکایت کو دور کرنے اور بھوک لگانے کے لیے ایک قابل قدر تحفہ ہے

اجزا و ترکیب تیاری: آب انار ترش ۲ سیر' پودینہ سبز تازہ' عود خام' مصطگی' آملہ ہر ایک ۷ ماشہ' پوست بیرون پستہ ڈیڑھ ماشہ۔

داؤں کو کوٹ کر پانی میں جوش دے کر مل چھان کر آب انار مذکورہ اور چینی ایک سیر شامل کر کے قوام بنالیں بعدہٗ مصطگی سفوف کر کے قوام میں شامل کریں۔

ترکیب استعمال: دو تولہ کی مقدار میں یہ شربت لے کر حسب ضرورت پانی اور برف وغیرہ دن میں ایک یا دو مرتبہ استعمال کریں اور پہلی ہی خوراک سے مرض میں افاقہ ملاحظہ فرمائیں۔ عجیب شے ہے۔

فوائد: دل کو تقویت دینے کے لیے یہ شربت ایک اچھی چیز ہے خاص طور پر موسم گرما میں جب دل دھڑکتا ہو تو اکثر اس کی ایک ہی خوراک سے نمایاں فائدہ ہو جاتا ہے۔ معدے کی گرمی کو زائل کرنے کے لیے بہت قابل قدر تحفہ ہے۔ ابکائیاں اور قے وغیرہ کی شکایت میں اس کی پہلی خوراک سے نمایاں کمی واقع ہو جاتی ہے۔ بھوک لگانے کے لیے بھی اس کا اثر بہت قوی پایا گیا ہے۔ ایک دفعہ بنا کر آزمائش کریں گے تو آپ کو اس کے فوائد کا پورا پورا علم ہو جائے گا۔

(۵۰۷) شربت ابریشم سادہ

جو دل و دماغ کو تقویت دینے اور خفقان و وحشت کو دور کرنے کے لیے ایک مفید و موثر نسخہ ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: ابریشم مقرض خام اڑتیس تولہ' برگ گاؤ زبان' بادرنجبویہ' اسطوخودوس' ہر ایک ۱۹ تولہ' پانی کولو ہے سے بجھائیں اور سب دواؤں کو پانی میں ۵ پہر تک تر رکھیں۔ بعد ازاں جوش دے کر مل کر چھان لیں۔ کل دواؤں کے وزن سے سہ چند چینی شامل کر کے قوام بنائیں۔ بعدہٗ تخم فرنجمشک ساڑھے تین تولہ' صندل سفید ایک تولہ ۱۰ ماشہ۔

عود ہندی ڈیڑھ تولہ' ترنج' ساذج ہندی' درونج عقربی ساڑھے تیرہ ماشہ' سب کو سفوف کر کے شربت میں ملائیں۔

ترکیب استعمال: ۲ تولہ سے ۴ تولہ تک کی مقدار میں یہ شربت ضرورت کے مطابق پانی ملا کر استعمال کریں۔

فوائد: یہ شربت دل و دماغ کو تفریح وتقویت دینے کے لیے ایک مخصوص شے ہے دل و دماغ کی کمزوریاں اور بیماریوں میں اسے مقوی دل و دماغ دواؤں کے ساتھ بطور بدرقہ استعمال کرایا جاتا ہے۔

تنہا استعمال کرانے سے بھی بہت مفید و موثر ثابت ہوا ہے۔

(۵۰۸) شربت انگور ترش

دل کو فرحت اور جسم کو تقویت دینے کے لیے ایک مفید دوا

اجزاء و ترکیب ساخت: آب انگور ترش ایک سیر' چینی ڈیڑھ سیر شامل کر کے قوام بنائیں بعدہ ثعلب مصری دو تولہ' تخم شاہم' بہمن سفید' اندر جو شریں' تخم گاجر' ہر ایک ۶ ماشہ۔ عرق کیوڑہ میں شامل کر دیں اور قوام درست کر لیں۔

ترکیب استعمال: دو تولہ کی مقدار میں یہ شربت حسب ضرورت پانی ملا کر دن میں دو ایک مرتبہ استعمال کریں۔ ضرورت سمجھیں تو برف بھی شامل کر لیں۔

فوائد: اس شربت میں غذائیت اور دوائیت دونوں فوائد موجود ہیں چنانچہ اس کے استعمال سے جسم کو غذا پہنچتی ہے۔ تازہ خون کثیر مقدار میں پیدا ہوتا ہے اور صحت جسمانی میں اضافہ ہو جاتا ہے باہ کو تقویت دینے کے لیے بھی ایک اچھی غذائی دوا ہے دل کو فرحت اور تقویت دینے میں اس کے فوائد مسلمہ ہیں۔ معدے کو بھی طاقت دیتا ہے اور فتور ہضم کی اصلاح کرتا ہے۔

(۵۰۹) شربت انگور شیریں

جو باہ کو تقویت دینے اور جسم کو غذائیت پہنچانے کے لیے لا جواب ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: آب انگور شیریں ایک سیر میں چینی ڈیڑھ سیر شامل کر کے

قوام بنالیں۔بس شربت انگور شیریں تیار ہے۔

ترکیب استعمال: دو تولہ سے چار تولہ کی مقدار میں یہ شربت حسب ضرورت پانی ملا کر دن میں دو ایک مرتبہ استعمال کریں اور اس کے خون افزا و مقوی باہ فوائد کا مشاہدہ کریں عجیب شے ہے۔

فوائد: یہ شربت جسم کے تمام اعضاء کے لیے ایک ہلکی سی خوش گوار طاقت بخش دوا ہے۔ اس کے استعمال سے خون صالح کافی مقدار میں پیدا ہوتا ہے اور جسم کے علاوہ باہ کو بھی طاقت پہنچتی ہے۔دل کو تقویت اور تفریح بخشنے کے لیے بھی یہ شربت ایک اچھی چیز ہے۔ اس کے علاوہ معدے کو بھی طاقت دیتا ہے۔

(۵۱۰) شربت اناناس

دل کو تفریح و تقویت بخشنے اور پیشاب کو صاف کرنے کے لیے ایک موثر نسخہ

اجزاء و ترکیب ساخت: آب اناناس ایک سیر' عرق گلاب' عرق بید مشک' ہر ایک نصف پاؤ' چینی نصف سیر جملہ ادویہ کو یک جا کر کے ذرا سا آب لیموں کاغذی ملا کر قوام بنائیں۔

ترکیب استعمال: دو تولہ سے چار تولہ تک کی مقدار میں یہ شربت حسب ضرورت پانی کا اضافہ کر کے دن میں دو ایک مرتبہ استعمال کرائیں۔ دل و دماغ کی تقویت کے لیے استعمال کیا جا رہا ہو تو برف شامل کر لینے کا بھی کوئی حرج نہیں ہے۔

فوائد: یہ شربت دل و دماغ کو تفریح و تقویت بخشتا ہے۔اس لیے دل و دماغ کی کمزوری کے ازالہ کے لیے تنہا یا دوسری دواؤں کے ساتھ ملا کر استعمال کیا جاتا ہے۔ پیشاب کو کھول کر لاتا ہے۔اس لیے بعض اوقات پتھری کو گھلانے والی دواؤں کے ساتھ بھی استعمال کرایا جاتا ہے۔

(۵۱۱) شربت بہی

دل کو تقویت دینے اور معدے کی اکثر امراض کو دور کرنے کے لیے اکسیری نسخہ

اجزاء و ترکیب ساخت: بہی ترش چھلکے اور دانوں کو نکال کر کوٹ پیس کر نچوڑ لیں ہر

ایک کا پانی ڈھائی ڈھائی پاؤ لیں اور چینی ایک پاؤ شامل کر کے قوام بنالیں۔ بس شربت بھی تیار ہے۔

ترکیب استعمال: دوتولہ سے چارتولہ تک کی مقدار میں یہ شربت حسب ضرورت پانی کے اضافہ کے ساتھ دن بھر میں دو ایک مرتبہ استعمال کریں۔

فوائد: یہ شربت دل کو تقویت اور تفریح بخشنے کے لیے ایک لاجواب شے ہے علاوہ ازیں اس کے استعمال سے معدے کے اکثر امراض کو بھی بے حد نفع پہنچتا ہے۔ متلی اور قے کو روکنے کے لیے ایک عجیب چیز ہے۔ بھوک لگانے کے لیے بھی بہت مفید ہے۔ گرمیوں کے موسم میں امتحان کرنے کی چیز ہے۔

(۵۱۲) شربت حماض

جو دل اور معدہ کے اکثر امراض کے لیے بے حد نفع بخش ثابت ہوا ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: آب حماض ۱۴ تولہ لے کر چینی ایک سیر شامل کر کے قوام بنائیں بس شربت حماض تیار ہے۔

ترکیب استعمال: دوتولہ سے چارتولہ تک کی مقدار میں یہ شربت حسب ضرورت پانی کے اضافہ کے ساتھ دن میں دوایک مرتبہ استعمال کریں۔

فوائد: یہ شربت دل اور معدہ کے اکثر گرم امراض کے لیے مخصوص ومفید چیز ہے۔ اس کے استعمال سے معدے کی کمزوری دور ہو کر اسے قابل محسوس تحریک وتقویت ملتی ہے۔ دل کو تفریح وتقویت بخشنے کے لیے بھی شربت اچھا مفید پایا گیا ہے۔ دل کے گرم امراض کے لیے تو خاص طور پر اکسیر چیز ہے۔ دل کی گرمی دھڑکن اور گھبراہٹ اس کی چند ہی خوراکوں کے استعمال سے دور ہو جاتی ہے۔

(۵۱۳) شربت فواکہ

جسم کے تمام اعضاء کو تقویت دینے اور کمزوریوں کا ازالہ کرنے کے لیے اعلیٰ مفید و مجرب دوا

اجزاء و ترکیب ساخت: آب انار شیریں آب انار ترش آب سیب شیریں آب

بہی شیریں، آب سیب ترش، آب امرود، ہر ایک ایک سیر، آب زرشک نصف سیر، سب کو جوش دیں بعدہٗ تین سیر چینی ملا کر شربت بنائیں۔

ترکیب استعمال: دو تولہ سے چار تولہ تک کی مقدار میں یہ شربت لے کر اس میں حسب ضرورت پانی شامل کر کے پئیں۔ ضرورت سمجھیں تو برف بھی ڈال لیں۔

فوائد: دل و دماغ اور معدہ و جگر کو قوت بخشنے کے لیے یہ ایک عجیب الفعل دوا ہے۔ اس میں غذائیت بھی ہے اور دوائیت بھی۔ قوت ذائقہ کا سامان بھی ہے اور افادیت بھی۔ نازک سے نازک اور امیر طبع سے امیر طبع لوگوں کے لیے بھی مرغوب اور دل پسند شے ہے بنا کر آزمائش کیجیے۔ طبیعت خوش ہو جائے گی۔

(۵۱۴) شربت کیوڑہ

جو دل کو فرحت و تقویت بخشتا اور تشنگی کا ازالہ کرتا ھے

اجزاء و ترکیب ساخت: عرق کیوڑہ خالص تیز خوشبودار دو سیر وزن لے کر اس میں ایک سیر چینی ملا کر قوام بنالیں۔ بس شربت کیوڑہ تیار ہے۔

ترکیب استعمال: ۴ تولہ کی مقدار میں شربت لے کر حسب ضرورت پانی کا اضافہ کر کے برف ڈال کر پئیں۔ اور ملاحظہ کرلیں کہ کس قدر مفرح خوشبودار خوش ذائقہ ہے۔

فوائد: یہ شربت حد درجہ خوش ذائقہ، خوشبودار اور مفرح قلب ہے۔ موسم گرما میں اسے عام طور پر استعمال کیا جائے تو اکثر امراض گرم سے حفاظت رہتی ہے۔ قابل قدر شے ہے۔ ضرور بنا کر آزمائش کریں۔

(۵۱۵) شربت گاؤزبان

جو دل و دماغ کو تقویت دینے اور خفقان کو زائل کرنے کے لیے مجرب ھے

اجزاء و ترکیب ساخت: گاؤزبان ۱۰ تولہ، عرق گلاب آدھ سیر، شکر سفید ایک سیر، گاؤزبان کو رات بھر پانی میں بھگوئے رکھیں اور صبح کو جوش دے کر صاف کر کے عرق گلاب اور شکر کا اضافہ کر کے شربت کے قوام پر لے آئیں۔

ترکیب استعمال: ۴ تولہ کی مقدار میں شربت لے کر اسے عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ میں

ملائیں اور پانی حسب ضرورت کا اضافہ کر کے پئیں۔

فوائد : دل و دماغ کو تقویت دینے کے لیے یہ شربت ایک مخصوص شے ہے۔ بخار اور کھانسی میں بھی مفید پڑتا ہے۔ سوداوی مزاجوں کے خاص طور پر موافق ہے۔ ملین طبع بھی حد درجہ کا ہے۔

(۵۱۶) شربت گڑھل

اجزاء و ترکیب ساخت : گل گڑھل سو عدد لے کر سبز پتوں کو دور کر کے ایک چینی کے برتن میں رکھیں اور آب لیموں کاغذی پاؤ سیر ڈالیں۔ ایک روز کے بعد مصری ایک سیر کو بارش کے دو سیر پانی میں حل کر کے برتن مذکورہ میں ڈال دیں۔ چار پانچ روز کے بعد چھان کر قوام بنا کر رکھیں بس شربت گڑھل تیار ہے۔

ترکیب استعمال : ۴ تولہ کی مقدار میں یہ شربت لے کر اس میں ۱۲ تولہ عرق گاؤ زبان شامل کریں اور حسب ضرورت پانی کا اضافہ کر کے دن میں دو یا تین مرتبہ استعمال کریں۔ ضرورت سمجھیں تو برف بھی ملا سکتے ہیں۔

فوائد : یہ شربت ان شربتوں میں سے ہے جو موسم گرما میں صفرا کی حدت کو توڑنے اور تفریح قلب کے لیے شوقیہ طور پر استعمال کیے جا سکتے ہیں۔ موسم گرما میں اس کا استعمال جاری رکھا جائے تو اکثر گرم امراض سے حفاظت رہتی ہے۔ فوائد اور ذائقہ کے اعتبار سے ایک لاجواب شربت ہے۔

(۵۱۷) شربت لوکاٹ

اجزاء و ترکیب ساخت : لوکاٹ کا پانی دو سیر لے کر اس میں ایک سیر چینی شامل کر کے قوام بنالیں۔ بس شربت لوکاٹ تیار ہے۔

ترکیب استعمال : ۴ تولہ کی مقدار میں یہ شربت لے کر اس میں حسب ضرورت پانی کا اضافہ کر کے دن میں دو یا تین مرتبہ استعمال کریں۔

فوائد : موسم گرما کے لیے ایک بے نظیر تحفہ ہے۔ صفرا کے جوش کو تسکین دینے اور قلب کو فرحت بخشنے کے لیے اسے شوقیہ طور پر استعمال کیجیے۔ خود استعمال کیجیے اور اپنے دوستوں کو

استعمال کرائیے اور اس کے کرشمے دیکھئے۔

(۵۱۸) شربت مفرح الارواح

اجزاء و ترکیب ساخت : گل نیلوفر سفید' گل بنفشہ' گل گاؤ زبان' صندل سفید' آلو بخارا ہر ایک ۵ تولہ' مغز تخم خیارین' مغز بادام' ہر ایک ۳ تولہ' گل گڑھل ایک تولہ' بغیر مغزیات کے باقی دوائیں رات کو عرق گلاب' عرق بید مشک' ہر ایک نصف سیر' پانی حسب ضرورت میں بھگو دیں اور صبح نرم آنچ پر جوش دیں۔ جب پانی نصف رہ جائے اتار لیں اور مل کر کپڑے میں چھان لیں۔ پھر مصری اڑھائی سیر کے ہمراہ قوام دیں۔ جب قوام قریب ہو تو مغزیات شیرہ عرق گلاب و بید مشک سے نکال کر داخل کریں۔ ٹھیک قوام ہو جانے پر بوتلوں میں بھر کر محفوظ رکھیں اور اس کے کرشمے دیکھیں۔

ترکیب استعمال : صبح و شام پانی ملا کر پلائیں۔

فوائد : دافعہ حرارت و خفقان حار' دل کو فرحت اور سرور دیتا ہے۔ طبیعت کو چست اور چالاک کرتا ہے۔ گھبراہٹ اور طیش اور بے قراری کو تسکین بخشتا ہے اور پیاس کو بجھاتا ہے۔

(۵۱۹) شربت نارنج

اجزاء و ترکیب ساخت : چینی نصف سیر لے کر عرق گاؤ زبان میں ملا کر قوام بنائیں بعدہ آب نارنج ۱۲ تولہ شامل کر کے دوبارہ قوام درست کریں اور زعفران اصلی ایک ماشہ عرق گلاب میں حل کر کے قوام میں ملائیں۔

ترکیب استعمال : دو تولہ سے ۴ تولہ تک کی مقدار میں یہ شربت حسب ضرورت پانی کے اضافہ کے ساتھ دن میں دو تین مرتبہ تک استعمال کریں۔ موسم گرما کے استعمال کی چیز ہے۔ خواہش ہو تو اس میں برف بھی ملا لیں۔

فوائد : موسم گرما میں جب گرمی کی شدت نے تن من جلا رکھا ہو۔ یہ شربت نسیم بہار کا ایک روح پرور جھونکا ثابت ہوتا ہے جس کے لمس سے تن من میں سرور و مسرت کی ایک نئی لہر دوڑ جاتی ہے۔ موسم گرما کی حدت سے جب بھوک لگنی بند ہو گئی ہو تو اس شربت کا استعمال بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔

(۵۲۰) شربت نیلوفر

جو صفرا کی تیزی کو توڑتا اور پیاس کو تسکین دیتا ھے

اجزاء و ترکیب ساخت: گل نیلوفر نہایت صاف اور اعلیٰ دس تولہ کی مقدار میں لے کر رات بھر کسی قلعی دار برتن میں دو سیر پانی میں بھگو رکھیں۔ صبح ہلکی ہلکی آگ پر جوش دیں۔ جب ایک سیر پانی باقی رہے تو مل چھان کر ایک سیر چینی کا اضافہ کر کے پھر آگ پر چڑھائیں اور شربت کا قوام بنالیں بس شربت نیلوفر تیار ہے۔

ترکیب استعمال: ۲ تولہ سے ۴ تولہ تک کی مقدار میں یہ شربت صبح و شام و دوپہر یا صرف صبح کو حسب ضرورت پانی اور برف کے اضافہ سے استعمال کریں۔ صرف موسم گرما کے استعمال کی چیز ہے۔

احتیاط: اس شربت کی کثرت باہ کو ضعیف بناتی ہے۔ اس لیے ضعیف الباہ ذرا احتیاط سے استعمال کریں بلکہ استعمال نہ ہی کریں تو بہتر ہے۔

فوائد: موسم گرما کی شدت حرارت کو تسکین دینے کے لیے ایک نہایت اعلیٰ درجہ کی شے ہے۔ جس کے فوائد کے استعمال پر ہی واضح ہو سکتے ہیں۔ گرمی کی وجہ سے طبیعت کا متلانا' ابکائیاں' پیاس کی شدت وغیرہ تمام عوارض اس کے استعمال سے دور ہو جاتے ہیں۔ دل کی گھبراہٹ دل کا دھڑکنا وغیرہ شکایات کے لیے بھی نہایت مفید و مجرب چیز ہے۔

(۵۲۱) شربت مقوی معدہ

جو کہ ضعف معدہ' ضعف دماغ' ضعف قلب' بے چینی و گھبراھٹ کے لیے نہایت مفید ھے

اجزاء و ترکیب ساخت: سونف' افسنتین' برگ گاؤزبان' ابریشم' ہر ایک ۳'۳ تولہ عرق سونف' عرق بید مشک' عرق گاؤزبان' ہر ایک ڈیڑھ ڈیڑھ پاؤ۔

ترکیب ساخت: خشک ادویات کو رات کے وقت عرقیات میں بھگو رکھیں اور بوقت صبح آگ پر رکھ کر پکائیں۔ جب نصف عرق جل کر نصف باقی رہے تو مل چھان کر اس میں مصری تین پاؤ ملا کر شربت تیار کریں۔

ترکیب استعمال: صبح وشام ۳۔۳ تولہ شربت عرق گاؤزبان ۱۰ تولہ۔ پانی سرد ۱۰ تولہ ملا کر استعمال کریں۔

فوائد : دل کی گھبراہٹ، پریشانی، وسواس، معدہ کی کمزوری، دماغ کا ضعف، ان سب مرضوں کے ازالہ کے لیے یہ شربت نہایت ومفید ہے۔

(۵۲۲) شربت مشک

از حد مقوی باہ اور مقوی جسم شربت

اجزاء و ترکیب ساخت : شہد سفید، چینی، ہر ایک ایک سیر کو دو سیر پانی میں جوش دیں یہاں تک کہ قوام ہو جائے، پھر زعفران پونے دو ماشہ اور مشک ساڑھے چار ماشہ کو کھرل کر کے اضافہ کریں۔

ترکیب استعمال: ساڑھے دس ماشہ چمچہ سے پلایا کریں۔

فوائد : معدے کو قوت دیتا ہے۔ بلغمی بخاروں کے لیے مفید ہے اور بوڑھوں کے لیے تو آب حیات ہے۔

(۵۲۳) شربت عنبر

اجزاء و ترکیب ساخت : شہد دو سیر کو پانی دو سیر میں ملا کر جوش دیں اور جھاگ اتاریں۔ یہاں تک کہ قوام بن جائے۔ اخیر میں عنبر اور زعفران ہر ایک ساڑھے چار ماشہ باریک پیس کر اضافہ کریں بس تیار ہے۔

ترکیب استعمال: ایک تولہ ساڑھے ۵ ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان استعمال کریں۔

فوائد : معدے اور اعصاب کے درد کے لیے مفید ہے۔ سرد خفقان کو زائل کرتا ہے مقوی باہ ہے۔

(۵۲۴) شربت توت سیاہ

جو جگر و معدہ کو قوت دینے اور سدوں کو کھولنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے

اجزاء و ترکیب ساخت : توت سیاہ کو نچوڑ کر پانی نکالیں اور ایک سیر پانی میں ڈیڑھ سیر چینی شامل کر کے قوام بنائیں۔

ترکیب استعمال: دو سے لے کر چار تولہ تک کی مقدار میں یہ شربت عرق بر نجاسف چھ تولہ اور عرق سونف چھ تولہ میں ملا کر حسب ضرورت پانی کا اضافہ کر کے استعمال کریں۔ دن میں دو یا تین مرتبہ جیسی ضرورت ہو۔

فوائد: جگر و معدہ کو تقویت دینے کے لیے یہ شربت خاص طور پر ایک مفید و مجرب ہے۔ کسی قدر ملین طبع بھی ہے۔ سدوں کو خارج کرتا اور استسقاء کی ابتداء میں بہت مفید ثابت ہوا ہے۔

مرکب بخاروں میں بھی اس کا استعمال کیا جاتا ہے۔

(۵۲۵) شربت تمر ہندی

جو معدے کو تقویت بخشنے اور قبض کو دور کرنے کے لیے ایک عجیب نسخہ ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: تمر ہندی (املی) نصف سیر لے کر پانی میں رات کو بھگو دیں صبح کو خفیف جوش دے کر چھان لیں اور ایک سیر چینی شامل کر کے قوام بنائیں۔

ترکیب استعمال: دو تولہ سے چار تولہ تک کی مقدار میں یہ شربت حسب ضرورت پانی کے اضافہ کے ساتھ دن میں دو ایک مرتبہ استعمال کریں۔

فوائد: معدے کو تقویت بخشنے کے لیے یہ شربت ایک لاجواب چیز ہے۔ متلی اور قے کی شکایت اس کے استعمال سے دور ہو جاتی ہے۔ صفرا کی تیزی کو توڑ کر صفرا سے پیدا ہونے والے اکثر امراض کو فائدہ بخشتا ہے۔ قبض کی شکایت کے لیے بھی نفع بخش چیز ہے۔ آزما کر دیکھ لیں۔

(۵۲۶) شربت حب آلاس

جو معدے کو تقویت بخشنے اور اسہال و جریان خون کو دور کرنے کے لیے ایک عجیب نسخہ ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: گلی بول، طراشیث ہر ایک تین تولہ، حب آلاس، امرود خشک، ہر ایک چودہ تولہ۔ آب بہی، آب سیب، آب انار ہر ایک ایک سیر۔

دواؤں کو ان پانیوں میں جوش دے کر چھان لیں اور حسب ضرورت کھانڈ ملا کر قوام

بنائیں بس شربت حب آلاس تیار ہے۔

ترکیب استعمال: ۲ تولہ سے ۴ تولہ تک کی مقدار میں یہ شربت حسب ضرورت پانی کے اضافہ کے ساتھ استعمال کریں۔

فوائد: معدے کو تقویت بخشنے کے لیے ایک اچھی چیز ہے۔ دستوں کی شکایت میں اس کے استعمال سے بہت کافی فائدہ ہوتا ہے۔ اگر دست معدے کی کمزوری سے آتے ہوں تو اور بھی جلد فائدہ ہوتا ہے۔ خون خواہ کسی راستے سے آتا ہو اس شربت کے استعمال سے بند ہو جاتا ہے۔ خونی دستوں میں اسے تنہا یا دیگر ادویہ کے ہمراہ استعمال کیا جاتا ہے اور بہت مفید پایا گیا ہے۔

(۵۲۷) شربت دینار

جو درد جگر' درد شکم اور درد مثانہ کے لیے استعمال کیا جاتا ھے

اجزاء و ترکیب ساخت: پوست بیخ کاسنی ۱۱ تولہ' تخم کاسنی' غنچہ گل سرخ' ہر ایک ساڑھے ۵ تولہ' گل نیلوفر' گاؤزبان' ہر ایک ۳ تولہ' تخم کشوت آٹھ تولہ دس ماشہ' سب دواؤں کو پانی میں جوش دے کر چھان لیں اور شہد سفید ایک سیر شامل کر کے قوام بنائیں۔ ریوند چینی ۴ تولہ سفوف کر کے شامل کریں۔

ترکیب استعمال: ۲ تولہ سے ۴ تولہ تک کی مقدار میں یہ شربت حسب ضرورت پانی کے اضافہ کے ساتھ دن میں دو ایک مرتبہ استعمال کریں۔

فوائد: یہ شربت درد جگر' درد رحم اور مثانہ کے ازالہ کے لیے ایک مفید و مخصوص شے ہے۔ علاوہ ازیں استسقاء ذات الجنب میں بھی اسے بہت مفید پایا گیا ہے۔

(۵۲۸) شربت صندل

جسے جگر اور معدے کی بڑھی ھوئی حرارت کی تسکین کے لیے استعمال کیا جاتا ھے

اجزاء و ترکیب ساخت: برادہ صندل سفید ۱۴ تولہ لے کر دو سیر پانی میں جوش دیں پھر چھان کر ایک سیر چینی ملا کر قوام کریں۔

ترکیب استعمال: ۲ تولہ سے ۴ تولہ تک کی مقدار میں یہ شربت لے کر حسب ضرورت پانی کا اضافہ کر کے برف سے ٹھنڈا کر کے پئیں۔ دن میں دو ایک مرتبہ یا کم و بیش حسب موقعہ و محل استعمال کریں۔

فوائد: دل کو تفریح و تقویت دینے کے لیے یہ شربت صندل ایک مشہور الفائدہ چیز ہے۔ گرمیوں کی گرمی کی حدت کو تسکین دینے کے لیے اسے بکثرت پیا جاتا ہے۔ جگر و معدہ دونوں کی بڑھی ہوئی حرارت اس کے استعمال سے اعتدال پر آ جاتی ہے۔ گرم خفقان کے لیے اسے ایک مفید و موثر چیز سمجھا جاتا ہے۔ بنا کر آزمائش کر سکتے ہیں۔

(۵۲۹) شربت بزوری

جو جگر اور معدہ کی برودت کو زائل کرنے کے لیے ایک لاجواب شے ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: پوست بیخ کاسنی بیخ بادیان ہر ایک ۲ تولہ بادیان۔ تخم کرفس، تخم کشوث ہر ایک ۳ تولہ پوٹلی میں باندھ کر دواؤں کے ساتھ جوش دیں۔ ڈیڑھ دو سیر پانی میں سب دواؤں کو جوش دے کر اور مل چھان کر چینی ایک سیر ملا کر قوام بنائیں۔ بس شربت بزوری تیار ہے۔

ترکیب استعمال: دو تولہ سے چار تولہ تک کی مقدار میں یہ شربت حسب ضرورت پانی ملا کر دن میں دو ایک مرتبہ استعمال کریں۔

فوائد: جگر اور معدہ کی برودت کو زائل کرنے کے لیے ایک مفید و مجرب چیز ہے گردہ اور مثانہ کے اکثر امراض میں اس کا استعمال مفید پایا گیا ہے۔

(۵۳۰) شربت بزوری معتدل

جو کہ مرکب بخاروں میں مفید ہونے کی علاوہ جگر و گردہ و مثانہ کو فضلات سے پاک و صاف کرتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: تخم کاسنی تخم ککڑی تخم کھیرا تخم خربوزہ تخم بادیان ہر ایک ۵ ماشہ بیخ کاسنی ساڑھے دس ماشہ دواؤں کو پانی میں جوش دے کر چھان کر چینی پانچ تولہ شامل کر کے قوام بنالیں۔

نوٹ : اس حساب سے جس قدر چاہیں شربت تیار کر سکتے ہیں۔

ترکیب استعمال : دو تولہ سے چار تولہ تک کی مقدار میں یہ شربت حسب ضرورت پانی کے اضافہ کے ساتھ دن میں دو سے چار مرتبہ استعمال کریں۔

فوائد : مرکب بخاروں میں اس شربت کا استعمال بہت مفید پایا گیا ہے۔ جگر و معدہ و گردہ و مثانہ کو فضلات سے پاک وصاف کرنے کے لیے بہت مفید و مجرب شے ہے۔ سوزاک میں جب پیشاب کی بندش اور درد ٹیس وغیرہ کی شکایت ہو تو اس کا استعمال بے حد مفید ثابت ہوا ہے۔ سوزاک کی اکثر دوائیں اس شربت کے ساتھ استعمال کی جاتی ہیں اور اس سے اس کے فوائد میں چار چاند لگ جاتے ہیں۔ بڑی مفید شے ہے۔

(۵۳۱) شربت بزوری بارد

جگر کے گرم امراض میں مفید ھے اور جگر کی گرمی کو زائل کرتا ھے

اجزاء و ترکیب ساخت : پوست بیخ کاسنی ۲ تولہ تخم خربوزہ تخم ککڑی تخم کھیرا ہر ایک ڈیڑھ تولہ مغز تخم تربوز ۸ ماشہ پانی میں جوش دے کر اور مل چھان کر چینی ایک سیر شامل کر کے قوام بنالیں۔

ترکیب استعمال : دو تولہ سے چار تولہ تک کی مقدار میں یہ شربت لے کر حسب ضرورت پانی ملا کر دن میں ایک دو مرتبہ استعمال کرائیں۔

فوائد : جگر کے گرم امراض کے لیے یہ شربت بہت مفید و مجرب چیز ہے۔ جگر کی گرمی کو زائل کرتا ہے۔ پیشاب خوب کھل کر لاتا ہے۔ اگر پیشاب میں زردی یا سرخی ہو تو وہ اس کی چندہی خوراکوں سے دور ہو جاتی ہے۔ گرم اور تر بخاروں میں بھی اسے مفید پایا گیا ہے۔

(۵۳۲) شربت انجیر

قبض کی شکایت کو دور کرنے کے لیے ایک مفید و مجرب چیز ھے

اجزاء و ترکیب ساخت : انجیر زرد پاؤ سیر لے کر پانی میں خوب جوش دے کر اور مل چھان کر چینی ۳ پاؤ ملا کر قوام بنالیں بس تیار ہے۔

ترکیب استعمال : دو تولہ سے چار تولہ تک کی مقدار میں یہ شربت لے کر حسب

ضرورت پانی ملا کر استعمال کریں۔ اس میں برف شامل نہ کی جائے۔ ضرورت ہو تو دو وقت ورنہ صرف ایک وقت صبح کو اس شربت کا استعمال کافی ہوگا۔

فوائد : بلغم کے اخراج کے لیے یہ شربت بہت بے نظیر چیز ہے۔ چند ہی خوراکوں میں سینہ کو بلغم سے صاف کر دیتا ہے۔ قبض کی شکایت کے لیے بھی اس کا استعمال کیا جاتا ہے۔ لیکن سخت قسم کے قبض میں بہت موثر نہیں پایا گیا۔ ہاں ملین طبع ہونے کی وجہ سے قبض کے لیے بہت اچھی چیز ہے۔ بچوں کے قبض کے دفعیہ کے لیے یہ شربت بہت اعلیٰ شے ہے۔ جگر دتلی کے نقائص کے ازالہ کے لیے بھی مستعمل ہے۔

(۵۳۳) شربت انجبار

خون کے اخراج کو بند کرنے کے لیے ایک مشہور الفائدہ دوا ھے

اجزاء و ترکیب ساخت : پوست بیخ انجبار ڈھائی تولہ۔ خرنوب شامی ایک تولہ دس ماشہ، برادہ صندل سرخ وسفید، حب الآس ہر ایک نو ماشہ پانی میں لوہے کو بجھالیں۔ اس پانی میں سب دواؤں کو ایک رات اور ایک دن بھگو رکھیں۔ بعد ازاں جوش دے کر مل چھان لیں اور نصف سیر چینی ملا کر قوام بنالیں۔

ترکیب استعمال: دو تولہ کی مقدار میں یہ شربت لے کر حسب ضرورت پانی ملا کر استعمال کریں۔ مناسب سمجھیں تو برف بھی ملالیں۔

فوائد : خروج خون کی شکایتوں مثلاً بواسیر خونی، قے الدم، نفث الدم، کثرت خون حیض وغیرہ میں یہ شربت بہت ہی مفید و مؤثر فوائد کا حامل پایا گیا ہے۔ اکثر دفعہ تو اس کی چند ہی خوراکوں سے اس قدر فائدہ ہوتا ہے کہ حکیم اور مریض دونوں حیران رہ جاتے ہیں۔ خروج خون کی شدت بہت شدت پر ہو تو یہ شربت تنہا استعمال نہیں کیا جاتا بلکہ اس کے ساتھ خون بند کرنے والی دیگر دوائیں شامل کر لی جاتی ہیں۔ جگر اور معدے کو تقویت بخشنے کے لیے بھی اس شربت کے فوائد مسلمہ ہیں۔ لیکن زیادہ تر اسے خون بند کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے اور اس طلب کے لیے یہ بہت مؤثر چیز ہے۔ آپ بھی بنائیں گے تو خوش ہو جائیں گے۔

(۵۳۴) شربت مسہل

جو مادہ سوداوی و بلغمی کو خارج کر کے بدن کو کندن بنا دیتا ھے

اجزاء و ترکیب ساخت: گل سرخ، سنا کی، ہر ایک پونے چار تولہ، گل بنفشہ ساڑھے سات تولہ، تربد سفید، افسنتین رومی، غاریقون، ہر ایک پونے دو تولہ، تخم کشوث، اسطوخودوس، مصطگی، ہر ایک ۱۴ ماشہ، سنبل الطیب ۹ ماشہ، عناب، سپستان، ہر ایک تین عدد، ذرات کو گرم پانی میں بھگو دیں۔ صبح کو جوش دے کر اور مل چھان کر قند سفید، ترنجبین، ہر ایک ۲۸ تولہ شامل کر کے قوام بنالیں۔

ترکیب استعمال: ۴ تولہ کی مقدار میں یہ شربت عرق سونف ۶ تولہ، عنب الثعلب ۶ تولہ، عرق گاؤزبان، ۱۲ تولہ (سب کو ملا کر) کے ہمراہ استعمال کریں۔

فوائد: اس شربت کے استعمال سے دست آتے ہیں اور بدن کی گہرائیوں کے غلیظ مواد خارج ہو کر اور بلغمی اور سوداوی مادے سے پیدا ہونے والے امراض کا قلع قمع ہو جاتا ہے۔ معمولی شکایت ہو تو بھی اس شربت کا چند روزہ استعمال اس کا قلع قمع کر دیتا ہے لیکن اگر شکایت بڑھی ہوئی ہو تو اس شربت سے چند ایک مرتبہ مواد کو خارج کرنے کے بعد کوئی دوسری مفید و موثر دوا استعمال کریں۔

(۵۳۵) شربت ملین

اجزاء و ترکیب ساخت: گاؤزبان ۳ تولہ، گل بنفشہ، گل سرخ، عناب، ہر ایک ۴ تولہ اسپغول ۵ تولہ، سپستان ۲ تولہ، جملہ ادویہ کو رات کے وقت پانی میں بھگو رکھیں۔ صبح کے وقت جوش دے کر چھان لیں۔ بعدۂ آدھ سیر ترنجبین حل کر کے دوبارہ چھان لیں اور چینی ایک سیر اضافہ کر کے شربت کا قوام بنائیں۔

ترکیب استعمال: دو تولہ سے چار تولہ تک کی مقدار میں یہ شربت عرق گاؤزبان بارہ تولہ میں ملا کر پئیں۔ اسے صبح کے وقت استعمال کرنا چاہیے۔

فوائد: قبض کشا تاثیر رکھتا ہے۔

قبض کشائی کے لیے ایک لطیف اور بےضرر شے ہے۔ آزمائش کریں۔

(۵۳۶)شربت فالسہ

جسے دستوں کو روکنے اور معدہ و جگر کو تقویت دینے کیلئے استعمال کیا جاتا ہے

اجزاء و ترکیب ساخت : فالسہ پختہ وتازہ لے کر پانی میں مل کر چھان لیں۔اگر آب فالسہ نصف سیر ہوتو چینی ایک سیر شامل کرکے قوام بنالیں۔بس شربت فالسہ تیار ہے۔

ترکیب استعمال: دوتولہ سے لے کر چارتولہ تک کی مقدار میں یہ شربت لے کر اس میں حسب ضرورت پانی ملاکر پئیں۔

فوائد : موسم گرما میں حرارت کے بڑھنے کی وجہ سے پیدا ہونے والی اکثر شکایات کے لیے شربت فالسہ ایک قابل قدر چیز ہے۔اس کے استعمال سے متلی اور قے کی شکایت دور ہوجاتی ہے۔دستوں کوروکنے کے لیے بھی یہ ایک اچھی چیز ہے۔معدہ اور جگر کو تقویت دینے اوران کی زائد حرارت کوتسکین دینے کے لیے شربت فالسہ ایک لاجواب چیز ہے۔موسم گرما میں اسے استعمال کرکے فیض حاصل کیجیے۔

(۵۳۷)شربت مروڑ پھلی

اجزاء و ترکیب ساخت : مروڑ پھلی، پوست خشخاش، دونوں ہم وزن لے کر رات کو پانی میں بھگوکر صبح جوش دے کر صاف کریں اور دو چند چینی کے ساتھ قوام کریں۔

ترکیب استعمال: دوتولہ سے چارتولہ تک

فوائد : زحیر صادق کے لیے ازحد مفید ہے اور معمول ہے۔

(۵۳۸)شربت آلو بالو

جو پیشاب کھول کر لانے اور گردہ و مثانہ کی پتھری اور ریگ کو گھلانے کی لیے عجیب الفعل ہے

اجزاء و ترکیب ساخت : آلو بالو نصف سیر لے کر دوسیر پانی میں بھگوئیں۔صبح کو جوش دے کر مل چھان کر اور دوسیر چینی ملاکر قوام بنائیں۔

ترکیب استعمال: دوتولہ سے چارتولہ تک کی مقدار میں حسب ضرورت پانی ملاکر

پلائیں صبح وشام دونوں وقت یا صرف صبح کو تنہا استعمال کریں یا کسی اور ضروری دوا کے ساتھ استعمال کریں۔

فوائد : پیشاب کی جملہ تکالیف کو جو گردہ ومثانہ کی ریگ یا پتھری کی وجہ سے ہوں کم کرنے کے لیے عجیب الفعل شے ہے۔

اس کے استعمال سے پیشاب خوب کھل کر آتا ہے اور گردہ اور مثانہ یا پتھری گھل گھل کر خارج ہونا شروع ہو جاتی ہے۔ بالکل معمولی ریگ یا پتھری ہو تو اکثر اسی شربت کے استعمال سے شفا ہو جاتی ہے ورنہ عام طور پر اسے پتھری کو گھلانے والی دیگر مفید وموثر ادویہ کا بدرقہ بنایا جاسکتا ہے۔

(۵۳۹) شربت مویز

اجزاء و ترکیب ساخت : انگور سیاہ اور تازہ لے کر ان کا پانی نچوڑ لیں اور چینی کے پیالہ میں ڈال کر تیز دھوپ میں رکھیں۔ اگر تیز دھوپ نہ ہو تو زمین میں دفن کر کے گھوڑے کی لید سے پوشیدہ کر دیں۔ ایک ہفتہ کے بعد نکالیں اور شکر سفید ڈیڑھ سیر' بالچھڑ ڈیڑھ تولہ' لونگ' دارچینی' تیزپات' الائچی خورد' ہر ایک ایک تولہ' سب دواؤں کو کوٹ کر شامل کر کے پھر دھوپ میں رکھیں۔ ۵ روز گزرنے پر چھان کر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: بعد از طعام دو تولہ سے ۵ تولہ تک نوش کریں۔

فوائد : قوت باہ اور تمام بدن کو قوی کرتا ہے۔ بدن کو سرخ بناتا اور دل ودماغ کو قوت دیتا ہے۔ میری دانست میں یہ شربت شراب کا حکم رکھتا ہے لہٰذا پرہیز کریں۔

(۵۴۰) شربت کاسنی

اجزاء و ترکیب ساخت : چینی ڈیڑھ سیر کو پانی میں حل کر کے جوش دیں اور جھاگ اتارتے رہیں۔ اس کے بعد کاسنی سبز کا پھاڑا ہوا پانی آدھ سیر اضافہ کریں اور قوام بنائیں۔ جب قوام بن جائے۔ تھوڑا سا لیموں کا پانی اضافہ کریں۔

ترکیب استعمال: دو تولہ سے چار تولہ تک پانی ملا کر پلائیں۔

فوائد : بخاروں کو دور کرنے' سدوں کو کھولنے' جگر ومعدے کو قوت دینے کے لیے مفید

ہے۔

(۵۴۱)شربت مسہل

اجزاء، و ترکیب ساخت : آلو بخارا دس دانہ‘عناب بیس عدد‘املی آٹھ تولہ‘نو ماشہ‘بنفشہ خشک‘ تربد موصوف‘ ہر ایک آدھ سیر شامل کرکے شربت کا قوام بنائیں۔ اس کے بعد سقمونیائے مشوی ۴ ماشہ‘زعفران سوا دو ماشہ اضافہ کرکے رکھیں۔

ترکیب استعمال: ۳ سے ۵ تولہ تک عرق گلاب ملا کر استعمال کریں۔

فوائد : صفراو بلغم کا مسہل ہے۔گرم بخاروں اور امراض صفراویہ میں مفید ہے۔

(۵۴۲)شربت عناب

خون کے جوش کو دبانے اور کھانسی ودرد سینہ کے لیے مفید دوا ھے

اجزاء، و ترکیب ساخت : عناب نصف سیر لے کر ذرا کوٹ لیں اور دو سیر پانی میں جوش دیں۔ پھر مل چھان لیں اور ڈیڑھ سیر چینی شامل کرکے قوام بنالیں۔

ترکیب استعمال: دو تولہ سے چار تولہ تک کی مقدار میں یہ شربت لے کر اس میں عرق شاہترہ ۱۲ تولہ ملا کر حسب ضرورت پانی کا اضافہ کرکے دن میں دو مرتبہ استعمال کریں۔

فوائد : یہ شربت خاص طور پر مصفی خون تسلیم کیا جاتا ہے۔ تجربہ شاہد ہے کہ اس کا استعمال اس وقت خاص طور پر مفید ثابت ہوا ہے جب کہ خون میں جوش اور غلبہ کی حالت پائی جاتی ہو۔ دماغ کو تقویت پہنچانے کے لیے بھی اسے ایک مفید شے تسلیم کیا جاتا ہے۔ درد سینہ کے لیے بھی مستعمل اور مفید ہے۔ چیچک کے زمانے میں اس کا استعمال بچوں کو چیچک کے حملے سے محفوظ رکھتا ہے۔ چیچک کی بیماری کی حالت میں بھی اس کا استعمال چیچک کی حدت و شدت کو کم کردیتا ہے۔

(۵۴۳)شربت عناب(مرکب)

جملہ امراض سوداوی خصوصاً خارش پھوڑے پھنسیوں اور ابتدائی جذام کو بے حد مفید و مجرب ھے

اجزاء، و ترکیب ساخت : عناب ۵۰ دانہ‘صندل سرخ‘ صندل سفید‘ جوانسہ‘ برادہ

چوب آبنوس سر پھوکہ برگ شاہترہ ہرایک ایک تولہ۔
سب کو رات کے وقت ڈیڑھ سیر پانی میں بھگو دیں۔ صبح کو جوش دے کر صاف کر لیں اور مصری آدھ سیر داخل کر کے شربت کا قوام بنائیں۔
ترکیب استعمال: دو تولہ سے چار تولہ تک لے کر ہمراہ عرق شاہترہ کے استعمال کرائیں۔
فوائد: بے حد مصفی خون اور دافعہ امراض سوداویہ ہے۔ خون کو صاف کر کے پھوڑے پھنسیوں کو دور کر دیتا ہے۔

(۵۴۴) شربت مرکب مصفی خون

اجزاء و ترکیب ساخت: چوب چینی برگ شیشم ہرایک ۳ تولہ عناب پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ کابلی ہرایک ۵ تولہ سنا مکی ۳ تولہ۔ سب کو رات کے وقت گرم پانی میں بھگوئیں صبح کے وقت جوش دے کر چھان لیں اور ترنجبین شیر خشت شہد خالص ہرایک ۴۰ تولہ شامل کر کے قوام بنائیں۔
ترکیب استعمال: دو تولہ سے چار تولہ تک ہمراہ عرق شاہترہ استعمال کریں۔
فوائد: خون کو صاف کرتا اور مادہ سوداوی کو خارج کرتا ہے۔

(۵۴۵) شربت چوب چینی

اجزاء و ترکیب ساخت: چوب چینی ۱۸ تولہ ۹ ماشہ برادہ چوب شیشم گندم بابری منڈی ہرایک ساڑھے سات تولہ برگ شاہترہ دھوانسہ چرائتہ برادہ صندل سرخ ہرایک ساڑھے بائیس ماشہ رات کو پانی میں بھگو کر صبح جوش دے کر چھان لیں اور ایک سیر مصری شامل کر کے شربت کا قوام بنائیں۔
ترکیب استعمال: دو تولہ سے چار تولہ تک عرق گاؤزبان ملا کر پلائیں۔
فوائد: جملہ جلدی امراض کے لیے بے حد مفید و مجرب ہے۔ ابتدائے جذام کو بھی مفید ہے۔

(۵۴۶) شربت مرکب مصفی خون

جیسے آتشک اور دیگر دموی و سوداوی امراض میں بکثرت استعمال کیا جاتا ہے

اجزاء و ترکیب ساخت : چوب چینی، برگ شیشم ہر ایک تین تولہ، عناب، پوست ہلیلہ زرد، پوست ہلیلہ کابلی، ہر ایک ۵ ماشہ، برگ سنا مکی ٣ تولہ، ان سب کو رات کے وقت گرم پانی میں تر کریں۔ صبح کو جوش دے کر اور مل چھان کر ترنجبین، شیر خشت، شہد خالص، ہر ایک ایک چالیس تولہ شامل کر کے قوام بنالیں۔

ترکیب استعمال : ۴ تولہ کی مقدار میں یہ شربت عرق مصفی خون ١٢ تولہ کے ہمراہ یا سادہ پانی کے ہمراہ استعمال کریں اور قدرت خدا کے کرشمے دیکھیں۔

فوائد : یہ شربت حد درجہ مصفی خون ہے۔ اس کے استعمال سے فساد خون سے پیدا ہونے والی تمام بیماریاں چندہی یوم میں دور ہو جاتی ہیں۔ آتشک تک کے خبیث مادہ کو یہ شربت جڑ سے اکھاڑ پھینکتا ہے۔ موسم برسات سے یا آمد بہار سے پیشتر اس شربت کا کچھ دنوں کا استعمال جسم کو ہر قسم کے پھوڑے پھنسیوں سے محفوظ رکھتا ہے۔ قابل قدر چیز ہے۔ بنا کر آزمائش کریں۔

بچوں کو تندرست اور موٹا تازہ بنانے والی لاثانی دوا

بال رکھشک شربت

یہ شربت گپتا اینڈ کمپنی ٹوہانہ ایس پی ۔ ریلوے سے بکثرت فروخت ہو رہا ہے۔ چونکہ اس کا نسخہ اس قسم کے تمام نسخہ جات سے اعلیٰ و برتر ہے۔ اس لیے سب سے زیادہ مفید ہے بلکہ خادم راقم الحروف نے اپنے بچوں (عزیزم عبدالحمید سلمہ و عزیزہ حمیدہ خاتون) کو جب کہ وہ بہت لاغر ہو گئے تھے اس شربت کا استعمال کرایا تھا۔ بفضلہ اس کے استعمال سے بچوں کو بہت جلد صحت ہو گئی۔

گو یہ نسخہ میرے مکرم بابو دیوی دیال کا خاص تجارتی ہے اور ان کے دواخانہ سے بکثرت فروخت ہو رہا ہے لیکن میں نے جب کہ اپنے تمام جواہرات گراں مایہ کو نذر شائقین

کر دیا ہے۔ اس لیے میں نہیں چاہتا کہ میرے احباب کے وہ نسخہ جات جو مجھے معلوم ہیں اور جن کے اظہار سے پبلک کو فائدہ ہو ان کو چھپاؤں۔

امید ہے کہ جناب گپتا صاحب جو کہ قدرت کی جانب سے ایک حوصلہ مند دل لے کر آئے ہیں۔ میری اس غیر معمولی جسارت سے ناراض و برگشتہ خاطر نہ ہوں گے۔

(۵۴۷) شربت بال رکھشک کا نسخہ

اجزاء و ترکیب ساخت: بانسہ ایک سیر، گاؤزبان پاؤ بھر، گل نیلوفر پاؤ بھر، خوب کلاں ۱۰ تولہ، ملٹھی ۱۰ تولہ، سرطان نہری ۳ تولہ۔

تمام ادویہ کو گرد وغبار اور تنکہ وغیرہ سے صاف کر کے چار گناہ پانی ملا کر ۲۴ گھنٹہ تک بھگو چھوڑیں اور پھر بذریعہ قرع انبیق اس کا عرق کشید کریں لیکن یاد رکھو کہ بوتل کے منہ پر کافور کی چھوٹی سی پوٹلی باندھ دیں تا کہ جو گرما گرم عرق کے قطرے گریں وہ کافور کی تاثیر لے کر بوتل کے اندر جائیں جب چار بوتل نکل آئیں تو اس کو محفوظ رکھیں اور پھر مندرجہ ذیل تدبیر سے شربت تیار کریں۔

ایک تولہ چونا ان بجھا کو ایک سیر پانی میں بھگو رکھیں اور چھ گھنٹہ کے بعد اس کا پانی نتھار لیں۔

ترکیب تیاری: چونے کا پانی ایک بوتل، عرق ایک بوتل، مصری ڈیڑھ سیر ملا کر بدستور شربت تیار کریں۔ جب ٹھنڈا ہو جائے تو رنگت سرخ بنانے کو ''روز کلر'' چند قطرے ملا کر رکھ دیں۔ بس شربت تیار ہے۔

ترکیب استعمال: ایک ماشہ سے چار ماشہ تک بلحاظ عمر صبح وشام دیا کریں۔ دست خصوصاً ہرے پیلے دست آنا، دن بدن بچے کا کمزور ہوتے چلے جانا۔ کھانسی، کالی کھانسی، ڈبہ اطفال وغیرہ کو اکسیر ہے۔ خصوصاً دق الاطفال کے لیے تو یہ ایک خاص الخاص تریاق ہے۔ بچہ دنوں کے اندر موٹا تازہ ہو جاتا ہے۔ (کنز المجربات جلد دوم)

(۵۴۸) شربت بچگان

ننھے بچوں کے جملہ امراض کو دفع کرنے کے لیے یہ شربت اکسیر ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: گل سرخ ایک پاؤ، سنا کی ایک چھٹانک، دونوں کو بوقت

شب ایک سیر پانی میں بھگو رکھیں۔ صبح نرم نرم آگ میں جوش دیں۔ جب ۵ چھٹانک پانی رہ جائے تو مل چھان کر ۳ پاؤ مصری ملا کر قوام کرلیں اور بوتل وغیرہ میں محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: ایک سال کے بچہ کے لیے ایک تولہ اور دو سالہ بچہ کے لیے اڑھائی تولہ گرم پانی میں ملا کر نیم گرم پلا دیں۔

فوائد: اس شربت کے استعمال سے پاخانہ بافراغت ہو کر بچے کی طبیعت بالکل صاف ہو جاتی ہے۔ اگر ایک ہفتہ عشرہ مسلسل استعمال کرایا جائے تو بچہ جملہ امراض سے محفوظ رہتا ہے۔

(۵۴۹) شربت برگ تنبول

اجزاء و ترکیب ساخت: پختہ اور سفید پان بقدر ضرورت لے کر باریک باریک کاٹیں یا کوٹ کر پانی میں جوش دیں تاکہ پانی میں ان کا اثر اچھی طرح نکل آئے پھر کھانڈ بقدر ضرورت اس میں ملا کر قوام بنائیں۔ اس کے بعد زعفران گلاب میں کھرل کر کے اور جاوتری' لونگ ہر ایک بقدر ضرورت اضافہ کریں اور نیچے اتار لیں۔ جس قدر زیادہ پرانا ہو گا۔ اسی قدر زیادہ قوی ہوگا۔

ترکیب استعمال: دو تولہ سے ۴ تولہ تک استعمال کریں۔

فوائد: مقوی باہ' مقوی دل اور بے حد مفرح ہے۔

(۵۵۰) شربت ممسک

امساک کی دوائیں' بہت کم ایسی ہیں جو شربت کی صورت میں استعمال کرائی جاتی ہوں۔ میرے خیال میں تو ایسی ہے ہی نہیں۔ یہ حیرت انگیز شربت ایک سنیاسی کی ایجاد ہے جو کہ بہ ہزار دقت اس سے معلوم ہوا قارئین کی خاطر درج کیا جاتا ہے بنا کر تجربہ کریں۔

اجزاء و ترکیب ساخت: کنگھی مار خام بے ثمر (ناگ پھنی) لا کر اس کا عرق نکالیں۔ یہ صاف شدہ ۱۰ تولہ' مصری ۱۰ چھٹانک شربت بنالیں۔ قوام شربت ہونے پر ۵ تولہ ثعلب مصری باریک کر کے خوب اچھی طرح ملالیں اور محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: ایک گھنٹہ پیشتر بقدر ایک تولہ استعمال کریں۔ عجیب امساک ہوگا اور

نمک کھانے سے زائل ہوگا۔

فوائد: عیش وسرت کی گھڑیوں میں اضافہ کرنے کی بہترین دوا ہے۔(صدری بیاض)

(۵۵۱)شربت چاندی

تقویت دل و دماغ اور اعصاب و باہ کے لیے ایک لاجواب شیریں سیال

چاندی جدید کیمیائی پرسیال بنا کر یہ شربت تیار کیا جاتا ہے جو کہ کشتہ چاندی سے بھی زیادہ زود اثر اور مقوی ہو جاتا ہے خیال تھا کہ جہاں شربت فولاد کو لوگوں نے ہاتھوں ہاتھ لیا ہے۔وہاں شربت نقرہ وطلاء وغیرہ بنا کر اخفاء میں رکھ کر بذریعہ اشتہار نکالیں۔

امید تھی کہ شربت فولاد سے اس کی بکری کئی حصہ زیادہ ہوگی مگر آپ لوگوں کو خوش کرنے کی عادت مستمرہ سے مجبور ہو کر ان رازہائے سربستہ کو بھی منکشف کیے دیتا ہوں۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے آپ لوگوں کو ان سے فائدہ حاصل کرنے کی توفیق دے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: مصری ۲۵ تولہ کو عرق گلاب ۲۰ تولہ میں ڈال کر آگ پر پکائیں۔جب شربت کا قوام تیار ہو جائے تو اس میں نقرہ محلول ۵ تولہ ملا کر بوتل میں ڈال کر حفاظت سے رکھیں۔شربت نقرہ تیار ہے۔

ترکیب استعمال: ۶ ماشہ صبح وشام نوش فرمائیں۔

فوائد: پٹھوں کی کمزوری' دماغ کی تھکن' دل کا ضعف اس کے استعمال سے بفضلہٖ دور ہو جائیں گے۔تمام اعضائے رئیسہ کو قوت ہوگی۔جریان کو فائدہ ہوگا۔

ترکیب نقرہ محلول: ورق چاندی ۳ ماشہ' تیزاب شورہ ۶ تولہ' دونوں کو ملا کر شربتی رنگ کی شیشی میں ڈال کر رکھ دیں۔پڑے پڑے کچھ مدت میں نقرہ حل ہو جائے گا۔اب اس میں عرق گلاب ۱۲ چھٹانک ملا کر شیشی میں سنبھال رکھیں۔بس یہی محلول نقرہ ہے۔اگر اس حالت میں استعمال کرانا ہو تو اس کی خوراک ۱۰ بوند ہے۔مناسب عرق یا پانی میں ملا کر پلائیں۔

دنیائے طب میں حیرت انگیز ایجاد

(۵۵۲) شربت طلاء

آپ نے شربت بادام، انگور، سیب وغیرہ تو سنے اور بنائے ہوں گے۔ لیکن یہ کبھی نہ سنا ہوگا کہ سونے سے بھی شربت تیار کیا جاتا ہے۔ لیجیے ہم اس کی ترکیب عرض کرتے ہیں۔
جو کہ مقویات کا سرتاج تسلیم کیا جاتا ہے۔ چونکہ اس میں علاوہ سونے کے دیگر مقویات بھی شامل ہیں۔ اس لیے اس کے فوائد میں بیش بہا اضافہ ہو گیا ہے۔

اجزاء: ٹنکچر نکس وامیکا ایک تولہ۔ فرائی فاسفیٹ ایک تولہ۔ ماء الذہب ایک تولہ۔ کھانڈ آدھ سیر۔ پانی آدھ سیر۔

ترکیب: پہلے ماء الذہب اور کھانڈ و پانی ملا کر آگ پر رکھیں اور نرم نرم آگ پر قوام کریں۔ جب قوام شربت کی حالت پر آ جائے تو فرائی فاسفیٹ اور ٹنکچر نکس وامیکا ہر دو کو ملا کر شربت میں ملا دیں اور اتار کر سرد کر لیں۔

ترکیب استعمال: بعد از غذا ۴ ماشہ کے قریب کھانا کھانے کے دو گھنٹہ بعد استعمال کرائیں۔

فوائد: مقوی دل و دیگر اعضائے رئیسہ وباہ ہے۔

نوٹ: ماء الذہب کا نسخہ کنز المجربات جلد دوم میں درج ہے۔

(۵۵۳) شربت مروارید

ضعف قلب اور ضعف بدن کے ازالہ کے لیے لا جواب اور بے مثل لذیذ شربت

شربت مروارید بھی وہ نادر شے ہے کہ جس کا نسخہ آپ کی نظر سے تا حال نہیں گزرا ہو گا اس شربت میں مروارید ایسی سخت دوا کو نہایت سیانہ طریقہ سے پانی بنا کر اس کا شربت بنایا گیا ہے۔
اگر صحیح معنوں میں موتیوں کے مکمل فوائد سے بہرہ اندوز قوت ہونے کی تمنا ہو تو اس بے نظیر مقوی مرکب کو بنا کر استعمال کراؤ۔ اور پھر دیکھو کہ مروارید میں خدا تعالیٰ نے کس قدر قوت و دیعت فرمائی ہے۔ مگر شرط یہ ہے کہ مروارید خالص ہوں۔ خالص مروارید کا ہم

دست ہو جانا موجودہ مکر وفریب کے زمانے میں محالات سے ہے۔

لہٰذا نہایت کوشش اور جستجو سے مروارید حاصل کیجیے۔ پھر دوا بنایئے۔ چونکہ اس شربت میں مروارید کو سیال بنا کر شامل کیا جاتا ہے۔ لہٰذا پہلے مروارید کو سیال بنانے کی ترکیب لکھی جاتی ہے۔

مروارید سیال: مروارید خالص ایک ماشہ کو پختہ نہ گھسنے والی کھرل میں ڈال کر تھوڑا تھوڑا آب لیموں کاغذی ملاتے اور کھرل کرتے جائیں۔ یہاں تک مروارید آب لیموں میں بخوبی حل ہو جائیں۔ جب بغور دیکھنے سے بھی ذرہ باقی نظر نہ آئے تو ایک گھنٹہ تک زور دار ہاتھوں سے کھرل کر کے شیشی میں سنبھال رکھیں۔

پاکستان و ہندوستان کے بڑے بڑے دواخانے اس سیال کو بنا کر گراں قیمت میں فروخت کرتے ہیں۔ یہ اکیلا بھی قابل استعمال اور عجیب شے ہے مگر ہم اس کو شربت کی شکل میں پیش کرتے ہیں۔

شربت مروارید بنانے کی ترکیب

ھوالشافی: مصری ۱۲ تولہ کو عرق گاؤزبان یا عرق گلاب ۱۰ تولہ میں ملا کر نہایت نرم آگ پر قوام بنائیں۔ جب قوام درست ہو جائے تو اتار کر اس میں ۱۲۰ بوند مروارید سیال کی ڈال کر رکھیں۔ اور سرد ہونے پر شیشی میں ڈال کر رکھیں تیار ہے۔

ترکیب استعمال: ۶ ماشہ شربت چمچہ وغیرہ میں ڈال کر پلائیں۔

فوائد: موتی جھرہ مبارکی وغیرہ کے لیے نہایت نفیس دوا کا کام دیتا ہے۔ اور ضعف قلب ضعف دماغ، ضعف معدہ اور ضعف بدن کو مفید ہے۔

باب : ط

طلاء

ذیل میں ان طلاؤں کے نسخے لکھے جاتے ہیں جو عضو مخصوص کی کمزوری پٹھوں کے ضعف رگوں کے پھولنے وغیرہ کے لیے بہترین ثابت ہوتے ہیں۔ گو ہزاروں نسخے طلاؤں کے مختلف کتابوں میں ملتے ہیں مگر میں نے اپنی دانست میں وہی نسخے لکھے ہیں۔ جو ہزاروں میں ایک کہلانے کے مصداق ہیں۔ بے ضرر مقوی۔ آبلہ انگیز۔ امیرانہ غریبانہ۔ خوشبودار ہر قسم کے نسخے پائے جاتے ہیں۔ (مؤلف)

(۵۵۴) طلاء شاہی

عضو مخصوص کی تمام کمزوریوں کو بغیر کسی دکھ اور تکلیف کے دور کرنے والا واحد نسخہ

اجزاء و ترکیب ساخت : روغن بیضہ مرغ۔ چربی سانڈہ۔ ہر ایک تولہ تولہ ملا کر اس میں بیر بہوٹی ۶ ماشہ ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب بیر بہوٹی جل جائے۔ اتار کر چھان لیں اور زعفران اصلی۔ مشک خالص۔ ہر ایک چار رتی۔ جاوتری۔ لونگ۔ عقرقرحا۔ جائفل۔ گوکوچن ہر ایک دو ماشہ ملا کر ۳ یوم برابر کھرل کریں۔ جب گھوٹتے گھوٹتے مکھن کی طرح چکنا ہو جائے تو کانچ یا چینی کے برتن میں رکھ دیں۔

ترکیب استعمال : رات کے وقت بقدر نصف ماشہ عضو پر ملیں۔ اور صبح گرم پانی سے دھو ڈالیں۔

فوائد : ہر قسم کی کمزوریوں کا اکسیر الاثر علاج ہے۔ علاوہ ازیں ملذ ذ بھی اعلیٰ درجہ کا ہے۔

(۵۵۵) طلائے خوشبودار (امیرانہ)

یہ طلاء عضو کے جملہ نقائص کو بلا آبلہ ڈالے رفع کرتا ھے

اجزاء و ترکیب ساخت : جند بیدستر۔ خراطین۔ زلو خشک۔ عقر قرحا۔ بیر بہوٹی۔ ہر ایک ۶ تولہ۔ گھونگھی سفید۔ پوست بیخ کیر سفید۔ جائفل۔ مالکنگنی ہر ایک ایک تولہ سب کو کھرل کر کے ایک ذات کریں۔ پھر عنبر اشہب ا ماشہ۔ مشک ڈیڑھ ماشہ۔ عطر گلاب۔ عطر خس۔ عطر موتیا۔ چربی شیر۔ چربی سانڈھ۔ چربی ریچھ۔ آلت زرگاؤ۔ ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ جملہ ادویہ کو ملا کر یک جان کریں۔

ترکیب استعمال : رات کو سوتے وقت مالش کریں اور اوپر برگ توت یا برگ ارنڈ باندھیں۔

فوائد : یہ طلائے خوشبودار بے حد انتشار پیدا کرتا ہے۔ علاوہ ازیں شب رنگین کے لمحوں کو خوشگوار بنانے کے لیے یہ طلاء آپ ہی اپنا ثانی ہے۔ اس سے زیادہ اس کی تعریف خلاف تہذیب ہے۔

کمزور اور سست رگوں اور پٹھوں کے لیے اس کا استعمال از سر نو زندگی کی روح پھونک دیتا ہے۔ سمجھدار طبیب اس کے اجزا کو دیکھ کر فریفتہ ہو جاتا ہے۔

(۵۵۶) طلائے زلو

اس طلاء سے عضو میں فربہی اور طوالت پیدا ھو جاتی ھے

اجزاء و ترکیب ساخت : چار جونکیں لے کر گدھے کے نیچے میں لگائیں۔ جب خون پی کر پُر ہو جائیں تو جدا کر کے سایہ میں خشک کریں۔ پھر ڈیڑھ پاؤ روغن کنجد آگ چڑھائیں اور اس میں بیر بہوٹی اور بیخ کیر سفید۔ ہر ایک ۸ تولہ جوکوب کر کے ڈالیں۔ جب ہر دو اشیاء سوختہ ہو جائیں۔ تو وہ جونکیں ڈال دیں۔ جب وہ بھی جل جائیں تو اتار کر چھان لیں۔

ترکیب استعمال : رات کو سوتے وقت مالش کر کے برگ پان یا برگ توت باندھ دیں اور چالیس روز تک جماع سے قطعی پرہیز کریں۔

فوائد : چالیس روز میں مایوس سے مایوس مریض کو بھی صحت حاصل ہو جاتی ہے۔ لاغری دور ہو کر فربہی پیدا ہو جاتی ہے اور طوالت میں بھی اضافہ ہو جاتا ہے۔ بنا کر آزمائش کریں۔

(۵۵۷) طلائے نایاب بےضرر

اس طلاء سے بفضلہ عضو کی جملہ نقائص مثلاً سستی کجی وغیرہ دور ہو کر عضو میں تندی و جستی پیدا ہو جاتی ہے

اجزاء و ترکیب ساخت : روغن یاسمین (چنبیلی) جس قدر چاہیں کھلے منہ کی بوتل میں ڈالیں۔ بوتل کا چوتھا حصہ خالی رہے۔ اس میں مورچہ کلاں (چیونٹے) جو قبروں میں رہتے ہیں اس قدر ڈالیں کہ سطح تک آ جائیں بوتل کا منہ بند کر کے ہفتہ عشرہ دھوپ میں رکھیں ان کے تہہ نشین ہونے کے بعد بیر بہوٹی اور خراطین مصفیٰ ڈالیں۔ جب وہ بھی تہہ نشین ہوں تیل کو صاف کر کے رکھ لیں اور بطور مالش استعمال کرائیں۔

ترکیب استعمال : بوقت ضرورت سیون وحشفہ چھوڑ کر خوب مالش کریں اور اوپر برگ ارنڈ باندھ دیں۔

فوائد : عضو کے جملہ نقائص کو دور کر کے سختی' تندی اور انتشار پیدا کرنے اور نیلی نیلی ابھری ہوئی رگوں کو درست اور ٹیڑھا پن کے ازالہ کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ مجلوق کے لیے عجیب و غریب چیز ہے۔

(۵۵۸) طلاء مجلوق بےضرر

اجزاء و ترکیب ساخت : روغن گل۔ روغن لونگ۔ روغن دار چینی۔ روغن الائچی اصلی۔ روغن جائفل۔ روغن بیضہ مرغ۔ موم سفید۔ ہر ایک ۵ تولہ۔ چربی شیر اور موم خوب گرم کر کے ملائیں اور کسی ڈبیہ میں محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال : ہر روز رات کو عضو پر حشفہ وسیون چھوڑ کر مالش کر دیا کریں۔ اور اوپر برگ ارنڈ یا پان باندھا دیا کریں۔

فوائد : دنوں میں پٹھے مضبوط ہو کر دوران خون تیز ہو جاتا ہے۔ اور مکمل انتشار پیدا ہو جاتا ہے۔ کئی دفعہ کا مجرب اور آزمودہ ہے۔ کوتاہی' لاغری' کجی وغیرہ سب عوارض دور ہو جاتے

ہیں۔

(۵۵۹) طلاء مجلوق خوشبودار

یہ طلاء عضو کی جملہ کمزوریوں کو دور کرکے خوب تیزی پیدا کرتا ھے

اجزاء و ترکیب ساخت : خولنجاں۔ دارچینی۔ سردچینی۔ ہرایک ۹ ماشہ۔ عطرگلاب خالص۔ ایک تولہ۔ عطرالائچی ۳ ماشہ۔ عاقرقرحا۔ لونگ۔ پوست بیخ کیر سفید۔ مغزخستہ۔ بلیلہ جائفل۔ جاوتری۔ مال کنگنی۔ ہرایک ۴ ماشہ۔ مغزسرخر ۵ تولہ۔

کوفتنی چیزوں کوکوٹ کرسب کو آپس میں ملا دیں۔ اور حسب ضرورت روغن گل یا روغن کنجد ملا کر اس قدر زور سے کھرل کریں کہ باریک غبار مانند مرہم کے ضماد ہو جائے بس تیار ہے۔

ترکیب استعمال : رات کو سوتے وقت عضو کو ذرا کپڑے سے رگڑ کر او پر نیم گرم ضماد لگا دیں اور اوپر برگ پان باندھ دیں اور سو رہیں۔ صبح کھول دیا کریں۔ سرد پانی سے پرہیز کریں۔

فوائد : ایک ہفتہ دو ہفتہ کے استعمال سے حیران کن طاقت آجاتی ہے۔ جسے ہر طرف سے مایوسی ہی مایوسی نظر آتی ہو۔ اسے یہ طلاء بہت جلدی امید کی دیوی سے ہم کنار کر دیتا ہے۔

(۵۶۰) طلاء فوری

اجزاء و ترکیب ساخت : قبرستان کے لمبی لمبی ٹانگوں والے مورچے (کوڑے) جہاں وہ طویل عرصہ سے گھر بنا کر رہتے ہوں۔ ان کے سوراخ کو اگر تہہ تک کھودا جائے تو اس میں ایک بڑے بچھو کا جوڑا ملتا ہے۔ وہ بچھو اگر مل سکے تو اسے دست پناہ سے پکڑ کر قریباً ۳۔۴ تولہ روغن کنجد میں ملا کر جلائیں اور خوب آمیز کر کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال : تین چار قطرے عضو تناسل پر حشفہ وسیون چھوڑ کر مل دیجیے۔

فوائد : تین چار دفعہ کے استعمال سے وہ طاقت آتی ہے۔ جس کی اکثر خواہش رہتی ہے مایوس سے مایوس مریض بھی اس چشمہ سے فیض یاب ہوئے بغیر نہیں رہتا۔ مادر زاد نامرد

کے سوائے ہر ایک قسم کے نامرد کو مرد بنا دیتا ہے۔ (حکیم علم الدین صاحب قریشی)

(۵۶۱) طلائے اکسیر اعظم

جو کہ محض دو منٹ میں تیار ہو جانے کے باوصف بے حد مفید ھے

اس کتاب میں طلاء کے بے شمار نسخہ جات بہتر سے بہتر درج کیے گئے ہیں۔ مگر ان حضرات کے لیے جو محنت سے جی چراتے ہیں۔ ذیل کا طلاء سب سے عمدہ ہے اور آسانی سے تیار ہو جانے کی صفت نادر سے متصف ہونے کے باوصف بہترین طلاؤں کا مقابلہ کرتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: سنی من آئل (روغن دارچینی) کروٹن آئل (روغن حب الملوک) یوکیلپٹس آئل (روغن سفیدا) پیپر منٹ آئل۔ لائیکر ایپی سنگس۔ عطر صندل یا عطر گلاب۔ ہر ایک ایک تولہ۔ روغن بادام خالص۔ روغن زیتون۔ روغن زردی بیضہ مرغ۔ روغن چنبیلی۔ چربی شیر۔ ہر ایک ۵۔۵ تولہ۔ کاڈلیور آئل ۱۰ تولہ۔ تمام روغنیات کو ملا کر شیشی میں ڈالیں اور چربی شیر کو (بشرطیکہ وہ جمی ہوئی ہو) آگ پر پگھلا کر شامل کر لیں۔ بس طلائے عجیب تیار ہے۔

ترکیب استعمال: رات کو سوتے وقت دو رتی طلاء لے کر عضو مخصوص کی پشت و پہلوؤں پر خوب مالش کریں۔ بعدہ اوپر برگ پان یا ارنڈ لپیٹ کر اور لنگوٹ کس کر سو رہیں صبح کھول کر گرم پانی اور صابون سے دھو کر تولیہ سے صاف کر دیا کریں۔ اسی طرح اکیس دن استعمال کرنے سے بفضلہ نامرد سے نامرد بھی مرد کامل ہو جائے گا۔ (کنز المجربات جلد اول)

(۵۶۲) طلائے مجلوق

اجزاء و ترکیب ساخت: ایک بالشت کپڑا انگین (کھدر) لے کر آدھ سیر دھتورے کے عرق میں اکیس روز تک تر رکھیں۔ تاکہ عرق کپڑے میں جذب ہو جائے پھر ۳ تولہ روغن کنجد میں آگ پر پکائیں۔ بعدہ نکال کر مغز جمال گوٹہ ۵ عدد منسل ۳ رتی سم الفار ایک رتی۔ مال کنگنی ۳ ماشہ۔ لہسن مقشر ۵ عدد۔ بیر بہوٹی ۳ ماشہ۔ شنگرف ۳ ماشہ۔ باریک پیس کر کپڑے پر لگا کر لوہے کے تار میں لٹکا کر اس کے نیچے تھال رکھیں اور ایک طرف سے کپڑے میں

آگ لگائیں جو تیل نیچے ٹپکے محفوظ رکھیں۔ دو بوند آٹھ یوم طلاء کریں۔

فوائد: اس طلاء سے عضو کے جملہ نقائص دور ہو کر عضو میں سختی وتندی چستی اور انتشار پیدا ہو جاتا ہے۔ اگر اس طلاء سے آبلہ پڑ جائے تو بہت احتیاط کریں۔ کیونکہ غلیظ رطوبتیں رگوں سے نکالنے کی یہی تدبیر ہے۔ جب آبلے پڑ جائیں تو اوپر مکھن ۷ ماشہ میں کتھہ ۳ ماشہ ملا کر لگائیں۔

ایک دن میں زخم ٹھیک ہو جائیں گے۔

ھدایات: ہر طلاء کو حشفہ اور سیون چھوڑ کر لگانا چاہیے۔

(۵۶۳) طلائے بے نظیر

اس طلاء سے بفضلہ تین دن میں وہ طاقت اور انتشار پیدا ہوتا ہے کہ سنبھالنا مشکل ہو جاتا ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: ہڑتال ورقیہ ایک تولہ باریک پیس کر تھوہر کے دودھ ۵ تولہ کے ہمراہ کھرل کریں جب گاڑھا ہو جائے ایک کپڑے پر لیپ کر کے بتی بنا کر ذرا خشک کریں۔ پھر سیخ سے پکڑ کر آگ دیں۔ نیچے ایک طشتری رکھیں۔ جو تیل نکلے اسے سنبھال رکھیں۔

ترکیب استعمال: اس تیل میں سے تھوڑا سا لے کر حشفہ اور سیون چھوڑ کر خوب مالش کریں اور اوپر برگ ارنڈ یا پان کا پتہ باندھ دیں۔

فوائد: اس بے نظیر طلاء سے گئے گزرے اور مایوس مخلوق کو تین دن میں بفضلہ کافی انتشار پیدا ہو جاتا ہے۔ اور ہفتہ بھر ہر قسم کے نقائص دور ہو کر کلی صحت ہو جاتی ہے۔

جو نوجوان اپنی جوانی کا اپنے ہاتھوں ستیاناس کر چکے ہوں انہیں ہم پر زور سفارش کریں گے کہ اس طلاء کو ضرور استعمال کریں اور آئندہ ان حرکات سے توبہ کریں۔ یہ طلاء بہت عجیب و غریب ہے۔

(۵۶۴) طلائے جدید

مجلوق اور ضعیف الباہ اشخاص کے لیے بہت ہی مفید طلاء ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: سم الفار اڑھائی تولہ۔ شیرہ آک ۵ تولہ۔ بیر بہوٹی۔

جاوتری۔ لونگ عاقرقرحا۔ جوزبوا۔ ہر ایک ۶ تولہ۔ مشک۔ زعفران ہر ایک ایک تولہ ۸ ماشہ۔ روغن گاؤ ایک سیر۔ ان تمام ادویہ کو کوٹ کر روغن گاؤ میں ملائیں۔

ترکیب استعمال: حشفہ اور سیون چھوڑ کر مالش کریں اور اوپر برگ پان باندھ دیں۔

فوائد: مجلوق اور ضعیف الباہ اشخاص کے لیے بہت مفید ہے۔ کمزوری کو دور کر کے اعصاب میں طاقت پیدا کرتا ہے۔ بڑی عمر کے لوگ اس کا استعمال کر کے خاص فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

(۵۶۵) طلاء ماہی

اس طلاء سے عضو میں سختی اور فربہی پیدا ہوتی ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: ماہی سیاہ۔ ماہی سفید۔ ماہی سرخ۔ ہر ایک ایک عدد۔ کچلہ۔ عروسک ہر ایک ۲ تولہ۔ تین روز تک شہد میں پڑا رہنے دیں۔ عاقرقرحا۔ لونگ۔ اسگندھ ناگوری۔ سلاجیت۔ افیون۔ جوزبوا۔ ہر ایک ۶ ماشہ۔ باریک کر کے چربی شیر میں گداختہ کریں۔ اور تمام ادویہ خوب ملا کر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: رات کو سوتے وقت سر و سیون چھوڑ کر مالش کریں اور اوپر سے برگ پان یا ارنڈ باندھ دیں۔

فوائد: غایت درجہ مبہی اور عضو مخصوص کے جملہ نقائص کو دور کرتا ہے۔ دہلی کے مختلف دواخانوں سے اسی نام پر فروخت ہو رہا ہے۔

(۵۶۶) طلاء ہیرے والا

بچپن کی بداعتدالی شباب کی غلط کاریوں کو دور کرنے والا طلاء۔

اجزاء و ترکیب ساخت: سم الفار زرد موسیا تین تولہ۔ کشتہ طلاء ا ماشہ۔ سفوف الماس ۳ رتی۔ سیماب ا تولہ۔ سب کو تین روز تک برابر عرق لیموں میں اچھی طرح حق کریں۔ اور ایک ایک رتی کی گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال: دو رتی لے کر رات کو سوتے وقت حشفہ و سیون چھوڑ کر مالش کریں اور اوپر برگ بنگلہ پان باندھ دیں۔

فوائد : بچپن کی بداعتدالیوں اور شباب کی غلط کاریوں کے نقائص کو دور کرنے کی لاجواب دوا ہے۔ خواہ کسی وجہ سے قوت کمزور ہوگئی ہو۔ اس کے استعمال سے بفضلہ چندروز میں دور ہوجاتی ہے۔

نوٹ : سم الفار مومیا کرنے کی ترکیب یہ ہے کہ ڈیڑھ سیر چرچٹہ کی راکھ کو صافی میں رکھ کر ایک سوراخ دار گھڑے میں ڈال دیں اور ۹ سیر پانی لے کر قطرہ قطرہ اس راکھ پر ڈالیں گھڑے کے نیچے برتن رکھیں تاکہ مذکورہ پانی مقطر ہوکر نیچے کے برتن میں جمع ہوتا جائے اس طرح کئی بار کریں۔ حتیٰ کہ پانی کا رنگ سرخ ہوجائے اور وہ وزن میں تین پاؤ رہ جائے۔ پھر تین تولہ سم الفار زرد لے کر ہلکی آگ پر رکھیں۔ اوپر پانی قطرہ قطرہ ڈال کر اس میں جذب کریں۔

ترکیب کشتہ طلاء

ورق طلاء ٦ ماشہ لے کر گل کچنال سفید پاؤ بھر کی ٹکدی میں رکھ کر ۵ سیر اپلوں کی آگ دیں۔

سفوف الماس

الماس کے ریزے ریزے لے کر آہستہ آہستہ کوٹ کر باریک کرلیں۔ اور اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ کوئی ریزہ اڑ کر آنکھ ناک منہ یا حلق میں نہ پڑے کیونکہ یہ شدید برا ہے۔

سیماب مصفی کرنے کی ترکیب

۵ تولہ سیماب کو ایک روز عرق لیموں میں کھرل کریں پھر ہلکی آنچ پر جو ہراڑالیں حتی کہ ایک تولہ رہ جائے۔

(۵٦۷) طلائے ملذذ

نشۂ الفت میں بے ہوش کرنے والا اسراری طلاء

اجزاء و ترکیب ساخت : عطر گلاب۔ عطر موتیا۔ ہر ایک ایک تولہ۔ چربی خالص اس

مرغی کی جو صرف پہلی ہی بار انڈا دینے پر آئی ہو۔ نصف چھٹانک۔ مشک خالص ۳ ماشہ۔ عقرقرحا۔ کباب چینی۔ زعفران ہر ایک ۶ ماشہ۔ چربی کو گرم کر کے تیل بنالیں۔ اور ہر دو عطر شامل کر کے باقی اجزا خوب باریک کر کے اور شامل کر کے اس حد تک کھرل کریں کہ یک جان مرہم کی صورت ہو جائے بس تیار ہے۔

ترکیب استعمال: بوقت ضرورت استعمال کر کے مسرور ہوں۔

باب : ع

عرق

عرق صاف اور مقطر پانی کو کہتے ہیں۔ یہ نسبت جوشاندہ کے عرق میں دو فائدے زیادہ ہیں۔ اول یہ کہ جوشاندہ کا ذائقہ ناخوشگوار اور تلخ ہوتا ہے۔ مگر عرق نکالنے کی صورت میں ذائقہ خوشگوار اور نسبتاً بہت کم تلخ رہ جاتا ہے۔

دوسرے جوشاندہ بہت جلد خراب ہو جاتا ہے۔ مگر عرق مدت مدید تک خراب نہیں ہوتا۔

عرق نکالنے کی ترکیب

عرق نکالنے کی کئی ایک ترکیبیں ہیں۔ جن میں سے دو تین ترکیبیں ذیل میں بیان کی جاتی ہیں ملاحظہ فرمائیں:

ا۔ بذریعہ قرع انبیق

یہ طریقہ عام طور پر رائج اور آسان ہے۔ قرع ایک قسم کے دیگچے کو اور انبیق ایک قسم کے سرپوش کو کہتے ہیں۔

ادویات (جن کا عرق کشید کرنا مطلوب ہو) لے کر ان کو قرع میں ڈال کر پانی میں بھگو دیں۔ اور صبح کے وقت انبیق اوپر رکھ کر ہر دو کی درازوں کو گوندھے ہوئے آٹے سے بند کر کے چولھے پر رکھ کر اور اس کے ساتھ لگی ہوئی ٹونٹی کو کسی کارک دغیرہ سے انبیق کے اوپر کے حصہ کو سرد پانی سے بھر دیں۔

جب پانی زیادہ گرم ہو جائے تو ٹونٹی کا کارک کھول کر نکال دیا کریں۔ اور پھر ٹھنڈا پانی ڈال دیا کریں۔ دوسری ٹونٹی (جو انبیق کے پانی والے خانے کے نیچے بنی ہوئی ہے)

کے نیچے تانبہ کا قلعی شدہ برتن رکھ دیں۔ تا کہ عرق ٹپک ٹپک کر برتن میں جمع ہوتا جائے۔مگر یہ یاد رہے کہ عرق نکلنے کی ٹونٹی ذرا جھکی رہے ورنہ عرق نہیں نکلے گا۔

۲۔بذریعہ گر بہ جنتر

اگر خدانخواستہ بروقت قرع انبیق مہیا نہ ہو سکے تو یہ طریقہ نہایت کارآمد ثابت ہوتا ہے۔

ایک لانبی کا دیگچہ لے کر ادویات و پانی ڈالیں۔اس کے اوپر مٹی کا ایک ایسا برتن رکھیں جس سے دیگچے کا منہ خوب اچھی طرح بند ہو جائے۔نیز اس کے پاکھے میں سے ایک بڑا سوراخ یا چند سوراخ پہلے ہی کرالیے گئے ہوں۔اب اس کے سوراخ کے اوپر تین چار لکڑیاں ایک دوسری کے متوازی رکھ کر اس کے اوپر چینی یا تانبے کا قلعی دار برتن رکھ دیں۔

اور پھر مٹی کے برتن کے اوپر ایک اور دیگچہ یا ایسا برتن جس کی پاکھتی نیچے سے گول ہو اور اس کی گولائی رکھے ہوئے پیالے کے درمیان آجائے رکھیں اور پھر ہر دو برتنوں کی درزوں کو آٹے سے بند کر دیں۔چولھے پر رکھ کر اوپر کے برتن کو سرد پانی سے بھر دیں اور نیچے آگ جلائیں۔تقریباً آدھ گھنٹہ کے بعد اوپر کے برتن کو اٹھا کر دیکھیں تو پیالہ مذکورہ عرق سے بھرا ہوا نکلے گا۔عرق کو نکال کر علیحدہ کریں۔اور اس برتن کو پھر وہیں رکھ کر بدستور عرق نکالیں اور پانی کے گرم ہونے پر بدلتے رہیں۔

تیسرا طریقہ

جن ادویات کا عرق نکالنا ہو ان کو محض اتنے پانی میں بھگوئیں جو دس بارہ گھنٹہ میں ادویات میں جذب ہو جائے۔بعدہ ایک بڑا سا پیالہ لے کر اس کے منہ پر کپڑا باندھ دیں اور بھیگی ہوئی دوا کو کپڑے پر پھیلائیں اور پیالہ کے کناروں پر گندم کے گوندھے ہوئے آٹے سے حلقہ سا بنالیں اور اس پر ہلکا سا لوہے کا توا رکھ کر اس کے اوپر کوئلے سلگائیں۔

تھوڑی دیر میں عرق پیالہ میں جمع ہو جائے گا۔گو اس طریقہ سے عرق بالکل تھوڑا نکلتا ہے مگر ہوتا ہے بڑا عمدہ۔

ادویات و پانی کی نسبت: بازاری دوا فروش تو عام طور پر ایک چھٹانک دوا سے

سیروں عرق تیار کر لیتے ہیں۔ مگر بہتر و مؤثر عرق کشید کرنے کے لیے دس تولہ ادویات میں سے سیر عرق سے زیادہ نہ نکالنا چاہیے۔

چند ہدایات

- اگر ان ادویات میں جن کا عرق کشید کرنا ہے۔ زعفران، عنبر، کافور وغیرہ شامل ہوں تو ان کو علیحدہ پاک وصاف پوٹلی میں باندھ کر ٹونٹی کے منہ پر باندھ دینا چاہیے۔ تاکہ گرم گرم عرق کے قطرات بہہ کر ان کا بھی اثر نکلتا آئے۔ اور دوسری صورت میں عرق کشید کرتے وقت پیالہ میں پوٹلی باندھ کر رکھ دینا چاہیے۔
- اگر عرق کی ادویات میں مغزیات بھی پڑتے ہوں تو ان کا علیحدہ شیرہ نکال کر ادویات میں ملانا چاہیے۔
- اگر دودھ بھی شامل کرنا مقصود ہو تو اس کو رات کے وقت ادویات کے ساتھ نہ بھگونا چاہیے۔ بلکہ عرق نکالتے وقت شامل کر دینا چاہیے۔
- اگر سیر بھر ادویات سے عرق کشید کرنا ہو تو اس کو سولہ سیر پانی میں بھگونا چاہیے تاکہ آٹھ سیر عرق نکل سکے۔

(۵۶۸) عرق ہاضم دافع ہیضہ

یہ عرق مقوی معدہ، ہاضم غذا اور دافع ہیضہ ھے

اجزاء و ترکیب ساخت : آب گھیکوار ایک پاؤ میں نمک لاہوری ۵ تولہ ملا کر سیاہ رنگ کی بوتل میں ڈالیں۔ پھر عرق لیموں ایک پاؤ۔ عرق ادرک ایک پاؤ داخل کریں پھر عرق سیاہ۔ ہینگ بریاں ہر ایک ۳ ماشہ ڈال کر کارک مضبوطی سے لگائیں۔

ترکیب استعمال : ۴ سے ۶ قطرے تک بتاشہ میں ڈال کر کھلائیں۔

فوائد : یہ عرق معدے کے لیے تریاق ہے۔ معدے کو قوی کر کے ہضم کو پورا کرتا ہے۔ ہیضہ کے مریض کے لیے گویا آب حیات ہے۔ نیز دیگر امراض معدہ کے لیے اکسیر اعظم ہے۔ آزما کر تجربہ کریں۔

(۵۶۹) عرق ہاضم بے نظیر

یہ عرق ہاضم اور مقوی قلب ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: الائچی خورد ۶ تولہ۔ عشبہ مغربی ۴ تولہ۔ مویز منقی ۵۱ دانہ۔ دارچینی ساڑھے پانچ تولہ۔ بادرنجبویہ۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ شقاقل۔ عود۔ گاؤزبان۔ کبابہ اشنہ۔ ساذج ہندی۔ تفاح اذخر۔ گل سیوتی۔ ہر ایک پونے چار تولہ۔ صندل سفید ۲ تولہ ۸ ماشہ۔ گل گاؤزبان سنبل الطیب۔ درونج عقربی۔ چائے خطائی۔ بادیان۔ ہر ایک ساڑھے ۳ ماشہ۔ زعفران۔ طباشیر۔ ہر ایک ساڑھے ۴ ماشہ۔ برگ پان ۱۰۰ عدد۔ برگ لیموں ۲۰۰ عدد تین دن رات تر کر کے عرق نکالیں۔

ترکیب استعمال: بقدر ۶ تولہ بعد از غذا پئیں۔

فوائد: مقوی معدہ و قلب ہے۔ غذا کو ہضم کر کے جز و بدن بناتا ہے۔ ورم طحال کے لیے یہ عرق بھی ایک عمدہ چیز ہے۔

نہایت مجرب چیز ہے۔

(۵۷۰) عرق ہاضم

جو کہ درد معدہ' کمی اشتہاء' ترش ڈکاروں کا آنا' درد گردہ کے لیے آب حیات ہے

یہ نسخہ حکیم یار محمد صاحب سلطانی نے اپنی بہترین تصنیف مجربات سلطانی جلد دوم میں درج فرمایا ہے۔ جو کہ امراض پیٹ کے لیے بے شک ایک اکسیر شے ہے۔ سوڈاواٹر وغیرہ اس کے سامنے بالکل ہیچ ہیں۔ دو گھونٹ اندر پہنچنے کی دیر ہے۔ بفضلہ فوراً درد پیٹ وغیرہ کی شکایات دور ہو جاتی ہیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت: اجوائن۔ پودینہ۔ سونف۔ الائچی کلاں۔ ہر ایک ڈھائی تولہ بطریق معروف ان چہار ادویات کا عرق کشید کر لیں۔ مگر یہ یاد رہے کہ ایک سے زیادہ نہ ہو۔ اب اس عرق میں سے بیس تولہ عرق لے کر اس میں ۳۰ تولہ عرق گلاب۔ ٹاٹری۔ نوشادر۔ سوڈا بائیکارب۔ ہر ایک ایک تولہ شامل کریں۔

ٹاٹری کو ۵ تولہ عرق میں علیحدہ حل کر کے ملائیں۔اسی طرح نوشادر کو بھی علیحدہ حل کر کے ملائیں۔بعدہٗ سوڈا بائیکارب سب سے اخیر میں ملا کر خوب ہلائیں۔بس عرق ہاضم تیار ہے۔استعمال کریں۔

ترکیب استعمال: ڈھائی تولہ صبح و شام پلائیں۔بچہ کو اس کی عمر کے مطابق کم خوراک دینی چاہیے۔

فوائد: ضعف ہضم۔کمی بھوک۔سول۔درد گردہ۔ریح معدہ کو دور کرنے کے لیے بفضلہٖ تعالیٰ اکسیری صفات کی حامل دوا ہے۔

(۵۷۱)عرق اکسیر معدہ

یہ عرق ہیضہ، درد معدہ، کمی اشتہا، بدہضمی کے لیے اکسیر ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: تیزاب گندھک ۲۰ قطرے۔سوڈا بائیکارب ۳ ماشہ۔ست لیموں ۳ ماشہ۔ست اجوان دیسی ۳ ماشہ۔ست پودینہ ۳ ماشہ۔عرق گلاب ۱۰ تولہ ملا کر رکھیں۔

ترکیب استعمال: ۵ سے ۱۰ قطرے پانی میں ڈال کر دیں۔

فوائد: مندرجہ بالا بیماریوں کے لیے یہ عرق اکسیر الاثر ہے۔

(۵۷۲)عرق ہاضم

معدہ و جگر کو درست کر کے غذا کو جزو بدن بنانا ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: تیزاب گندھک ۶ ماشہ۔قند سیاہ (گڑ) ۳ تولہ۔آب مقطر ۳ پاؤ۔ایک بوتل میں بھر کر رکھ دیں۔

ترکیب استعمال: ایک چھوٹا چمچہ صبح اور ایک شام پانی ملا کر استعمال کرو۔

فوائد: معدے کے جملہ امراض کو دور کرتا ہے۔ضعف جگر۔عظم طحال۔ضعف اشتہا سب کے لیے مفید ہے۔

(۵۷۳)عرق ہاضم

یہ عرق معدے کے جملہ عوارض کو دفع کر کے معدے کو قوی بنانا ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: مغز گھیکوار آدھ سیر۔آب ادرک آدھ سیر۔نمک سیاہ ۵

تولہ۔ نمک لاہوری ۵ تولہ۔ سہاگہ چوکیہ ۵ تولہ۔ نوشادر ۵ تولہ۔ سب کو ملا کر دھوپ میں رکھیں۔ کہ حل ہو جائے۔ بعد ازاں چھان کر بوتل میں بھر لیں۔

ترکیب استعمال: دو تولہ صبح دو تولہ شام پلا دیا کریں۔

فوائد: دردشکم۔ کمی اشتہا۔ ورم طحال۔ عظم طحال۔ باؤ گولہ۔ درد معدہ کو دور کرنے کے لیے نہایت اکسیر الاثر ثابت ہوا ہے (جیبی فارماکوپیا)

(۵۷۴) عرق تربوز

یہ نسخہ حرارت جگر اور یرقان کیلئے از حد مفید ہے صرف سات روز کے استعمال سے یرقان وغیرہ دور ہو کر جگر میں خوب طاقت پیدا ہو جاتی ہے

هوالشافی: ایک بڑا سا تربوز لے کر منہ کی طرف سے ایک ٹکڑا کاٹ لیں اور اس میں مصری ۳ چھٹانک۔ لوہے کا برادہ ۳ چھٹانک۔ مجیٹھ ۱۵ تولہ ڈال کر وہی ٹکڑا اوپر دے دیں اور تربوز کو کسی برتن میں بند کر کے گیہوں کے ڈھیر میں ۱۵ روز دفن کر کے نکالیں۔ اور عرق جو اس تربوز کے اندر سے نکلے۔ صاف کپڑے میں چھان کر شیشی میں محفوظ رکھیں اور اس تمام عرق کو سات روز پلائیں۔

فوائد: از حد نفیس اور فائدہ مند چیز ہے۔

(۵۷۵) عرق فولاد

ضعف جگر و ضعف طحال اور سوء القینہ کے لیے اکسیر

اجزاء و ترکیب ساخت: لوہے کی کڑاہی کو خوب مانجھ کر صاف کریں اور اس میں آہنی باریک کیلوں کی تاریں ڈال دیں۔ پھر ایک سیر آب ثمر جامن یا آب برگ جامن ڈال دیں اور پھر ترپھلہ ڈیڑھ پاؤ۔ الائچی خورد۔ ایک تولہ۔ زیرہ سفید ۵ تولہ بھی کوٹ کر داخل کریں۔ ایک ہفتہ دھوپ میں رکھ کر گاڑھے کپڑے میں عرق چھان لیں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: قریباً بیس بوند بعد از طعام ایک گھونٹ پانی میں ملا کر پلائیں۔

فوائد: یہ اکسیری عرق مقوی جگر اور دافع سوء القینہ ہے۔ خون صالح پیدا کر کے اعصاب

کو قوت دیتا ہے۔ مثانہ کو قوی کر کے پیشاب کی دقت کو دفع کرتا ہے۔

(۵۷۶) عرق ماءاللحم

یہ عرق قلب اور مقوی اعضاء رئیسہ ھے

اجزاء و ترکیب ساخت : گل گاؤزبان۔ گل نیلوفر۔ گل سرخ۔ گل بیدمشک۔ طباشیر ہر ایک ایک تولہ۔ برادہ صندل ۳ تولہ۔ لونگ۔ دارچینی۔ ہر ایک ۴ ماشہ۔ مرغ جوان اعدد۔ ادویہ کے سفوف کو گوشت مرغ کے ساتھ اس قدر کوٹیں کہ مرہم کی طرح ہو جائے۔ بعد ازاں عرق گلاب وعرق بیدمشک شامل کر کے عرق نکالیں۔

ترکیب استعمال: ۵ تولہ صبح ۵ تولہ شام استعمال کریں۔

فوائد : یہ مختصر ماءاللحم مقوی اعصاب ومقوی باہ ہے۔ دائمی نزلہ وزکام کے عوارض اس عرق کے استعمال سے چند روز میں دور ہو جاتے ہیں۔

مقوی دماغ بھی بغایت درجہ ہے۔

(۵۷۷) عرق عنبر

یہ عرق مقوی اعضاء رئیسہ اور غشی کو دور کرنے میں لاجواب ھے

اجزاء و ترکیب ساخت : مشک ڈھائی ماشہ۔ عنبر ۳ ماشہ۔ مصطگی ۹ ماشہ۔ برگ ریحان تازہ۔ سعد کوفی۔ کشنیز خشک۔ گل گاؤزبان۔ انیسون۔ درونج عقربی۔ زرنباد۔ پوست بیرون پستہ۔ عودغرقی۔ کباب چینی۔ اشنہ۔ سنبل الطیب۔ بہمن سرخ۔ شقاقل۔ دارچینی۔ ساذج ہندی۔ قرنفل۔ بوزیدان۔ گل سرخ۔ طباشیر۔ الائچی خورد۔ الائچی کلاں۔ عود ہندی۔ پوست اترج۔ ابریشم مقرض۔ صندل سفید۔ ہر ایک ساڑھے ۲۲ ماشہ۔ زعفران ۹ ماشہ۔ آب سیب ۲ سیر۔ آب انار ترش ایک سیر۔ عرق گاؤزبان ڈھائی سیر۔ عرق بیدمشک ڈھائی سیر۔ عرق بادرنجبویہ ۲ سیر۔ عرق گلاب ۵ سیر

جوادویات کوٹنے کی ہیں۔ انہیں کوٹ کر عرقیات میں بھگوئیں۔ صبح آب سیب آب انار ترش ہر ایک ایک سیر اضافہ کریں۔ اور زعفران عنبر ومشک ٹونٹی کے منہ کے ساتھ باندھیں۔ اور ۲۵ بوتل عرق تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۷ تولہ ہمراہ ادویہ مناسب دیں۔

فوائد: مقوی اعضائے رئیسہ ہے۔ غشی کو مفید ہے۔ بواسیر اور خون حیض کی کثرت سے جو ضعف پیدا ہوتا ہے۔ اسے دور کر کے قوت بحال رکھتا ہے۔ مقوی باہ بھی بے حد ہے۔

(۵۷۸) عرق حفظ ماتقدم

طاعون کے زمانہ میں اس عرق کا استعمال وباء طاعون سے بحکمہ تعالیٰ محفوظ رہ رہنا ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: رس کپور ۳ تولہ۔ تیزاب نمک سوا تولہ۔ نیلا رنگ ۳ رتی۔ پانی دس سیر۔ رسکپور کو خوب باریک پیس کر تیزاب میں ملا دیں۔ بعد ازاں اس میں رنگ آمیز کر کے پانی ملا دیں۔ اگر کہیں تیزاب نمک دستیاب نہ ہو سکے تو اس کی بجائے نمک خوردنی ۵ تولہ ڈال دیں۔

ترکیب استعمال: وباء کے دنوں میں بوقت صبح وشام ۳-۳ تولہ اس عرق کو استعمال کریں۔

فوائد: اس عرق سے طاعون کے جراثیم ہلاک ہو جاتے ہیں۔ اور طبیعت میں قوت دافعہ پیدا ہو جاتی ہے۔ اس لیے وباء کے حملہ سے محفوظ رکھتا ہے اگر مریض کو بھی پلایا جائے تو اس کے لیے بھی مفید ہے۔

(۵۷۹) عرق مصفی خون بے نظیر

اس عرق کے چند دنوں کے استعمال سے خون صاف ہو جاتا ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: شاہترہ ۱۰ تولہ۔ آملہ ۱۰ تولہ۔ سرپھوکہ۔ گل منڈی۔ پوست نیب۔ برادہ شیشم۔ پوست اندرون درخت کچنال۔ پوست بکائن۔ تخم حنا۔ چوب چینی۔ ہر ایک دس تولہ۔ صندل سفید۔ صندل سرخ۔ گوکھر وکشنیز۔ گل معصفر (کسم) گل نیب۔ گل بکائن۔ برہم ڈنڈی۔ برادہ آبنوس۔ ہر ایک ۵ تولہ، عناب ۲۰ تولہ۔ پانی درخت نیب ۵ تولہ۔ سب کو پانی ۹ سیر میں ۲ روز بھگو رکھیں۔ ۲ روز کے بعد بطریق معروف عرق کشید کریں۔

ترکیب استعمال: ۲ تولہ صبح وشام ۲ تولہ شہد میں ملا کر پلایا کریں۔ دو ماہ تک۔
فوائد: جذام خارش آتشک اور ہر قسم کی خرابی خون کے لیے بار ہا کا مجرب ہے دو ماہ کے متواتر استعمال سے بحکمہ تمام عمر کے لیے خلاصی ہو جاتی ہے۔

(۵۸۰) عرق بےنظیر

از جناب حکیم پنڈت گوردھن داس صاحب

آتشک جذام کے لیے نہایت اعلیٰ لا جواب اور مجرب عرق

اجزاء و ترکیب ساخت: شر کیکر پنچانگہ۔ کٹائی خورد۔ پوست کچنار خورد۔ گل منڈی۔ ہلدی۔ پوست ہلیلہ زرد۔ بیخ حنظل۔ پوست نیم۔ گڑ پرانا۔ ہر ایک ایک پاؤ۔ تمام اجزاء کو سوائے گڑ کے جوکوب کر کے دریا کے پانی ۱۱ سیر میں کسی مٹی کے صاف برتن میں ڈال کر ۳ شبانہ روز تر کر کے چوتھے روز صبح کو سوا سیر پانی میں اچھی طرح گڑ کو گھول کر ان اجزاء میں داخل کر کے نرم نرم آنچ پر پکائیں۔ اندازاً ۳ بوتل پانی رہ جانے پر مل چھان کر بوتلوں میں بھر لیں۔
ترکیب استعمال: اس میں سے بمقدار ۵ تولہ سے ۷ تولہ صبح پلادیں جس سے ۵۔۷ دست بافراغت ہوں گے۔
غذا: دال نخود روغن والی معہ نان گندم کھلائیں۔ گرم وخشک اشیاء سے پرہیز کریں۔
فوائد: آتشک وجذام دمہ دکھانسی کے لیے اکسیر ہے۔ چنانچہ ایک جذامی مریض کا علاج کیا جس کے زخموں سے بدبودار مواد بہتا تھا۔ بال جھڑ رہے تھے۔ چہرہ گھناؤنا ہو رہا تھا۔ خدا کی قدرت سے تندرست ہو گیا۔

(۵۸۱) عرق عشبہ

از جناب حکیم پنڈت روھن داس صاحب شرما حکیم حاذق

اس عرق سے بفضلہ خون صاف ہو کر پرانے سے پرانا آتشک بھی دنوں میں دور ہو جاتا ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: عشبہ ایک پاؤ کورات بھر ایک بوتل پانی میں بھگودیں۔ صبح

مل چھان کر بوتل میں ڈال دیں اور اوپر سے پوٹاشیم آیوڈائڈ ۳ ماشہ ملا کر پلائیں۔

ترکیب استعمال: صبح و شام ۵۔۵ تولہ پلائیں۔

فوائد : بفضلہ پہلے ہی ہفتہ میں افاقہ ہو جاتا ہے۔ چنانچہ سردار رام سنگھ صاحب جو کہ ریاست جیبن میں ایک اچھے عہدہ پر ممتاز تھے۔ بیمار پڑ گئے۔ ڈاکٹروں کو دکھلایا۔ انہوں نے جذام کا فتویٰ دیا۔ جس کا علاج بھی کرایا گیا۔ مگر کوئی فائدہ نہ ہوا۔

سردار صاحب کے جسم پر بکثرت زرد آب والی پھنسیاں تھیں۔ رنگ سیاہ اور گوشت کا نام و نشان نہ تھا۔ بدن سے بدبو آتی تھی۔ ان کے گھر والوں سے پوچھا گیا۔ کب سے بیمار ہیں۔ انہوں نے جواب دیا کہ پندرہ سال کا عرصہ ہوا کہ انہیں آتشک ہوئی تھی۔ میں سمجھ گیا اور یہ عرق بنا کر علاج شروع کیا۔ ایک ہفتہ میں مریض اس طرح ہو گیا کہ گویا مرض کبھی ہوا ہی نہیں۔ صرف ایک ہفتہ یہ عرق پلایا گیا۔

(۵۸۲) عرق مصفی خون

اس عرق کے استعمال سے خون صاف ہو کر جملہ جلدی امراض کا بفضلہ تعالیٰ استیصال ہو جاتا ہے

اجزاء و ترکیب ساخت : برگ نیب۔ پوست نیب۔ برگ بکائن۔ پوست بکائن۔ پوست کچنال۔ پوست مولسری۔ دودھی خورد۔ برگ بھنگرہ سیاہ۔ شاخ و برگ جوانسہ۔ پوست گولر۔ برگ حنا۔ منڈی۔ شاہترہ۔ سرپھوکہ۔ دھمانسہ۔ چوب بجیسار۔ گل نیلوفر۔ گل سرخ۔ کشنیز خشک۔ برادہ صندل سفید۔ تخم کاسنی۔ بیخ کاسنی۔ مجیٹھ۔ برگ بید سادہ۔ برادہ چوب شیشم۔ ہر ایک ۱۰ تولہ جملہ ادویہ کو ۲۴ سیر پانی میں ایک رات دن تر رکھیں۔ بعدہ ۱۲ سیر عرق کھینچیں۔ تخم نیب۔ تخم بکائن۔ تخم شاہترہ۔ تک افتیون۔ ساذج ہندی۔ گلوئے سبز۔ عناب خس۔ چرائتہ یہ بھی شامل کریں۔

ترکیب استعمال: ۴ تولہ روزانہ استعمال کریں۔

فوائد : خون صاف کرتا ہے۔ پھوڑے پھنسیوں کی شکایت بہت جلد دور ہو جاتی ہے۔ چہرے کا رنگ نکھر آتا ہے۔ آتشک اور سوزاک میں بھی از حد مفید ہے۔

(۵۸۳)عرق تریاق بخار

ہر قسم کے بخار اور کھانسی کے لیے عجیب چیز

یہ عرق ہر موسم میں بلاخوف وخطر استعمال کیا جاتا ہے اور کبھی خراب نہیں ہوتا جو صاحب ایک بار اس عرق کو بنا کر آزمائیں گے۔ان شاءاللہ پھر اور کسی دوا کا نام تک نہ لیں گے۔کیونکہ یہ عرق پرانے سے پرانے بخار اور کھانسی کو دور کرنے کے لیے لاجواب اثر رکھتا ہے

ھوالشافی: گل بنفشہ سوا سیر۔گلو سبز ۴ سیر۔گاؤزبان آدھ سیر۔چرائتہ آدھ سیر۔شاہترہ آدھ سیر۔سونف اسیر۔ملٹھی ۱۰ تولہ۔ان سب ادویات کو جوکوب کر کے ۴ حصہ کرلیں۔اور اس میں سے ا حصہ دوا لے کر تمام رات ۲۰ سیر پانی میں بھگو رکھیں اور صبح بھبکہ سے عرق کشید کرلیں۔اب کشید شدہ عرق میں دوسرا حصہ دوا کا ڈال کر اتنا پانی ڈالیں۔جس سے کل پانی پھر ۲۰ سیر ہو جائے۔پھر پہلے کی طرح عرق کشید کریں۔اسی طرح پھر تیسری مرتبہ عرق نکال کر بوتلوں میں رکھ چھوڑیں۔عرق لاجواب تیار ہے۔

خوراک: ڈھائی تولہ دن میں ۳ یا ۴ بار پلائیں۔ان شاءاللہ چند روز میں ہر ایک قسم کا بخار کھانسی نزلہ زکام اور پیاس وغیرہ دور ہوگا۔

نوٹ: یہ نسخہ عالی جناب ڈاکٹر آر۔سی۔چک۔گولڈ میڈلسٹ۔سند یافتہ ڈسکری یو۔آئی ایچ۔ایسوسی ایشن۔لاہور ساکن باغبانپورہ نے ہماری زیر طبع کتاب کنزالاطباء المعروف صدری جواہرات کے لیے عنایت فرمایا تھا۔لیکن چونکہ یہ نسخہ اپنے فوائد میں لاثانی تھا اس لیے اس کتاب کے اندر بھی درج کر دیا گیا۔

(۵۸۴)عرق ہرابھرا

مجدد طب حکیم حافظ محمد اجمل خان صاحب مرحوم کا صدری نسخہ سل ودق کی ایک مایہ ناز دوا

دق اور سل کے لیے یہ عرق بفضلہ ایک مخصوص چیز ہے جس کو حکیم صاحب مرحوم اپنے مطب میں بکثرت استعمال کراتے اور فیض یاب ہوتے رہے

طبیہ کالج کے طلباء مدت تک اس نسخہ کی جستجو میں لگے رہے۔ آخرالامر نسخہ معلوم ہو گیا۔ جو درج ذیل ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: صندل سرخ۔ خس۔ پدماکھ۔ ناگرموتھ۔ گلوسبز۔ شاہترہ۔ پوست نیب۔ گل نیلوفر۔ تخم کاسنی۔ بادیان۔ تخم کدو۔ نیتر بالا۔ کشنیز۔ تخم تلسی۔ بیخ بھیڑہ۔ بیخ نیشکر۔ بیخ جوانسہ۔ بیخ کاسنی۔ دھمایا۔ منڈی۔ ملٹھی۔ الائچی خورد۔ کوکنار۔ ہر ایک ایک تولہ۔ حسب معمولی ۰ ابوتل عرق کشید کریں۔

ترکیب استعمال: چھ تولہ عرق ادویات مناسبہ کے ساتھ استعمال کریں اور گرم خشک اشیاء سے پرہیز کریں۔

فوائد: مرض سل ودق میں نہایت مفید ہے۔ سوزش بول' سوزاک اور خفقان کے لیے بھی فائدہ بخش اور مقوی اعضا' رئیسہ ہے۔

منفعت خاص: دق وسل کے لیے مخصوص ہے۔

باب : ک

کشتہ جات

کشتہ سازی ایک نہایت لطیف فن ہے۔ جس کی مہارت مدت مدید تک آگ سے کھیلنے اور لوہے و پتھر کی کھرلوں سے کشتی لڑنے جنگل و پہاڑوں میں مارے مارے پھرنے اور پھر استاد کامل سے عملی طور پر سیکھنے سے حاصل ہوتی ہے۔

مگر آج کل تو کشتہ سازی کے فن کو لوگوں نے اس قدر بدنام کیا ہے کہ توبہ ہی بھلی۔ نہ اس کے اصولوں کی واقفیت نہ صفائی کا خیال نہ کچے اور پکے کی تمیز بس یونہی آگ میں ادھ جھلسا کر کے باریک کر لینے کو کشتہ خیال کر کے استعمال کرا دینا لوگوں کا وطیرہ ہو رہا ہے۔ جس سے نہ صرف یہ کہ مریض کو فائدہ نہیں ہوتا بلکہ الٹا نقصان پہنچتا ہے۔

ایک باریک اور پرمحنت فن کی نزاکت و لطافت کا اس سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ بعض کشتہ جات سال سال کی محنت سے تیار ہوتے ہیں۔ اور بعض کشتے دس منٹ میں بنائے جا سکتے ہیں۔

چنانچہ کشتہ پارہ کی دو ترکیبیں میرے پاس ایسی موجود ہیں کہ جس میں سے ایک تو ایسی ہے کہ جس سے ایک کشتہ تو ہم شخص۔ ایک سال کی محنت شاقہ سے تیار کرتے ہیں۔ اور ایک ترکیب سے محض پندرہ بیس منٹ حد ایک گھنٹہ میں تیار ہو جاتا ہے۔ دیکھنے اور کہنے کو تو دونوں ہی پارہ کے کشتے ہیں۔ مگر فوائد میں زمین و آسمان کا فرق رکھتے ہیں۔

اول الذکر کشتہ تو اس قدر فوائد و اکسیری صفات کا سرمایہ دار ہے کہ اس کی دو خوراکوں سے بفضلہٖ جوانی لوٹ کر واپس آ جاتی ہے جس کا تجربہ دو عمر رسیدہ ملٹری آفیسر پر ہوا جن کے ہاں جوانی میں بھی اولاد نہیں ہوئی تھی خدا کی قدرت بڑھاپے کے عالم میں دو دو خوراکیں استعمال کر لینے کے بعد نہ صرف یہ کہ جوانوں کی طرح قوتوں کے مالک ہو گئے۔ بلکہ ان

کے ہاں خدا کی مہربانی سے اولاد بھی ہوئی۔حتیٰ کہ سلسلہ اولاد اب تک جاری ہے اور ثانی الذکر کشتہ جو بلا محنت تیار ہوتا ہے۔ وہ محض ایک دو مرضوں میں استعمال ہوتا ہے اور بس حاصل کلام کشتہ جات کی پرخار وادی میں اسی شخص کو قدم رکھنا چاہیے جو محنت ومشقت سے قطعاً نہ گھبرائے۔ جو کانٹوں میں سے گزرنے کی قطعاً پرواہ نہ کرے۔ بعض اوقات ذراسی لغزش سے مہینوں کی محنت ضائع ہو جاتی ہے۔ اسے ایسی حوصلہ شکن صورتوں کے منہ دیکھنے کے لیے بھی تیار رہنا چاہیے۔

مگر ہم نے اس کتاب کی نگارش کے دوران میں چونکہ خاص طور پر سہولت اور آسانی کے زریں اصول کو پیش نظر رکھا ہے۔ لہٰذا اس باب میں صرف وہی کشتہ جات زیب کتاب کر رہے ہیں جو کہ آسانی سے تیار ہو جائیں۔ اور باوجود آسانی سے بننے کے فوائد میں بھی کافی عمدہ ثابت ہوتے ہیں اور جن میں غلطی کا امکان بہت ہی کم ہے۔ لہٰذا ہدایات وغیرہ کی بھی چنداں ضرورت نہیں۔

چونکہ ہم نے کشتہ جات کے بیان میں اصلاحات سے کام ہی نہیں لیا۔ لہٰذا ان کے حل کی ضرورت بھی محسوس نہیں ہوتی۔ ہاں البتہ گل حکمت اور گجپٹ اور اپلہ دشتی وایلپہ دستی وکوزہ گلی کا کہیں کہیں ذکر آتا ہے۔ لہٰذا ان کے معنی ذیل کی سطور میں بیان کیے جاتے ہیں:

گل حکمت: دوا کوشی کے کوزے وغیرہ میں بند کر کے اس کے منہ کو ایک خاص قسم کی مٹی سے بند کر دینے کو گل حکمت کہتے ہیں۔ خاص قسم کی مٹی کی تیاری کی ترکیب یہ ہے کہ چکنی مٹی یا ملتانی مٹی لے کر اس میں قدرے روئی ملا کر لوہے کے اہرن پر رکھ کر ہتھوڑے سے خوب کوٹا جائے تا کہ مٹی میں روئی بخوبی مل جائے اس سے مٹی حرارت پہنچنے سے پھٹتی نہیں۔ گل حکمت کو ''ملین الحکمت'' اور ''سپٹ'' بھی کہتے ہیں۔

گجپٹ

دو ہاتھ لمبا چوڑا اور گہرا گڑھا کھود کر اور اپلوں سے پر کر کے آگ دینے کو 'گجپٹ' کی آگ دینا کہتے ہیں۔ دوا کا کوزہ درمیان میں ہونا چاہیے تا کہ حرارت چاروں طرف سے برابر پہنچے۔

ابلہ دشتی یا صحرائی ان اپلوں کو کہتے ہیں جو جنگل میں پڑے ہوئے ملتے ہیں۔ چونکہ اس میں ریت اور مٹی وغیرہ شامل نہیں ہوتا اور خالص گوبر ہی ہوتا ہے۔اس لیے یہ لکڑی کی طرح جلتے ہیں۔اور ایک بار حرارت پہنچا کر جلد سرد ہو جاتے ہیں۔بعض ادویات میں ایسی ہی آگ کی ضرورت ہوا کرتی ہے۔

ابلہ دستی یعنی ہاتھ سے تیار کردہ اپلے ان کی آگ میں سے شعلہ زیادہ بلند نہیں ہوتا مگر حرارت تادیر رہتی ہے۔

کوزہ گلی جس میں بند کر کے دوا کو آگ دی جاتی ہے۔وہ لینا چاہیے۔جس کو ابھی پانی نہ لگا ہو۔یعنی کورا ہو۔

مستعملہ کوزہ خصوصاً چکنا ہرگز نہ لینا چاہیے۔اس سے دوا خراب ہو جاتی ہے۔بلکہ وہ آگ میں پھٹ جاتا ہے۔اور دوا ضائع ہو جاتی ہے۔

(۵۸۵) کشتہ طلاء مرواری

زبدۃ الحکماء حکیم عبدالقیوم شاگرد لقمان الملک حکیم حافظ عبدالوہاب صاحب انصاری (دہلوی)

یہ کشتہ مقوی اعضاء رئیسہ واعصاب ہے قلب کے لیے خصوصاً مفید ہے

اجزاء و ترکیب ساخت : ورق طلاء ۳ ماشہ۔مروارید ناسفتہ ڈیڑھ ماشہ۔ان دونوں اجزا کو زنجفر ۳ ماشہ۔سیماب مصفٰی ۳ ماشہ کے ساتھ عرق لیموں میں ایک شبانہ روز کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک کر کے سکورہ گلی میں بند کر کے کپڑ وٹی کریں۔اور ایک سیر اپلہ صحرائی میں پھونک لیں۔اسی طرح ۴ مرتبہ زنجفر اور فرار کے ہمراہ سحق کر کے آنچ دیں۔پانچویں بار بغیر ان دوائیوں کی شرکت کے سحق کر کے آنچ دیں۔بس کشتہ تیار ہے۔

ترکیب استعمال: ۲ خشخاش بوقت صبح ہمراہ مکھن کھلائیں۔

فوائد : اعضاء رئیسہ کو قوت دیتا اور خون صالح پیدا کرتا ہے۔کمزوری اعصاب کے لیے بھی ازحد مفید ہے۔

علاوہ ازیں مقوی باہ بھی بغایت درجہ ہے۔منی کو درست کر کے سرعت۔جریان احتلام کو دور

کرتا ہے۔اس کے متواتر ایک ہفتہ کے استعمال سے وزن ڈیوڑھا ہو جاتا ہے۔اس دوا کے استعمال سے پیشتر اپنا وزن کر لیں اور ایک ہفتہ کھانے کے بعد پھر وزن کریں۔آپ وزن میں کافی فرق محسوس کریں گے۔

(۵۸۶) کشتہ نقرہ

مقوی اعصاب، رئیسہ اور دافع سرعت وجریان ھے

اجزاء و ترکیب ساخت: تھوہر کی ڈنڈیوں کا کوٹ کر پانی نکالیں۔اور اس میں دو تولہ برادہ نقرہ کو بہزور کے ساتھ کھرل کریں۔اور سکورہ گلی میں رکھ کر منہ مٹی سے بند کریں ۱۵ سیر پاچک دشتی کی آگ دیں۔جب آگ سرد ہو جائے تو نکال کر دوبارہ اسی طرح تھوہر کی ڈنڈیوں کے پانی میں زور کے ساتھ کھرل کریں اور آنچ دیں۔کشتہ تیار ہو جائے گا۔

ترکیب استعمال: علی الصبح ایک رتی مکھن یا بالائی میں کھلائیں۔

فوائد: جریان رقت، سرعت، کثرت احتلام، گرمی مثانہ، ضعف باہ وضعف ہضم ضعف دل ود ماغ جگر اور گردہ کے لیے ازحد مفید ہے۔

مجلوقین کے لیے علی الخصوص مفید ہے۔

(۵۸۷) کشتہ فولاد

یہ کشتہ جگر کی اصلاح کر کے نیا خون پیدا کرتا ھے

اجزا و ترکیب تیاری: برادہ فولاد مصفی ۵ تولہ۔نوشادر دیسی۔گندھک آملہ سار۔ہر ایک ڈھائی تولہ جملہ ادویہ کو لعاب گھیکوار سے سحق کر کے چھوٹی چھوٹی ٹکیاں بنائیں اور کلیہ میں گل حکمت کر کے ۵ سیر اپلوں کی آگ دیں۔اسی طرح نوشادر اور گندھک جدید ڈال کر ۳ بار عمل کریں سیاہ رنگ کا کشتہ ہوگا۔

ترکیب استعمال: ایک رتی ہمراہ مکھن کھائیں۔مکھن کا زیادہ استعمال کریں۔لسی اور میٹھا خوب پئیں۔گڑ اور تیل سے قطعی پرہیز کریں۔

فوائد: یرقان، ضعف جگر، بھس، کمی خون، ضعف قلب، یرقان کے لیے نہایت عمدہ کشتہ ہے۔

(۵۸۸) کشتہ قلعی قشر بیضہ والا

جو کہ جریان منی و مذی اور ضعف باہ کے لیے عجیب التاثیر ھے

اجزاء و ترکیب ساخت : انڈوں کا چھلکا اندرونی پردہ سے صاف شدہ اور قلعی ہم وزن لیں۔ چھلکوں کو باریک پیس لیں۔ اور قلعی کو کڑاہی میں گلا کر انڈوں کے چھلکے کی چٹکی دیتے جائیں۔ اور کسی لوہے کے دستہ سے قلعی کو رگڑتے جائیں۔ چھلکوں کے ختم ہونے پر تمام قلعی کشتہ ہوگی۔ مگر رنگت سیاہ ہوگی۔ دونوں کو کنوار گندل کے رس سے ایک روز کھرل کر کے دس پندرہ سیر اپلوں کی آگ ہوا سے محفوظ مقام پر دیں۔ کشتہ سفید رنگ برآمد ہوگا۔

ترکیب استعمال: آدھی رتی ہمراہ مکھن کھلائیں۔

فوائد : ضعف مثانہ ضعف باہ اور جریان کے لیے یہ کشتہ قلعی مانند تریاق ہے علاوہ ازیں ذیابیطس کے لیے بھی ایک اعلیٰ چیز ہے۔ حرارت جگر اور گردہ کو بھی چند ایک خوراکوں میں زائل کرتا ہے۔

(۵۸۹) کشتہ سم الفار (دارچینی والا)

آسان ترکیب سے تیار ھو جانے والا عجیب وغریب فوائد کا حامل کشتہ

اجزاء و ترکیب ساخت : سم الفار خالص سفید (دودھیا) ا تولہ۔ دارچینی ڈھائی ۲ تولہ۔ دارچینی کو ہاون دستہ میں کوٹ کر مٹی کے کوزے میں سوا تولہ بچھائیں اور اس کے اوپر سم الفار کی ڈلی رکھیں۔ بعدہٗ باقی ماندہ سفوف دارچینی ڈال کر کوزے کے منہ پر ڈھکن رکھ کر منہ کو مٹی سے بند کر کے کوزہ چولہے پر سوار کریں۔ اور نیچے بیری کی لکڑی کی دو چوبی آگ دیں اور اس کے بعد سرد ہونے پر آہستہ آہستہ ڈھکن کو جدا کریں۔ کچھ جو ہر ڈھکن وغیرہ سے چمٹا ہوا ملے گا۔ اور کچھ ٹکیہ سی پڑی ہوئی ملے گی۔ ہر دو کو ملا کر پیس لیں۔ پس یہی کشتہ سم الفار ہے۔ شیشی میں بحفاظت رکھیں۔

ترکیب استعمال: بوقت صبح ایک چاول منقیٰ میں لپیٹ کر کھلائیں۔ مگر یہ احتیاط رہے کہ اس کشتہ کے استعمال سے پیشتر مریض کو کچھ کھلا لینا چاہیے۔ نہار منہ اس کشتہ کا استعمال ممنوع ہے۔

فوائد: رعشہ جس میں مریض کے اعضاء بالخصوص سر اور ہاتھ کانپتے ہیں۔ اس کے ازالہ کے لیے یہ کشتہ اکسیر اعظم کا حکم رکھتا ہے۔ علاوہ ازیں دمہ' کھانسی' ضعف باہ کو بھی مفید ہے۔

(۵۹۰) کشتہ شنگرف

یہ کشتہ خود رنگ ہے اور خون بنا کر کے چہرے کو بھی شنجرفی بنا دیتا ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: آدھ سیر پختہ لہسن لے کر اسے کوٹ لیں۔ بعد ازاں مٹی کا ایک کوزہ اتنا بڑا لیں کہ تمام لہسن اس میں سما جائے۔ پھر نصف لہسن نیچے ڈال کر شنگرف کی ایک ڈلی ایک تولہ کی نصف اوپر رکھ دیں اور کوزے کے منہ پر ٹھیکری برابر کر کے مضبوط گل حکمت کریں۔ خشک ہونے پر کوزے کو چولھے میں رکھ کر درمیانی ۷۔۸ گھنٹہ آگ دیں۔ اس کے بعد کوزے کو سرد ہونے دیں۔ پھر آہستہ آہستہ سے کوزے کا منہ کھول کر شنگرف نکال دیں۔ ڈلی شنگرف پھولی ہوئی کشتہ شدہ نکلے گی۔

ترکیب استعمال: دو چاول مکھن یا بالائی میں رکھ کر بوقت صبح استعمال کرائیں۔

فوائد: مقوی باہ۔ چہرے کو لال گلنار بنا دیتا ہے۔ سنیاسی لوگوں کی جان ہے بلغمی مزاجوں کے زیادہ موافق آتا ہے۔ بوڑھوں کے لیے خصوصاً مفید ہے۔

(۵۹۱) کشتہ شنگرف آسان

جس سے دس منٹ میں کشتہ تیار ہو جاتا ہے

یہ کشتہ بنانے میں نہایت آسان ہونے کے باوصف مفید بھی ہے ہر بلغمی مرض کے لیے بلا خطر استعمال کرایا جاتا ہے اور بفضلہٖ کامیاب ہوتا ہے۔

خصوصاً نزلہ و زکام' کھانسی' ضعف باہ' گنٹھیا وغیرہ کے لیے مستعمل ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: شہد خالص ۵ تولہ۔ گائے کا گھی ۵ تولہ۔ ہر دو کو لوہے کی بڑی سی کڑچھی میں ڈال کر خوب دہکتے ہوئے انگاروں پر رکھیں۔ اور ایک تولہ شنگرف کو باریک پیس کر بھی شامل کر دیں۔ گھی و شہد مل کر آگ پر پکنے شروع ہوں گے۔ پھر دھواں نکلنے لگے گا۔ بلا خر اس مرکب کو آگ لگ جائے گی یا خود لگا دیں۔ جب آگ بند ہو جائے

تو اتار لیں سیاہ دخول کی شکل میں شنگرف کشتہ شدہ ملے گی جس میں کچھ شہد کی خاکستر بھی شامل ہوگی۔ باریک پیس کر شیشی میں رکھیں خوراک ۲ چاول سے چار چاول۔

(۵۹۲) کشتہ توتیا

یہ کشتہ آتشک و سوزاک کے لیے اکسیر ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: توتیا سبز سالم ڈلی ۶ ماشہ کو کافور دیسی ۲ تولہ چورہ کرکے توتیا کے نیچے اوپر بوتہ گلی میں گل حکمت کر کے دو اسیر اپلوں کی آگ دیں اور پیس کر رکھ چھوڑیں۔

ترکیب استعمال: ۲ چاول سے ۴ چاول تک ہمراہ مکھن کھلائیں۔

فوائد: آتشک و سوزاک کے لیے یہ کشتہ عجیب التاثیر ہے۔ نیز بواسیر کے خون اور تقریباً ہر جریان خون کو بند کرنے میں لاثانی ہے۔ بواسیر کے خون کو فی الفور بند کرتا ہے۔ آزمائش کریں۔

(۵۹۳) کشتہ مردار سنگ

خون بواسیر کو بند کرنے کے لیے بے خطا دوا ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: لہسن مقشر ۴ تولہ کو شیر مدار میں کھرل کر کے مردار سنگ ۲ تولہ پر لیپ کریں۔ اور گل حکمت کر کے گڑھے میں ۳ پاؤ اپلوں کی آگ دیں۔ اس طرح سات مرتبہ عمل کریں مردار سنگ کا عمدہ کشتہ ہوگا۔

اجزاء و ترکیب ساخت: ۲-۴ چاول ہمراہ مکھن یا کھانڈ۔ غذا مرغن کھلائیں۔ مگر نمک نہ ڈالیں۔ بواسیر کے خون کو بند کرنے کے لیے یہ دوا اکسیر صفت ہے۔ بواسیر کے دریا کی طرح بہتے ہوئے خون کو بند کرتی ہے۔

(۵۹۴) کشتہ عقیق (۱)

جو ضعف قلب اور خفقان کے لیے نافع دوا ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: عقیق عمدہ ایک تولہ۔ مغز بادام ۵ تولہ۔ عقیق کے نیچے نغدہ بادام دے کر گل حکمت کر کے ۱۰ اسیر آگ دیں عمدہ سفید کشتہ ہوگا۔

ترکیب استعمال: ایک رتی ہمراہ بدرقہ مناسبہ کے استعمال کرائیں۔
فوائد: ضعف قلب' خفقان و جریان کے لیے از حد مفید چیز ہے۔ حرارت جگر کے لیے بھی یہ کشتہ مفید ہے۔
علاوہ ازیں اگر گرمی کی وجہ سے کسی کی قوت باہ کمزور ہو گئی ہو تو اس کے لیے بھی اعلیٰ درجہ کا مقوی و محرک ہے۔

(۵۹۵) کشتہ عقیق (۲)

عقیق کو آگ میں سرخ کر کے گلاب خالص میں چند بار سرد کریں۔ جب ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے۔ عرق گلاب سے کھرل کر کے قرص بنائیں اور آدھ پاؤ مغز نیلوفر کے نغدے میں گل حکمت کر کے ۱۰ اسیر اپلوں کی آگ دیں۔ سفید کشتہ ہوگا۔
ترکیب استعمال: ایک رتی ہمراہ مکھن یا بالائی بوقت صبح استعمال کرائیں۔
فوائد: خفقان' توحش اور دیگر قلب کے گرم امراض کے لیے از حد مفید ہے۔ مالیخولیا کے لیے بھی ایک عجیب چیز ہے۔

(۵۹۶) کشتہ عقیق صدف نقرئی

قلب کی جملہ بیماریوں کی لیے بے نظیر و لاثانی کشتہ

اجزاء و ترکیب ساخت: عقیق عمدہ بے داغ ۲ تولہ لے کر اسے آگ میں تپا تپا کر عرق بید مشک وکیوڑہ میں بار بار بجھائیں۔ جب عقیق برنگ سفید ہو جائے تو نکال کر پاؤ بھر کنول گٹہ کے نغدہ میں رکھ کر ایک کوزہ گلی میں مضبوط گل حکمت کر کے سکھالیں اور ایک من اپلوں کی گڑھے میں ہوا سے بچا کر آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر عقیق کو باریک پیس لیں اور اس میں برابر کشتہ صدف مروارید ملا کر کھرل کریں اور بعد ازاں ۳ ماشہ ورق نقرہ ملا کر اس قدر کھرل کریں کہ ورق نابود ہو جائیں۔ اس کے بعد روح کیوڑہ' بید مشک میں متواتر زوردار ہاتھوں سے دو دن کھرل کریں اور ٹکیہ بنا کر خشک کرلیں اور ایک کوزہ گلی میں بند کر کے مضبوط گل حکمت کر کے اسی طرح ایک من اپلوں کے گڑھے میں آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر روغن صندل ۳ تولہ ملا کر خوب زور سے ایک دو دن کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر اور

ایک کوزہ گلی میں گل حکمت کرکے اسی طرح ایک من اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں اور باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: ایک تولہ مکھن میں ایک رتی ملا کر کھلائیں۔

فوائد: اس کا ایک رتی کھلانا فوراً قلب کو تقویت پہنچا کر مریض کو ہوش میں لے آتا ہے۔ اگر اس کشتہ کے کھلانے سے مریض کو بیس منٹ تک ہوش نہ آئے تو سمجھ لیجیے کہ مریض کی قوت اس قدر ضائع ہو چکی ہے کہ اب طبیعت کو نہیں سنبھال سکتی۔ اور مریض جانبر نہیں ہو سکے گا۔ تقویت قلب کے لیے اگر کوئی چیز امیر و غریب کے یکساں استعمال کے فائدہ اٹھانے کی ہے۔ تو بس کشتہ عقیق مرکب ہی ہے۔

(۵۹۷) کشتہ مرجان

شاخ مرجان دو تولہ کو کوزہ میں ڈال کر ۱۰ تولہ مکھن گائے ڈالیں اور کوزہ کے منہ کو مٹی سے اچھی طرح بند کر کے خشک کریں اور ہوا سے محفوظ جگہ میں ۱۰ سیر اپلوں کی آگ دیں اور سرد ہونے پر نکال کر پھر ۱۰ تولہ مکھن کے ہمراہ بدستور آگ دیں۔ اسی طرح ۳ آگ مکھن کے ہمراہ اور ایک تنہا مرجان کو آگ میں بعدہ نکال کر کھرل میں ڈالیں اور ۳ گھنٹہ روح کیوڑہ میں کھرل کر کے سنبھال رکھیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت: ایک رتی سے ۲ رتی تک مکھن رکھ کر کھلائیں۔

فوائد: دماغ کو قوت دینے جریان کو دور کرنے دل کی دھڑکن کو روکنے منی پیدا کرنے کے لیے عمدہ اور مفید کشتہ ہے۔

کثرت حیض کو بھی مفید ہے۔

(۵۹۸) کشتہ یشب

دل و دماغ کی تقویت کے لیے اکسیر الاثر کشتہ

اجزاء و ترکیب ساخت: یشب عمدہ بقدر ۵ تولہ لے کر اسے کوئلوں کی آگ میں خوب سرخ کر کے عرق بید مشک و عرق دو آتشہ میں پچیس تیس بجھاؤ دیں۔ اس کے بعد اسے باریک پیس کر ایک دن روح کیوڑہ و بید مشک میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر پاؤ بھر گاؤ زبان

کے نگندے میں دے کر کوزہ گلی میں بند کر کے آٹھ دس سیر کی محفوظ الہوا جگہ میں آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر پھر ایک دن روح کیوڑہ بید مشک میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے آگ دیں۔ تیسری آگ میں انشاء اللہ کشتہ نہایت عمدہ سفید اور ملائم تیار ہوگا۔

پیس کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: ایک رتی ہمراہ مکھن یا بالائی کے کھلائیں۔

فوائد: دل کے ہر گرم مرض مثلاً خفقان، گھبراہٹ اور صفراوی بخار، محرقہ وغیرہ میں دل کی حفاظت کے لیے نہایت عمدہ اور اکسیر الاثر کشتہ ہے۔ دماغ کو تقویت دینے میں ایک اعلیٰ کشتہ ہے۔

کثرت طمث کے لیے بھی یہ کشتہ کئی دفعہ کا مجرب اور عمدہ ہے۔

(۵۹۹) کشتہ سنگ یشب

از عزیزم زبدۃ الحکماء حکیم محمد عبدالقیوم صاحب قلعہ میہاں سنگھ گوجرانوالہ

یہ کشتہ جملہ قلبی امراض کے لیے از حد مفید ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: سنگ یشب اتولہ کو ایک دفعہ گرم کر کے عرق گلاب میں بجھا دیں۔ پھر مشک کافور ۲ تولہ میں ملفوف کر کے گل حکمت کریں اور دس سیر کی آگ دیں۔ کشتہ ہوگا۔

ترکیب استعمال: آدھی رتی ہمراہ بالائی مکھن بوقت صبح استعمال کریں۔

فوائد: یہ کشتہ قلب کے جملہ گرم امراض کے لیے از حد مفید و مجرب ہے۔ توحش۔ خفقان کو دور کر کے دل کو از حد قوت دیتا ہے۔ گرم مزاج حضرات کے لیے یہ کشتہ ایک نعمت غیر مترقبہ ہے۔ جو کہ بلا بخل پیش کر دیا گیا ہے۔ استعمال کے بعد حکیم صاحب کے لیے دعائے خیر کریں۔

(۶۰۰) کشتہ زمرد

یہ کشتہ اعضائے رئیسہ کی تقویت کے لیے تیر بہدف دوا ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: زمرد کی ایک تولہ کھڑ کو آگ پر گرم کر کے نیم کے پانی دو

چھٹانک میں ۷ بار بجھائیں۔اس کے بعد بوٹی سنکھاہولی ایک چھٹانک کولے کراس کے نگدے میں زمرد رکھ کرگل حکمت کر کے ۱۵سیر اپلوں کی آگ دیں۔کشتہ ہوگا۔

ترکیب استعمال: ۲ چاول سے چار چاول تک ہمراہ بدرقہ مناسب کے دیں۔

فوائد: دل کوفرحت بخشتااوراعضاء رئیسہ کو قوت دیتا ہے۔مصفی خون بھی حد درجہ کا ہے۔ زیادتی حیض اور زیادتی خون بواسیر کو روکتا ہے۔

قروح باطنی (اندرونی زخموں) کے لیے اکسیر ہے۔

(۶۰۱) کشتہ یاقوت

یہ کشتہ اعضائے رئیسہ کو قوت پہنچانے میں لاثانی ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: یاقوت یا یاقوت کی کنکر۵ تولہ کو اولوں کے پانی یا شبنم کے پانی میں کھرل کر کے سرمہ کی طرح باریک کر کے ٹکیہ بنائیں اور ٹکیہ کو چیتے کے گودے میں بند کر کے ۱۰سیر اپلوں کی آگ دیں۔

ترکیب استعمال: دو چاول سے چار چاول تک ہمراہ بالائی بوقت صبح کھلائیں۔

فوائد: اعضائے رئیسہ وشریفہ کو قوت پہنچاتا ہے۔آنتوں اور معدے کو خصوصیت سے قوت پہنچاتا ہے۔قلب میں فرحت اور خفقان کو دور کرتا ہے۔

(۶۰۲) کشتہ ہڑتال گئودنتی

از حکیم محبوب عالم صاحب تحصیلدار (کشمیر)

یہ کشتہ ہڑتال گئودنتی فینسٹین کا کام بھی دیتی ہے اور ہرقسم کے بخار اور درد ذات الریہ ذات الجنب وسرفہ وغیرہ میں مفید ہے اور عموماً پسینہ آکر بخار جلد اتر جاتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: ہڑتال گئودنتی ۸ تولہ۔اجوائن دیسی ۴ تولہ۔نوشادر ۴ تولہ۔ پھٹکری ایک تولہ۔ایک ہانڈی لے کر پہلے اس میں کوار گندل کا گودا بقدر ڈیڑھ دو سیر ڈال کراس کے اوپر نصف اجوائن بچھائی جائے اور اس پر نصف نوشادر اور پھٹکری ٹکڑیاں کرکے اور ہڑتال گئودنتی کی ٹکڑیاں رکھ کر اور پھر باقی ادویہ بتدریج رکھ کر اور کوار گندل کا گودا ڈال دیا جائے اور ہانڈی کو معہ ڈھکنا گل حکمت کر کے ایک گڑھے میں ۱۵۔۱۶سیر کی آگ

دے دیں۔
ترکیب استعمال: ارتی یا ۲رتی حسب مزاج ہمراہ بدرقہ مناسب کے دیں۔
فوائد: بخاروں کے لیے اکسیر ہے۔علاوہ ازیں ذات الجنب' کھانسی میں بھی از حد فائدہ بخش ہے۔

(۷۰۳) کشتہ صدف

یہ کشتہ سیلان الرحم اور کثرت حیض کے لیے عمدہ اور بے نظیر ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: صدف خالص اتولہ۔شیر مدار ۵ تولہ کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر گل حکمت کر کے ۱۲ سیر اپلہ دشتی کی آگ دیں۔کشتہ ہوگا۔
ترکیب استعمال: ایک رتی ۵ تولہ مکھن کے ہمراہ کھلائیں۔
فوائد: جریان الرحم' سیلان الرحم' استحاضہ کے لیے مفید ترین دوا ہے۔
علاوہ ازیں مقوی اعضائے رئیسہ بھی ہے۔

(۷۰۴) کشتہ صدف

ضیق النفس اور سرفہ شدید کے لیے بے نظیر ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: صدف مرواریدی ۲ تولہ۔قلمی مصفی ۲ ماشہ۔ مانند ناخن تراشیدہ اور گھیکوار کے لعاب کے ساتھ ہنڈیا میں رکھ کر گل حکمت کے گجپٹ کی آگ دیں۔صدف کشتہ ہو کر شگفتہ ہو جائے گا۔
ترکیب استعمال: ایا ۲رتی ہمراہ بتاشہ یا بدرقہ کے استعمال کریں۔
فوائد: سینہ اور پھیپھڑہ کی تمام بیماریوں کے لیے یہ کشتہ صدف اکسیر اعظم ہے اور شدید سے شدید کھانسی کو پہلی ہی خوراک سے فائدہ معلوم ہونے لگتا ہے۔اور دمہ کے لیے منقی میں رکھ کر کھلا نا دورہ کو فوراً روکتا ہے۔اور چند روزہ استعمال سے سینہ کی جمی ہوئی بلغم کو متحرک کر کے بذریعہ کھانسی یا امعاء نکال دیتا ہے۔جس سے سینہ صاف ہو کر دمہ جیسے مہلک اور نامراد مرض سے بفضلہ تعالیٰ رستگاری ہو جاتی ہے۔

(۷۰۵) کشتہ مروارید

اجزاء و ترکیب ساخت: مروارید ناسفتہ بقدر ضرورت لے کر لیموں کو کاٹیں اور ایک

ٹکڑے کے درمیان رکھ کر دوسرا ٹکڑا اوپر رکھ دیں۔ بعدہ گل حکمت کر کے بیس سیر اپلوں کی آگ دیں کشتہ ہوگا۔

ترکیب استعمال: ۲ چاول سے ۴ چاول تک ہمراہ مکھن کھلائیں۔

فوائد : ضعف قلب اور ضعف دماغ کے لیے یہ کشتہ اکسیر مانا گیا ہے۔ علاوہ ازیں صفراوی بخار، تپ محرقہ کے لیے بھی اکسیر سے کم نہیں۔

(۷۰۶) کشتہ بارہ سنگا

از جناب حکیم محبوب عالم صاحب تحصیلدار (کشمیر)

یہ کشتہ بارہ سنگا نمونیہ، ذات الجنب، ذات الصدر، وجع المفاصل، تپ کہنہ، کھانسی، دمہ وغیرہ کے لیے ازحد مفید بلکہ اکسیر صفت ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : بارہ سنگا حسب ضرورت لے کر ٹکڑے ٹکڑے کر کے ایک برتن میں رکھ کر اس قدر شیر مدار ڈالا جائے کہ غرق رہیں۔ جب شیر مدار جذب ہو جائے تو ان ٹکڑوں کو شہد خالص میں غوطہ دے کر دو عدد برگ مدار پر رکھ کر اور ۲ عدد برگ مدار اوپر دے کر ایک کپڑے میں لپیٹ کر گل حکمت کر لیا جائے۔ جب خشک ہو جائے تو ۱۰ اسیر اپلہ صحرائی کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر بغیر کھولے کے دوسری آگ بھی اسی قدر دیں۔ سفید اعلیٰ قسم کا کشتہ ہوگا۔ جو مختلف امراض میں مختلف بدرقہ جات سے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ چند امراض میں ترکیب استعمال درج ذیل کی جاتی ہیں۔

ترکیب استعمال: نمونیا اور وجع المفاصل کے لیے بتاشہ میں رکھ کر دیں۔

تپوں کے لیے مکھن یا برگ بیر میں رکھ کر کھلائیں۔

ذات الریہ کے لیے عرق اجوائن کے ساتھ کھلائیں۔ کھانسی کے لیے منقیٰ یا دودھ کے ساتھ کھلائیں۔ دمہ کے لیے عرق گاؤزبان کے ہمراہ کھلائیں۔

فوائد : وجع المفاصل اور دیگر دردوں کے لیے غذا گرم استعمال کریں۔ تپوں کے لیے دال ہلکہ۔

(۶۰۷) کشتہ ابرک سیاہ و سفید

جس سے ابرک سیاہ و سفید دونوں قسم کا ابرک ایک ہی آنچ میں کشتہ ہو جاتا ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: ابرک سفید یا سیاہ ا تولہ۔ شورہ قلمی ۳ ماشہ۔ آک کا دودھ ۲ تولہ۔ جنگلی اپلے ۵ سیر۔ کوزہ گلی بمعہ سر پوش (چھوٹا سا کافی ہے) ایک عدد۔ روئی ملی ہوئی مٹی حسب ضرورت۔

ترکیب تیاری اور تشریح: ابرک کو ہاتھوں سے ورق ورق کر لیں۔ بالکل اکیلا اکیلا ورق جو نہایت ہی پتلا سا ہوگا۔ اب ان ورقوں کو قینچی سے باریک کتر کر ذرے سے بنا لیں کھرل میں ڈال کر شورہ ملا کر چند منٹ تک پیسیں۔ پھر تھوڑی دیر بعد دو دو ماشہ آک کا دودھ ڈال کر کھرل کرتے جائیں۔ اتنا کھرل کریں کہ ابرک بالکل باریک ہو کر مٹی کی طرح ہو جائے۔ عموماً تین چار گھنٹے کا لگاتار کھرل کرنا بہت کافی ہوگا۔ جب خوب کھرل ہو چکے تو چھوٹی چھوٹی ٹکیاں سی بنا لیں۔ دھوپ میں رکھ کر خشک کر لیں۔ پھر کوزہ گلی میں رکھ کر گل حکمت کریں۔ اور کسی محفوظ الہوا جگہ میں ۵ سیر اپلہ صحرائی کی شام کے وقت آگ دے دیں۔ صبح آگ ٹھنڈی ہونے پر آہستہ آہستہ راکھ ایک طرف اٹھا کر کوزہ گلی کو کھول کر نہایت اعلیٰ درجہ کا کشتہ نکالیں۔

پہچان

اس کشتہ میں ایک چھٹانک پانی ڈال کر ہلا کر رکھ دیں۔ تھوڑی دیر میں کشتہ نیچے بیٹھ جائے گا۔ اوپر سے پانی نتھار لیں۔ اسی طرح دو سے تین مرتبہ ایک ایک چھٹانک پانی ڈال کر نتھار دیں۔ تاکہ شورہ نکل جائے۔ اب اس کشتے کو دھوپ میں رکھ کر خشک کر لیں خشک ہونے پر انگلی سے ہلا کر دیکھیں۔ اگر چمک معلوم دے تو کشتہ ناقص ہے۔ ورنہ ٹھیک ہے۔

فوائد: یہ کشتہ ابرک بنانے میں تو نہایت آسان ہی آسان ہے۔ مگر فوائد کے اعتبار سے آسانی سے بننے والے کشتوں میں سب سے زیادہ مفید ہے۔ باہ کو طاقت دینے کے لیے اچھی چیز ہے۔ ضعف جگر کو دور کرنے کے لیے مفید ثابت ہوا ہے۔ بخاروں میں کچھ نفع

بخش فوائد دکھاتا ہے۔

ترکیب استعمال: جگر کی کمزوری کو دور کرنے اور باہ کو طاقت دینے کے لیے صبح کے وقت ایک تولہ مکھن کے ہمراہ ایک رتی کی مقدار میں صرف ایک وقت استعمال کریں اور بخاروں کے لیے شکر میں ایک رتی کشتہ رکھ کر صبح وشام دونوں وقت کھلائیں۔

باب : گ

گلقند

فارسی نام ہے۔ جس کے معنی ہیں پھول اور کھانڈ۔ چونکہ اس میں دونوں چیزیں ملتی ہیں۔ اس لیے اس کا نام ہی گلقند مشہور ہو گیا۔

اس کی قوت دو سال تک باقی رہتی ہے۔ جو گلقند شہد میں تیار ہوتی ہے اس کو گلقند عسلی یا گلقند انگبین اور عربی میں جلنجبین کہتے ہیں۔

(۶۰۸) گلقند عسلی

گلاب کے تازہ پھول لے کر ۳ گنا شہد کے قوام میں ملا کر دھوپ میں رکھیں۔ تین چار دن بعد چینی کے مرتبان میں ڈال کر بحفاظت رکھیں۔

اگر تازہ پھول مہیا نہ ہو سکیں تو خشک پھولوں کو عرق گلاب میں تر کر کے بدستور تیار کریں۔

فوائد : سرد مزاجوں کے لیے کام کی چیز ہے۔ جوڑوں کے درد۔ نقرس۔ فالج۔ مثانہ اور گردہ کی پتھری کے اخراج وغیرہ کے لیے مفید ہے۔

(۶۰۹) گلقند شکری

گل سرخ تازہ ڈنڈیوں سے پاک کردہ ایک سیر خالص کھانڈ ۳ سیر۔ دونوں کو ہاتھوں کے ذریعہ مل کر دھوپ میں رکھ دیں۔ چار دن دھوپ لگنے کے بعد تیار ہے۔

اگر قدرے روح گلاب ملا کر دھوپ میں رکھا جائے تو اور بھی بہتر ہے۔

مقدار خوراک : ۲ تولہ ہے۔

فوائد : معدہ اور دماغ کو تقویت دینے اور قبض کی شکایت دور کرنے کے لیے بہت ہی

مفید شے ہے۔

مریض سل اور گلقند

بقول شیخ الرئیس مریضان سل کے لیے گلقند آب حیات کے مترادف ہے۔ تازہ گلقند جس قدر رکھا سکے کھلائیں۔ حتیٰ کہ روٹی کے ہمراہ سالن کے طور پر بھی کھلائیں۔

نوٹ : گلقند چونکہ ہر درخت و بوٹی کے پھولوں سے تیار ہو جاتا ہے۔ اور ہر ایک علیحدہ علیحدہ فوائد رکھتا ہے۔ مثلاً گلقند۔ گل ستیاناسی۔ گل مدار۔ گل قند۔ گل تمبا کو واڑ وسہ وغیرہ ان سب کا بیان یہاں نہیں کیا جا سکتا۔

اس کے لیے ہماری کتاب ''پھولوں سے علاج'' کا مطالعہ کریں۔

باب : ۴

مربّہ جات

(۶۱۰) مربہ آملہ

آملہ سبز تازہ لے کر سوئی سے چھیدیں اور چونے کے پانی میں دو تین یوم تر رکھیں تا کہ اس کی ترشی دور ہو جائے بعدہٗ سادہ پانی میں جوش دے کر رکھیں۔ یہاں تک کہ پانی خشک ہو جائے بعدہٗ مصری کا قوام بنا کر اس میں ڈالیں اور اگر قوام پتلا معلوم دے تو بمعہ آملہ پکا کر رکھیں۔ بس تیار ہے۔

فوائد : مقوی معدہ و جگر، دستوں کو روکتا ہے۔

(۶۱۱) مربائے اناناس

اجزاء و ترکیب ساخت : اناناس کو اس کے اوپر کے سخت چھلکے اور اندرونی لکڑی سے پاک وصاف کر کے اس کا درمیانی گودا لے کر اس کے پرت تراشیں۔ پھر اندرونی لکڑی کے لمبے لمبے پرت رکھیں۔ اور اس میں پانی ڈال کر ڈھکنے سے ڈھانک دیں۔ اور درزوں پر گوندھا ہوا آٹا لگا کر مضبوط کر دیں۔ اس کے بعد نرم آگ پر جوش دیں۔ یہاں تک کہ اناناس کے پرت گل جائیں۔ پھر ان پرتوں کو نکال لیں۔ اور اناناس کی اندرونی لکڑی کے ٹکڑوں کو (جو نیچے بچھائے گئے تھے) پھینک دیں۔ اس کے بعد مصری یا شکر سے قوام بنا کر قدرے گلاب عنبر سے خوشبودار بنا کر پرتوں کو اس قوام میں ڈالیں اور کئی جوش دیں۔ تا کہ پرتوں میں شیرہ جذب ہو جائے۔ اس کے بعد کسی پاک وصاف برتن میں محفوظ رکھیں۔ اگر چاشنی دور کرنا ہو چاہیں تو مصری کا قوام بناتے وقت لیموں کی ترشی شامل کر دیں۔

فوائد : موسم گرما میں جب کہ صفراوی مادے کی پیدائش بکثرت ہوتی ہے۔ تو اس کے

استعمال سے رک کر بدن میں تفریح وٹھنڈک معلوم دیتی ہے۔ علاوہ ازیں قلب کے جملہ امراض حارہ کے لیے مفید ہے۔

خفقان، یرقان۔ تپ محرقہ وغیرہ کے لیے مربائے اناس ازحد فائدہ مند چیز ہے۔

(۶۱۲) مربائے بہی

اجزاء و ترکیب ساخت: بڑی بہی لے کر اس کو چھلکوں و تخموں سے پاک کریں پھر اس کے چار ٹکڑے کر کے ایک حصہ شہد اور دو حصہ پانی میں جوش دیں۔ یہاں تک کہ نیم پختہ ہو جائے۔ اس کے بعد سرد کریں۔ دوسرے روز صرف شہد میں جوش دیں اور نگاہ رکھیں اور حسب خواہش کوئی خوشبو ملالیں۔

فوائد: دل اور معدے کو تقویت دیتا ہے۔ غشی کو دور کرتا ہے۔ یہ مربا چونکہ ذرا قابض ہے۔ اس لیے ان مریضوں کو جن کو قبض کی شکایت ہو کسی ایسے بدرقہ کے ہمراہ استعمال کرائیں جن سے انہیں قبض نہ ہونے پائے۔

(۶۱۳) مربائے سیب

اجزاء و ترکیب ساخت: سیب کو چھیل کر اور دانہ نکال کر کسی قدر پانی میں جوش دیں کہ نیم پختہ ہو جائے۔ اور اس کے بعد چینی کے ہمراہ قوام بنائیں۔

فوائد: دل اور معدے کو قوت دیتا ہے۔
غشی کو دور کرتا ہے مفرح قلب ہے۔

(۶۱۴) مربائے کدو

اجزاء و ترکیب ساخت: تازہ کدو بقدر ضرورت لے کر ان کا اندرونی گودا نکال لیں۔ اور بیرونی حصہ جہاں تک سختی پائی جائے لے لیں۔ پھر اس کے انگل برابر ٹکڑے کر کے پانی میں خفیف جوش دے کر نکال لیں۔ بعد ازاں شہد بقدر ضرورت لے کر اس کا چوتھا حصہ پانی ملائیں اور ٹکڑوں کو اس میں خوب جوش دیں۔ جب پانی بالکل جل جائے اتار لیں۔ اور چھ دن محفوظ رکھیں بس تیار ہے۔

ترکیب استعمال: بقدر ضرورت اس کی دو یا تین ڈلیاں لے کر کھلائیں۔

فوائد : سینہ و پھیپھڑے کے تمام امراض کے لیے از حد مفید ہے۔ مثانہ کو قوت دیتا ہے اور عسر بول کو رفع کرتا ہے۔ کھانسی اور سینہ کی خشونت کے لیے از حد مفید ہے۔

(۶۱۵) مربہ ناریل

مغز ناریل ایک سیر کو چھیل کر ۳ سیر پانی خالص میں ۳ روز تک بھگوئے رکھیں تیسرے دن وہ پانی جس میں ناریل بھگویا گیا ہے۔ دو سیر شہد ڈیڑھ سیر۔ دونوں کو ملا کر مغز ناریل اس میں ڈالیں اور اس قدر جوش دیں کہ پانی بالکل زائل ہو جائے اس کے بعد اتار لیں۔ اور مندرجہ ذیل ادویہ ملا کر قوام کریں عنبر اشہب ایک ماشہ۔ مشک خالص ۶ رتی۔ زعفران ۱ ماشہ ۶ رتی۔

ترکیب استعمال : چوتھائی حصہ روزانہ بوقت صبح استعمال کریں۔

فوائد : یہ مربہ ناریل ابتدائے فالج میں استعمال کرانے سے اکثر کلی فائدہ بخشتا ہے۔ علاوہ ازیں مقوی دماغ اور مقوی باہ بھی ہے۔

(۶۱۶) مربہ ہرڑ

تازہ ہرڑیں ۱۰۰ عدد لے کر کسی مٹی کے برتن میں ڈالیں اور اپلوں کی راکھ بھر کر پانی سے تر کریں۔ ۳ دن تک یونہی رہنے دیں۔ بعدہٗ راکھ اور پانی بدل دیں۔ اسی طرح ۳ دن تک عمل کریں۔ پھر نکال کر کسی برتن میں ڈال کر اس قدر پانی ڈالیں کہ ہرڑوں کے اوپر تک آ جائے اور جوش دیں۔ نیم پختہ ہو جانے پر آہستگی سے صاف کریں اور کانٹے سے (جو کانٹا کھانا کھاتے وقت استعمال کرتے ہیں) چرکے دیں۔ تاکہ اس میں چاشنی جذب ہو سکے۔ اس عمل کے بعد ہرڑوں کو چونے کے پانی میں جوش دے کر سیاہ پانی سے دھو ڈالیں۔ اور پھر کھانڈ کے قوام میں ڈال دیں اور استعمال کریں۔ امراض معدہ اور ہاضمہ کے لیے مفید ہے۔

معجون

تعریف معجون: معجون اس دوائے مرکب کو کہتے ہیں۔ جس میں چند ادویات کو کوٹ

چھان کر شہد یا کھانڈ وغیرہ کے قوام میں شامل کر دیا جاتا ہے۔ تاکہ کھاتے وقت حلوے کی طرح کھایا جاسکے۔

معجون میں لذیذ ہونے کی شرط نہیں بلکہ صدہا معاجین ذائقہ میں سخت کڑوی ہوتی ہیں۔ ہاں البتہ جوارش معجون کی وہ قسم ہے جو لذت و کیف کی صفت سے متصف ہوتی ہے۔ مگر ہم نے حتی الوسع انہی معاجین کو منتخب کیا ہے جو کہ خوش ذائقہ۔ قلیل المقدار اور کثیر المنفعت ایسے اوصاف سے متصف ہیں۔

مصری یا شہد کا وزن بالعموم ادویات سے سہ چند یا بعض صورتوں میں دو چند لیا جاتا ہے۔

قوام بناتے وقت اس چیز کا خیال رکھنا ضروری ہے کہ اگر قابل تیاری نسخہ میں کوئی عرق وغیرہ کی بھی شمولیت ہو تو قوام بجائے پانی کے عرق میں بنالینا چاہیے ورنہ بصورت دیگر پانی مصری کے وزن کے تقریباً برابر ڈال کر قوام کریں اور دودھ کی لسی کا چھینٹا دے کر قوام کو میل وغیرہ سے پاک کریں۔ قوام ایسا ہو کہ ادویات کے شامل کر دینے کے بعد دوا حلوے کی طرح بن جائے۔

قوام زیادہ پتلا رہا تو معجون بہت جلد خراب ہو جائے گی۔ اور زیادہ غلیظ ہونے کی صورت میں پتھر کی طرح سخت ہو جائے گی۔

شہد کا قوام اگر ادویات کو شہد کے قوام میں ملانا لکھا ہو تو شہد کو لے کر دیگچی وغیرہ میں ڈال کر چولھے پر چڑھائیں اور نیچے آگ جلائیں۔ جھاگ اٹھے گا۔ اس کو کفگیر وغیرہ سے علیحدہ کر کے شہد کو اتاریں۔ بس قوام تیار ہے۔ اس میں پانی ڈالنے کی ضرورت نہیں۔

معجون کی تیاری میں چند قابل حفظ نکات (۱) اگر معجون میں مروارید یا مرجان یا قوت وغیرہ شامل کرنے درکار ہوں تو ان کو عرق بید مشک میں اس حد تک کھرل کریں کہ سرمہ کی طرح باریک ہو جائیں۔

(۲) اگر معجون میں زعفران۔ مشک ایسی خوشبودار چیزیں ملانی ہوں تو ان کو عمدہ اوصاف چینی وغیرہ کے کھرل میں ڈال کر عرق بید مشک یا عرق کیوڑہ وغیرہ میں حل کر کے شامل کریں۔

(۳) اگر ورق نقرہ یا طلاء وغیرہ ملانے ہوں تو ذرا سا قوام لے کر کھرل میں ڈالیں اور اس میں ایک ایک ورق شامل کرتے اور کھرل کرتے جائیں۔ یہاں تک کہ تمام حل ہو جائیں اب اس مرکب کو تمام قوام ملا کر باقی ادویہ پھر شامل کر لیں۔

(۴) مربہ جات کو شامل معجون کرنے کے لیے صاف اور ستھرے کھرل میں گھوٹ کر ملانا چاہیے۔

(۵) اگر معجون کے نسخے میں مغزیات شامل کرنے ہوں تو ان کو کونڈے وغیرہ میں ڈال کر پیسنے کے طور پر نہیں۔ بلکہ سیدھی ضرب سے کوٹ لیں۔ اور دوسری ادویات سے پہلے اور مربہ جات سے پیچھے قوام کو چولھے سے اتار لیں۔

(۶) معجون کو رکھنے کا برتن چینی یا کانچ کا یا مٹی کا ہونا چاہیے۔ نیز معجون ڈالنے سے پیشتر اس کو خوب اچھی طرح دھو کر اور صاف کپڑے سے پونچھ کر اور دھوپ میں خشک کر کے ڈالیں۔

اگر برتن میں ذرا بھی نمی باقی رہ گئی تو معجون کے بہت جلد خراب ہو جانے کا اندیشہ ہے۔

(۶۱۷) معجون لاجورد مغزیات والی

اجزاء و ترکیب ساخت : لاجورد ۶ ماشہ لے کر عرق گلاب و کیوڑہ و بید مشک ہر ایک ۶ تولہ کے ساتھ کھرل کریں۔ پھر مغز بادام شیریں مقشر ۶ تولہ۔ مغز پستہ ا تولہ۔ مغز تخم کدو ۹ ماشہ ورق نقرہ ۱۶ عدد۔ ورق طلاء ۸ عدد۔ ثعلب مصری۔ طباشیر۔ الائچی خورد ہر ایک ۶ ماشہ۔ زراوند۔ درونج۔ ہر ایک ۴ ماشہ۔ مشک نصف ماشہ۔ مصری ا پاؤ۔ ملا کر معجون بنائیں۔

ترکیب استعمال : ۶۔۶ ماشہ صبح و شام

فوائد : مقوی دل و مفرح قلب ہونے کے ساتھ ساتھ مقوی بصر و مقوی جگر و مثانہ بھی ہے۔ جریان احتلام کے لیے بھی مفید ہے۔ جن عورتوں کی چھاتیوں میں دودھ کم پیدا ہوا ہو ان کے لیے یہ معجون اکسیر الاثر ہے۔

(۶۱۸) معجون مقوی دماغ

اجزاء و ترکیب ساخت : شیر گاؤ ڈیڑھ سیر۔ دیگچہ میں ڈال کر نرم آنچ پر کھویا پکائیں

جب غلیظ القوام ہو جائے تو ایک پاؤ مکھن گاؤ ڈال کر زردی بیضہ مرغ نیم برشت ۲۰ عدد داخل کریں۔ اور خوب آمیز کریں۔ پھر مصری کا لپی ۳ پاؤ ملائیں اور نیچے اتار کر دانہ الائچی خورد ایک تولہ۔ طباشیر ٦ ماشہ۔ دارچینی ۳ ماشہ۔ زعفران ڈیڑھ ماشہ۔ ملا کر مٹی کی چھوٹی چھوٹی پیالیوں میں ڈال رکھیں۔ برفی کی طرح جم جائے گا۔

ترکیب استعمال: بوقت صبح بطور ناشتہ استعمال کریں۔ غذا میں حلوان بکرے کا گوشت کھائیں۔

فوائد: مقوی دماغ اور دافع نزلہ وزکام ہے۔ نیز حافظہ کو قوی کرتی ہے۔ وسواس سوداویہ کو زائل کرتی ہے۔ موسم سرما کے لیے عجیب تحفہ ہے۔

(٦١٩)

اجزاء و ترکیب ساخت: کھویا شیر گاؤ یا بھینس ایک سیر۔ گھی ایک سیر۔ مصری ۲ سیر۔ کھوئے کو گھی میں بریاں کریں۔ اور مصری ڈال کر قوام کر کے مغز بادام۔ مغز کدو۔ مغز پستہ۔ مغز چلغوزہ۔ ہر ایک ١٦ تولہ۔ دانہ الائچی خورد۔ کشمش۔ گری۔ ہر ایک ١٠ تولہ۔ زعفران عمدہ ایک تولہ۔ سب کو قوام میں ملا کر خوب آمیز کریں۔ اور اتار کر ایک سالم دفتری ورق نقرہ ملا دیں۔ اور کسی روغنی برتن کے اندر رکھیں۔

ترکیب استعمال: صبح وشام ۱ تولہ کھلائیں۔

فوائد: تقویت دماغ اور ضعف باہ کے لیے تیر بہدف ہے۔

(٦٢٠) معجون برہمی

یہ معجون کمزوری دماغ کے لیے ایک مسلمہ چیز ھے

اجزاء و ترکیب ساخت: تازہ برہمی کا عرق ایک سیر نکال کر ۴ سیر دودھ گاؤ میں ملائیں اور نرم آنچ پر پکائیں کہ کھویا ہو جائے اور اس کھوئے کو نصف سیر گھی میں بھون لیں کہ سرخ ہو جائے۔ بعد ازاں کھانڈ ایک سیر کا قوام کر لیں اور مندرجہ ذیل چیزیں ملا کر معجون تیار کریں کشتہ مرجان۔ کشتہ سنگ یشب۔ کشتہ قلعی ہر ایک ایک تولہ۔

ترکیب استعمال: ۴ ماشہ سے ۱ تولہ تک دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

فوائد : کمزوری دل و دماغ کے لیے از حد مفید ہے۔ منی کو گاڑھا کر کے قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔ حافظہ کے لیے اعلیٰ چیز ہے۔

(۶۲۱) معجون مالیخولیا

اجزاء و ترکیب ساخت : مربائے آملہ۔ مربائے ہلیلہ ہر ایک ۲ عدد۔ گل سرخ۔ کشنیز مقشر۔ زرشک۔ بہدانہ۔ بنسلوچن۔ ہر ایک ۷ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد۔ پوست ترنج۔ مصطگی۔ اگر تیزپات۔ بالچھڑ۔ گاؤ زبان۔ گل گاؤ زبان۔ ابریشم مقرض۔ زہر مہرہ۔ تالیس پتر۔ ہر ایک ۷ ماشہ۔ مویز منقیٰ ۲ تولہ۔ شربت انار ۴ تولہ۔ چینی ایک پاؤ۔ بدستور معجون بنائیں۔

ترکیب استعمال: سات ماشہ سے نو ماشہ تک ہمراہ عراق گاؤ زبان۔

فوائد : دماغ کی طرف بخار چڑھنے کو روکتی ہے۔ مالیخولیا کی جملہ اقسام خصوصاً مالیخولیا مراقی کے لیے از حد مفید ہے۔ معدے اور آنتوں کو قوی کرتی ہے۔ حمیٰ سوداویہ میں بھی از حد مفید ہے۔

(۶۲۲) معجون دافعہ ضعف بصر

یہ معجون نظر کو تقویت اور حافظہ کو تیز کرنے میں اکسیر صفت ھے

اجزاء و ترکیب ساخت : ناریل سالم ۲ عدد۔ سونف تازہ ۵ تولہ۔ کشنیز تازہ ۵ تولہ۔ مغز بادام ۵ تولہ۔ ہر سہ ادویہ کو کوٹ کر تھالی میں رکھیں اور اس میں ایک سو عدد ورق نقرہ پیس کر شہد میں ملائیں۔ اور تین چھٹانک گھی آمیز کریں۔ جملہ ادویہ کو ناریل میں بھر کر اوپر ڈاٹ لگائیں اور ۴ سیر شیر گاؤ کے ہمراہ کڑاہی میں پکائیں۔ جب دودھ کا کھویا ہو جائے ادویہ نکال لیں۔ اور ناریل کو کدوکش کر کے پیس لیں۔ اور ادویہ کے ساتھ ملا لیں۔ اس میں مغز بادام ۱۰ تولہ۔ چہار مغز ۱۰ تولہ۔ ثعلب مصری ۲ تولہ۔ کتیرا بریاں در روغن دو تولہ۔ مغز بُز جوان ۲ عدد اضافہ کر کے مصری آدھ سیر کے ساتھ معجون بنائیں۔

ترکیب استعمال: ۵ تولہ صبح و ۵ تولہ شام

فوائد : یہ معجون مقوی دماغ، مقوی باہ اور دافعہ نزلہ و زکام ہے۔ حافظہ اور نظر کو خصوصیت

سے تیز کرتی ہے۔

(۶۲۳) معجون راح المومنین

یہ معجون کھانسی، تنگی، تنفس، نزلہ اور خفقان کے لیے از حد نافع ہے۔ علاوہ ازیں بدن کو قوت دیتی بھوک لگاتی اور فرحت بخشتی ہے۔ اور لطف یہ کہ چاہے کسی حالت میں اس کا استعمال کرایا جائے کوئی ضرر نہیں دیتی ہے۔

ترکیب تیاری: مشک پسا ہوا سوا دو ماشہ۔ جائفل۔ کتیرا۔ بیخ سوسن۔ ہر ایک اٹھارہ ماشہ۔ گاؤزبان۔ ثعلب مصری۔ ہر ایک ایک تولہ ساڑھے دس ماشہ۔ تخم گاجر۔ ناریل۔ دار چینی۔ مغز چلغوزہ۔ ہر ایک پونے چار تولہ۔ شقاقل مصری ساڑھے ۷ تولہ۔ تخم خشخاش ۹ تولہ ساڑھے چار ماشہ (اس کا شیرہ نچوڑ لیں) پوست خشخاش پونے انیس تولہ کو بقدر ضرورت پانی میں جوش دے کر اس کا شیرہ نچوڑ لیں۔ ہر دو شیرہ کو شہد سیب شیریں کے پانی ہر ایک ساڑھے ۳۷ تولہ گاجر کا پانی سوا ۵۶ تولہ کے ہمراہ ایک جگہ قوام بنائیں۔ اور اس میں مشک اور دوسری ادویہ ملا کر معجون تیار کر لیں۔

ترکیب استعمال: ۶ ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان یا شربت فریاد رس استعمال کریں۔

فوائد: یہ عجیب و غریب معجون ہر قسم کی کھانسی نزلہ وزکام کے لیے مفید ہے۔

(۶۲۴) معجون آردخرما

ضعف باہ کے مریضوں کے لیے یہ معجون ایک زندگی بخش دوا ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: گوند کیکر۔ آردخرما۔ سنگھاڑہ۔ خشک ہر ایک آدھ سیر سب کو علیحدہ علیحدہ کوٹ چھان کر اس کے بعد مغز بادام شیریں۔ مغز چلغوزہ۔ مغز پستہ۔ ہر ایک ۵ تولہ کو باریک پیس کر ترنجبین اور شہد خالص ہر ایک ڈھائی سیر کے قوام میں شامل کریں اور آخر میں مغز بنولہ ا تولہ۔ لونگ ۶ ماشہ۔ جاوتری۔ جائفل۔ ہر ایک ۳ ماشہ۔ کوٹ چھان کر اضافہ کریں اور معجون تیار کریں۔

ترکیب استعمال: یہ معجون ۹ ماشہ سے ایک تولہ تک ہمراہ شیر گائے بوقت صبح استعمال کریں۔

فوائد : بغایت درجہ مقوی باہ اور دافع جریان ہے۔ منی کو شہد کی طرح گاڑھا کرتی ہے۔ علاوہ ازیں نزلہ و زکام اور ضعف معدہ کو بھی از حد مفید ہے۔ آپ اس کا استعمال کر کے کھوئے ہوئے وقت اور شباب کا از سر نو اعادہ کریں۔

(۶۲۵) معجون مقوی خاص

زبدۃ الحکماء عبدالقیوم شاگرد رشید حکیم عبدالوھاب صاحب انصاری عرف حکیم نابینا صاحب

یہ عجیب و غریب معجون سات فوائد میں اپنا ثانی نہیں رکھتی:

① شہوت کو اس قدر زیادہ کرتی ہے کہ سنبھالنا مشکل ہو جاتا ہے۔
② نعوظ بہت لاتی ہے۔
③ قضیب کی جملہ بیماریاں دور کر کے اس کو سخت بناتی ہے۔
④ اعصاب کو قوت دیتی ہے۔
⑤ اوعیۂ منی کو کشادہ کرتی ہے۔
⑥ عورت کے دل میں مرد کی محبت پیدا کرتی ہے۔
⑦ رنگت کو سرخ بناتی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : مروارید ناسفتہ۔ مونگے کی جڑ۔ ہر ایک ۴ ماشہ۔ شگوفہ اذخر۔ ناگرموتھ۔ مائین۔ تج۔ دارچینی۔ اگر۔ مصطگی۔ ہر ایک سوا دو ماشہ۔ انیسون۔ بہمن سفید ہر ایک ساڑھے دس ماشہ کا کنج۔ بیخ عشق پیچہ ہر ایک ساڑھے ۳ ماشہ۔ گوند کیکر۔ ہر ایک پونے دو ماشہ۔ کوٹ چھان کر ہم وزن شہد میں گوندھیں۔

ترکیب استعمال: مجامعت سے قبل نصف گھنٹہ ساڑھے ۴ ماشہ پانی کے ہمراہ کھلائیں مذکورہ فوائد کی حامل ہے۔

(۶۲۶) معجون بیضہ مرغ

یہ معجون اس قدر قوت و انتشار پیدا کرتی ھے کہ اس کی فرو کرنے کے لیے مبردات کا استعمال کرنا پڑتا ھے

اجزاء و ترکیب ساخت : عاقرقرحا۔ لونگ۔ سونٹھ۔ ہر ایک ڈھائی تولہ۔ ابلے

ہوئے انڈوں کی زردی ۲۰ عدد۔ شہد ۲۵ تولہ۔ خولنجاں اڑھائی تولہ۔ دارچینی سوا تولہ بدستور معجون بنائیں۔

ترکیب استعمال: غذا سے پیشتر قریب دس ماشہ کے کھائیں۔

فوائد: اس حیرت انگیز معجون سے قوت شہوانیہ اس قدر تیز ہو جاتی ہے کہ ضبط نہیں ہو سکتی۔ جماع سے ایک گھنٹہ قبل استعمال کرنے سے کئی دفعہ قادر کرتی ہے۔ یہ عجیب و غریب و بے نظیر معجون سینہ کا راز ہے۔

(۶۲۷) معجون مومیائی

اصلی مومیائی کی یہ استعجاب انگیز و تحیر خیز تاثیر ہے کہ اگر مرغی کی ٹانگ توڑ کر مومیائی کا لیپ کر کے اس کے پٹی باندھ دیں تو فوراً جڑ جاتی ہے۔ واللہ اعلم

مگر آج کل خالص مومیائی کم ملتی ہے۔ اس لیے مومیائی کسی معتبر دواخانہ سے خریدنی چاہیں۔ اس معجون کا جزو اعظم چونکہ مومیائی ہے۔ اس لیے اس میں وہ تمام خواص پائے جاتے ہیں جو کہ مومیائی میں ہونے چاہئیں۔

مزید براں دوسرے فوائد بھی ہیں جو دوسری ادویات سے ظہور پذیر ہوتے ہیں۔

ھوالشافی: مومیائی خالص ۵ تولہ۔ مروارید خالص ڈیڑھ تولہ۔ مایہ شتر اعرابی ڈھائی تولہ۔ عنبر اشہب ۶ ماشہ۔ ورق طلاء ۵۰ عدد۔ مصری ۳۰ تولہ۔ مصری کا قوام کر کے تمام ادویات کو ملالیں بس معجون تیار ہے۔

ترکیب استعمال: ۲ ماشہ بوقت صبح دودھ کے ہمراہ دیا کریں۔

فوائد: تمام اعضائے رئیسہ کو قوت دیتی ہے۔ ٹوٹی ہوئی ہڈی جوڑ دیتی ہے۔ کمر کے درد کے لیے خاص طور پر مفید ہے۔ اور خالص فائدہ یہ ہے کہ جن حضرات کو بعد از جماع تھکان محسوس ہوتی ہے وہ صاحب بعد از جماع اگر کھالیں تو قوت دوبارہ عود کر آتی ہے۔ اور کمزوری نہیں ہوتی۔

نہایت مفید نوٹ: ان ہر سہ معاجین میں چونکہ ورق وغیرہ پڑتے ہیں۔ لہٰذا اس اصول کو یاد رکھیں کہ کھانڈ وغیرہ کا قوام کر کے اس میں ادویات باریک پیس کر تھوڑی

ڈالتے اور ملاتے جائیں لیکن کستوری عنبر زعفران وغیرہ کو چاہیے کہ پہلے عرق وغیرہ میں پیس لیں اور پھر شامل کریں۔ ورق ادویات کو ملانے کے بعد ایک ایک کر کے ملانے چاہئیں۔

ھندوستانی دواخانہ و ھمدرد دواخانہ دھلی کی چند عمدہ معجونیں

(۶۲۸) معجون نقرہ

یہ معجون دہلی کے دواخانوں میں سے بڑی کثرت سے نکلتی ہے۔ جو کہ اپنے خداداد اثرات کی وجہ سے دل ودماغ کو قوت دینے میں لاثانی مانی جاتی ہے۔ قوت باہ کو بڑھا کر جسم میں خوشگوار حرارت پیدا کرتی ہے اور خفقان کو زائل کرتی ہے۔ حرارت غریزی کو برانگیختہ کرتی اور قوت کو قائم رکھتی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : ورق نقرہ ۵ تولہ۔ عنبر خالص ا تولہ۔ کستوری خالص ا تولہ۔ مصری ۲۸ تولہ۔ شہد خالص ۲۸ تولہ۔ پہلے ہر سہ اشیاء کو کھرل میں ملا کر مصری اور شہد کا قوام کر کے ادویات کو ملا دیں بس تیار ہے۔

ترکیب استعمال: ۳ ماشہ سے ۵ ماشہ تک عرق گاؤزبان آدھ پاؤ کے ہمراہ استعمال کریں۔

فوائد : مقوی باہ بے حد ہے۔ لذیذ وخوشبودار چیز ہے۔

(۶۲۹) معجون طلاء

اجزاء و ترکیب ساخت : عنبر اشہب۔ مشک خالص۔ مروارید ناسفتہ۔ یاقوت۔ زمرد ہر ایک ساڑھے چار ماشہ۔ ورق طلاء ساڑھے تیرہ ماشہ۔ شہد سفید ۳ تولہ۔ میٹھے سیب کا پانی میٹھے انار کا پانی۔ مصری۔ ہر ایک ۱۰ تولہ۔ عرق گلاب پاؤ سیر۔ عرق بید مشک۔ عرق گاؤزبان ہر ایک آدھ سیر بدستور معجون بنائیں۔

ترکیب استعمال: دو ماشہ ہمراہ عرق بید مشک استعمال کریں۔

فوائد : دل کو قوت دیتی خفقان اور غشی کو زائل کرتی ہے۔ سرور لاتی اور تمام اعضاء کو قوت دیتی ہے۔ منی میں جراثیم نسل پیدا کرتی ہے۔

(۶۳۰) معجون پاک عنبری

یہ معجون رئیسوں اور اہل ثروت لوگوں کے لیے بے بہا تحفہ ہے

اجزاء و ترکیب ساخت : مغز بادام سوا سیر۔ طباشیر ایک تولہ۔ الائچی خورد ایک تولہ۔ مروارید ناسفتہ ۳ ماشہ۔ ورق طلاء ۱ ماشہ۔ ورق نقرہ ۱ ماشہ۔ عنبر ۳ ماشہ۔ کیسر ۱ ماشہ۔ کستوری ۳ ماشہ۔ گھی گاؤ آدھ سیر۔ مصری ۳ سیر۔ مغز بادام کو دودھ میں بھگو دیں۔ بعدہ چھلکا اتار لیں اور پیس کر گھی میں بھون لیں اور باقی ادویہ کو ۳ دن کھرل کر کے اس پر مصری کا قوام کر کے تمام چیزوں کو ملا دیویں۔ بس معجون تیار ہے۔

ترکیب استعمال : دو تولہ سے ۵ تولہ تک موافق طاقت کھلا دیں۔

فوائد : مقوی باہ۔ مقوی اعصاب اور دافعہ نزلہ وزکام ہے۔ اعضاء رئیسہ کو قوت دیتی اور بدن کو فربہ کرتی ہے۔ وسواس سوداویہ کو دور کرتی ہے۔ چہرے کو خوش نما بناتی ہے۔

(۶۳۱) معجون برتی (جامع النفع)

ھوالشافی : مرچ سفید۔ مرچ سیاہ۔ اجوائن خراسانی۔ ہر ایک ا تولہ ۸ ماشہ۔ فرفیون ایک ماشہ۔ افیون عمدہ ۱۰ ماشہ۔ زعفران کشمیری ۵ ماشہ۔ سنبل الطیب ایک ماشہ۔ عاقرقرحا ایک ماشہ۔

ترکیب استعمال : تمام ادویات کو علیحدہ علیحدہ خوب پیس کر شہد خالص ایک پاؤ میں اچھی طرح ملا کر کھلے منہ والی شیشی میں ڈال کر منہ بند کر کے غلہ جو ۱۵ سیر کے اندر دفن کریں اور ۳ ماہ نکالیں اور کام میں لائیں۔

ہر ایک مرض کے لیے ایک رتی سے ایک ماشہ تک کھلائیں مگر بچوں کو نہ دیں۔

(۶۳۲) معجون پیپل (جامع النفع)

یہ ایک عجیب مفید دوا ہے۔ کھانسی نفث الدم۔ پھیپھڑے کے زخم مثانہ کے امراض۔ اختناق الرحم۔ سینہ میں پیپ کے جمع ہو جانے اور اس کے عضلات پہلو کو پھاڑ دینے غذا کے قے ہو جانے، ہیضہ، سنگرہنی اور آنتوں کے زخم، تپ دق بخار لاغری، زہریلی دواؤں کے کھانے اور زہریلے جانوروں کے کاٹنے کے لیے از حد مفید و مجرب ہے۔

اجزاء، و ترکیب ساخت : دارچینی۔قسط۔بھروزہ۔ جند بید ستر۔افیون۔مرچ سیاہ۔ پیپل سلارس۔ ہر ایک ڈھائی تولہ۔شہد جھاگ دور کردہ آدھ سیر کوٹنے کے قابل دواؤں کو کوٹ چھان کر بہروزہ کو شہد میں جوش دیں۔ یہاں تک کہ وہ پگھل جائے۔اس کے بعد دوسری دوائیں ڈال کر معجون بنائیں۔اور کانچ یا چاندی کے برتن میں حفاظت سے رکھیں۔

ترکیب استعمال: ڈیڑھ ماشہ کی مقدار میں کھا کر اوپر سے ماءالعسل اچھٹانک میں روغن کنجد ۳ قطرے ملا کر پئیں۔

فوائد : مندرجہ بالا امراض کے لیے از حد مفید و مجرب ہے۔

(۶۳۳) معجون سیر

یہ معجون مرگی' فالج' لقوہ' رعشہ' بواسیر' بہق اور برص کے لیے مفید ہے۔معدے کو قوت دیتی اور بھوک لگاتی ہے۔ بلغم کو دفع کرتی ہے اور قوت بڑھاتی ہے۔جسم کی رنگ کو نکھارتی اور حرارت غریزی کو برانگیختہ کرتی ہے۔ بوڑھوں کے لیے تو ایک بے بہا تحفہ ہے۔

اجزاء، و ترکیب ساخت : لہسن پاک و صاف کیا ہوا آدھ سیر ایک سیر گائے کے دودھ میں پکائیں۔ یہاں تک کہ لہسن بخوبی گل جائے۔ پھر شہد سفید ۶ چھٹانک اور پونے ۹ تولہ گھی اس میں شامل کریں۔اور خوب مخلوط کر کے آگ سے نیچے اتاریں اور مندرجہ ذیل دواؤں کو کوٹ چھان کر اس میں گوندھیں۔

لونگ۔ جائفل۔ جاوتری۔ مرچ سیاہ۔ مصطگی۔ الائچی کلاں و خورد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ دارچینی۔ سونٹھ۔ ہر ایک ۲ تولہ ۱۱ ماشہ۔ اگر۔ زعفران۔ ہر ایک ایک تولہ ساڑھے ۵ ماشہ معجون تیار کریں۔

ترکیب استعمال: ایک اخروٹ کے برابر روزانہ ایک ہفتہ تک استعمال کریں۔

فوائد : بھوک بھڑکاتی اور مندرجہ بالا امراض کے لیے بے حد مفید ہے۔

(۶۳۴) معجون فلاسفہ

دل و دماغ و باہ کو تقویت دینے' قوت ہاضمہ کو درست کرنے و دیگر بے شمار امراض کے لیے بہترین و مشہور و معروف معجون ہے

اجزاء، و ترکیب ساخت : تخم بابونہ ڈیڑھ تولہ۔ سونٹھ۔ مرچ سیاہ۔ فلفل دراز۔ آملہ

مقشر۔ ہلیلہ سیاہ۔ شیطرج ہندی۔ ثعلب مصری۔ زراوند مدحرج۔ مغز چلغوزہ۔ ناریل تازہ۔ ہر ایک ۳ تولہ۔ مویز منقیٰ ۹ تولہ۔ سب کو کوٹ چھان کر دو گنے شہد خالص کے قوام میں ملائیں۔

ترکیب استعمال: بوقت ضرورت صبح بقدر ۷ ماشہ ہمراہ عرق سونف۔ عرق مکو یا محض پانی کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

فوائد: باہ پیدا کرنے دل و دماغ وہاضمہ کو قوت دینے اور بھوک لگانے نسیان اور بار بار پیشاب کو روکنے کے لیے بے حد مفید معجون ہے۔

درد کمر، درد گردہ وجوڑوں کے درد کو بھی مفید ہے۔

(۶۳۵) معجون حافظ الحمل

زبدۃ الحکماء حکیم عبدالقیوم شاگرد رشید لقمان الملک حکیم عبدالوہاب صاحب انصاری عرف نابینا صاحب

اس نسخہ میں عجیب اثر یہ ہے کہ اس معجون سے جنین کی غذا خون صالح سے بنتی ہے۔ اور وہ اس قدر حسین و ذہین پیدا ہوتا ہے کہ دیگر بہن بھائیوں میں ممتاز نظر آتا ہے۔ اکثر دیکھنے والے لوگ یہ کہتے ہیں کہ یہ مولود کسی اور کا ہے۔ حقیقت میں اصلی جمال اسی کا نام ہے کہ صورت و سیرت میں یکساں ہو۔ نیز اس معجون کے استعمال سے حاملہ جملہ عوارض حمل مثلاً ابکائی، کثرت تہوع وغیرہ سے محفوظ رہتی ہے۔ اور لطف یہ کہ حاملہ کو بوجھ حمل معلوم نہیں دیتا حکیم صاحب قبلہ کے دست مسیحائی سے اس سے لاکھوں عورتیں مقصود کو پہنچ چکی ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کی زبان میں مسخر کر دینے والا جادو اور ہاتھ میں مسیحائی اثر رکھا ہے۔ اکثر دور دراز کے شہروں اور غیر ممالک کے روساء اس معجون کے طفیل سے اور اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے اس سے فیض یاب ہو چکے ہیں۔ حکیم صاحب قبلہ کے اس راز کو آپ کی خوشنودی کے لیے شائع کر رہا ہوں۔

اجزاء و ترکیب ساخت: عنبر اشہب ۲ تولہ ۴ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ۔ کہربائے شمعی۔ مونگے کی جڑ جلائی ہوئی۔ صندل سرخ۔ ہنسلوچن۔ مازوئے سبز۔ درونج عقربی۔ عود

صلیب۔ ابریشم کترا ہوا۔ بیخ انجبار شامی۔ گل ارمنی۔ ہر ایک ۹ ماشہ۔ مغز تخم تربوز۔ تخم خرفہ۔ ہر ایک ایک تولہ ساڑھے دس ماشہ۔ ورق طلاء۔ ورق نقرہ ہر ایک ۲۰ عدد۔ شہد مصفیٰ پونے بیس تولہ۔ شربت انگور خام ۳۸ تولہ ڈیڑھ ماشہ۔ مصری سفید ۵۶ تولہ ۳ ماشہ بدستور معجون تیار کریں۔

ترکیب استعمال: ساڑھے ۴ ماشہ روزانہ ابتداء حمل سے ۳ چلہ تک

مفرح

(۶۳۲) مفرح اعظم

مروارید۔ مشک۔ عنبر۔ ورق طلاء و جواھرات وغیرہ کا بیش بہا مرکب

اجزاء و ترکیب ساخت: بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ سنبل الطیب۔ خرفہ۔ الائچی خورد۔ الائچی کلاں۔ گل ارمنی۔ گل مختوم۔ زعفران جدوار خطائی۔ ورق طلاء۔ ورق نقرہ ہر ایک ساڑھے ۴ ماشہ۔ مشک ۹ ماشہ۔ یاقوت زرد۔ یاقوت رمانی۔ یشب کافوری۔ کہربا شمعی۔ کباب چینی۔ نارمشک۔ درونج عقربی۔ ژرنباد۔ صندل سفید۔ صندل سرخ۔ کشنیز خشک مقشر۔ عنبر اشہب۔ فادزہر حیوانی۔ ہر ایک ساڑھے ۱۳ ماشہ۔ زنجبیل۔ زرشک۔ ساذج ہندی۔ سعد کوفی۔ شقاقل مصری۔ گل نیلوفر۔ ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ گاؤ زبان۔ پوست زرانرج۔ طباشیر سفید۔ ابریشم مقرض خام۔ ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ بادرنجبویہ ۲ تولہ ۷ ماشہ۔ آب بہی۔ آب انار شیریں۔ عرق گلاب۔ عرق گاؤ زبان۔ عرق صندل۔ نبات سفید۔ ہر ایک پونے انیس تولہ۔ شہد خالص دواؤں کے وزن سے دو چند لے کر قوام بنا کر دوائیں کوٹ چھان کر شامل کریں۔

ترکیب استعمال: ۷ ماشہ صبح ہمراہ آب تازہ یا شربت عناب ۲ تولہ کے۔

فوائد: یہ مفرح اعظم قلب کو قوت دیتی ہے۔ اس کی قوتیں مشک۔ عنبر۔ مروارید۔ یاقوت جیسی بے ضرر۔ مقویات سے حاصل کی گئی ہیں۔ اب آپ سمجھ لیجئے کہ یہ اپنے اثرات میں ہر لحاظ سے کس قدر کامیاب ہوگی۔ اس کے مختصر خواص یہ ہیں کہ یہ مفرح باہ کی ہر قسم کی شکایت

کے لیے اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔خون اور مادہ تولید کی پیدائش کو بڑھاتی ہے۔حرارت غریزی کو برانگیختہ کرتی ہے۔عصبی کمزوریوں کو دور کر کے تختی پیدا کرتی ہے۔معدہ وجگر کی اصلاح کرتی ہے۔غذا کو جزو بدن بنا کر کثیر تعداد میں خون صالح پیدا کرتی ہے۔اس کے استعمال سے چند روز کے بعد ہی بفضلہٖ چہرہ شگفتہ اور خوش رنگ ہو جاتا ہے۔اعضائے رئیسہ دل و دماغ اور جگر کو اس کے استعمال سے خاص قوت حاصل ہوتی ہے۔سرعت انزال کے لیے مفید ترین چیز ہے۔جریان منی کو جو کمزوری اعضائے تناسل کی وجہ سے ہو۔اس کو بہت جلد رفع کرتی ہے۔جماع سے دو گھنٹے پیشتر اگر اس کا استعمال کیا جائے تو امساک پیدا کرتی ہے۔اگر جماع کے بعد استعمال کیا جائے تو قوت میں کمی نہیں ہونے دیتی۔خون کی اصلاح کرتی۔ریاح کو تحلیل کرتی۔طاعون۔ہیضہ اور سوداوی امراض کو دفع کرتی ہے۔

(۶۳۷) مفرح سوسبزی

جو کہ ہر موسم ہر مزاج ہر عمر میں یکساں مفید اور بے ضرر ہے

اجزاء و ترکیب ساخت : زرنباد۔درونج عقربی۔بہمن سرخ۔بادرنجبویہ ہر ایک پونے چار تولہ۔فرنجمشک سوا۳ تولہ۔درج ۶ عدد ہر ایک ایک تولہ ساڑھے دس ماشہ۔پودینہ خشک ۹ ماشہ۔دارچینی ۹ ماشہ۔سوسبز ۹ ماشہ۔تل چھلے ہوئے۔جائفل۔ورق نقرہ۔کہربا۔زعفران ہر ایک ۹ ماشہ۔یاقوت ۳ ماشہ۔جادتری ۹ ماشہ تمام اشیاء کو خوب باریک کریں اور ورق نقرہ۔کہرباء اور یاقوت کے علاوہ تمام ادویہ کو گلاب۔عرق بید مشک۔میٹھے سیب کا پانی۔مرزنجوش کا پانی۔گاؤزبان کا پانی۔ہر ایک ۶ تولہ میں بھگوئیں۔موسم گرما میں ایک رات موسم سرما میں دو رات بھگوئے رکھیں۔اس کے بعد شہد کف گرفتہ پونے ۸۴ تولہ لیں اور اس کے برابر تازہ دودھ ملا کر دونوں کو جوش دیں۔یہاں تک کہ دودھ جذب ہو جائے۔اور شہد رہ جائے۔بعد ازاں روغن بنفشہ بادامی نو تولہ ساڑھے چار ماشہ۔شہد مذکورہ ملا کر جوش دیں یہاں تک کہ منعقد ہو جائے پھر آگ سے نیچے اتار لیں اور دواؤں کو جو عرقیات سے بھگوئی ہوئی ہیں۔شامل کریں پھر آگ پر رکھیں اور قدرے جوش دیں۔ایک رات چینی میں رکھ چھوڑیں۔دوسرے روز دیکھیں اگر اس میں پانی ظاہر ہو تو پھر آگ پر رکھیں اس

طرح کہ جوش آجائے اور پانی اڑ جائے۔اس وقت کہربا۔یاقوت۔چاندی کے ورق کا اضافہ کریں۔گلاب میں حل کر کے اس کا چھینٹا دیں۔بس تیار ہے۔

ترکیب استعمال: ۳ ماشہ سے ۹ ماشہ تک

فوائد: یہ عجیب وغریب وبےنظیر مفرح صحت اور شباب کو تادیر قائم رکھتی اور سلامتی سے عمر مقررہ تک پہنچاتی ہے۔اس کا تین ماشہ استعمال جسم میں وہ کیف وسرور لاتا ہے جس کی ہر شخص کو تمنا ہے۔

باغ حسن کی گل چینی سے ایک گھنٹہ پیشتر اس کا استعمال وہ فوائد ظاہر کرتا ہے جس کے بیان سے حیا مانع ہے۔اس کا استعمال بدن کو ہر طرح مناسب کر کے سڈول اور طاقتور بنا کر مرجھائے ہوئے چہرے پر سرخی وسفیدی کی بشاشت فرحت خوشی وخرمی لاتا ہے۔اس کے استعمال سے بوڑھوں میں از سر نو شباب کی رنگینیاں پیدا ہو جاتی ہیں۔حکمائے نامدار کی یہ عجیب وغریب ایجاد ہر قسم کے زہروں کے لیے بھی تریاق ہے۔ضعف قلب۔ضعف باہ۔ضعف دماغ وضعف اعضائے رئیسہ وشریفہ وعام بدن کو دور کر کے ہر ایک عضو کو بتدریج درست کر کے جسم میں عام وخاص قوت پیدا کرتی ہے۔

زہروں کے اثر کو زائل کرنے کے لیے ۴ ماشہ ہمراہ عرق سونف استعمال کرائیں اور حفظ صحت کی غرض سے ۹ ماشہ صبح نہار منہ کھلائیں۔قوت باہ کے لیے بوقت شب ۷ ماشہ دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں اور اختلاج القلب کے لیے ۵ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان استعمال کرائیں۔

نوٹ: سوسبز پودینہ کی ایک قسم ہے۔

(۶۳۸) مفرح شیخ الرئیس

اجزاء و ترکیب ساخت: گل سرخ اتولہ ساڑھے دس ماشہ۔گاؤ زبان پونے سولہ ماشہ۔تخم کا ہو چھیلا ہوا۔مغز تخم خربزہ۔مغز تخم کدو۔مغز تخم خیار۔تخم خرفہ۔ہر ایک ساڑھے ۱۳ ماشہ۔صندل سفید۔الائچی۔طباشیر۔ہر ایک نو ماشہ۔اگر۔درونج۔زرنباد۔بہمن سفید۔ہر ایک ساڑھے پانچ ماشہ۔مروارید ناسفتہ۔مونگے کی جڑ جلائی ہوئی۔کہربا۔سرطان

نہری جلایا ہوا۔ ابریشم کترا ہوا صندل سرخ۔ کافور۔ ہر ایک ساڑھے چار ماشہ۔ زعفران سوا دو ماشہ۔ عنبر اشہب ایک ماشہ۔ مشک ۴ رتی۔ رب سیب۔ رب انار۔ رب بہی ہر ایک ایک مساوی۔ جملہ ادویہ سے دوگنے بدستور معروف معجون تیار کریں۔

ترکیب استعمال: بقدر ۶ ماشہ بوقت صبح کھلائیں۔

فوائد: یہ مفرح شیخ الرئیس گرم مزاج اصحاب کے لیے ہے۔ از حد مفید ہے۔ ضعف قلب کے لیے دواء المسک بارد اور یاقوتیاں اعلیٰ مانی گئی ہیں۔ لیکن بفضلہٖ یہ مفرح ان گرم مزاج مریضوں کے لیے جملہ یاقوتیوں وغیرہ سے اشرف و اعلیٰ ہے۔ اس کے استعمال سے کمزور دل طاقتور اور کمزور جسم قوی ہیکل ہو جاتے ہیں۔ مرض سے اٹھے ہوئے ناطاقت اور کمزور مریضوں میں طاقت اور خون پیدا کرتی ہے۔ علاوہ ازیں گرم بخاروں اور تپ دق اور تپ محرقہ کے لیے بھی ایک اچھی چیز ہے۔ اعضائے رئیسہ و شریفہ کو تیز امراض کے حملہ سے بفضلہٖ محفوظ رکھتی ہے۔ ضعف قلب' غشی' اختلاج کے لیے نہایت عمدہ دواؤں میں سے ہے۔

(۶۳۹) مفرح عنبری

یہ مفرح حکیم نور الدین صاحب طبیب نامی مہاراجہ جموں و کشمیر کی خاص ایجاد ہے۔ اور لاہور کے ایک صاحب اس کو اسی نام سے مشتہر کر کے کافی فائدہ اٹھا رہے ہیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت: جدوار خطائی ۹ ماشہ۔ گل سرخ ۶ ماشہ۔ ناگرموتھ ۵ ماشہ۔ مصطگی لونگ۔ بالچھڑ۔ اسارون۔ خرفہ۔ ہر ایک ۳ ماشہ۔ زرنب (برہمی) زعفران۔ ہر ایک ۲ ماشہ۔ دانہ الائچی۔ بسباسہ۔ جوز بوا۔ ہر ایک ایک ماشہ۔ درونج ۶ رتی۔ کہربا۔ صندل سفید۔ مرجان۔ طباشیر۔ عود صلیب۔ فاذ زہر۔ مروارید ناسفتہ۔ کشتہ یاقوت۔ مشک۔ عنبر ہر ایک ۴ رتی۔ ورق طلاء ایک دفتری۔ مربہ آملہ ایک سیر۔ مربہ سیب ۳ پاؤ۔ مربہ بہی آدھ پاؤ۔ مربہ زنجبیل پاؤ بھر۔ مربہ ترنج خام ایک سیر۔ شہد خالص آدھ سیر۔ دواؤں کو باریک پیس کر مربوں کو اچھی طرح گھوٹ لیں۔ پھر شہد ملا لیں اور آخر میں ورق طلاء اضافہ کر لیں۔ بس تیار ہے۔

ترکیب استعمال: اس مفرح کو روزانہ صبح کے وقت ۳ ماشہ سے لے کر ۵ ماشہ تک حسب مزاج دعمرعرق عنبر ۵ تولہ یا عرق کیوڑہ ۷ تولہ کے ہمراہ کھلائیں۔

فوائد: یہ مفرح دل و دماغ جگر کو قوت دیتی اور بخارات ردیہ کو جو دماغ کو صعود کر کے وساوس و دحشت کا باعث ہوتے ہیں انہیں روکتی اور سب کو دور کرتی ہے۔ قلبی امراض میں خصوصاً حیرت انگیز فوائد دکھاتی ہے۔ علاوہ ازیں وہ عورتیں جو سیلان یا کسی اور سبب سے ناطاقت ونحیف ہوگئی ہوں یا کمی خون سے چہرے پر مردنی چھاگئی ہو۔ یا کمزوری کی وجہ سے استقاط ہو جاتا ہو یا حمل قرار نہ پاتا ہو۔ ان کے لیے یہ معجون اکثر بے حد مفید ثابت ہوتی ہے۔

(۶۴۰) مفرح یاقوتی

یہ مفرح اس مایہ ناز ہستی کی ایجاد و معمولی و مجرب ہے۔ جس کی شخصیت ہندوستان بھر میں مسلم ہے۔ حکیم نابینا صاحب سے کون ناواقف ہے۔ یہ وہ اعلیٰ اور مایہ ناز ہستی ہے۔ جس نے مشکل سے مشکل مقابلہ میں طب یونانی کی لاج رکھ لی۔

حیدرآباد دکن میں حضور نظام کے خاص معالج رہے۔ اس دوران میں ڈاکٹروں کے مقابلے میں آپ نے نبض سے وہ عجیب وغریب اور حیران کن استنباط کیے کہ ڈاکٹروں کو منہ کی کھانی پڑی۔ ضعیفی کے عالم میں بھی آپ خلق خدا کو برابر اسی طرح فائدہ پہنچاتے رہے۔ یہ مفرح آپ کی خاص الخاص معمولات سے ہے جس کو آپ نے اجزا کی خاص ترکیب وکمی دبیشی سے خود تجویز کیا جائے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: کشتہ سونا ۵ رتی۔ یاقوت محلول (عرق بید مشک۔ گلاب یا کیوڑہ میں حل کیا ہوا) گاؤزبان۔ تخم کاسنی۔ مشک کافور۔ بہمن سفید۔ عود قمار۔ حجر۔ ارمنی۔ لاجورد مغسول۔ سلیخہ۔ دارچینی۔ زعفران۔ دانہ الائچی کلاں۔ الائچی کلاں۔ جدوار ہر ایک ۱۰ رتی۔ ابریشم مقرض۔ سرطان محرق۔ ہر ایک ۱۰ رتی۔ ابریشم مقرض۔ سرطان محرق۔ ہر ایک ۱۱ رتی۔ مروارید ناسفتہ محلول بعد محلول ہر ایک ایک ماشہ ۶ رتی۔ افتیون ۲۴ رتی۔ تخم فرنجمشک۔ تخم بادروج۔ اسطوخودوس۔ ہر ایک ساڑھے ۳ ماشہ۔ تخم خیار۔ گل سرخ۔ ہر ایک

ساڑھے چار ماشہ۔ درونج سنبل الطیب۔ ترنجبین۔ عنبر اشہب۔ ہر ایک ایک ماشہ ۶ رتی۔ شربت سیب۔ شربت انار ہر ایک ۵ تولہ۔ عسل خالص ۱۰ تولہ بطریق معروف معجون تیار کریں۔

ترکیب استعمال: یہ مفرح ا ماشہ صبح ویسے ہی چٹائیں۔

فوائد: یہ مفرح یاقوتی تصفیہ بخارات کو جو معدے سے دماغ کی طرف آتے ہیں۔ روکتی ہے۔ وساوس ردیہ اور دردسر کو زائل کرنے میں اعلیٰ دواؤں میں سے ہے۔

اگر کثرت اخراج سے کسی عصبی بیماری سے اعصاب کمزور ہو گئے ہوں تو یہ مفرح اعصاب میں قوت پیدا کر کے قوت مدافعت پیدا کرتی ہے۔ اور دوبارہ اس بیماری کے پیدا ہونے کا بفضلہ امکان نہیں رہتا۔

کثرت بلغم سے اگر نسیان ہو گیا ہو۔ یا دماغ کمزور ہو تو یہ مفرح دماغ کو قوی کر کے نسیان کو دور کرتی ہے۔ غشی۔ خفقان دور کر کے قلب میں تفریح پیدا کرتی ہے۔ علاوہ ازیں تجربہ سے معلوم ہوا ہے کہ مالیخولیا مراقی کے لیے یہ بھی ایک فائدہ مند چیز ہے۔

نوٹ: حجریات کو عرق گلاب یا عرق بید مشک یا عرق کیوڑہ میں اچھی طرح حل کرنے کو محلول کہتے ہیں۔

باب : ی

یاقوتی

(۶۴۱) یاقوتی حار

سرد مزاج حضرات کے لیے یا قوتی ھذا ایک عجیب شے ھے

اجزاء، و ترکیب ساخت : یاقوتی رمانی۔ بالچھڑ۔ تج۔ الائچی خورد۔ الائچی کلاں۔ حجر ارمنی (دھویا ہوا) اس کا بدل حجر لاجورد ہے۔ مشک۔ ہر ایک ساڑھے ۳ ماشہ۔ درونج عقربی۔ اسطوخودوس ہر ایک ۷ ماشہ۔ کندر پونے نو ماشہ۔ زرنباد۔ زعفران۔ اگر۔ ہر ایک ساڑھے دس ماشہ۔ تیز پات۔ دارچینی۔ ہر ایک ۲۴ ماشہ۔ کہربائے شمعی۔ پوست آملہ۔ ہر ایک پونے دو تولہ۔ بادرنجبویہ ۲ تولہ نصف ماشہ۔ گاؤزبان۔ گل سرخ ا تولہ اا ماشہ۔ مروارید ناسفتہ ۵ تولہ ۱۰ ماشہ۔ عنبر اشہب ۹ ماشہ۔ شہد صاف کیا ہوا ادویہ سے سہ گنا۔ مروارید کو عرق گلاب و بید مشک میں اچھی طرح پیس کر شامل ادویہ کر کے شہد ملا کر معجون کی طرح معجون بنالیں۔ اور کسی شیشے یا چینی خالص کے برتن میں محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: ۳ ماشہ سے ۵ ماشہ تک حسب طاقت ہمراہ عرق بید مشک یا ویسے ہی چاٹ لیں۔ لیکن اس کے استعمال کا وقت بعد از دوپہر سورج غروب ہونے سے گھنٹہ پیشتر یا صبح شام کے بعد بھی استعمال کی جاسکتی ہے۔

فوائد : جب قلب کا مزاج سرد ہو جائے۔ بدن کمزور قوتیں نڈھال ہو جائیں۔ حرارت غریزی کسی سبب سے بجھنے کے قریب ہو۔ بشرے سے تازگی و رونق جاتی رہے اس وقت یہ یاقوتی حار بفضلہٖ اگر خدا نے زندگی کے دن اور رکھے ہو تو منٹوں میں چہرے پر تازگی اور حرارت غریزی کو بھڑکا دیتی ہے۔ اور مریض بھلا چنگا ہو جاتا ہے۔ علاوہ ازیں غشی۔ ضعف قلب بارد دائمی کے لیے یہ بھی دوا ایک عملی پایہ رکھتی ہے۔ ضعف قلب کی وجہ سے قوت باہ

میں نمایاں کمی ہو جاتی ہے۔ اور بعض آدمی تو بالکل نامرد ہو جاتے ہیں۔ ان کے لیے یہ یاقوتی حار ایک نعمت غیر مترقبہ ہے۔ قلب قوی ہو کر قوت باہ میں ایک غیر فانی قوت پیدا ہو جاتی ہے۔ علاوہ ازیں دوسرے عوارض جو ضعف قلب کی وجہ سے پیدا ہو گئے ہوں۔ مثلاً ضعف دماغ ضعف گردہ وغیرہ۔ اس کے چند دنوں کے استعمال سے بفضلہ دور ہو کر ایک نمایاں طاقت پیدا ہو کر صحت ہو جاتی ہے۔ سرد اور بادی اشیاء سے قطعاً پرہیز کرنا چاہئے۔

(۶۴۲) یاقوتی بارد

گرم مزاجوں کے لیے مقوی اعضائے رئیسہ و شریفہ۔ خفقان اور وحشت کو دور کرنے والی لاجواب دوا

ھوالشافی: مغز تخم کدو شیریں۔ مغز تخم تربوز۔ مغز خیارین۔ مغز تخم کاہو مقشر۔ ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ تخم خرفہ مقشر ۱۴ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ۔ صندل سفید۔ باچھڑ۔ طباشیر کبود چھالیہ۔ صندل سرخ ہر ایک ۸ ماشہ۔ بسد کہرباء۔ سرطان سوختہ۔ ہر ایک سوا آٹھ ماشہ۔ زمرد سبز سوا دو ماشہ۔ ابریشم مقرض۔ بہمن سرخ و سفید۔ گل گاؤ زبان۔ غنچہ گل سرخ۔ شقاقل۔ دانہ ہیل۔ دار چینی۔ ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ آملہ منقی ا تولہ ۸ ماشہ۔ زعفران۔ عنبر۔ مشک خالص۔ ورق طلاء۔ ہر ایک پونے دو ماشہ۔ ورق نقرہ ۸ ماشہ۔ مصری ۷ا تولہ۔ آب سیب۔ امرود۔ بہی شیریں۔ شربت فواکہ شیریں۔ گلاب۔ شہد خالص۔ عرق صندل۔ ہر ایک ۷ تولہ۔ بدستور معجون بنائیں۔

ترکیب استعمال: ۳ ماشہ سے ۵ ماشہ تک کھلائیں۔

فوائد: گرم مزاجوں کے لیے آب حیات کی طرح مفید یاقوتی ہے۔ بنا کر آزمائش کریں۔

(۶۴۳) یاقوتی معتدل

ھوالشافی: مروارید ۶ ماشہ۔ کہرباء ۳ ماشہ۔ یاقوت۔ رمانی ۸ ماشہ۔ لاجورد مغسول ۸ ماشہ۔ عنبر ۴ ماشہ۔ زعفران ۶ ماشہ۔ مشک خالص۔ ورق طلاء۔ ہر ایک ا ماشہ۔ ورق نقرہ ۶ ماشہ۔ گل گاؤ زبان۔ بادرنجبویہ۔ کشنیز۔ ہر ایک ایک تولہ۔ مغز تخم کدوئے شیریں۔ مغز تخم

تربوز۔ ہر ایک دو تولہ۔ صندل سفید۔ طباشیر۔ دانہ الائچی خورد۔ ہر ایک ایک تولہ۔ ابریشم مقرض ۶ ماشہ۔ بہمنین تولہ تولہ۔ تخم خرفہ ۲ تولہ۔ شربت فواکہ ۱۰ تولہ۔ شربت سیب ۲۰ تولہ۔ مصری ۱۰ تولہ۔ عرق گلاب۔ عرق بید مشک۔ عرق شاہترہ۔ ہر ایک ۲۰ تولہ۔

ترکیب تیاری: پہلے مصری اور عرق کا قوام بنائیں۔ بعدہٗ ادویات ملا کر بدستور یاقوتی تیار کریں۔

ترکیب استعمال: ۳ ماشہ سے ۵ ماشہ تک ہمراہ مناسب بدرقہ کے دیں۔

فوائد: دل و دماغ، جگر۔ باہ کو تقویت دینے اور ضعف قلب کو دور کرنے کے لیے خاص چیز شمار کی جاتی ہے۔

(۶۴۴) یاقوتی نقرہ

اجزاء و ترکیب ساخت: ورق نقرہ ۲ تولہ۔ ورق طلاء۔ عنبر اشہب۔ مشک خالص۔ ہر ایک پونے ۷ (سات) ماشہ۔ لاجورد مغسول۔ تخم بادرنجبویہ۔ قرفہ (دارچینی)۔ بسفائج۔ ناگ۔ کیسر۔ بالچھڑ۔ الائچی۔ تیزپات۔ ہر ایک پونے سولہ ماشہ۔ ریوند چینی ڈیڑھ تولہ۔ یاقوت رمانی۔ لعل بدخشانی۔ ہر ایک ایک تولہ ساڑھے دس ماشہ۔ بیخ مرجان۔ مروارید۔ ناسفتہ۔ کہربائے شمعی۔ گاؤزبان۔ مصطگی۔ تخم خرفہ سیاہ۔ تخم فرنجمشک۔ تخم کھیرا۔ تخم کاہو۔ مغز کدوئے شیریں۔ ہر ایک ۲ تولہ ساڑھے ۷ ماشہ۔ تخم کاسنی پونے چار تولہ۔ صندل سفید مغسول (گلاب میں گھسا ہوا) ہر ایک ۳ تولہ سوا گیارہ ماشہ۔ عرق بید مشک۔ گلاب ہر ایک ایک بوتل۔ آب انار شیریں۔ شربت سیب شیریں۔ مصری ہر ایک ایک سیر۔ شہد سفید ۵ سیر (طبی) بدستور معروف معجون تیار کریں۔

ترکیب استعمال: ۳ ماشہ سے ۵ ماشہ تک ہمراہ عرق کیوڑہ و بید مشک۔

فوائد: یہ یاقوتی غلیظ اور سوداوی رطوبتوں کو دماغ، دل و جگر، معدہ اور مراق سے خارج کرتی ہے۔ اعضائے رئیسہ کو قوت دینے حرارت غریزی کو برانگیختہ کرنے باہ کو تقویت بخشنے وملال کو دور کرنے میں بے نظیر ہے۔ حکمائے دہلی اور لکھنؤ کی معمول اور مجرب ہے۔ علاوہ ازیں قلب کو بے حد قوت بخشتی ہے۔

(۶۴۵) یاقوتی طلاء

نشاط وفرحت پیدا کرنے اور قلب ومعدہ جگر وگردوں کو قوت دینے میں یہ یاقوت طلاء ایک عجیب وغریب ترکیب وترتیب سے امیر لوگوں کے لیے مرتب کی گئی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : زعفران ۲ ماشہ۔ ابریشم کترا ہوا۔ بہمن سرخ۔ بادرنجبو یہ۔ عنبر اشہب۔ ہر ایک ۳ ماشہ۔ لعل بدخشی ۴ ماشہ۔ یاقوت رمانی ۹ ماشہ۔ زہر مہرہ خطائی۔ ۴ ماشہ۔ درجہ اول۔ طلاء مکلس ۴ ماشہ۔ (کشتہ طلاء) یا ورق طلاء ۹ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ۔ کہربائے شمعی۔ دارچینی۔ دانہ الائچی۔ ہر ایک ۹ ماشہ۔ گل گاؤ زبان۔ غنچہ گل سرخ۔ ہر ایک سوا ۲ تولہ۔ مصری۔ شہد صاف کیا ہوا۔ ہر ایک پاؤ بھر۔ بدستور معروف یاقوتی تیار کریں۔ اور چاندی یا شیشے کے برتن میں رکھیں۔ خوراک ۱ ماشہ سے ۳ ماشہ تک ہمراہ عرق بید مشک یا ویسے ہی چاٹ لیں۔

فوائد : یہ اعلیٰ درجہ کی یاقوتی طلاء بدن میں سرور وکیف پیدا کرتی ہے۔ خفتہ اور از کار رفتہ طاقتوں کو دوبارہ واپس لوٹاتی اور گری ہوئی قوتوں کو بحال کرتی ہے۔ بیماری سے اٹھے ہوئے افراد کے لیے یہ دوا نہایت اعلیٰ اور مفید پڑتی ہے۔ دنوں میں تمام قوتوں کو بحال کر کے چہرے کو سرخ وخوش رنگ بناتی ہے۔ وساوس ردیہ کو خون کے احتراق یا تبخیر معدہ جو امعاء و مراق کی وجہ سے ہوں۔ ان کو رفع کرتی ہے۔ ریاح کو بدن میں پیدا ہونے سے روکتی اور دل ودماغ اور جملہ اعضائے رئیسہ وشریفہ کو قوت دیتی ہے۔ قوت باہ میں قابل رشک اضافہ کرتی ہے۔ عورتوں کو اگر دوران حمل میں استعمال کرایا جائے تو بفضلہٖ وحکمہٖ اولاد نرینہ خوبصورت۔ تندرست اور ذہین پیدا ہوتی ہے۔ اگر اسقاط کی عادت ہو تو اللہ کے حکم سے اس دوا کے استعمال سے جاتی رہتی ہے۔ دوسرے ماہ حمل میں اسے روزانہ بلاناغہ استعمال کرنے سے حمل محفوظ رہتا ہے۔ اور بچہ موٹا تازہ پیدا ہوتا ہے۔ چونکہ اس کا مزاج معتدل ہے۔ اس لیے ہر شخص مناسب رائے طبیب مناسب بدرقہ سے استعمال کر سکتا ہے۔ رنگت کو نکھارتی اور خفقان کو دفع کرتی ہے۔

نوٹ : کشتہ سونا کی ترکیب اسی کتاب میں کشتہ جات کے بیان میں مذکور ہے۔ وہاں سے

ملاحظہ فرمالیں۔

(۶۴۶) یاقوتی تحفہ

یہ بلند پایہ یاقوتی روح کی محافظت اور اعضائی رئیسہ کی تقویت کے لیے دوسری دواؤں سے ایک امتیازی درجہ رکھتی ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: مروارید ناسفتہ۔ بسلوچن۔ یاقوت سرخ۔ یشب سبز۔ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ۔ زہرمہرۂ اصلی۔ عنبر اشہب۔ مشک خالص۔ زعفران۔ ہرایک پونے ۲ ماشہ (عرق گلاب وعرق بید مشک میں حل کر کے) صندل سفید وصندل سرخ۔ گلاب میں گھسا ہوا ۱۵ ماشہ۔ غنچۂ گل سرخ۔ گل گاؤزبان۔ نیلگوں۔ مغزتخم کدوئے شیریں۔ تخم کاہو مقشر۔ مغزتخم ککڑی۔ مغزتخم کھیرا۔ تخم خرفہ مقشر ہرایک سات ماشہ آب شیریں سیب۔ آب انارشیریں۔ آب ناشپاتی۔ آب بہی ہرایک ۸ تولہ۔ عرق گلاب۔ عرق بید مشک۔ ہرایک ۱۵ تولہ۔ شکر سفید دو چند۔ ورق نقرہ سواپانچ ماشہ۔ ورق طلاء پونے ۶ ماشہ بدستور معجون تیار کریں۔

ترکیب استعمال: ۴ ماشہ سے ۱۰ ماشہ تک کی مقدار میں ہر روز بوقت صبح کسی مناسب شربت یا عرق سے استعمال کریں۔

فوائد: بدن اور روح کی حفاظت کرنے کے لیے یہ اعلیٰ یاقوتی تسلی بخش فوائد کی مظہر ہے۔ ہر قسم کے مضرت کو دور کرتی ہے اور جسم کو فربہ کرتی ہے۔ حرارت غریزی کو قوت پہنچانے میں اعلیٰ درجہ رکھتی ہے۔ مزاج کی کمی بیشی کو اعتدال پر لاتی ہے۔ اور قوت باہ میں غیر معمولی ہیجان پیدا کرتی ہے۔ یہ یاقوتی زیادہ تر گرم مزاج اصحاب کے لیے کارآمد ہے۔

ضعف قلب کی شکایت دنوں میں دور ہو جاتی ہے۔ خفقان دموی وصفراوی کو روکتی ہے۔ غشی کو دور کر کے دل کو فرحت بخشتی ہے۔ جواہر مہرہ کے قائم مقام ہے۔ مالیخولیا اور مرگی اور ضعف دماغ کے لیے بھی از حد مفید ہے۔

طبی صندوقچہ

ذیل میں وہ نسخہ جات پیش کیے جاتے ہیں جو کہ اپنی خداداد زوداثری کی وجہ سے اس قابل ہیں کہ ہر طبیب کے طبی صندوقچہ میں ان کو جگہ دے کر ان کے مسیحائی اثرات سے فائدہ حاصل کیا جائے۔

(۶۴۷) حبوب نزلہ

اجزاء و ترکیب ساخت : میٹھا تیلیا۔ کافور۔ شورہ قلمی۔ افیون۔ ہموزن لے کر دانہ خشخاش کے برابر گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی صبح ہمراہ شربت بنفشہ یا عرق گاؤزبان استعمال کریں۔

فوائد : نزلہ وزکام کے لیے نہایت اعلیٰ چیز ہے۔ اول تو ایک ہی خوراک سے بند ہو جاتا ہے۔ حد دوسری تیسری خوراک میں تو یقیناً بند ہو جاتا ہے۔

(۶۴۸) اکسیر معدہ

اجزاء و ترکیب ساخت : گندھک آنولہ سار۔ جوہر نوشادر۔ ہر ایک ۲ تولہ لے کر مولی کے پانی ۱۰ تولہ میں اس کے بعد سرکہ ۱۰ تولہ میں کھرل کریں۔ جب خشک ہو جائے احتیاط سے شیشی میں رکھیں۔

ترکیب استعمال: روزانہ ایک رتی ہمراہ عرق پودینہ یا گرم پانی استعمال کریں کھانا کھانے کے بعد۔

فوائد : معدے کے جملہ امراض مثلاً اپھارا۔ قے۔ ہیضہ۔ درد۔ صلابت۔ سب کے لیے از حد مفید ہے۔ گویا کم خرچ بالانشین دوا اپنے گھر میں تیار رکھنا معدے کے ایکسپرٹ ڈاکٹر کو گھر رکھنے کے مترادف ہے۔

(۶۴۹) عرق اکسیری (خوش ذائقہ خوشبودار)

کمی اشتہا۔ درد۔ سول۔ گولہ۔ ہیضہ وغیرہ کی دوا

اجزاء و ترکیب ساخت : سوہاگہ۔ نوشادر۔ قلمی شورہ۔ نمک سنگ۔ زیرہ سفید۔

کوڑیاں بر نگ زرد۔ آب ادرک۔ ہر ایک ۵۔۵ تولہ۔ پھٹکڑی۔ زیرہ سیاہ۔ گڑ۔ ہر ایک ایک پاؤ۔ ادویہ بغیر کوڑیاں باریک کر کے کوڑیاں عرق لیموں میں ڈالیں۔ بوتل پر کارک لگا کر دو ہفتہ تک دھوپ میں پڑا رہنے دیں۔ اور روزانہ دو تین مرتبہ ہلا دیا کریں جب کوڑیاں گل جائیں دوا کو جاذب کاغذ میں چھان لیں۔

ترکیب استعمال: ایک قطرے سے تین قطرے تک بتاشہ میں رکھ کر کھلائیں۔

فوائد : یہ اکسیری عرق معدے کے جملہ امراض اور مندرجہ بالا امراض کے لیے واقعی اکسیر صفت ہے۔

(۶۵۰) اکسیر طحال

سلمی اور بانو گولہ کی مجرب المجرب اور بے خطا دوائی

اجزاء و ترکیب ساخت : ایک عدد بینگن بر نگ سیاہ ایسا تلاش کر لیں جس میں کسی طرف کیڑا وغیرہ نہ لگا ہوا۔ اس بینگن میں متعدد جگہ بانس کی تیلی سے بھونک کر چھید کر دیں۔ پھر اس سوراخ میں چار آنہ بھر توتیا پیس کر داخل کریں۔ اس کے بعد بینگن کو دھوپ میں رکھ دیں جب تھوڑا دن باقی رہے تو بینگن کو بحفاظت مکان کے اندر رکھیں تا کہ اس میں شبنم نہ لگنے پائے۔ اس طرح برابر دن میں دھوپ میں رکھا کریں۔ اور شام کے وقت شبنم سے بچا کر اندر رکھ دیں۔ تین چار روز کے بعد بینگن جلنا شروع ہو جائے گا۔ جب تمام بینگن سڑ کر گل جائے تو اسے کوٹ کر اور باریک کپڑے میں رکھ کر نچوڑ لیں اور عرق نکال کر شیشی میں رکھ چھوڑیں۔

ترکیب استعمال: طحال کے مریض کو بوقت صبح ایک عدد بتاشہ میں ایک بوند ڈال کر کھلائیں اور مریض کو ۲۵ منٹ تک بائیں کروٹ سے لٹائے رکھیں۔

فوائد : ۲۱ روز کے برابر استعمال سے بفضلہٖ طحال کا نام و نشان باقی نہ رہ جائے گا۔ باؤ گولہ کے لیے بھی اکسیر صفت ہے۔

(۶۵۱) مصفی خون

اجزاء و ترکیب ساخت : گندھک آملہ سار ۵ تولہ کو آب برگ مدار میں کھرل

کر کے گولیاں بقدر دانہ مٹر بنائیں۔ آب مدار کا وزن آدھ سیر ہونا چاہیے۔

ترکیب استعمال: ایک سے ۲ گولی روزانہ ہمراہ باسی پانی کے استعمال کریں۔

فوائد: جسم کے دھبے، نقم، پھوڑے، پھنسی وغیرہ دور ہو کر بدن بالکل صاف وشفاف ہو جاتا ہے۔ نہایت مفید اور عمدہ دوائی ہے۔ خرابی خون کے شاکی اسے ضرور بالضرور استعمال کریں۔

(٦٥٢) اکسیری جوہر

خرابی خون کی جس قدر بیماریاں ہیں ان کے دفعیہ کے لیے اکسیر الاثر جوہر

اجزاء و ترکیب ساخت: سنکھیا سفید۔ شنگرف۔ رسکپور۔ پارہ۔ دار چکنا۔ ہڑتال توتیا۔ مردار سنگ۔ نوشادر ٦۔ ٦ ماشہ۔ جملہ ادویہ کو کھرل کر کے حسب دستور دو پیالوں میں جوہر حاصل کریں۔ پھر دوبارہ حاصل شدہ جوہر پیالیوں میں ڈال کر جوہر اڑائیں۔ علیٰ ہذا القیاس ۵ مرتبہ جوہر اڑائیں۔

ترکیب استعمال: نصف چاول سے ایک چاول تک ہمراہ مکھن یا بالائی کے استعمال کریں۔

فوائد: یہ اکسیری جوہر ہر قسم کی ان بیماریوں جو خرابی خون سے پیدا ہوتی ہیں کے لیے اکسیر الاثر ہیں۔ مثلاً آتشک۔ جذام۔ ناسور۔ اور تمام ان بیماریوں کے لیے مفید ہے۔ جو کہ سردی کی وجہ سے پیدا ہوں۔ مثلاً وجع المفاصل۔ نقرس۔ ذات الجنب وغیرہ۔ علاوہ ازیں خنازیر اور بواسیر کے لیے بھی کامل تریاق ہیں۔ خون کو اس حد تک صاف کرتی ہیں کہ انسان دنگ رہ جاتا ہے۔ آتشک کا مریض اسے کھانے کے بعد اس طرح معلوم ہوتا ہے۔ جیسے نہر حیات سے غوطہ لگا کر آیا ہے۔ لیکن طبیب حاذق کے سوا اسے کھلانے کی ہر ایک کو اجازت نہیں۔ یا وہ شخص استعمال کر سکتا ہے۔ جو سمجھدار ہو۔ بدن کو کندن بنانے والی عجیب اکسیر ہے۔

(٦٥٣) حب مصفی

اجزاء و ترکیب ساخت: برگ سنا سبز رنگ خشک (کہنہ و بوسیدہ نہ ہو) یا جن کا رنگ

موسم برسات کے گزرنے کے سے تغیر بزردی وسیاہی نہ ہو) ایک سیر لے کر اس میں سے لکڑی ومٹی وغیرہ صاف کرکے ایک پتیلہ میں ڈال کر اس پر ۲ سیر پانی ڈال کر آگ پر جوش دیں جب صرف تین پاؤ پانی رہ جائے تو کپڑے میں چھان کر پانی مقطر کرکے بوتل میں ڈال لیں۔ پھر سم الفار سفید۔ زرنیخ طبقہ ایک ایک تولہ۔ عمدہ کھرل میں باہم خشک پیس کر ہمراہ جوشاندہ برگ سنا کھرل کرکے سب پانی جذب کردیں اور گولیاں بوزن رتی بنائیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی روزانہ ہمراہ ایک گھونٹ گھی نگل لیں۔ پرانے مریض دو گولی تک۔ غذا دال ماش۔ مونگ شستہ یا خالص مونگ ثابت ہمراہ پھلکہ یا شوربہ لحم مرغن۔ غرضیکہ روغن کثرت سے استعمال کریں۔ باقی سب اغذیہ سے پرہیز۔

فوائد: یہ حبوب مصفیٰ۔ آبلہ وجذام مزمنہ ودورہ ہائے فساد خون جس سے تمام بدن پر پتی نکل کر رطوبت آلود ہوں۔ اور چہرہ نہایت سرخ سیاہی مائل ہوگیا ہو۔ بہت مفید ہیں۔ گویا تریاق ہیں۔ علاوہ ازیں امراض ہائے بلغمی و درد مفاصل و ریاح ہر قسم و قوت باہ کے لیے اکسیر ہیں قبض نہیں ہونے پاتی دوران استعمال میں پاخانہ خوب کھل کر آتا ہے۔

نوٹ: سم الفار سفیدی مائل ہونا چاہیے۔ نہ بازاری بلوری جو کہ مفید ثابت نہیں ہوتا۔

(۶۵۴) اکسیر جریان

یہ اکسیر منی کی جملہ خرابیوں کو درست کرکے سرعت کو زائل اور جریان کو بند کرتی ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: قلعی ۱ تولہ۔ پارہ ۶ ماشہ۔ قلعی کو پگھلا کر پارہ اوپر دیں۔ جب دونوں یک جان ہو جائیں کھرل کریں۔ اور اس میں کشتہ بیضہ ۱ تولہ۔ الائچی سفید ۱ تولہ۔ فلفل سفید ۱ تولہ۔ چینی ۲ تولہ۔ طباشیر ۱ تولہ۔ ملا کر خوب باریک کریں ۲۴ گھنٹہ کی پسائی کے بعد استعمال کریں۔

ترکیب استعمال: ۲ چاول سے ۴ چاول تک ہمراہ مکھن دیں۔

فوائد: جریان احتلام ذکاوت حس کو از حد مفید ہے۔ اگر کوئی مقوی باہ دوا کھلانا مقصود ہو۔ تو پہلے یہ دوائی کھلائیں۔ ذیابیطس شکری کے لیے از حد مفید ہے۔ تجربہ کریں نہایت مفید اور

بھروسہ کی چیز ہے۔ان شاءاللہ

(۶۵۵) احمرین

دل کی گرمی' جگر کی گرمی' دل کی کمزوری' دل کی دھڑکن یرقان اور جریان وغیرہ کی اکسیری دوا

یہ دوانہایت ہی بیش بہا اور اکسیری فوائد کی حامل ہے۔مندرجہ بالا امراض کے دفعیہ کے لیے بفضلہ تعالیٰ لاجواب اور آسانی تیار ہو جانے والی چیز ہے۔ بنائیں اور اپنے صندوقچہ کو زینت دیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : کشتہ شاخ مرجان جو کہ مکھن سے تیار کیا گیا ہو ایک تولہ۔ کشتہ عقیق اعلیٰ ایک تولہ۔کشتہ فولاد اعلیٰ جو کہ پانی پر تیرے ایک تولہ۔ ہر سہ کشتہ کو کھرل میں ڈال کر پیسیں اور روح بید مشک کی آمیزش سے کھرل کرتے رہیں۔پورے چار گھنٹوں سے متواتر کھرل کرنے کے بعد شیشی میں ڈال کر بحفاظت رکھیں۔تیار ہے۔

ترکیب استعمال: محض چار چاول سے ایک رتی مکھن گائے میں ملا کر استعمال کریں۔

فوائد : مندرجہ بالا امراض کے لیے نہایت ہی زود اثر اور مفید اکسیر ہے۔

(۶۵۶) مشکین

ضعف قلب' خفقان' ضعف اعضاء رئیسہ کی شرطیہ دوا

یہ اکسیر ایک دواخانہ کی جانب سے عنبرین کے نام پر مشتہر ہو کر فروخت ہوتی ہے۔ چونکہ بغیر کسی دقت و مشکل سے فوراً تیار ہو جاتی ہے۔اس لیے دیگر ادویات میں سے امتیازی نشان رکھتی ہے۔فوائد میں مفرحات اور یاقوتیوں سے کم نہیں۔اور پھر لطف یہ کہ قدر خوراک قلیل ہونے کی وجہ سے چھوٹی شیشیوں میں بند ہو کر صندوقچہ کی زینت بن سکتی ہے۔

یہ نسخہ مجھے میرے محترم دوست چودھری سردار احمد صاحب اسسٹنٹ انسپکٹر آف پولیس لاہور نے عطا فرمایا تھا۔

اجزاء و ترکیب ساخت : کشتہ فولاد۔انگریزی طریقہ سے بنا ہوا۔مرجان عمدہ۔

مشک ولائتی ہر سہ ادویات ہموزن لے کر کھرل کر کے شیشی میں حفاظت سے رکھیں۔

ترکیب استعمال: ۴ رتی صبح وشام محض پانی یا مناسب شربت سے یا دودھ سے دیا کریں۔

فوائد: دل، جگر، معدہ، امعاء، دماغ کی کمزوری کو رفع کرنے کے لیے عجیب اور خوشبودار دوا ہے۔ جریان کو دور کر کے قوت باہ میں اضافہ کرنا بھی اس کا خاص کام ہے۔ جن حضرات نے عنبرین کا استعمال کیا ہے وہ اس نسخہ کی قدر کریں گے۔

(۶۵۷) اکسیری روغن

یہ روغن اندرونی اور بیرونی طور پر استعمال کر کے قوت باہ میں قوت اضافہ کر کے سستی وغیرہ کو دور کرتا ھے

اجزاء و ترکیب ساخت: لوبان۔ کافور۔ لونگ۔ میٹھا تیلیا۔ تج قلمی۔ کپور کچری ۶۔۶ ماشہ۔ جملہ ادویہ کو باریک کر کے قرص بنائیں اور پاتال جنتر کے ذریعہ تیل کشید کریں۔

ترکیب استعمال: بقدر ایک رتی ہمراہ گھی کھلائیں۔ اور ایک رتی لے کر حشفہ و سیون چھوڑ کر مالش کریں۔

فوائد: یہ بے نظیر روغن منٹوں میں اثر دکھانے والا اور بے ضرر ہے۔ اگر اسے جماع سے ایک گھنٹہ پیشتر استعمال کیا جائے تو رات کی رنگینیوں میں کئی سوگنا اضافہ ہو جاتا ہے۔ فریق ثانی پر تو ایک قسم کی بے ہوشی طاری ہو جاتی ہے۔

(۶۵۸) کمزوری اعصاب اور امراض باردہ کی اکسیر

ھوالشافی: کچلہ کو نوشادر یا بادام کے دو چند لگدہ میں رکھ کر کوزہ گلی میں بند کر کے ۵۔۶ سیر کی آگ دیں۔ ایک قسم کا کشتہ ہو جائے گا۔ پھر اس کو زعفران کے پانی میں کھرل کر کے موٹھ کے دانہ کے برابر گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی ہمراہ شہد یا چائے کے دیں۔

فوائد: ہر قسم کے بلغمی و مزمن امراض کے لیے بے حد نافع ہے۔ چونکہ کچلہ اعصاب کی تقویت کے لیے مانی ہوئی چیز ہے۔ اس لیے ان گولیوں سے کمزور اعصاب کے شاکی

خاطر خواہ فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ علاوہ ازیں باہ اور مقوی دماغ بھی ہے۔ امعاء کی قوت کو تیز کر کے قبض کو رفع کرتا ہے۔ بہت عمدہ اور لاثانی نسخہ ہے جو کہ خاص صندوقچے کے لیے منتخب کیا گیا ہے۔

(۶۵۹) کشتہ نقرہ

اس اکسیری کشتہ کی جس قدر تعریف کی جائے کم ہے۔ جتنی غذا کھائی جائے آناً فاناً جز و بدن بناتا ہے۔ رگ رگ میں خون کی لہریں دوڑنے لگتی ہے۔ چہرہ سدا بہار پھول کی طرح تازہ اور سرخ ہو جاتا ہے۔ کیونکہ ہر وہ دوائی جو اعضائے شریفہ اور رئیسہ کو قوت پہنچانے والی ہو۔ غذا کو جز و بدن بناتی ہے۔ اسی طرح یہ دوائی بھی جتنی غذا کھائی جائے۔ اس کے جو ہر غذائیہ کو جز و بدن بناتی ہے۔ دوائی کے استعمال سے قبل اپنا وزن کر لیں۔ اور پھر بعد استعمال اپنا وزن کر کے دیکھیں۔ وزن میں معتدبہ اضافہ ہو جائے گا۔

اجزاء و ترکیب ساخت: ورق نقرہ ا تولہ۔ سیماب مصفیٰ ا ماشہ۔ سنکھیا سفید ا ماشہ۔ سماق کے کھرل یا بلوری کھرل میں آب ادرک کے ساتھ دو گھنٹہ تک خوب اچھی طرح کھرل کریں۔ اس کے بعد اس کا قرص بنا کر مٹی کے دو سکوروں میں رکھ کر ۳ چھٹانک کر یہہ کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکالیں پھر اس میں سیماب مصفیٰ ا ماشہ اور سنکھیا ا ماشہ شامل کر کے بدستور سابق آنچ دیں۔ عرق ادرک میں ضرور کھرل کرنا ہوگا۔ ایسی ۵ آنچ دیں۔ بمعہ سنکھیا سیماب۔ اس کے بعد پھر بدستور سابق سنکھیا ا ماشہ۔ و سیماب ا ماشہ کا اضافہ کر کے عرق ادرک میں کھرل کر کے حسب دستور مٹی کے سکوروں میں بند کر دیں۔ اور اس مرتبہ بجائے ۳ چھٹانک کے پاؤ بھر کر یہہ کی آگ دیں۔ اسی طرح سیماب ا ماشہ و سنکھیا ا ماشہ کے اضافہ کے ساتھ ساتھ ۷ آنچیں دیں۔ کل بارہ آنچیں دیں۔ جس میں ا تولہ سیماب اور ا تولہ سنکھیا۔ چاندی کے ورق میں جذب ہو کر کشتہ ہو جاتا ہے۔ پھر اس مرکب کشتہ کو کھرل میں باریک کر کے شیشی میں محفوظ کر کے دو ہفتہ کے لیے نمناک زمین میں دفن کر دیں۔

ترکیب استعمال: ۲ چاول بالائی یا مکھن میں ملا کر بوقت صبح استعمال کرائیں۔ اور دودھ بھی خوب استعمال کرائیں۔

فوائد : معدہ اور آنتیں طاقتور ہو کر ہضم ٹھیک اور پاخانہ باقاعدہ ہو جاتا ہے۔ دل جگر، دماغ، گردہ، مثانہ میں خاص قوت پیدا کرتا ہے۔ چہرے کو سرخ کر کے سیروں خون پیدا کرتا ہے۔ ایک ٹانک انجکشن سے سوگنا اس میں زیادہ طاقت ہے۔ (حکیم جلال الدین جلیل)

(۲۶۰) اکسیری حبوب

یہ گولیاں بیسیوں بیماریوں کے لیے مجرب ہیں۔ عام ہونے والی بیماریوں کے لیے صرف ان ہی گولیوں کا پاس رکھنا وقت پر حکیموں اور ڈاکٹروں سے بے نیاز کر دیتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : کستوری اتولہ۔ کسیر اتولہ۔ جائفل ۳ تولہ۔ افیون ۵ تولہ۔ کوٹ پیس کر دو چند شہد میں گولیاں بمقدار دانہ مونگ بنا کر رکھیں۔ یہ گولیاں سینکڑوں امراض کے لیے عجیب الاثر ہے۔

ترکیب استعمال: چونکہ یہ گولیاں متعدد امراض کے لیے تیر بہدف ہیں۔ اس لیے ذیل میں مختصراً چند بیماریوں کا ذکر کر کے بمعہ مناسب بدرقہ تحریر کی جاتی ہیں:

① **برائے پڑبال**: پانی میں گھس کر آنکھوں پر لگائیں۔
② **برائے امساک**: شہد کے ساتھ دو گولیاں شام کر کھلائیں
③ **ملذذ**: ایک گولی لعاب دہن میں گھس کر اور ساتھ ہی مشک کافور ایک رتی ڈالیں
④ **برائے ہاضمہ**: ایک گولی پان میں کھلائیں۔
⑤ **برائے اسہال وسنگرھنی**: چھاچھ یا آب انار دانہ یا دھون چاول سے ایک ایک گولی ۴ گھنٹہ کے وقفہ سے۔
⑥ **مارگزیدہ**: مارگزیدہ کو ایک گولی کھلائیں۔ اور ایک گولی دودھ آک میں گھس کر مقام پر لگائیں۔
⑦ **بھڑ بچھو وغیرہ**: کے کاٹے پر رسٹھ کے پانی میں گھس کر لگائیں۔
⑧ بدن میں جلن ہو تو آملہ کے رس میں گھس کر آنکھوں میں معمولی سلائی سے لگائیں۔
⑨ **سرعت انزال**: کے لیے صبح کے وقت موچرس ۳ ماشہ کے سفوف میں رکھ کر گائے

کے دودھ سے کھلائیں۔

⑩ **منہ سے بدبو آتی ہو** تو روغن خشخاش سے کھلائیں۔
⑪ **قوت باہ کے لیے** ایک گولی مکھن میں رکھ کر کھلائیں۔
⑫ **درد سر:** کے لیے پانی میں گھس کر لیپ کریں۔
⑬ **بانجھ عورت:** ایک گولی روزانہ کشتہ سنگ یہود ۳ رتی میں رکھ کر تخم خربوزہ سمیت ۴۰ روز تک کھائے۔
⑭ **یرقان:** میں ترپھلہ کے سفوف ۳ ماشہ میں ایک گولی شہد کے ساتھ کھلائیں۔
⑮ **دردکان:** کے لیے شیر عورت میں تھوڑی سی گھس کر کان میں ڈالیں۔
⑯ **شب کوری** کے واسطے تھوک سے گھس کر سلائی سے آنکھ میں لگائیں۔
⑰ **پتھری کے لیے** شیرہ گوگرد سے کھائیں۔
⑱ **دمہ:** سفوف پیپل ایک ماشہ میں ملا کر شہد کے ساتھ کھلائیں۔
⑲ **نزلہ وزکام** کے لیے تھوڑے پانی میں گھس کر ناس لیں۔
⑳ **کھانسی:** کے لیے پانی سے کھلائیں۔
㉑ **درد جوڑ:** کے لیے جوشاندہ زنجبیل کے ساتھ کھلائیں۔ (دیش اپکارک)

ضعف دل و دماغ، جگر، معدہ، باہ، امعاء وغیرہ کے لیے اکسیر دوا

(۶۶۱) کشتہ جواہرات

زمرد- یاقوت- یشب- طلاء- مروارید وغیرہ گراں بہا ادویات کا مرکب

یہ نسخہ میرے محترم دوست علامہ حکیم محمد عالم صاحب مرحوم سند و تمغہ یافتہ طبیہ کالج دہلی نے عطا فرمایا تھا بلکہ تیار شدہ کشتہ بھی عطا کیا تھا۔ صاحب نسخہ کی قابلیت طبی کے متعلق اتنا لکھ دینا کافی معلوم ہوتا ہے کہ جناب آفتاب حکمت حکیم کبیر الدین صاحب دہلوی کو بھی آپ کے تلامذہ میں سے ہونے کا شرف حاصل ہے۔ ایک فاضل طبیب ہونے کے علاوہ حد درجہ کے خدا ترس۔ متقی اور عالم دین بھی تھے۔ کلام میں مطلق مبالغہ نہ فرماتے تھے۔ حتیٰ کہ آپ نے دواخانہ کی فہرست شائع کی تو وہ بھی قطعی مبالغہ سے پاک تھی۔ ایسی تحریروں اور

محرروں کی قدر بجز اللہ والوں کے کون کرتا ہے۔ اللھم اغفرلہ وارحمہ آمین۔ اب آپ کی جگہ آپ کے فرزند گوجرانوالہ میں مطب کرتے ہیں۔

ھوالشافی: مرجان اتولہ۔ زمرد سبز۔ یاقوت اعلیٰ۔ یشب سبز۔ عقیق سرخ۔ مروارید۔ ورق طلاء۔ ورق نقرہ ۳-۳ ماشہ۔

ترکیب تیاری: تمام ادویات کو پختہ نہ گھسنے والے کھرل میں ڈال کر کھرل کریں اور گل سرخ بہاری کا تازہ پانی نکال کر ڈالتے اور زوردار ہاتھوں سے کھرل کراتے جائیں۔ یہاں تک کہ بارہ گھنٹہ لگاتار کھرل ہو جائے۔ بعدہٗ ۵ تولہ گل سرخ تازہ کے نغدہ میں بند کر کے گل حکمت کریں اور ۲۵ سیر اپلوں کی آگ دیں۔ بس کشتہ جواہرات تیار ہوگا۔ نکال کر پھر کھرل میں ڈالیں اور چھ گھنٹہ روح گلاب یا روح کیوڑہ میں کھرل کر کے کسی شیشی کے اندر سنبھال رکھیں۔

ترکیب استعمال: ایک چاول خمیرہ گاؤزبان عنبری یا مکھن گائے میں کھلایا کریں۔

فوائد: تمام اعضائے کی کمزوریوں کو دور کرنے کے لیے بفضلہٖ اکسیر بے نظیر ہے۔ باوجود آسانی سے تیار ہو جانے کے جواہر مہرہ کی قائم مقام ہے۔ سل ودق کے مریضوں کے لیے آب حیات ہے۔

مرتے ہوئے انسان کے منہ میں دو چاول ڈال دو فوراً باتیں کرنے لگے گا۔ خفقان کی بہترین دوا ہے۔ جن لوگوں کو ضعف باہ بوجہ ضعف اعضائے رئیسہ کے ہو۔ ان کے لیے تو بس ایک ہی چیز ہے۔

مفرحات اور یاقوتیوں کی روح ہے۔ بنائیں اور آزمائیں۔ کسی طبیب کا صندوقچہ اس نسخہ سے خالی نہیں رہنا چاہیے۔

نھایت مفید نوٹ: اگر گل سرخ تازہ میسر نہ آسکتے ہوں تو روح گلاب میں کھرل کر کے گل سرخ خشک کو روح گلاب میں تر کر کے نغدہ بنا کر کام لیا جا سکتا ہے۔

بادروری کی امراض کے لیے بہترین واکسیری فوائد کی سرمایہ دار

(۶۶۲) اعصابی

میرے محترم دوست جناب حکیم محبوب عالم صاحب فرسٹ کلاس مجسٹریٹ ریاست

کشمیر کا بیان ہے کہ مجھے ایک ڈاکٹر صاحب سے ملنے کا اتفاق ہوا۔ جو باوجود پیرانہ سالی کے بیس میل سفر بآسانی پیدل طے کر لیتے تھے۔ نیز شدت سردی اور بارش وغیرہ کی بھی ان کو چنداں پرواہ نہ ہوا کرتی تھی۔

میں نے ان کی حالت سے متعجب ہو کر دریافت کیا کہ ڈاکٹر صاحب کہیں آپ نے جرمن چپٹی منگوا کر تو نہیں باندھ رکھی۔

انہوں نے جواب دیا کہ نہیں۔ پھر ایک شیشی پاکٹ سے نکال کر دکھائی اور کہا کہ سب اسی شیشی والی دوائی کی برکت ہے۔

اور کہا کہ یہ ایک خاص ترکیب سے مدبر کردہ کچلہ ہے، جس کی ترکیب بھی مجھے بتلا دی گئی چونکہ وہ نسخہ میرے محترم دوست نے مجھے بھی لکھ بھیجا تھا۔ لہٰذا قارئین کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔ اس کو بنائیں اور اعصابی کمزوری ہو، پیدا ہونے والی ہر بیماری اور سردی کے امراض نزلہ زکام، کھانسی، ذات الجنب، دمہ، عرق النساء، وجع المفاصل، ضعف باہ، قبض وغیرہ پر بلا کھٹکے استعمال کریں۔

ھوالشافی: کچلہ حسب ضرورت لے کر کسی کپڑے میں ڈھیلی پوٹلی باندھ کر گوبر گاؤمیش پانی ملے ہوئے میں بھگو دیں۔ اسی طرح دس روز تک بھگوئے رکھیں۔ پھر دس روز گڑ کے شربت میں بھگوئے رکھیں۔ بعدہ چھلکہ اتار کر اور درمیان سے زہریلا پتہ نکال کر گھی میں آگ پر بریاں کر لیں اور پھر کاغذ پر رکھ کر خشک کریں اور سفوف بنا کر شیشی میں حفاظت سے رکھیں یہی دوا ہے۔ جس کا نام ہم نے اعصابی تجویز کیا ہے۔

ترکیب استعمال: محض ایک چاول منقیٰ کے بیج نکال کر اس میں لپیٹ کر کھلائیں۔

فوائد: اعصاب و بدن میں قوت پیدا کرنے والی اکسیر ہے۔ اس کے استعمال کرنے والے کو سردی بہت کم محسوس ہوتی ہے۔ نزلہ و زکام و ذات الجنب کے حملے سے حفاظت رہتی ہے۔ وغیرہ۔

چند ضروری ہدایات

نسخہ ہذا کی تیاری کے دوران میں مندرجہ ذیل امور کا خیال رکھیں:

① گوبر اور پانی ہر روز نیا بدل دینا چاہیے۔
② شربت بھی روزانہ بدلتے رہنا چاہیے۔
③ ۵ تولہ کچلہ کو مدبر کرنے کے لیے آدھ سیر گوبر اور سیر بھر پانی ہونا لازمی ہے۔اسی طرح شربت بھی روزانہ سیر سے کم نہ ہو۔
④ ۵ تولہ کچلہ کو بریاں کرنے کے لیے پاؤ بھر گھی لینا چاہیے اور سرخ ہوتے ہی اتار لینا چاہیے۔زیادہ بریاں ہونے کی صورت میں جب کہ وہ سیاہ ہو جائے فائدے میں کمی ہو جاتی ہے۔

جس گھی میں کچلہ کو بریاں کیا گیا ہے۔وہ وجع المفاصل اور دردوں کے لیے بطور مالش کے کام میں لایا جا سکتا ہے۔

بے شمار امراض کے اندفاع کے لیے خوشنما طلسمی روغن (۶۶۳) طلسمین

اس دوا کو بنا کر طبی صندوقچہ میں رکھنا بہت سی بیماریوں کے لیے مفید ثابت ہوتا ہے۔ اور پھر لطف یہ کہ منٹوں میں تیار ہو جاتا ہے۔نیز خرچ بھی بالکل معمولی آتا ہے۔بنائیں اور فائدہ اٹھائیں۔

ھوالشافی: کافور عمدہ ۱ تولہ کو انگلیوں میں مل کر سفوف سا بنالیں۔اور پختہ شیشی میں ڈال کر ۳ تولہ روغن تارپین ڈال دیں۔اور مضبوط کارک لگا کر دھوپ میں رکھ دیں۔دس منٹ میں روغن ہو جائے گا۔اب اس کو خوش نما بنانے کے لیے برادہ صندل سرخ تقریباً ۱ ماشہ ملا کر رکھ دیں۔سرخ رنگت لیے ہوئے نہایت خوشنما سیال بن جائے گا۔ململ کے صاف پارچہ سے صاف کر کے رکھ چھوڑیں۔بس طلسمین تیار ہے۔لیبل لگا کر صندوقچہ کی زینت بنائیں۔اور مندرجہ ذیل امراض پر استعمال کر کے فائدہ اٹھائیں۔

بیرونی استعمال

سر درد دو بوند پیشانی اور کنپٹیوں پر مالش کریں۔

داڑھ درد: روئی کی پھریری تر کر کے اگر سوراخ ہو تو اس کے اندر رکھ دیں۔ورنہ اوپر

لگائیں۔ان شاءاللہ فوراً تسکین ہوگی۔

پائیوریا: روئی کی پھریری تر کر کے مسوڑھوں پر لگائیں۔

درد کان: سے تڑپتے اور بلکتے مریض کے کان میں دو بوند ڈالیں۔بفضلہٖ درد بند ہوگا۔

ذات الجنب: مالش کر کے روئی کے نمدے سے سینک دیں۔

وجع المفاصل: مالش کر کے دھوپ میں بٹھائیں۔

داد و چنبل: اس پر روزانہ روئی کی پھریری سے لگایا کریں۔

خارش: اڑھائی تولہ کڑوے تیل میں طلسمین ایک تولہ ملا کر مالش کرائیں اور آدھ گھنٹہ دھوپ میں بٹھا کر نیم کے صابن یا کاربالک صابن سے نہلائیں۔

آگ سے جلنا: میٹھے تیل میں برابر وزن ملا کر اوپر لگائیں۔بفضلہٖ تعالیٰ فوراً ٹھنڈک پڑ جائے گی۔

بھڑ وغیرہ کا ڈنک: اوپر مَل دیں۔ان شاءاللہ زہر کا اثر دور ہوگا۔

اندرونی استعمال

حفظ ماتقدم: ایک قطرہ عرق گلاب وغیرہ میں ملا کر پلانا ہیضہ کے لیے مفید ہے۔

کھانسی: کے لیے بتاشہ میں دو بوند ڈال کر کھلائیں۔

کرم شکم: کے لیے ۳ بوند بتاشہ میں رکھ کر کھلایا کریں۔

پیچش: کے لیے ۳ بوند گلقند میں کھلایا کریں۔

بخار: میں دو سے چار بوند مناسب عرق یا شربت میں دیں۔صفراوی بخاروں میں زیادہ مفید ہے۔

دل کی دھڑکن: کے لیے شربت نیلوفر یا صندل وغیرہ میں دیں۔

غرضیکہ حکیم حسب موقع وحال ہر جگہ استعمال کر سکتا ہے۔یہ بھی ایک قسم کا امرت دھارا ہے۔

ضروری نوٹ: اگر طلسمین کی شیشی کو دو تین ہفتہ کھولنے کا اتفاق نہ ہوا تو اس میں تیزاب کی سی تیزی پیدا ہو جائے گی۔بدیں وقت اس کو دو تین منٹ کارک کھول کر پھر

استعمال کریں۔ اتنے میں اس کی تیزی اڑ جائے گی۔ اگر فوراً ہی سر درد وغیرہ پر مالش کر دی جائے تو اسے سے جلد جل جاتی ہے۔ (مؤلف)

صدھا امراض کی لیے سہل الحصول کم خرچ بالا نشین نسخہ

(۷۶۴) تریاقی

یوں تو آپ نے ایسے جامع الطبع نسخہ جات بیسیوں دیکھے ہوں گے۔ مگر ایسا آسان اور کم خرچ نسخہ آپ کی نظر سے شاید ہی گزرا ہو۔ ایک مرتبہ تیار کر لو اور پھر صدہا مریضوں پر بلا جھجک استعمال کرو۔ بفضلہٖ بیسیوں مرضوں کے لیے تریاق 'تریاق ہی ثابت ہوگی۔ بنایئے اور غریب لوگوں میں مفت تقسیم کر کے اپنے بال بچوں کے لیے دعائیں لیجیے لوگ آپ کے مطب کے چلتے پھرتے اشتہار بن جائیں گے۔

ھوالشافی: پھٹکڑی سفید حسب ضرورت لے کر ایک کوزے میں (جس کو پانی نہ لگا ہو) ڈال کر اس کا منہ بند کر دیں۔ مگر یہ احتیاط رہے کہ کوزہ اتنا بڑا ہو۔ جس سے پھٹکڑی ڈال کر کم از کم چار حصہ کوزہ خالی رہے۔ اب اس کو بھٹی یا تنور وغیرہ میں رکھ دیں۔ تا کہ دو تین گھنٹہ آگ میں پڑے پڑے بریاں ہو جائے۔

سرد ہونے پر نکال کر باریک پیس لیں اور شیشی میں ڈال کر سنبھال رکھیں۔ اور نیچے لکھی ہوئی تراکیب کے موافق استعمال کرائیں۔

نسیان: بقدر ۲ رتی کھانڈ میں ملا کر پانی سے کھلایا کریں۔

درد چشم: ایک رتی شہد میں ملا کر سلائی سے آنکھ میں لگوائیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ضرور شفا ہوگی۔

دیسی زنک لوشن: تریاقی ۱ ماشہ۔ عرق گلاب ۱۰ تولہ یا بارش کے پانی میں ملا کر رکھیں اور دکھتی ہوئی آنکھ کے مریض کی آنکھوں میں پچکاری (ڈراپر) سے ڈلوائیں۔ زنک لوشن سے زیادہ مفید ثابت ہوگا۔

نکسیر: کو بند کرنے کے لیے ایک چٹکی لے کر بطور نسوار سنگھائیں۔

دردکان: بقدر ایک رتی تریاقی لے کر کان میں ڈالیں اور اوپر سے عرق لیموں نچوڑیں۔

کان سے پیپ آنا: تریاق شہد خالص میں ملا کر اس میں روئی کی بتی تر کر کے کان میں رکھیں اور دن میں ۳ مرتبہ نئی تبدیل کر دیا کریں۔ انشاء اللہ ایک ہفتہ میں فائدہ ہوگا۔

منجن: تریاق طور بطور منجن دانتوں پر ملتے رہنے سے دانت بفضلہٖ بہت سی بیماریوں سے بچے رہتے ہیں۔ نیز دانت سفید ہو جاتے ہیں۔

کھانسی: تریاق بقدر ۴ رتی کھانڈ میں ملا کر دیا کریں۔ بفضلہٖ آرام ہوگا۔

منہ سے خون آنا: تریاق ایک ماشہ بکری کے دودھ سے کھلائیں۔

پیچش و اسہال: تریاق ایک ماشہ بکری کے دودھ سے کھلائیں۔

سوزاک: تریاق کے برابر وزن گیرو ۳-۳ ماشہ کی پڑیاں بنا کر دیں اور مریض کو بکری کے دودھ کی لسی یا شربت بزوری سے کھلائیں۔

چند روز میں بفضلہٖ نیا سوزاک بالکل دور ہو جائے گا۔

بخار: بخار ہونے سے پیشتر گھنٹہ گھنٹہ کے وقفہ سے رتی رتی کی تین پڑیاں گرم پانی سے کھلائیں۔ ان شاء اللہ العزیز اول تو پہلے روز ورنہ دوسرے روز بخار رک جائے گا۔

بچھو کا ڈنک: تریاق کو پانی میں حل کر کے آنکھوں میں دو قطرے ڈالیں۔ بفضلہٖ درد بند ہوگا۔

(۶۶۵) تریاق سل

از جناب برادرم حکیم عبدالرشید صاحب افسر الاطبا بہاولپور

حکایت

میں ایک روز اپنے وطن قائم پور گیا۔ تو میرا نام سن کر دیہات کے لوگ ایک مریض کو چار پائی پر اٹھائے لائے۔ اس کی حالت دیکھی اور کیفیت معلوم کی تو سیروں کی مقدار میں اس کے منہ سے خون جاری تھا۔ اور نحیف وضعیف ہو کر مرض سل کے آخری مراحل طے کر رہا تھا۔ نیز غربت وافلاس کے باعث کسی بڑے نسخے کی تیاری اور قیمتی علاج کا بھی متحمل نہ ہو سکتا تھا۔

بنابریں مندرجہ ذیل نسخہ بنا کر دیا۔ جس کے استعمال سے پہلے دن ہی خون کی روانی

بالکل بند ہوگئی اور چند روز کے بعد بالکل تندرست ہوگیا۔

ھوالشافی: خاکستر قاتل الدیدان (زخم حیات) ۴ ماشہ۔ کتھ ۳ ماشہ۔ کندر ۲ ماشہ مصری ہم وزن۔ یہ ایک خوراک ہے۔

ترکیب استعمال: بکری کے دودھ کے ہمراہ صبح وشام استعمال کریں۔

چٹکلے

(۶۶۶) چٹکلہ اکسیر دماغ

اجزا و ترکیب تیاری: کشنیز ۵ تولہ۔ ہلیلہ زنگی ۲ تولہ۔ باریک پیس کر سفوف بنا رکھیں۔

ترکیب استعمال: بوقت ضرورت صبح وشام بقدر ۶ ماشہ پانی سے پھانک لیا کریں۔

فوائد: دماغ و بلغمی رطوبات سے پاک کرتا ہے۔ حافظ کو قوی اور نزلہ وزکام کو دفع کرتا ہے۔ اس کا متواتر استعمال بفضلہٖ مقوی بھی ثابت ہوتا ہے۔

(۶۶۷) چٹکلہ برائے مرگی

اجزا و ترکیب تیاری: مرچ سرخ ۴-۵ ایک کوزہ گلی میں رکھ کر اس کوزے میں آک (مدار) کا ایک ڈنڈا بھی ڈال دیں۔ وہ دوا ایک روز میں مرجائے گا۔ سایہ میں خشک کر کے سفوف بنالیں اور محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: بوقت ضرورت یعنی دورۂ مرگی میں پھونکنی (نے) کے ذریعہ نسوار لیں۔

فوائد: دورۂ صرع کو دور کرنے کے لیے عجیب وغریب نسوار ہے۔ اس کے استعمال سے کرم دماغ مردہ ہوکر خارج ہوجاتے ہیں۔

(۶۶۸) چٹکلہ برائے لقوہ

اجزا و ترکیب تیاری: پوست بالائی ریٹھ تولہ۔ قند سیاہ (گڑ) ۳ تولہ۔ حب بقدر جنگلی بیر کے بنالیں۔

اجزا و ترکیب تیاری: ایک گولی صبح ایک گولی شام بعد از طعام کھلائیں۔
فوائد: اس مرض کے لیے یہ گولیاں بجلی کا سا اثر رکھتی ہیں۔ ایک نہایت مفید اور کار آمد دوا ہے۔ پہلی خوراک سے ہی آرام آنا شروع ہو جاتا ہے۔
اگر لقوہ کی وجہ سے اختلاج القلب بھی ہو گیا ہو تو یہ گولیاں اکسیر کا حکم رکھتی ہیں۔

(۶۶۹) چٹکلہ برائے آشوب چشم

اجزا و ترکیب تیاری: پھٹکڑی بریاں ۶ ماشہ۔ قلمی شورہ ۶ ماشہ۔ دونوں کو خوب باریک پیس کر ایک بوتل برسات کے پانی میں حل کریں۔ بس دوا تیار ہے۔
ترکیب استعمال: دن میں دو تین مرتبہ بذریعہ ڈراپر آنکھوں میں ڈالیں۔
فوائد: یہ دوا ہر عمر اور ہر مزاج کے لحاظ سے یکساں مفید ہے۔ اس سے آشوب چشم کے مریضوں کو دو دن میں بفضلہ کلی آرام ہو جاتا ہے۔

(۶۷۰) چٹکلہ پانی روک

اجزا و ترکیب تیاری: مصری کوزہ ۱ تولہ۔ نیلا تھوتھا ۱ رتی پہلے مصری کو کھرل میں ڈال کر خوب کھرل کریں۔ جب غبار کی طرح ہو جائے تو بعد میں نیلا تھوتھا ڈال کر خوب کھرل کریں اور محفوظ رکھیں۔
ترکیب استعمال: بوقت ضرورت تین تین سلائی آنکھوں میں لگائیں۔
فوائد: عجیب وغریب حیرت انگیز اسراری چٹکلہ ہے۔ اس کی پہلی سلائی سے بفضلہ پانی کی روانی رک جاتی ہے۔

(۶۷۱) چٹکلہ برائے پڑبال چشم

اجزا و ترکیب تیاری: نیلا تھوتھا بریاں ۲ رتی۔ کوئلہ نیم ایک تولہ۔ دونوں باریک کر کے شیشی میں بھر لیں۔
ترکیب استعمال: پہلے زائد بالوں کو اکھاڑ کر روزانہ بطور سرمہ استعمال کریں۔
فوائد: بفضلہ دنوں میں یہ مرض کافور ہو جائے گا۔

(۶۷۲) چٹکلہ اکسیر قلاع

اس جادو اثر چٹکلہ سے زبان کے آبلے منٹوں میں نیست و نابود ہو جاتے ہیں

اجزاء و ترکیب ساخت : زیرہ سفید ایک ماشہ۔ کتھ سفید ۴ رتی۔ پہلے زیرہ کو منہ میں ڈال کر چبائیں۔ لعاب پیدا ہوگا۔ پھر تھوڑی دیر بعد کتھ چبائیں۔ اور ان دونوں چیزوں کے لعاب کو زبان سے چھالوں پر لگاتے رہیں۔

فوائد : ان شاءاللہ پہلی بار کے عمل سے کلی صحت ہو جائے گی۔ اور اس طرح معلوم ہوگا جیسے برف لگادی ہو۔ مفید و مجرب ہے۔

(۶۷۳) چٹکلہ برائے درد کان

ہزاروں منتخب نسخہ جات میں سے ایک نادر روزگار چٹکلہ
(از جناب حکیم محمد صاحب نشتر ہجرانوی)

کان درد کے ایسے مریض جن کو بڑے بڑے حکماء اور ڈاکٹروں کے علاج سے صحت نہ ہوئی ہو۔ اس نسخہ کو آزما کر دیکھیں۔ بفضلہٖ ۵ منٹ میں صحت یاب ہو جائیں گے۔ نسخہ متبرکہ یہ ہے۔

ھوالشافی: بچھو سیاہ پکڑ کر اس کو کڑوے تیل ۲ تولہ میں جلالیں۔ اور اس تیل کو نیم گرم کرکے اس میں سے دو قطرے ڈالیں۔ بفضلہٖ فوراً سکون ہوگا۔

بچھو کے حصول میں دوڑ دھوپ کرنے کی ضرورت نہیں۔ ہم اپنا مجرب طریقہ بیان کرتے ہیں۔

(۶۷۴) بچھو حاصل کرنے کا مجرب چٹکلہ

جہاں بڑے بڑے چیونٹوں کا بل ہو۔ اس میں پانی اتنا ڈالیں کہ وہ پر ہو جائے۔ پھر اوپر سے بل کو کسی کپڑے وغیرہ سے بند کر دیں۔ ۵ منٹ میں بچھو بل کے دہانے پر آ جائے گا۔ اس کو دست پناہ سے پکڑلیں۔

(۶۷۵) چٹکلہ دافعہ ہیضہ

افسوس کہ ہمیں بعنایت کوشش اور تجسس کے باوجود اس لاثانی اور بے نظیر نسخہ کے

متعلق نہ معلوم ہو سکا کہ اس کے بھیجنے والے کون صاحب ہیں۔ چونکہ اس نسخہ سے بفضلہ ہیضہ کا قریب المرگ مریض بھی ایک دفعہ بحکمہ یقیناً تندرست ہو جاتا ہے۔ اس لیے ہمیں خواہش ہے کہ جن صاحب کا یہ نسخہ ہو۔ وہ اپنا نام اور پتہ ضرور تحریر کریں۔ تاکہ اگلے ایڈیشن میں ان کے نام نامی سے کتاب کو زینت دے کر احباب کو آمادہ کیا جائے کہ وہ بھی ایسے سینے کے راز خلق خدا کے فائدے کے لیے قربان کر دیں۔

یہ نسخہ ہتھیلی پر سرسوں جمانے والا ہے۔ اس وقت جب کہ مریض کی ناک ہیضہ کی وجہ سے خمیدہ ہو گئی ہو جو کہ موت کی نشانی ہے۔ تو اس وقت بھی بفضلہ تعالیٰ صحت یقینی ہے۔

ھوالشافی: ایک چھٹانک اجوائن خراسانی لے کر تابہ پر اس قدر بھونیں کہ جل جائے۔ جل چکنے کے بعد اس میں کھانڈ ہم وزن ملالیں۔ اور مریض ہیضہ کو بقدر ۶ ماشہ ہمراہ پانی کے منہ میں ڈال دیں۔

فوائد: بفضلہ جونہی یہ دوا پیٹ میں داخل ہوگی۔ مریض بھلا چنگا ہو جائے گا۔

(۶۷۶) چٹکلہ اکسیر ہیضہ

اس چٹکلہ کے استعمال سے جان بلب مریض کے اندر بھی زندگی کی روح از سر نو دوڑنے لگ جاتی ھے۔ عجیب الاثر چٹکلہ ھے

اجزاء و ترکیب ساخت: برگ پودینہ ڈیڑھ تولہ۔ الائچی کلاں ۴ عدد۔ دونوں کو جو کوب کر کے ایک سیر پانی میں ڈال کر جوش دیں۔ جب نصف باقی رہ جائے چھان لیں۔

ترکیب استعمال: دن میں دو تین دفعہ ۲-۲ تولہ پلائیں۔

فوائد: مریض ہیضہ کے لیے ایک جادو اثر ٹوٹکہ ہے۔

(۶۷۷) چٹکلہ برائے درد کوڑی

اس چٹکلہ کی پہلی خوراک سے ھی بفضلہ اکثر شفا ھو جاتی ھے

اجزاء و ترکیب ساخت: ہیرا ہینگ منقی میں رکھ کر کھلائیں۔ اور غذا ہضم ہونے تک مریض کو سونے نہ دیں۔ فوراً درد موقوف ہو جائے گا۔ ورنہ ایک گھنٹہ بعد اس سے نصف دوا اور دیں۔

(۶۷۸) چٹکلہ برائے ہچکی

اجزاء، و ترکیب ساخت : الائچی خورد ۶ ماشہ لے کر جوکوب کریں۔ اور آدھ سیر پانی میں پکائیں۔ جب ۳ چھٹانک کے قریب رہ جائے نیم گرم ہی مریض کو پلائیں۔
فوائد : بفضلہ فوراً ہچکی بند ہو جائے گی۔

(۶۷۹) چٹکلہ برائے طحال

اجزاء، و ترکیب ساخت : تیزاب گندھک ۲ قطرے پانی میں ملا کر روزانہ استعمال کرائیں۔ ورم طحال کو دفع کرتا ہے۔ غذا کو ہضم کر کے بھوک بڑھاتا ہے۔ ہیضہ کا تریاق ہے۔ سول شکم کے لیے اکسیر ہے۔

(۶۸۰)

ثمر کریل (جن کو پنجابی میں ''ڈیلہ'' کہتے ہیں) کوٹ کر ٹکڑی بنا کر طحال پر باندھیں۔ ان شاءاللہ دو تین دفعہ سے ورم طحال کا استیصال ہو جائے گا۔ اسرار خفیہ میں سے ہے۔

(۶۸۱) چٹکلہ برائے کرم شکم

از جناب حکیم نور محمد صاحب امام مسجد تحصیل جکوال ضلع جہلم

پیٹ کے لمبے لمبے کیڑوں کو فی الفور خارج کرنے والا حیرت انگیز اور مفید چٹکلہ ہے۔

اجزاء: بابڑنگ سوا تین تولہ۔ گڑ کہنہ ڈیڑھ چھٹانک۔ اس قدر کوٹیں کہ یک جان ہو جائیں۔ اور کل دوا کی تین گولیاں بنائیں۔
ترکیب استعمال: رات کو گندم کا دلیہ کھانے کو دیں۔ اور صبح ایک گولی ہمراہ آب دیں۔ دوسری حب قریباً دس بجے کے دیں۔ مگر پانی پہلے سے گرم ہو اور تیسری گولی بارہ بجے دن کے دیں۔ مگر پانی اس قدر گرم ہو کہ پیتے وقت مریض کو تکلیف محسوس ہو۔
فوائد : بذریعہ اسہال دو تین اجابتوں میں سب کرم خارج ہو جائیں گے۔

غذا: رات کو کھچڑی یا دلیا دیں۔ آٹھ روز تک مونگ کی دال اور چپاتی ہلکی پھلکی غذائیں دیں۔

پرہیز: ترش، میٹھی اور ثقیل اشیاء سے پرہیز کرائیں۔

(۶۸۲) چٹکلہ مسقط دانہائے بواسیر

حکیم صاحب نے اس نسخہ کے متعلق لکھا ہے کہ ہمارے علاقہ کا ایک عطائی حکیم اس دھونی کی وجہ سے بواسیر کا معالج مشہور ہے۔ اور سوفی صد کامیابی کا مدعی ہے اور فی الحقیقت بہت سے لوگ شفایاب ہو چکے ہیں۔ نسخہ درج ذیل ہے۔

ھوالشافی: بوٹی گڈرتمبا کو سکھا کر دھونی دیں۔

فوائد: تین چار یوم میں سے دور ہو جائیں گے۔ اور بواسیر کا نام و نشان باقی نہ رہے گا۔ بارہا بار کا مجرب ہے۔ (حکیم محمد شاہ صاحب امرتسری)

(۶۸۳) چٹکلہ برائے بواسیر

یہ نسخہ ایک سنیاسی کا ہے جو کہ فرماتے ہیں کہ پوری پچیس سال سے آزما کر مفید پا رہا ہوں

ھوالشافی: پھل اندرائن بیس پچیس سیر لے کر چار چار ٹکڑے کر کے ایک بڑے گھڑے میں ڈال کر پانی سے پر کریں اور دھوپ میں رکھیں۔ ۲۰۔۱۲ روز کے بعد روزانہ اس پانی میں سے ایک لوٹا لے کر اس سے آب دست کرایا کریں۔ اور اس لوٹے کے عوض ایک اور لوٹا پانی کا ڈال دیا کریں۔ اسی طرح ۴۰ روز کریں۔ گو تمام دن منہ کا ذائقہ کڑوا رہے گا۔ مگر انشاء اللہ بواسیر سے نجات ہوگی۔ خونی بواسیر کے لیے زیادہ مفید ہے۔

(۶۸۴) چٹکلہ بواسیر

گو یہ ایک معمولی سی چیز ہے مگر بلحاظ فوائد اکسیر ہے۔ کئی دفعہ کی آزمودہ اور بے خطا دوا بواسیر خونی کے لیے جب کہ دورہ ہو تو کلر شور لے کر پانی میں ڈالیں اور اس سے استنجاء کرائیں۔

فوائد: بفضلہ پہلے ہی روز فائدہ ہوگا۔ دس پندرہ روز استعمال کرانے سے بفضلہ بالکل

آرام ہوجائے گا۔ اخفاء کے لیے کوئی اور دوا ساتھ کھلائیں۔ (حکیم عزت بجنوری)

چٹکلے

برائے ذیابیطس

مندرجہ ذیل اکسیر چٹکلے حکیم غلام حیدر صاحب ستیاپوری نے از راہ شفقت کنزالمرکبات میں درج ہونے کے لیے اپنے نہان خانہ دل سے عطا فرمائے ہیں دونوں ذیابیطس کے تیر بہدف نسخے ہیں۔ ہم آپ کے ممنون احسان ہیں کہ آپ نے اپنے راز ہائے سربستہ کو بتانے میں بخل سے کام نہیں لیا۔ تیسرا نسخہ مقوی چٹکلہ میں ملاحظہ فرمائیے۔

(۶۸۵) چٹکلہ نمبر ۱ برائے ذیابیطس

یہ نسخہ مقوی مثانہ اور دافع ذیابیطس ہے۔ علاوہ ازیں کھانسی بلکہ دمہ تک کے لیے اکسیر ہے۔ نہایت عمدہ اور عام ملنے والی چیز ہے۔ ضرور فائدہ حاصل کریں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : غلہ کی کلاں کے سٹے جن میں بال ہوتے ہیں۔ ان کو سکھا کر جلائیں اور پانی ڈال کر دو تین روز پڑا رہنے دیں۔ ہر روز دن میں ایک دو دفعہ ہلا دیا کریں۔ تیسرے روز کسی آہنی کڑاہی میں ڈال کر پانی کو اڑائیں۔ نیچے نمک رہ جائے گا۔ بس یہی اکسیر ذیابیطس ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : ایک گرین مکھن یا بالائی میں ملا کر دیں۔ اگر یہ چیزیں نقصان کریں تو صرف پانی کے ہمراہ دیں۔

فوائد : کثرت بول کو دو خوراکوں میں بند کر دیتا ہے۔ اور ذیابیطس کے لیے اکسیر بے نظیر ہے۔

(۶۸۶) چٹکلہ نمبر ۲ برائے لاعلاج ذیابیطس

جوان مرغ کا کیس بروقت ذبح لے کر مرجان میں بند کر کے آگ دے کر خاک کریں

ترکیب استعمال: ایک چاول ہمراہ مکھن کے دیں۔

فوائد : ذیابیطس و کثرت بول پیرانہ سالی کے واسطے نہایت مجرب ہے۔

(۶۸۷) چٹکلہ برائے درد گردہ

اجزاء و ترکیب ساخت : رائی۔ قلمی شورہ۔ ہر ایک ماشہ ماشہ۔ گھوٹ کر قدرے پانی میں پلائیں۔

فوائد : بفضلہٖ فوراً درد کو دور کرتا ہے۔ (قلمی بیاض حکیم نورِ دین)

(۶۸۸) چٹکلہ مقوی عجیب

از جناب حکیم غلام حیدر صاحب ستیاپوری

یہ نسخہ نہایت عجیب طریقہ سے تیار کر کے استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کے چندروزہ استعمال سے چہرہ لال گلنار بن جاتا ہے۔ قوت باہ میں اس قدر اضافہ ہوتا ہے کہ سنبھالنا مشکل ہوتا ہے۔ انوکھی طرز کا انوکھا نسخہ ہے۔

ترکیب کاشت میتھی: دوگز مربع زمین کو علیحدہ علیحدہ کھود کر قابل کاشت بنادیں اور ایک تولہ سنکھیا سفید سفوف کر کے نصف نصف حصہ دونوں قابل کاشت زمینوں کی مٹی میں ملا دیں۔ اس کے بعد ۵ا تولہ میتھی دونوں میں بو دیں۔ جب میتھی اگ آئے تو مندرجہ ذیل طریقہ سے کھلانا شروع کریں۔

ترکیب استعمال: ۳ ماشہ سے ۶ ماشہ تک گوشت یا ترکاری ملا کر کھلائیں۔ ۴۰ دن تک۔ اس دوران میں غذا مرغن ہو۔ کھٹائی وغیرہ سے پرہیز کریں۔

فوائد : چالیس دن میں رنگ سرخ ہو جائے گا۔ علاوہ ازیں دمہ اور ضعف اعصاب کے لیے بھی اکسیری سفوف ہے۔

نوٹ : بچپن کی غلط کاریوں یا شباب کی بے اعتدالیوں سے جو قوتیں کمزور ہوگئی ہوں۔ ان میں از سرنو بفضلہٖ زندگی کی تازہ لہر دوڑنے لگتی ہے۔ لیکن اس کا استعمال موسم سرما میں کرنا چاہیے۔ اور جو بچ باقی بچے وہ خشک کر کے رکھ لیں تا کہ دوسروں کے کام آسکے۔

(۶۸۹) چٹکلہ مقوی

یہ نسخہ بے حد مقوی باہ ہے یہاں تک کہ اس کا استعمال نامرد کو مرد کامل بنا دیتا ہے

اجزاء و ترکیب ساخت : تل سیاہ ۲۵ تولہ۔ گوکھرو ۲۰ تولہ۔ دونوں کو خوب باریک پیس کر

نصف سیر دودھ بکری میں پکائیں۔ جب کھیر سی بن جائے۔ مصری ملا کر نوش فرمالیں۔

فوائد : چند روز کے استعمال سے قوت باہ نا قابل برداشت ہو جائے گی۔ اغلام اور جلق سے پیدا ہونے والے عوارض بھی اس کھیر کے استعمال سے دور ہو جاتے ہیں۔ بہت عمدہ دوا ہے۔

(۶۹۰) چٹکلہ محرک باہ

از جناب حکیم عطا محمد صاحب نشتر ھجرانوی

یہ چٹکلہ اس قابل ہے کہ اس کو پردۂ راز میں رکھا جائے کیونکہ اس میں کئی خوبیاں ایسی ہیں جو اور نسخوں میں نہیں پائی جاتیں۔

1. اجزاء بالکل عام اور معمولی ہر جگہ دستیاب ہو سکنے والے۔
2. چند پیسوں سے زیادہ خرچ نہیں آتا۔
3. کوئی تیز اور گرم چیزوں سے مرکب نہیں۔ بلکہ تجربہ کرنے سے پیشتر آپ لوگوں کو یقین ہی نہیں آئے گا کہ یہ نسخہ محرک باہ ہو سکتا ہے۔
4. محرک باہ ہونے کے باوصف جریان کو بھی مضر نہیں۔

ھوالشافی: رومی مصطگی۔ دارچینی۔ الائچی خورد۔ مساوی الوزن لے کر باریک پیس لیں اور تینوں چیزوں کے برابر مصری ملا لیں۔

فوائد : ۶ ماشہ ہمراہ دودھ گائے نیم گرم۔ دنوں میں جذبات خفتہ بیدار ہو کر محرک ہو جائیں گے۔

(۶۹۱) چٹکلہ مقوی باہ

اس نسخہ کے استعمال سے گئی گزرے کمزور میں بھی قوت باہ کا سرمایہ ذخار ٹھاٹھیں مارنے لگتا ھے

اجزاء و ترکیب ساخت : اسگندھ ناگوری ۸ ماشہ۔ نصف سیر گائے کے دودھ میں اس قدر جوش دیں کہ ڈیڑھ پاؤ رہ جائے تو اس میں چار تولہ مصری ملا کر استعمال کریں۔

فوائد : اس کا متواتر استعمال چالیس دن میں وہ حیرت انگیز خوبیاں ظاہر کرتا ہے جس کا بیان تجربہ پر موقوف ہے۔

چہرے کو سرخ اور قوت باہ میں اس قدر ہیجان پیدا کرتا ہے کہ سنبھالنا مشکل ہو جاتا ہے۔ عمدہ اثر دوا ہے۔

(۶۹۲) چٹکلہ ممسک

جو کہ منسی ادویات میں مبرا ہونے کی بلاوصف بے حد مسک ثابت ہوتا ہے

یہ نسخہ میرے عزیز پنڈت کرشن کنوردت جی مدیر رسالہ آب حیات کا عطیہ ہے۔ آپ کا فرمان ہے کہ اس سے بہتر نسخہ شاید ہی کوئی ہو۔

ھوالشافی: تخم سردالی ۲ تولہ۔ مکھی مقشر ۱ تولہ۔ ہر دو کو باریک پیس کر ایک گھنٹہ پیشتر پانی سے کھلائیں۔ مگر یہ یاد رہے کہ شام کے وقت کوئی نمکین چیز نہ کھائی جائے۔ مجرب چیز ہے۔ یہ کل چار خوراکیں ہیں۔

(۶۹۳) چٹکلہ برائے سختی قضیب

ھوالشافی: بھنگ لعاب دہن یا عسل خالص میں حل کر کے قضیب پر طلاء کر لیا جائے۔

فوائد: عضو کو سخت اور فربہ کرنے میں لاثانی ہے۔ علاوہ ازیں اس کے لیے بے حد ملذذ بھی ہے۔

(۶۹۴) چٹکلہ برائے چنبل

از حکیم عبدالکریم صاحب چک ۲۸ ریاست بہاولپور

چنبل کا نام ونشان مٹانے دینے والا عجیب وغریب انوکھا چٹکلہ

اجزاء و ترکیب ساخت: رائی ایک چھٹانک۔ دہی دو سیر۔ دہی کو لے کر باریک رومال میں باندھ کر پانی نکال لیں۔ اس پانی میں رائی کو رگڑیں۔ جس وقت مرہم کی طرح ہو جائے تو سنبھال رکھیں۔

ترکیب استعمال: دن میں دو دفعہ صبح وشام چنبل پر لگائیں۔

۳ دن میں بفضلہ چنبل کا نام ونشان نہ رہے گا۔ کئی بار کا مجرب ہے۔

(۶۹۵) چٹکلہ مثیل مومیائی

اس چٹکلہ سے ہڈی کی چوٹ کا درد بہت جلد دور ہو جاتا ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: شنگرف رومی ۱ حصہ۔ پھٹکڑی سفید ۴ حصہ۔ دونوں کو پیس

کر اسے آہنی توے پر ڈال کر اس قدر پکائیں کہ ٹکیہ بن جائے۔ جب ٹکیہ ایک طرف سے پک جائے تو دوسری جانب الٹا دیں تا کہ وہ بھی پک جائے۔ بعد ازاں ٹھنڈا کر کے نہایت باریک پیس کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: ایک رتی سے ۲ رتی تک روزانہ گرم دودھ سے استعمال کریں۔

فوائد: ہڈی میں درد جو چوٹ کی وجہ سے ہو اللہ کے حکم سے بہت جلد موقوف ہو جاتا ہے۔ گویا مومیائی کے ہم پلہ دوا ہے۔

(۶۹۶) چٹکلہ برائے چھالے

ان چھالوں اور پھپھولوں کے لیے یہ چٹکلہ ہزار ہا دفعہ صاحب نسخہ کا آزمودہ ہے۔ جو کہ موسم گرما میں گرمی کی وجہ سے بکا یک نکل آیا کرتے ہیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت: رسکپور ا تولہ۔ سہاگہ سفید بریاں ۵ تولہ۔ خوب باریک پیس کر ۵ تولہ سرسوں کے تیل میں آمیز کریں۔

ترکیب استعمال: اس تیل کو روئی کے پھاہے پر لگا کر چھالوں پر لگائیں۔

فوائد: بچوں کے لیے یہ دوا ہر گھر میں موجود ہونی چاہیے کیونکہ یہ مرض اکثر بچوں کو بھی ہوتا ہے۔

علاوہ ازیں داد پھنسیوں کے لیے بھی عمدہ ہے۔ فوری اثر عجیب شے ہے۔

(۶۹۷) چٹکلہ نفث الدم

اس نسخہ سے بفضلہ ہر قسم کا خون فی الفور بند ہو جاتا ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: سنگجراحت ۵ تولہ۔ گیرو ۵ تولہ لے کر اچھی طرح باریک کر لیں۔ دونوں کو اچھی طرح ملا کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: ایک تولہ کو کنار لے کر نیم کوب کر لیں اور دو تولہ بیخ انجبار بھی نیم کوب کر کے دونوں کو ملا لیں اور صبح مل چھان کر اس کے ۳ حصہ کر لیں۔ ایک حصہ میں قدرے مصری ملا کر ۵ ماشہ دوائی کھلائیں اور ۳ دفعہ دن میں کھلائیں۔

فوائد: گویہ چٹکلہ معمولی دواؤں کا مرکب ہے۔ لیکن فوائد میں بڑے بڑے نسخوں سے

بازی لے جاتا ہے۔ ہر قسم کے جریان خون کو فی الفور بند کرتا ہے۔

(۶۹۸) چٹکلہ برائے درد کمر

سوائے اس درد کے جو جریان کی باعث ہو اس دوا سے ہر قسم کا درد کمر فی الفور دور ہو جاتا ہے

اجزاء و ترکیب ساخت: بیخ آکسن بوٹی سایہ میں خشک شدہ ۲ تولہ۔ بوپھلی بوٹی خشک شدہ ایک تولہ سفوف بنالیں۔

ترکیب استعمال: بقدر ایک تولہ اس دوا میں سے لے کر کھانڈ اور گھی سے حلوا بنالیں اور روزانہ منہ نہار استعمال کریں۔

فوائد: ۳ دن میں بفضلہ کافی فائدہ نظر آئے گا۔ اور ہفتہ تک صحت ہو جائے گی۔

(۶۹۹) چٹکلہ برائے مار گزیدہ

اس دوا کو وہ لوگ جو ہمیشہ جنگلوں اور بیابانوں میں رہتے ہیں۔ ان کو ہر وقت اپنے پاس رکھنا چاہیے بس جہاں کوئی سانپ ڈسنے کا حادثہ ہوا فوراً اس دوا کو زخم پر لگالیں۔ بفضلہ اسی وقت آرام ہو گا اور زہر نہ بڑھے گا۔

اجزاء و ترکیب ساخت: بلادر (بھلانوہ) کا تیل دو تولہ۔ موم ۴ ماشہ۔ ہر دو کو گرم کر کے ملالیں اور شیشی میں بند کر کے ہمیشہ اپنے پاس رکھیں۔

ترکیب استعمال: بس جس وقت سانپ کاٹے۔ اسی وقت یہ دوا تنکے سے تمام زخم پر فوراً لگادیں۔ دیر ہرگز نہ کریں۔ زہر بفضلہ اسی وقت رک جائے گا۔

(۷۰۰) چٹکلہ برائے بخار

آک کی جڑ کا چھلکا سایہ میں خشک کر کے رکھیں اور اس میں سے ایک رتی سے اڑھائی رتی تک حسب عمر و طاقت گرم دودھ سے دیں۔ بفضلہ پسینہ آ کر بخار اتر جائے گا۔ موسمی بخار کے لیے خاص طور پر مفید ہے۔

ختم شد

❀❀❀

ادارہ مطبوعاتِ سلیمانی کی دیگر شاہکار کتب

ادارہ مطبوعاتِ سُلیمانی

رحمان مارکیٹ غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور • فون: 042-7232788

042-8414546 E-mail: idarasulemani@yahoo.com